[3] الفردوس: ج۵ ص۲۹۸ ح۸۲۴۰ وراجع: تاريخ دمشق: ج۳۲ ص۱۷۴ ح۶۶۴۵ و كنز العمّال: ج۱ ص۵۴۷ ح۲۴۴۸ نقلاً عن أبي نعيم.

[4] جامع الأخبار: ص116 ح211، بحار الأنوار: ج92 ص20 ح18 وراجع: الدرّة الباهرة: ص33 وعوالي اللآلي: ج4 ص105 ح155.

۲۰) جامع الاخبار۔ امام حسین علیہ السلام سے ہے: آیات کتاب خدا چار قسم کی ہیں:

۱۔عبارت، ۲۔اشارہ

۳۔لطائف اور ۴۔حقائق،

عبارت عام قسم کے لوگوں کے لئے ہے۔

اشارہ خاص قسم کے لوگوں کے لئے

لطائف، اولیاء الٰہی کے لئے

اور حقائق انبیاء کے لئے ہیں۔

2/11

التَّكَلُّمُ فِي القُرآنِ بِغَيرِ عِلمٍ

بغیر علم کے قرآن کے بارے میں نظریہ دینا

21. التوحيد بإسناده عن الإمام الحسين عليه السلام. في جَوابِهِ لِأَهلِ البَصرَةِ لَمّا كَتَبوا إلَيهِ: لا تَخوضوا [1] فِي القُرآنِ ولا تُجادِلوا فيهِ، ولا تَتَكَلَّموا فيهِ بِغَيرِ عِلمٍ، فَقَد سَمِعتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ:

مَن قالَ فِي القُرآنِ بِغَيرِ عِلمٍ فَليَتَبَوَّأ [2] مَقعَدَهُ مِنَ النّارِ [3]

۲۱) توحید میں امام حسین علیہ السلام سے اس کے جواب میں کہ قرآن میں باطل کو راستہ نہ دو اور اس میں باطل کو تحمیل نہ کرو اور بغیر علم کے قرآن کے بارے میں بات نہ کرو کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا:

جو آدمی بغیر علم کے قرآن کے بارے میں گفتگو کرے گا اس کی جگہ جہنم ہے۔

---

[1] الخَوض من الكلام: ما فيه الكذب والباطل. وخاضَ القوم في الحديث وتخاوَضوا: أي تفاوَضوا فيه (لسان العرب: ج 7 ص 147، خوض).

[2] معنى الحديث: ليتنزل منزله من النار، يُقال: بوّأه اللهُ منزلاً: أي أسكنه إيّاه (النهاية: ج 1 ص 159، بوأ).

[3] التوحيد: ص 91 ح 5 عن وهب بن وهب القرشي عن الإمام الصادق عن أبيه عن جدّه عليهم السلام، مجمع البيان: ج 10 ص 861 عن وهب بن وهب عن الإمام الصادق عن أبيه عنه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 3 ص 223 ح 14.

2/12

تَفسيرُ بَعضِ الآياتِ أو تَأويلُها

کچھ آیات کی تفسیر یا تاویل

الف.سورَةُ فاتِحَةِ الكِتابِ

الف۔سورۂ حمد

22.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبي قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: قالَ اللهُ عز و جل: قَسَمتُ فاتِحَةَ الكِتابِ بَيني وبَينَ عَبدي؛ فَنِصفُها لى ونِصفُها لِعَبدى، ولِعَبدى ما سَأَلَ. إذا قالَ العَبدُ: «بِسمِ اللَّهِ الرَّحمنِ الرَّحِيمِ» قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: بَدَأَ عَبدى بِاسمى، وحَقٌّ عَلَىَّ أن أُتَمِّمَ لَهُ أُمورَهُ وأُبارِكَ لَهُ فى أحوالِهِ. فَإذا قالَ: «الْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَلَمِينَ» قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: حَمِدَنى عَبدى وعَلِمَ أنَّ النِّعَمَ الَّتى لَهُ مِن عِندى، وأنَّ البَلايَا الَّتى دُفِعتْ عَنهُ فَبِطَولى [1]، أُشهِدُكُم أنّى أُضيفُ لَهُ إلى نِعَمِ الدُّنيا نِعَمَ الآخِرَةِ، وأدفَعُ عَنهُ بَلايَا الآخِرَةِ كَما دَفَعتُ عَنهُ بَلايَا الدُّنيا. فَإذا قالَ: «الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ» قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: شَهِدَ لى عَبدى أنّى الرَّحمنُ الرَّحيمُ، أُشهِدُكُم لَأُوَفِّرَنَّ مِن رَحمَتى حَظَّهُ، ولَأُجزِلَنَّ مِن عَطائى نَصيبَهُ. فَإذا قالَ: «مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ» قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: أُشهِدُكُم كَما اعتَرَفَ، أنّى أنَا مالِكُ يَومِ الدّينِ، لَأُسَهِّلَنَّ يَومَ الحِسابِ حِسابَهُ، ولَأَتَجاوَزَنَّ عَن سَيِّئاتِهِ. فَإذا قالَ: «إيَّاكَ نَعْبُدُ» قالَ اللهُ عز و جل: صَدَقَ عَبدى، إيّاىَ يَعبُدُ، أُشهِدُكُم لَأُثيبَنَّهُ عَلى عِبادَتِهِ ثَوابا يَغبِطُهُ كُلُّ مَن خالَفَهُ فى عِبادَتِهِ لى. فَإذا قالَ: «وَ إيَّاكَ نَسْتَعِينُ» قالَ اللهُ عز و جل: بِىَ استَعانَ عَبدى وَالتَجَأَ إلَىَّ، أُشهِدُكُم لَأُعينَنَّهُ عَلى أمرِهِ، ولَأُغيثَنَّهُ فى شَدائِدِهِ، ولَآخُذَنَّ بِيَدِهِ يَومَ نَوائِبِهِ. فَإذا قالَ: «اهْدِنَا الصِّرَ طَ الْمُسْتَقِيمَ» إلى آخِرِ السّورَةِ، قالَ اللهُ عز و جل: هذا لِعَبدى ولِعَبدى ما سَأَلَ، فَقَدِ استَجَبتُ لِعَبدى وأعطَيتُهُ ما أمَّلَ، وآمَنتُهُ مِمّا مِنهُ وَجِلَ. وقيلَ

---

[1] الطَّوْلُ: الفَضلُ والقُدرَةُ والغِنى (تاج العروس: ج15 ص447 «طول»).

لِأَمیرِ المُؤمِنینَ علیہ السلام: یا أمیرَ المُؤمِنینَ، أخبِرنا عَن «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحیمِ» أهِیَ مِن فاتِحَةِ الکِتابِ؟ فَقالَ: نَعَم، کانَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یَقرَؤُها ویَعُدُّها آیَةً مِنها، ویَقولُ: فاتِحَةُ الکِتابِ هِیَ السَّبعُ المَثانی[1]

۲۲) عیون اخبار الرضاؑ کی سند سے امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا کہ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا نے فرمایا ہے کہ میں سورۂ حمد کو اپنے اور اپنے بندہ کے درمیان تقسیم کیا ہے، اس کا آدھا ہے میرے لئے اور میرے بندہ کے لئے ہے۔ اور میرا بندہ جو بھی چاہے وہ ہے: اگر بندہ کہے: خدا کے نام سے جو نہایت ہی رحم کرنے والا ہے، تو خدا کہتا ہے: اے میرے بندے تو نے میرے نام سے آغاز کیا اور مجھ پر حق ہے کہ اس بندہ کے کام مکمل کروں اور مختلف حالات میں اس کو برکت دوں۔

اور جب بندہ کہتا ہے: الحمد اللہ رب العالمین ساری تعریف عالمین کے رب کے ساتھ مخصوص ہے۔ تو خدا کہتا ہے: میرے بندے نے میری حمد کی ہے اور جانتا ہے کہ اس کے پاس موجود ساری نعمتیں میری طرف سے ہیں اور مشکلات اس سے میرے کرم اور قدرت کی وجہ سے دور ہوتی ہیں۔ تم گواہ رہنا اس کی آخرت والی نعمتوں کو بھی دنیاوی نعمات سے بڑھاہوں گا اور آخرت کی مشکلات کو اس سے دور کروں گا۔ جس طرح دنیا کی مشکلات اس سے دور کی۔

اور اگر بندہ کہے: رحمان الرحیم، تو خدا کہتا ہے: میرے بندے نے گواہی دی ہے کہ میں رحمان اور مہربان ہوں تم گواہ رہنا کہ اس پر اپنی رحمت زیادہ بھیجوں اور اپنی عطا سے اس کو زیادہ دوں۔

اور جب بندہ کہے: جزا کے دن کا مالک۔ تو خدا کہتا ہے: تم گواہ رہنا کہ جیسے اس نے اقرار کیا ہے کہ میں جزا کے دن کا مالک ہوں۔ حساب والے دن اس کا حساب آسان کروں گا اور اس کے گناہ بخش دوں گا۔

اور جب بندہ کہتا ہے: فقط تیری ہی عبادت کرتا ہوں تو خدا کا ارشاد ہوتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا ہے کہ فقط میری عبادت کرتا ہے۔ تم گواہ رہنا اس کی عبادت کی ایسی جزا دوں گا کہ اس کے سب مخالف لوگ اس کی عبادت میں رشک کریں گے۔

اور جب بندہ کہتا ہے: فقط تجھ سے ہی مدد مانگتا ہوں تو خدا کا رشاد آتا ہے: میرے بندے نے مجھ سے مدد

---

[1] عیون أخبار الرضا علیہ السلام: ج 1 ص 300 ح 59، الأمالی للصدوق: ص 239 ح 253، 254 کلاهما عن محمّد بن زیاد و محمّد بن سیّار عن الإمام العسکری عن آبائه علیهم السلام، بحار الأنوار: ج 92 ص 226 ح 3 وراجع: التفسیر المنسوب إلی الإمام العسکری علیہ السلام: ص 58 ح 30.

مانگی ہے اور میری پناہ میں آیا ہے۔تم گواہ رہنا کہ میں اس کے کام میں اس کی مدد کروں اور مشکلات میں اس کی فریاد سنوں اور پریشانیوں میں اس کا ہاتھ پکڑوں۔

اور جب بندہ کہتا ہے: ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت کر۔آخر سورہ تک،تو خدا کا ارشاد ہوتا ہے: یہ میرے بندے کے لئے کہ جو کچھ چاہے وہ اس کے لئے ہے۔یقینا میں نے بندے کی دعا قبول کی ہے اور جس چیز کی آرزو رکھتا تھا اس کی عطا کی ہیں اور جس سے اس کو خوف تھا اس سے امان میں رکھا۔

حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا گیا: اے میر المومنینؑ ہمیں بتایئے کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سورہ حمد کا جز (حصہ) ہے یا نہیں؟

امامؑ نے فرمایا: ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو پڑھتے تھے اور حمد کی آیت شمار کرتے تھے اور فرماتے تھے۔سورۂ حمد سبع المثانی (سات آیتوں والی سورت) ہے۔

23.عيون أخبار الرضا عن الحسن بن علیّ [العسكريّ] عن أ: جاءَ رَجُلٌ إلَى الرِّضا علیہ السلام فَقالَ لَهُ: يَابنَ رَسولِ اللهِ، أخبِرنى عَن قَولِ اللهِ عز و جل: «الْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَلَمِينَ» ما تَفسيرُهُ؟ فَقالَ: لَقَد حَدَّثَنى أبى عَن جَدّى، عَنِ الباقِرِ، عَن زَينِ العابِدينَ عَن أبيهِ عليهم السلام أنَّ رَجُلاً جاءَ إلى أميرِ المُؤمِنينَ علیہ السلام فَقالَ: أخبِرنى عَن قَولِ اللهِ عز و جل: «الْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَلَمِينَ» ما تَفسيرُهُ؟ فَقالَ «الْحَمْدُ لِلّهِ» هُوَ أن عَرَّفَ عِبادَهُ بَعضَ نِعَمِهِ جُمَلاً، إذ لا يَقدِرونَ عَلى مَعرِفَةِ جَميعِها بِالتَّفصيلِ، لِأنَّها أكثَرُ مِن أن تُحصى أو تُعرَفَ، فَقالَ لَهُم: قولوا: «الْحَمْدُ لِلّهِ» عَلى ما أنعَمَ بِهِ عَلَينا «رَبِّ الْعَلَمِينَ»، وهُمُ الجَماعاتُ مِن كُلِّ مَخلوقٍ؛ مِنَ الجَماداتِ وَالحَيَواناتِ. فَأَمَّا الحَيَواناتُ فَهُوَ يُقَلِّبُها فى قُدرَتِهِ، ويَغذوها مِن رِزقِهِ، ويَحوطُها بِكَنَفِهِ، ويُدَبِّرُ كُلاًّ مِنها بِمَصلَحَتِهِ. وأمَّا الجَماداتُ فَهُوَ يُمسِكُها بِقُدرَتِهِ، ويُمسِكُ المُتَّصِلَ مِنها أن يَتَهافَتَ [1]، ويُمسِكُ المُتَهافِتَ مِنها أن يَتَلاصَقَ، ويُمسِكُ السَّماءَ أن تَقَعَ عَلَى الأَرضِ إلاّ بِإذنِهِ، ويُمسِكُ الأَرضَ أن تَنخَسِفَ إلاّ بِأَمرِهِ. إنَّهُ بِعِبادِهِ لَرَؤوفٌ رَحيمٌ. وقالَ علیہ السلام: «رَبِّ الْعَلَمِينَ» مالِكُهُم وخالِقُهُم وسائِقُ أرزاقِهِم إلَيهِم، مِن حَيثُ يَعلَمونَ ومِن حَيثُ لا يَعلَمونَ، وَالرِّزقُ مَقسومٌ، وهُوَ يَأتِي ابنَ آدَمَ عَلى أيِّ سيرَةٍ سارَها مِنَ الدُّنيا، لَيسَ تَقوى مُتَّقٍ بِزائِدِهِ، ولا فُجورُ فاجِرٍ بِناقِصِهِ، وبَينَهُ وبَينَهُ سِترٌ وهُوَ طالِبُهُ، فَلَو أنَّ أحَدَكُم يَفِرُّ مِن

---

[1] التَّهافُت: التساقُط قطعةً قطعةً (الصحاح: ج1 ص271 «هفت»).

رِزقِهِ لَطَلَبَهُ رِزقُهُ كَما يَطلُبُهُ المَوتُ. فَقالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: قولوا: «الحَمْدُ لِلّهِ» عَلى ما أنعَمَ بِهِ عَلَينا وذَكَرَنا بِهِ مِن خَيرٍ فى كُتُبِ الأَوَّلينَ قَبلَ أن نَكونَ، فَفى هذا إيجابٌ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وعَلى شيعَتِهِم أن يَشكُروهُ بِما فَضَّلَهُم. وذلِكَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قالَ: لَمّا بَعَثَ اللهُ عز و جل موسَى بنَ عِمرانَ عليه السلام وَاصطَفاهُ نَجِيّا، وفَلَقَ لَهُ البَحرَ ونَجّى بَنى إسرائيلَ، وأعطاهُ التَّوراةَ وَالأَلواحَ، رَأى مَكانَهُ مِن رَبِّهِ عز و جل فَقالَ: يا رَبِّ لَقَد أكرَمتَنى بِكَرامَةٍ لَم تُكرِم بِها أحدا قَبلى! فَقالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: يا موسى، أما عَلِمتَ أنَّ مُحَمَّدا عِندى أفضَلُ مِن جَميعِ مَلائِكَتى وجَميعِ خَلقى؟ قالَ موسى عليه السلام: يا رَبِّ، فَإن كانَ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وآله أكرَمَ عِندَكَ مِن جَميعِ خَلقِكَ، فَهَل فى آلِ الأَنبِياءِ أكرَمُ مِن آلى؟ قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: يا موسى، أما عَلِمتَ أنَّ فَضلَ آلِ مُحَمَّدٍ عَلى جَميعِ آلِ النَّبِيّينَ كَفَضلِ مُحَمَّدٍ عَلى جَميعِ المُرسَلينَ؟ فَقالَ موسى: يا رَبِّ، فَإن كانَ آلُ مُحَمَّدٍ كَذلِكَ فَهَل فى اُمَمِ الأَنبِياءِ أفضَلُ عِندَكَ مِن اُمَّتى؛ ظَلَّلتَ عَلَيهِمُ الغَمامَ، وأنزَلتَ عَلَيهِمُ المَنَّ وَالسَّلوى، وفَلَقتَ لَهُمُ البَحرَ؟ فَقالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: يا موسى، أما عَلِمتَ أنَّ فَضلَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلى جَميعِ الاُمَمِ كَفَضلِهِ عَلى جَميعِ خَلقى؟ فَقالَ موسى عليه السلام: يا رَبِّ، لَيتَنى كُنتُ أراهُم! فَأَوحَى اللهُ عز و جل إلَيهِ: يا موسى، إنَّكَ لَن تَراهُم ولَيسَ هذا أوانَ ظُهورِهِم، ولكِن سَوفَ تَراهُم فِى الجَنّاتِ؛ جَنّاتِ عَدنٍ وَالفِردَوسِ، بِحَضرَةِ مُحَمَّدٍ فى نَعيمِها يَتَقَلَّبونَ، وفى خَيراتِها يَتَبَحبَحونَ[1]، أفَتُحِبُّ أن اُسمِعَكَ كَلامَهُم؟ فَقالَ: نَعَم إلهى! قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: قُم بَينَ يَدَىَّ، وَاشدُد مِئزَرَكَ قِيامَ العَبدِ الذَّليلِ بَينَ يَدَيِ المَلِكِ الجَليلِ. فَفَعَلَ ذلِكَ موسى عليه السلام، فَنادى رَبُّنا عز و جل: يا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ! فَأَجابوهُ كُلُّهُم وهُم فى أصلابِ آبائِهِم وأرحامِ اُمَّهاتِهِم: لَبَّيكَ اللّهُمَّ لَبَّيكَ، لَبَّيكَ لا شَريكَ لَكَ لَبَّيكَ، إنَّ الحَمدَ وَالنِّعمَةَ وَالمُلكَ لَكَ، لا شَريكَ لَكَ. قالَ: فَجَعَلَ اللهُ عز و جل تِلكَ الإِجابَةَ شِعارَ الحاجِّ. ثُمَّ نادى رَبُّنا عز و جل: يا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ! إنَّ قَضائى عَلَيكُم أنَّ رَحمَتى سَبَقَت غَضَبى، وعَفوى قَبلَ عِقابى، فَقَد استَجَبتُ لَكُم مِن قَبلِ أن تَدعونى، وأعطَيتُكُم مِن قَبلِ أن تَسأَلونى، مَن لَقِيَنى مِنكُم بِشَهادَةِ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ وَحدَهُ لا شَريكَ لَهُ، وأنَّ مُحَمَّدا عَبدُهُ ورَسولُهُ، صادِقٌ فى أقوالِهِ، مُحِقٌّ فى أفعالِهِ، وأنَّ عَلِيَّ بنَ أبى طالِبٍ أخوهُ ووَصِيُّهُ مِن بَعدِهِ ووَلِيُّهُ، يُلتَزَمُ طاعَتُهُ كَما يُلتَزَمُ طاعَةُ مُحَمَّدٍ، وأنَّ أولِياءَهُ

---

[1] تَبَحبَحَ: تَمَكَّنَ فى الحُلولِ والمَقامِ (لسان العرب: ج 2 ص 407، بحح).

المُصطَفَينَ الطّاهِرينَ المُطَهَّرينَ المُنبِئينَ بِعَجائِبِ آياتِ اللهِ ودَلائِلِ حُجَجِ اللهِ مِن بَعدِهِما أولِياؤُهُ، أدخَلتُهُ جَنَّتي.... قالَ عليه السلام: فَلَمّا بَعَثَ اللهُ عز و جل نَبِيَّنا مُحَمَّدا صلى الله عليه وآله قالَ: يا مُحَمَّدُ، وَما كُنتَ بِجانِبِ الطُّورِ إذ نادَيْنا [1] أُمَّتَكَ بِهذِهِ الكَرامَةِ. ثُمَّ قالَ عز و جل لِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله: قُل: «الحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ العَلَمِينَ» عَلى ما اختَصَّني بِهِ مِن هذِهِ الفَضيلَةِ. وقالَ لِأُمَّتِهِ: قولوا أنتُم: «الحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ العَلَمِينَ» عَلى ما اختَصَّنا بِهِ مِن هذِهِ الفَضائِلِ [2]

۲۳) عیون اخبار الرضاؑ: امام حسن عسکریؑ سے اور امام علی نقی علیہ السلام سے کہ ایک شخص امام علی رضاؑ کے پاس آیا اور عرض کیا: اے اللہ کے نبی کے فرزند: خدا کے اس ارشاد الحمد اللہ رب العالمین، تعریف فقط عالمین کے رب کے لئے ہے کی تفسیر بتایئے؟

امامؑ نے فرمایا: میرے بابا نے اپنے دادا سے، پھر امام باقرؑ سے، امام سجاد علیہ السلام سے جس نے اپنے بابا امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا کہ ایک شخص حضرت علی علیہ السلام کے پاس آکر یہ سوال پوچھا تو حضرت علی علیہ السلام نے جواب دیا: حمد اور تعریف خدا کے ساتھ مخصوص ہے یعنی خدا کا اپنے بندوں کو کچھ نعمتوں کا مختصر طور پر بتانا ہے کیونکہ لوگ خدا کی ساری نعمتوں کو تفصیل کے ساتھ جاننے کی قدرت نہیں رکھتے۔ کیونکہ نعمتیں بے شمار ہیں یا پہچان سے بھی زیادہ ہیں۔

بس اس نے اپنے بندوں کو کہا: کہ تم کہو: تعریف وحمد فقط خدا کے لئے ہے ان نعمتوں کی وجہ سے جو اس نے ہمیں عطا کی ہیں۔ رب العالمین، سارے جہان کا خدا، ہر قسم کی مخلوق جمادات وحیوانات میں سے ہر ایک کو شامل ہے۔ لیکن حیوانات کو اپنی قدرت کے قبضے میں چلا رہا ہے۔ اور اپنا رزق ان کو کھلا رہا ہے اور ان کو اپنی حمایت کے سایہ میں محفوظ رکھا ہے اور اپنی مصلحت کے ذریعے ہر ایک کی پرورش کر رہا ہے لیکن جمادات کو اس نے اپنی قدرت سے محفوظ کیا ہے اور جمادات جو ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں۔ ان کے بکھرنے کے لئے مانع ہے اور نیز بکھرے ہوئے جمادات کے لئے مستقل ہونے کا سبب ہے اور آسمان کو زمین پر گرنے سے اپنی اذن کے ذریعے محفوظ کیا ہوا ہے اور زمین کو اپنے فرمان سے ہی دھنسنے سے بچا رکھا ہے کہ وہ اپنے بندوں پر مہربان ہے

---

[1] القصص: 46.

[2] عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 282 ح 30، علل الشرائع: ص 416 ح 3، بشارة المصطفى: ص 212 كلّها عن محمّد بن زياد ومحمّد بن سيّار عن الإمام العسكري عن آبائه عليهم السلام، التفسير المنسوب إلى الإمام العسكري عليه السلام: ص 30 ح 11، بحار الأنوار: ج 92 ص 224 ح 2.

فرمایا: عالمین کا پروردگار یعنی عالمین کا مالک اور خالق اور ان کو رزق دینے والا ہے ایسی جگہوں سے بھی جہاں جانتے ہیں اور ایسی جگہوں سے بھی رزق دیتا ہے جس کا ان کو پتہ نہیں۔ رزق تقسیم کیا گیا ہے جو انسان کے کردار کو دیکھے بغیر آتا ہے نہ پرہیز گاری کی پرہیز گاری رزق کو بڑھاتی ہے نہ فسق اور گناہ اس کو کم کرتا ہے اور جس کو رزق ملے گا دونوں کے درمیان ایک پردہ ہے جو ان کو ڈھونڈ رہا ہے تم میں سے اگر کوئی بھی ایک اپنے رزق سے منہ موڑ لے پھر بھی رزق اس کو ڈھونڈ لے گا جیسے موت اس آدمی کو ڈھونڈ لیتی ہے۔

اللہ کہتا ہے: کہو: تعریف خدا کے ساتھ مخصوص ہے ان نعمتوں کی وجہ سے جو ہمیں عطا کی اور اس نے ہماری خلقت سے پہلے پہلی کتابوں میں نیکی سے یاد کیا ہے۔ اس بنیاد پر محمدؐ اور اس کی آل اور ان پیروکاروں پر لازم ہے کہ خدا نے جو انہیں فضیلت عطا کی ہے اس کے بدلے میں شکر کریں اور یہ وہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات ہے جو آپؐ نے فرمائی۔ جب خدا نے موسیٰ بن عمران کو چن لیا اور اس کو راز بتایا اور موسیٰ کے لئے دریا میں راستہ بنایا اور بنی اسرائیل کو نجات دی اور تورات و الواح موسیٰ کو عطا کی، اپنی منزلت خدا کے نزدیک دیکھ کر کہنے لگا: اے میرے خدا! مجھے تو نے ایسی فضیلت عطا کی کہ مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہ کی۔

خدا کا ارشاد ہوا: اے موسیٰؑ! کیا تجھے پتہ نہیں کہ محمدؐ میرے نزدیک سارے فرشتے اور ساری مخلوق سے افضل ہے؟

موسیٰؑ نے کہا: اے میرے خدا! اگر تیرے نزدیک محمدؐ ساری مخلوق سے افضل ہے تو کیا انبیاء کے خاندان میں میرے خاندان سے زیادہ کریم خاندان کوئی اور ہے؟

خدا نے کہا: اے موسیٰؑ کیا تجھے پتہ نہیں محمدؐ کے خاندان کی فضیلت انبیاء کے خاندانوں پر ایسی ہے جیسے خود محمدؐ کی فضیلت ہے ساری مخلوق پر؟

موسیٰ نے کہا: اگر محمدؐ کا خاندان ایسا ہے تو کیا انبیاء کی امتوں میں سے میرے امت سب سے افضل نہیں ہے؟ بادل کا سایہ تو نے میری امت پر کیا اور تو نے بٹیر اور مخصوص پرندے کا گوشت ان کے لئے بھیجا اور دریا میں راستہ ان کے لئے بنایا،

خدا نے فرمایا: کیا تجھے پتہ نہیں کہ محمدؐ کی فضیلت ساری امتوں پر ایسے ہے جیسے خود محمدؐ کی فضیلت ساری مخلوق پر ہے؟

موسیٰؑ نے کہا: اے میرے خدا! کاش میں ان کو دیکھتا۔ پس خدا نے موسیٰ کو وحی کی۔

اے موسیٰؑ ان کو تم کبھی بھی نہیں دیکھ پاؤ گے۔ کیونکہ ابھی ان کی خلقت کا وقت نہیں آیا۔ لیکن عنقریب تم جنت میں اور عدن و فردوس کے باغات میں حضرت محمدؐ کے ہاں ان کو دیکھو گے کہ وہ جنت کی نعمتوں میں ٹہل رہے ہیں اور وہ نیکیوں پر خوش ہیں کیا تم چاہتے ہو کہ ان کی آواز سنو؟

موسیٰ نے کہا: ہاں اے میرے خدا،

خدا نے کہا: میرے پاس کھڑے ہو جاؤ اور ایک ذلیل بندے کی طرح اپنے کریم مولیٰ کے سامنے اپنی کمر کو تھام کر رکھو۔

بس موسیٰ نے اسے کہا اور خدا نے آواز دی: اے محمدؐ کی امت جتنے بھی اپنی ماں اور باپ کے صلب میں تھے، انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ خدا ہاں۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ ہاں تعریف تیری ہی ہے اور نعمت اور بادشاہی تیری ہے ہاں خدا نے ان جوابات کو حج کا شعار قرار دے دیا۔

پھر خدا نے آواز دی۔ اے محمدؐ کی امت، تمہارے اوپر میرا حکم یہ ہے کہ میری رحمت، میرے غضب سے آگے ہے اور میری معافی میرے عذاب سے پہلے ہے۔ مجھے پکارنے سے پہلے میں قبول کرتا ہوں اور اس سے پہلے کہ مجھ سے مانگو، میں عطا کرتا ہوں۔ تم میں سے جو بھی میرے پاس تھا دین (توحید اور رسالت محمد کی گواہی) اور صداقتِ گفتار اور اچھے کردار سے آئے اور گواہی دی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بھائی، ولی اور وصی علی بن ابی طالبؑ ہیں اور اس کے فرمان کی پابندی کرے جس طرح محمدؐ کے فرمان کا پابند ہے اور خدا کے بنائے ہوئے اولیاء کو اپنا ولیاء بنائے، بعد وہ ہیں جو آیاتِ الٰہی کے تعجب کی خبر دیتے ہیں اور (محمدؐ و علیؑ) کے بعد حجت خدا ہیں تو میں ایسے آدمی کو جنت میں داخل کروں گا۔

امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں: خدا نے ہمارے نبی محمدؐ کو چن کر فرمایا: اے محمدؐ! تو (کوہ) طور کے پاس نہیں تھا کہ ہم نے اپنے بندکو ایسی قسم کی بابرکت آواز دی تھی۔

پھر خدا نے محمدؐ سے فرمایا: کہو تعریف و حمد عالمین کے خدا سے مخصوص ہے۔ یہ خصوصی فضیلت اس نے ہمیں عطا کی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت سے کہا: تم کہو: تعریف و حمد عالمین کے خدا کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ یہ فضیلتیں ہمارے ساتھ مخصوص ہیں۔

ب.قَولُهُ:هُوَ الَّذِی خَلَقَ لَکُم...

ب۔آیہ "هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ"

24.عیون أخبار الرضا بإسناده عن الحسین بن علیّ علیه ا قالَ أمیرُ المُؤمِنینَ علیہ السلام فی قَولِ اللهِ عز و جل: «هُوَ الَّذِی خَلَقَ لَکُم مَّا فِی الْأَرْضِ جَمِیعًا ثُمَّ اسْتَوَی إِلَی السَّمَآءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَوَتٍ وَ هُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیمٌ» [1] قالَ: «هُوَ الَّذِی خَلَقَ لَکُم مَّا فِی الْأَرْضِ جَمِیعًا» لِتَعتَبِروا ولِتَتَوَصَّلوا بِهِ إلی رِضوانِهِ وتَتَوَقَّوا بِهِ مِن عَذابِ نیرانِهِ، «ثُمَّ اسْتَوَی إِلَی السَّمَآءِ» أخَذَ فی خَلقِها وإتقانِها، «فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَوَتٍ وَ هُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیمٌ» ولِعِلمِهِ بِکُلِّ شَیءٍ عَلِمَ المَصالِحَ، فَخَلَقَ لَکُم کُلَّ ما فِی الأَرضِ لِمَصالِحِکُم یا بَنی آدَمَ [2]

۲۴) عیون اخبار الرضا میں امام حسین علیہ السلام نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ علی علیہ السلام نے خدا کے اس فرمان:

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۹﴾

"وہ خدا وہ ہے جس نے زمین کے تمام ذخیروں کو تم ہی لوگوں کے لئے پیدا کیا ہے۔اس کے بعد اس نے آسمان کا رخ کیا تو سات مستحکم آسمان بنادیئے اور وہ ہر شے کا جاننے والا ہے" [3]

کی تفسیر میں فرمایا: خدا نے ہی زمین کی ساری مخلوق کو تمہارے لئے پیدا کیا تا کہ تم عبرت حاصل کرو۔اور اس سے اس کی مرضی تک پہنچو اور جہنم کے عذاب سے بچ جاؤ۔

پھر خدا نے آسمان کا کام شروع کیا اور ان کی مضبوط خلقت کا آغاز کیا اور ان کو سات آسمانوں کی شکل میں بنایا۔اور خدا ہر چیز سے باخبر ہے۔

اور اسی علم کی وجہ سے ہر چیز کی مصلحت کو جانتا ہے اور اس نے زمین کی ساری مخلوق کو تم اولاد آدم کے لئے خدا

---

[1] البقرة:29.

[2] عیون أخبار الرضا علیہ السلام: ج2 ص 12 ح 29 عن محمّد بن زیاد ومحمّد بن صیّاد عن الإمام العسکری عن آبائه علیهم السلام.بحار الأنوار: ج3ص40ح14وراجع: التفسیر المنسوب إلی الإمام العسکری علیہ السلام: ص215ح99.

[3] سورہ البقرہ،آیت۲۹۔

نے خلق کئے ہیں۔

ج.قَولُهُ": هَل جَزَآءُ الإِحسَنِ إلاَّ الإِحسَنُ"

ج۔آیۃ "هَل جَزَآءُ الإِحسَانِ إلَّا الإِحسَانُ"

25.الأمالی بإسناده عن علیّ بن الحسین عن الحسین بن علی فی قَولِ اللهِ عز و جل: «هَل جَزَآءُ ال: قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: هَل جَزاءُ مَن أنعَمتُ عَلَیهِ بِالتَّوحیدِ إلاَّ الجَنَّةُ؟ [1]

۲۵) امالی شیخ طوسی میں امام سجاد علیہ السلام کی سند سے، امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا: جس کو میں نے توحید کی نعمت دی ہے کیا اس کی جزا سوا جنت کے کچھ اور ہے۔

د.قَولُهُ": وَ أَمَّا بِنِعمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّث"

د۔آیۃ "وَ أَمَّا بِنِعمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّث"

26.المحاسن عن عمرو بن أبی نصر: حَدَّثَنی رَجُلٌ مِن أهلِ البَصرَةِ قالَ: رَأَیتُ الحُسَینَ بنَ عَلِیٍّ علیہ السلام وعَبدَ اللهِ بنَ عُمَرَ یَطوفانِ بِالبَیتِ،

فَسَأَلتُ ابنَ عُمَرَ فَقُلتُ: قَولُ اللهِ: «وَ أَمَّا بِنِعمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّث» ؟ [2]

قالَ: أمَرَهُ أن یُحَدِّثَ بِما أنعَمَ اللهُ عَلَیهِ.

ثُمَّ إنّی قُلتُ لِلحُسَینِ بنِ عَلِیٍّ علیہ السلام: قَولُ اللهِ: «وَ أَمَّا بِنِعمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّث»؟ قالَ: أمَرَهُ أن یُحَدِّثَ بِما أنعَمَ اللهُ عَلَیهِ مِن دینِهِ [3]

---

[1] الأمالی للطوسی: ص 569 ح 1177 عن محمّد بن علیّ بن الحسین بن زید بن علیّ بن الحسین عن الإمام الرضا عن آبائه علیهم السلام و ص 429 ح 960، التوحید: ص 28 ح 29، الأمالی للصدوق: ص 470 ح 628 و الثلاثة الأخیرة عن موسی بن إسماعیل بن موسی بن جعفر عن الإمام الکاظم عن آبائه علیهم السلام بزیادة «إنّ الله عزّ وجلّ قال» بعد «رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم»، بحار الأنوار: ج3 ص3 ح2.

[2] الضحی: 11.

[3] المحاسن: ج 1 ص 344 ح 712، تحف العقول: ص 246 وفیه ذیله من «ثمّ إنّی» من دون إسنادٍ إلی الراوی نحوه، بحار الأنوار: ج24 ص53 ح9.

۲۶) المحاسن۔عمرو بن ابی نصر سے نقل ہے کہ بصرہ کا ایک شخص کہتا ہے، میں نے امام حسین علیہ السلام اور عبداللہ بن عمر کو دیکھا کہ خدا کے گھر (کعبہ) کا طواف کر رہے ہیں۔

میں نے ابن عمر سے آیت ''اپنے پروردگار کی نعمت کے بارے میں سناؤ'' کی تفسیر پوچھی۔تو اس نے کہا: فرمان دیا ہے کہ خدا نے جو نعمتیں انسان کو دی ہیں ان کے بارے میں (کچھ) بولے۔

پھر یہ ہی سوال امام حسین علیہ السلام کے پاس لے گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: فرمان دیا ہے تا کہ وہ نعمتیں جو اس نے اپنے دین کے حوالے سے دی ہیں ان کے بارے میں بات کرے۔

ه.قَولُهُ: شَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ

ه۔آیۃ ''وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ''

27.المعجم الأوسط عن زيد بن أسلم عن الحسين بن علي عليه السلام في قَولِهِ تَعالى: «وَ شَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ: الشّاهِدُ: جَدّي رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله، وَالمَشهودُ: يَومُ القِيامَةِ. ثُمَّ تَلا هذِهِ الآيَةَ: «إِنَّآ أَرْسَلْنَكَ شَهِدًا وَ مُبَشِّرًا وَ نَذِيرًا» [1]، ثُمَّ تَلا: «ذَلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَ ذَلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ» [2]. [3]

۲۷) المعجم الأوسط میں زید بن اسلم سے نقل ہے اور اس نے امام حسین علیہ السلام سے کہ امام نے فرمایا: شاہد اور گواہ یقیناً میرے نانا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور مشھود سے مراد قیامت کا دن ہے

پھر امام نے یہ آیت تلاوت کی:

ہم نے تجھے گواہ بنا کر بھیجا، خوشخبری دینے والا اور خدا سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔

پھر یہ تلاوت کی:

وہ دن جس دن لوگ اس کے اطراف میں جمع ہوں گے وہ مشھود کا دن ہے۔

---

[1] الأحزاب: 45.

[2] الأحزاب: 45.

[3] المعجم الأوسط: ج9 ص182 ح 9482. المعجم الصغير: ج2 ص131. وفي تفسير مجمع البيان: ج10 ص708 عن الإمام الحسن عليه السلام وليس فيه ذيله من «ثمّ تلا».

2/13

فَضلُ حَمَلَةِ الحَدیثِ

حافظانِ حدیث کی فضیلت

28.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن علیؑ عن علی قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: مَن حَفِظَ مِن أُمَّتی أربَعينَ حَديثا يَنتَفِعونَ بِها، بَعَثَهُ اللهُ يَومَ القِيامَةِ فَقيها عالِما [1]

۲۸) عیون اخبار الرضا کی سند سے امام حسین علیہ السلام سے اور انہوں نے علی علیہ السلام سے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوآدمی میری امت میں چالیس ایسی حدیثیں حفظ کرے جس سے فائدہ لیا جائے تو خدا قیامت کے دن اس کو فقیہ اور عالم محشور کرے گا۔

29.الخصال بإسناده عن الحسين بن علیؑ: إنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ أوصى إلى أميرِ المُؤمِنينَ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍؑ، وكانَ فيما أوصى بِهِ أن قالَ لَهُ: يا عَلِيُّ، مَن حَفِظَ مِن أُمَّتي أربَعينَ حَديثا يَطلُبُ بِذلِكَ وَجهَ اللهِ عز و جل وَالدّارَ الآخِرَةَ، حَشَرَهُ اللهُ يَومَ القِيامَةِ مَعَ النَّبِيّينَ وَالصِّدّيقينَ وَالشُّهَداءِ وَالصّالِحينَ وحَسُنَ أُولئِكَ رَفيقا.

فَقالَ عَلِيٌّؑ: يا رَسولَ الله، أخبِرني ما هذِهِ الأَحاديثُ؟

فَقالَ: أن تُؤمِنَ بِاللهِ وَحدَهُ لا شَريكَ لَهُ، وتَعبُدَهُ ولا تَعبُدَ غَيرَهُ، وتُقيمَ الصَّلاةَ بِوُضوءٍ سابِغٍ في مَواقيتِها ولا تُؤَخِّرَها؛ فَإِنَّ في تَأخيرِها مِن غَيرِ عِلَّةٍ غَضَبَ اللهِ عز و جل، وتُؤَدِّيَ الزَّكاةَ، وتَصومَ شَهرَ رَمَضانَ، وتَحُجَّ البَيتَ إذا كانَ لَكَ مالٌ و كُنتَ مُستَطيعا.

وألاّ تَعُقَّ وَالِدَيكَ، ولا تَأكُلَ مالَ اليَتيمِ ظُلما،

ولا تَأكُلَ الرِّبا،

ولا تَشرَبَ الخَمرَ ولا شَيئا مِنَ الأَشرِبَةِ المُسكِرَةِ، ولا تَزني،

---

[1] عيون أخبار الرضاؑ: ج 2 ص 37 ح 99، صحيفة الإمام الرضاؑ: ص 226 ح 114 كلاهما عن أحمد بن عامر الطائي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 2 ص 156 ح 8.

ولا تَلوطَ، ولا تَمشِيَ بِالنَّميمَةِ [1]،

ولا تَحلِفَ بِاللهِ كاذِبا،

ولا تَسرِقَ، ولا تَشهَدَ شَهادَةَ الزّورِ لِأَحَدٍ قَريبا كانَ أو بَعيدا، وأن تَقبَلَ الحَقَّ مِمَّن جاءَ بِهِ صَغيرا كانَ أو كَبيرا،

وألاّ تَرْكَنَ إلى ظالِمٍ وإن كانَ حَميما قَريبا،

وألاّ تَعمَلَ بِالهَوى، ولا تَقذِفَ المُحصَنَةَ، ولا تُرائِيَ؛ فَإِنَّ أيسَرَ الرِّياءِ شِركٌ بِاللهِ عز و جل.

وألاّ تَقولَ لِقَصيرٍ: يا قَصيرُ، ولا لِطَويلٍ: يا طَويلُ؛ تُريدُ بِذلِكَ عَيبَهُ، وألاّ تَسخَرَ مِن أحَدٍ مِن خَلقِ اللهِ،

وأن تَصبِرَ عَلَى البَلاءِ وَالمُصيبَةِ، وأن تَشكُرَ نِعَمَ اللهِ الَّتي أنعَمَ بِها عَلَيكَ،

وألاّ تَأمَنَ عِقابَ اللهِ عَلى ذَنبٍ تُصيبُهُ، وألاّ تَقنَطَ [2] مِن رَحمَةِ اللهِ، وأن تَتوبَ إلَى اللهِ عز و جل مِن ذُنوبِكَ؛ فَإِنَّ التّائِبَ مِن ذُنوبِهِ كَمَن لا ذَنبَ لَهُ،

وألاّ تُصِرَّ عَلَى الذُّنوبِ مَعَ الاِستِغفارِ فَتَكونَ كَالمُستَهزِئِ بِاللهِ وآياتِهِ ورُسُلِهِ.

وأن تَعلَمَ أنَّ ما أصابَكَ لَم يَكُن لِيُخطِئَكَ، وأنَّ ما أخطَأَكَ لَم يَكُ لِيُصيبَكَ، وألاّ تَطلُبَ سَخَطَ الخالِقِ بِرِضَى المَخلوقِ،

وألاّ تُؤثِرَ الدُّنيا عَلَى الآخِرَةِ؛ لِأَنَّ الدُّنيا فانِيَةٌ وَالآخِرَةَ الباقِيَةُ،

وألاّ تَبخَلَ عَلى إخوانِكَ بِما تَقدِرُ عَلَيهِ، وأن تَكونَ سَريرَتُكَ كَعَلانِيَتِكَ،

وألاّ تَكونَ عَلانِيَتُكَ حَسَنَةً وسَريرَتُكَ قَبيحَةً، فَإن فَعَلتَ ذلِكَ كُنتَ مِنَ المُنافِقينَ.

وألاّ تَكذِبَ، وألاّ تُخالِطَ الكَذّابينَ،

وألاّ تَغضَبَ إذا سَمِعتَ حَقّا، وأن تُؤَدِّبَ نَفسَكَ وأهلَكَ ووُلدَكَ وجيرانَكَ عَلى حَسَبِ الطّاقَةِ، وأن تَعمَلَ بِما عَلِمتَ، ولا تُعامِلَنَّ أحَدا مِن خَلقِ اللهِ عز و جل إلاّ بِالحَقِّ، وأن تَكونَ سَهلاً لِلقَريبِ وَالبَعيدِ،

---

[1] النَّمِيمَةُ: هي نقل الحديث من قوم إلى قوم على جهة الإفساد والشرّ (النهاية: ج 5 ص 120، نمم).

[2] القُنوط: هو أشدّ اليأس من الشيء (النهاية: ج 4 ص 113، قنط).

وألاّ تَكونَ جَبّارا عَنيدا، وأن تُكثِرَ مِنَ التَّسبيحِ وَالتَّهليلِ وَالدُّعاءِ وذِكرِ المَوتِ وما بَعدَهُ مِنَ القِيامَةِ وَالجَنَّةِ وَالنّارِ، وأن تُكثِرَ مِن قِراءَةِ القُرآنِ وتَعمَلَ بِما فيهِ. وأن تَستَغنِمَ البِرَّ وَالكَرامَةَ بِالمُؤمِنينَ وَالمُؤمِناتِ، وأن تَنظُرَ إلى كُلِّ ما لا تَرضى فِعلَهُ لِنَفسِكَ فَلا تَفعَلَهُ بِأَحَدٍ مِنَ المُؤمِنينَ، ولا تَمَلَّ مِن فِعلِ الخَيرِ،

وألاّ تُثَقِّلَ عَلى أحَدٍ،

وألاّ تَمُنَّ عَلى أحَدٍ إذا أنعَمتَ عَلَيهِ، وأن تَكونَ الدُّنيا عِندَكَ سِجنا حَتّى يَجعَلَ اللهُ لَكَ جَنَّةً.

فَهذِهِ أربَعونَ حَديثا، مَنِ استَقامَ عَلَيها وحَفِظَها عَنّي مِن أُمَّتي دَخَلَ الجَنَّةَ بِرَحمَةِ اللهِ،

وكانَ مِن أفضَلِ النّاسِ وأحَبِّهِم إلَى اللهِ عز و جل بَعدَ النَّبِيّينَ وَالوَصِيّينَ، وحَشَرَهُ اللهُ يَومَ القِيامَةِ مَعَ النَّبِيّينَ وَالصِّدّيقينَ وَالشُّهَداءِ وَالصّالِحينَ وحَسُنَ أُولئِكَ رَفيقا [1]

۲۹) الخصال کی سند سے امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو وصیت کی اس میں فرمایا: اے علی علیہ السلام ! میری امت میں سے جو بھی خدا اور آخرت کے لئے چالیس احادیث حفظ کرے گا۔ خدا قیامت کے دن اس کو انبیاء وصدیقین، شہداء اور نیک بندوں، جو بہترین بندے ہیں کے ساتھ محشور کرے گا۔

علی علیہ السلام نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ ! مجھے بتایئے کہ وہ کونسی احادیث ہیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ اکیلے خدا پر ایمان رکھو۔ جس کا کوئی شریک نہیں۔ اور اس کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرو۔

اور نماز مکمل وضو سے انجام دو۔ اس کے معین وقت میں اور نماز کو موخر نہ کرو کیونکہ بغیر سبب کے نماز کو موخر کرنے میں خدا کی ناراضگی ہے

اور زکوٰۃ ادا کرو اور ماہ رمضان کا روزہ رکھو

اور خانہ کعبہ کا حج کرو جب تمہارے پاس اتنا مال ہو کہ قدرت پیدا کرلو۔

اور خبردار والدین کے عاق نہ بننا اور یتیم کا ناحق مال نہ کھانا،

اور سود نہ کھاؤ اور شراب نہ پیئو اور نہ ہی نشے والی کوئی چیز کھاؤ پیئو

---

[1] الخصال: ص 543 ح 19 عن إسماعيل بن الفضل الهاشمي، وإسماعيل بن أبي زياد جميعا عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج2 ص154 ح7.

اور زنا نہ کرو اور لواط سے بچو اور چغلی سے بچو۔

اور خدا کی جھوٹی قسم نہ کھاؤ، چوری نہ کرو، نزدیکی یا دور والے میں سے کسی کے لئے بھی جھوٹی گواہی نہ دو۔

اور جس سے بھی حق آئے، چھوٹا ہو یا بڑا، تم قبول کرو اور ظالم کو اپنا سہارا نہ بناؤ اگرچہ تمہارا قریبی دوست ہی کیوں نہ ہو۔

اور اپنی ہوا و ہوس پر عمل نہ کرو اور پاکدامن عورت پر تہمت نہ لگاؤ۔

اور ریا سے پرہیز کرو کیونکہ سب سے کمترین ریا بھی خدا سے شرک ہے

چھوٹے قد اور بلند قد والوں کو عیب کی زبان سے چھوٹا یا لمبا نہ کہو

اور خدا کی کسی بھی مخلوق کا مذاق نہ اڑاؤ اور مصیبت اور مشکل پر صبر کرو

اور خدا سے جو تمہیں نعمتیں دی ہیں خدا کا شکر کرو،

اور جو گناہ کر رہے ہو، اس کی سزا خدا کی طرف سے خود کو محفوظ نہ سمجھو،

خدائی رحمت سے نا امید مت ہو

اور تم اپنے گناہوں سے خدا کی طرف لوٹ آؤ۔ کیونکہ گناہ کو چھوڑنے والا ایسے ہے جیسے کوئی گناہ ہی نہ کیا ہو۔

اور توبہ کے ساتھ گناہ کرنے پر اصرار نہ کرو کیونکہ اگر ایسے کرو گے تو گویا خدا اور اس کی آیات اور انبیاء کا مذاق اڑانے والے ہو،

اور یہ تمہیں پتہ ہونا چاہیے کہ جو کچھ تم تک پہنچا ہے وہ یقینا بغیر خطا کے پہنچا ہے اور جو کوئی ظاہراً غلط ہو، وہ تم تک نہیں پہنچنا چاہیے تھا

اور تم مخلوق کی رضایت سے خدا کی ناراضگی حاصل نہ کرو

اور دنیا کو آخرت پر ترجیح نہ دو کیونکہ دنیا فانی ہے اور آخرت باقی رہنے والی ہے

اور تم جو اپنی قدرت میں رکھتے ہو وہ اپنے بھائیوں کو دینے سے بخل نہ کرو

اور تیرا اندر تیرے باہر کی طرح ہونا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ تیرا ظاہر خوبصورت اور باطن بدصورت ہو، اگر ایسا کرو گے تو منافقوں سے شمار کئے جاؤ گے۔

اور جھوٹ نہ بولنا اور جھوٹوں کی صحبت سے بچنا اور جب حق کی بات سنو تو غصہ مت کرو

اور تم خود کو اپنے خاندان، اولاد اور پڑوس والوں کو اپنی طاقت کے حساب سے ادب سکھاؤ

اور اپنے علم پر عمل کرو اور خدائی مخلوق میں سے کسی بھی ایک سے سوائے حق کے رفتار نہ کرو۔
نزدیکی اور دور والے کے سامنے نرمی سے پیش آؤ، نہ زبردستی اور سختی سے،
خدا کی تسبیح، تہلیل (لا الہ الا اللہ) اور دعا زیادہ کرو
اور بہت زیادہ موت اور موت کے بعد، قیامت سے جنت یا جہنم تک کو یاد کرو
اور قرآن زیاد پڑھو اور اس پر عمل کرو۔
اور مومن مرد اور عورت سے نیکی کرنے اور ان کا احترام کرنے کو غنیمت شمار کرو
اور دیکھو جو تم اپنے لئے پسند نہیں کرتے وہ مومنوں میں سے کسی کے لئے بھی نہ کرو
اور نیکی کے کام سے تھکاوٹ محسوس نہ کرو
اور کسی کے ماتحت ہونے کو قبول نہ کرو
اور جب کسی کو نعمت دو تو اس پر احسان مت جتاؤ
اور تیرے نزدیک دنیا ایسا زندان ہونا چاہیے جس سے نکل کر جنت جاؤ گے۔

یہ چالیس حدیثیں ہیں جو میری امت میں سے کوئی بھی حفظ کرے اور پابندی کرے تو رحمت الٰہی کے ذریعے جنت میں جائے گا اور ایسا آدمی انبیاء و اوصیاء کے بعد خدا کے نزدیک بہت زیادہ فضیلت والا اور محبوب ہوگا اور خدا سے قیامت کے دن انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین، جو بہترین ساتھی ہیں کے ساتھ محشور ہوگا۔

2/14

تَعليمُ الحِكمَةِ للأَولادَ

اولاد کو حکمت کی تعلیم

30.معاني الأخبار عن شريح بن هانئ: سَأَلَ أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام ابنَهُ الحَسَنَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام، فَقالَ: يا بُنَيَّ مَا العَقلُ؟ قالَ: حِفظُ قَلبِكَ مَا استَودَعتَهُ. قالَ: فَمَا الحَزمُ؟ قالَ: أن تَنتَظِرَ فُرصَتَكَ، وتُعاجِلَ ما أمكَنَكَ. قالَ: فَمَا المَجدُ؟

قالَ: حَملُ المَغارِمِ [1]، وَابتِناءُ المَكارِمِ.

قالَ: فَمَا السَّماحَةُ؟ قالَ: إجابَةُ السّائِلِ، وبَذلُ النّائِلِ.

قالَ: فَمَا الشُّحُّ؟

قالَ: أن تَرَى القَليلَ سَرَفا، وما أنفَقتَ تَلَفا.

قالَ: فَمَا الرِّقَّةُ [2]؟ قالَ: طَلَبُ اليَسيرِ ومَنعُ الحَقيرِ.

قالَ: فَمَا الكُلفَةُ؟ قالَ: التَّمَسُّكُ بِمَن لا يُؤمِنُكَ، وَالنَّظَرُ فيما لا يَعنيكَ.

قالَ: فَمَا الجَهلُ؟ قالَ: سُرعَةُ الوُثوبِ عَلَى الفُرصَةِ قَبلَ الإستِمكانِ مِنها، وَالإمتِناعُ عَنِ الجَوابِ، ونِعمَ العَونُ الصَّمتُ فى مَواطِنَ كَثيرَةٍ وإن كُنتَ فَصيحا. ثُمّ أقبَلَ صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ عَلَى الحُسَينِ ابنِهِ عليه السلام فَقالَ لَهُ: يا بُنَيَّ، مَا السُّؤدَدُ؟ قالَ: إصطِناعُ [3] العَشيرَةِ، وَاحتِمالُ الجَريرَةِ [4]

قالَ: فَمَا الغِنى؟

قالَ: قِلَّةُ أمانِيِّكَ، وَالرِّضى بِما يَكفيكَ.

قالَ: فَمَا الفَقرُ؟

قالَ: الطَّمَعُ، وشِدَّةُ القُنوطِ.

قالَ: فَمَا اللُّؤمُ؟

قالَ: إحرازُ المَرءِ نَفسَهُ، وإسلامُهُ عِرسَهُ.

قالَ: فَمَا الخُرقُ؟ قالَ: مُعاداتُكَ أميرَكَ، ومَن يَقدِرُ عَلى ضَرِّكَ ونَفعِكَ. ثُمَّ التَفَتَ إلَى الحارِثِ الأَعوَرِ

فَقالَ: يا حارِثُ، عَلِّموا هذِهِ الحِكَمَ أولادَكُم، فَإنَّها زِيادَةٌ فِي العَقلِ وَالحَزمِ وَالرَّأيِ [5]

---

[1] المَغْرَمُ: ما يلزم به الإنسان من غرامة، أو يصاب به فى ماله من خسارة وما يلحق به من المظالم (مجمع البحرين: ج 2 ص 1317، غرم).

[2] فى بحار الأنوار: «فما السرقة».

[3] الاصطناع: افتعالٌ من الصنيعة، وهى العطيّة والكرامة والإحسان (النهاية: ج 3 ص 56، صنع).

[4] الجَرِيرَةُ: الجناية والذنب (النهاية: ج 1 ص 258، جرر).

[5] معانى الأخبار: ص 401 ح 62، بحار الأنوار: ج 72 ص 194 ح 14.

۳۰) معانی الاخبار، شریح بن ہانی سے نقل کیا ہے: علی نے اپنے فرزند امام حسنؑ سے پوچھا: عقل کے کیا معنی ہیں؟ حسن علیہ السلام نے جواب دیا: عقل یہ ہے کہ جو کچھ تو نے دل کے سپرد کیا ہے اور اس کو محفوظ کرے۔

پھر پوچھا: دور اندیشی کیا ہے؟

امامؑ نے جواب دیا: فرصت کے انتظار میں رہو۔ جیسے ہی فرصت ملے پہلے عمل کرو۔

پھر پوچھا: بزرگواری کا مطلب کیا ہے؟

تو امام حسنؑ نے جواب دیا: خسارے کو تحمل کرنا اور اچھے (کاموں) کی بنیاد رکھنا۔

پھر پوچھا: بزرگی کیا ہے؟

جواب میں فرمایا: سوال کرنے والے کی درخواست قبول کرنا اور اس کو دنیا وہ چیز جو پہنچی ہے۔

پھر پوچھا: بخل کا مطلب کیا ہے؟

جواب میں فرمایا (یہ کہ) کم خرچ کو فضول خرچی دیکھو اور انفاق کرنے کو فضول خرچ سمجھو۔

پھر پوچھا: سرقت کیا ہے؟

جواب دیا: کم کو طلب کرنا اور حقیر چیز کو منع کرنا۔

پھر پوچھا: تکلف (زحمت سے کسی چیز کو سنبھالنا) کا مطلب کیا ہے؟

فرمایا: اعتماد کرنا ایسے آدمی پر جو تجھے امان نہیں دے گا اور توجہ دینا اسی چیزوں کی طرف جو تیرے مقصد کی نہیں ہیں؟

پھر فرمایا: بے عقلی (جہالت) کیا ہے؟

فرمایا: فرصت سے فائدہ اٹھانے سے پہلے جلدی کرنا۔ امکانات فراہم کرنے سے پہلے جواب سے خود کو روکنا۔ بہت سے مقامات پر بہترین مددگار، سکوت ہے۔ اگرچہ تم فصیح ہو۔

پھر امام علی علیہ السلام اپنے دوسرے فرزند امام حسین علیہ السلام کی طرف رخ کیا اور ان سے فرمایا: میرے پیارے بیٹے! سروری کا مطلب کیا ہے؟

امام حسین علیہ السلام نے جواب دیا: اپنوں پر احسان کرنا اور دوسروں کی غلطیوں کو تحمل کرنا۔

پھر پوچھا: تو انگری کا مطلب کیا ہے؟

جواب دیا: آرزو کا کم ہونا اور جو تیرے لئے کافی ہے اس پر راضی ہونا۔

پھر پوچھا: ناداری (فقر) کیا ہے؟

جواب میں فرمایا: (دوسروں پر) طمع و لالچ اور زیادہ نا امید ہونا۔

پھر پوچھا: حقارت کا مطلب کیا ہے؟

جواب دیا: یہ کہ انسان خود کو حفظ میں رکھے اور اپنے عیال کو دوسرے کے حوالے کرے۔

پھر پوچھا: درشتی یعنی کیا؟

فرمایا: تم اپنے حاکم کے ساتھ دشمنی کرو اور اس کے ساتھ بھی جو تجھے نفع و نقصان دینے کی قدرت رکھتا ہو۔

پھر علی علیہ السلام حارث اعور کی طرف رخ کر کے فرمایا: اے حارث! یہ حکمتیں تم اپنی اولاد کو سکھاؤ کیونکہ یہ عقل اور دور اندیشی و فکر کی زیادتی کا سبب ہیں۔

الفصل الثّالِثُ: اليقين

تیسری فصل: یقین

31.بغية الطلب عن محمّد بن مسعر اليربوعيّ: قالَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام لِلحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام: كَم بَينَ الإيمانِ وَاليَقينِ؟ قالَ: أربَعُ أصابِعَ. قالَ: بَيِّن. قالَ: اليَقينُ ما رَأَتهُ عَينُكَ، وَالإيمانُ ما سَمِعَت أُذُنُكَ وصَدَّقَت بِهِ. قالَ: أشهَدُ أنَّكَ مِمَّن أنتَ مِنهُ، ذُرِّيَّةٌ بَعضُها مِن بَعضٍ [1]

۳۱) بغیۃ الطلب میں محمد بن مسعر یربوعی سے نقل ہے کہ امام علی علیہ السلام نے امام حسین علیہ السلام سے فرمایا: ایمان اور یقین کے درمیان میں کتنا فاصلہ ہے؟ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: چار انگشت کا۔ امام نے فرمایا: وضاحت کرو۔ تو فرمایا: یقین یہ ہے کہ تیری آنکھ نے دیکھا ہے اور ایمان یہ ہے کہ تیرے کان نے سنا اور اس کی تصدیق کی ہے۔ امام علی علیہ السلام نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں اور تو اس سے (فاطمہ سلام اللہ علیہا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے۔ ایسی نسل ہے کہ جس کے بعض، بعض سے ہیں۔

32. كفاية الأثر عن يحيى بن يَعمُر: كُنتُ عِندَ الحُسَينِ عليه السلام إذ دَخَلَ عَلَيهِ رَجُلٌ مِنَ العَرَبِ مُتَلَثِّما أسمَرُ شَديدُ السُّمرَةِ، فَسَلَّمَ ورَدَّ الحُسَينُ عَلَيهِ السَّلامَ. فَقالَ: يَابنَ رَسولِ اللهِ مَسأَلَةٌ. قالَ: هاتِ. قالَ: أربَعُ أصابِعَ. قالَ: كَيفَ؟ قالَ: الإيمانُ ما سَمِعناهُ، وَاليَقينُ ما رَأَيناهُ، وبَينَ السَّمعِ وَالبَصَرِ أربَعُ أصابِعَ. قالَ: فَكَم بَينَ السَّماءِ وَالأَرضِ؟ قالَ: دَعوَةٌ مُستَجابَةٌ. قالَ: فَكَم بَينَ المَشرِقِ وَالمَغرِبِ؟ قالَ: مَسيرَةُ يَومٍ لِلشَّمسِ [2]

۳۲) کفایۃ الاثر میں یحییٰ بن یعمر سے نقل ہے: میں امام حسین علیہ السلام کے پاس تھا کہ ایک عرب گندمی رنگ کا اس حالت میں امامؑ کے پاس آ کر سلام کیا کہ اس نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا۔ امامؑ نے بھی اس کے سلام کا جواب دیا۔

اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول کے فرزند! ایک سوال ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: پوچھو۔ اس نے کہا: ایمان اور یقین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے۔

---

[1] بغية الطلب في تاريخ حلب: ج6 ص2589، وفي ذخائر العقبى: ص238، قال علي عليه السلام للحسن بن علي عليه السلام..

[2] كفاية الأثر: ص232، بحار الأنوار: ج36 ص384 ح5، وفي الاحتجاج: ج2 ص15 ح149 والمناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص13 عن الإمام الحسن عليه السلام وكلاهما نحوه.

امام علیہ السلام نے فرمایا: چار انگشت کا۔

اس نے پوچھا: وہ کیسے؟

امام علیہ السلام نے جواب دیا: ایمان وہ چیز ہے جو ہم نے سنی ہے اور یقین وہ چیز ہے جو ہم نے دیکھی ہے اور کان اور آنکھ کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ ہے۔

پھر اس نے پوچھا: آسمان اور زمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: ایسی دعا کا جو قبول ہوئی ہو۔

پھر اس شخص نے پوچھا: مشرق اور مغرب کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: سورج کے ایک دن جتنا راستہ۔

قَالَ الْحُسَيْنُ عليه السلام:

اِنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ رَغْبَةً فَتِلْكَ عِبَادَةُ التُّجَّارِ

وَاِنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ رَهْبَةً فَتِلْكَ عِبَادَةُ الْعَبِيْدِ

وَاِنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ شُكْراً فَتِلْكَ عِبَادَةُ الْاَحْرَارِ

وَهِيَ اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ۔ [1]

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:

کچھ لوگ رغبت کے ساتھ (اجر و ثواب کی لالچ میں) خدا کی عبادت کرتے ہیں یہ تاجر لوگوں کی عبادت ہے۔

کچھ لوگ (دوزخ کے) ڈر سے عبادت کرتے ہیں یہ غلاموں کی عبادت ہے۔

کچھ لوگ شکرانہ کے طور پر عبادت کرتے ہیں یہ آزاد لوگوں کی عبادت ہے

یہی بہترین عبادت ہے۔

---

[1] بحار الانوار: ۷۸،۱۱۷؛ موسوعة کلمات الامام الحسین علیہ السلام: ص ۴۸۴، ح ۹۰۶؛ بلاغة الامام علی علیہ السلام بن الحسین علیہ السلام: ص ۱۷۱، باب سوم کلمات قصار

البابُ الثّانی: الحکم العقائدیّة

دوسرا باب: اعتقادی حکمتیں

قَالَ الْحُسَيْنُ عليه السلام:

لِيَكُنْ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْكُمْ حِلْساً مِّنْ اَحْلاسِ بَيْتِهٖ

مَادَامَ هٰذَا الرَّجُلُ حَيّاً

فَاِنْ يُّهْلَكْ وَ اَنْتُمْ اَحْيَآءٌ رَّجَوْنَا اَنْ يُّخَيِّرَ اللّٰهُ لَنَا

وَ يُؤْتِيَنَا رُشْدَنَا وَ لَا يَكِلَنَا اِلٰى اَنْفُسِنَا

"وَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ"۔ [1]

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:

جب تک یہ (معاویہ) زندہ رہے تم میں سے ہر ایک اپنے گھر کے اندر بیٹھا رہے (کوئی حرکت وقیام نہ کرے)

جب وہ مرجائے اور تم زندہ رہ جاؤ

تو امید ہے کہ خدا ہمارے لئے رشد ورستگاری (نجات) قرار دے

اور ہم کو ہمارے اوپر نہ چھوڑے (جیسا کہ اس نے قرآن میں وعدہ فرمایا ہے:)

''یقیناً خدا ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا اور وہ نیکوکار بھی ہیں۔''

---

[1] موسوعة كلمات الامام الحسين: ص۲۰۵، ح۱۵۲

الفصل الأَوَّلُ: معرفة الله

پہلی فصل: معرفتِ خدا

1/1

رَأسُ العِلمِ

علم کی بنیاد

33.جامع الأخبار بإسناده عن الحسين بن علیؑ جاءَ رَجُلٌ إلى رَسولِ اللهﷺ وقالَ: ما رَأسُ العِلمِ؟

قالَ: مَعرِفَةُ اللهِ حَقَّ مَعرِفَتِهِ.

قالَ: وما حَقُّ مَعرِفَتِهِ؟

قالَ: أن تَعرِفَهُ بِلا مِثالٍ ولا شَبيهٍ، وتَعرِفَهُ إلهاً واحِداً خالِقاً قادِراً، أوَّلاً وآخِراً، ظاهِراً وباطِناً، لا كُفوَ لَهُ ولا مِثلَ لَهُ، وذلِكَ مَعرِفَةُ اللهِ حَقَّ مَعرِفَتِهِ[1]

۳۳) جامع الاخبار نے اپنی سند سے، امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آکر کہا: علم کی بنیاد (شروعات) کیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: معرفت خدا، جس طرح اس کا حق ہے۔

---

[1] جامع الأخبار: ص 36 ح 17 عن الإمام الرضا عن أبيه عن آبائه عليهم السلام. بحار الأنوار: ج 3 ص 14 ح 36 وراجع: التوحيد ص 285 ح 5.

اس شخص نے کہا: اس کی معرفت کا حق کیا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: یہ ہے کہ خدا کو بغیر مثل کے پہچانو اور اس کو واحد خدا اور خالق سمجھو۔ وہ آغاز اور انتہا، آشکار و باطن ہے جس کا کوئی نہ مثل ہے نہ ہی شبیہ اور یہ ہی ہے خدا کی معرفت کا حق ہے۔

1/2

حِصنُ اللهِ

خدا کا قلعہ

34. التوحيد عن إسحاق بن راهويه: لَمّا وافى أبو الحَسَنِ الرِّضا عليه السلام بِنَيسابورَ وأَرادَ أن يَخرُجَ مِنها إلَى المَأمونِ، اجتَمَعَ إلَيهِ أصحابُ الحَديثِ فَقالوا لَهُ: يَابنَ رَسولِ اللهِ، تَرحَلُ عَنّا ولا تُحَدِّثُنا بِحَديثٍ فَنَستَفيدَهُ مِنكَ؟! وكانَ قَد قَعَدَ فِي العِمارِيَةِ، فَأَطلَعَ رَأسَهُ وقالَ: سَمِعتُ أبي موسَى بنَ جَعفَرٍ يَقولُ: سَمِعتُ أبي جَعفَرَ بنَ مُحَمَّدٍ يَقولُ: سَمِعتُ أبي مُحَمَّدَ بنَ عَلِيٍّ يَقولُ: سَمِعتُ أبي عَلِيَّ بنَ الحُسَينِ يَقولُ: سَمِعتُ أبِي الحُسَينَ بنَ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ يَقولُ: سَمِعتُ أبي أميرَ المُؤمِنينَ عَلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ يَقولُ: سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: سَمِعتُ جَبرَئيلَ يَقولُ: سَمِعتُ اللهَ جَلَّ جَلالُهُ يَقولُ: لا إلهَ إلاَّ اللهُ حِصني، فَمَن دَخَلَ حِصني أمِنَ مِن عَذابي. قالَ: فلمّا مَرَّتِ الراحِلَةُ نادانا: بِشُروطِها وَأنَا مِن شُروطِها [1]

۳۴) التوحید میں اسحاق بن راھویہ سے نقل ہے: جب امام علی رضا علیہ السلام سفر طے کر کے نیشا پور تک پہنچے اور ماموں کی طرف جانے کا ارادہ کیا تو حدیث کے راویوں نے امامؑ کے اطراف میں حلقہ بنالیا اور امامؑ کو کہنے لگے: اے فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہمارے ہاں سے جا رہے ہیں مگر ہمارے لئے کوئی حدیث بیان نہیں کر رہے ہیں تا کہ ہم استفادہ کریں؟

امام اس حالت میں کہ اونٹ کے کجاوہ میں بیٹھے ہوئے تھے اپنا سر مبارک نکال کر فرمایا: میں نے اپنے بابا موسیٰ بن جعفرؑ سے سنا ہے کہ اس نے اپنے بابا جعفر بن محمد علیہما السلام سے اور اس نے اپنے بابا محمد بن علی علیہما السلام سے اور اس نے

---

[1] التوحيد: ص 25 ح 23، ثواب الأعمال: ص 21 ح 1، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 2 ص 135 ح 4، بشارة المصطفى: ص 269، بحار الأنوار: ج 49 ص 123 ح 4.

اپنے بابا علی بن حسین علیہما السلام سے اور اس نے اپنے بابا حسین بن علی علیہما السلام سے اور اس نے اپنے بابا علی علیہ السلام سے اور اس نے نبی اکرم سے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرائیل سے اور جبرائیل نے خدا سے سنا کہ ارشاد ہے: لا اِلٰہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جو بھی میرے قلعہ میں آجائے وہ میرے عذاب سے محفوظ ہے۔

پھر جیسے امامؑ کی سواری چلنے لگی تو امامؑ نے ہمیں ندا دی اور فرمایا: مگر اس کی شرائط ہیں ان شرائط میں سے ایک شرط میں ہوں۔

1/3

عِلَّةُ الخِلقَةِ

فلسفہ خلقت

35.علل الشرائع عن سلمة بن عطا عن أبي عبد الله عليه خَرَجَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام عَلى أصحابِهِ فَقالَ: أيُّهَا النّاسُ! إنَّ اللهَ جَلَّ ذِكرُهُ ما خَلَقَ العِبادَ إلاّ لِيَعرِفوهُ، فَإذا عَرَفوهُ عَبَدوهُ، فَإذا عَبَدوهُ استَغنَوا بِعِبادَتِهِ عَن عِبادَةِ مَن سِواهُ.

فَقالَ لَهُ رَجُلٌ: يَابنَ رَسولِ اللهِ بِأَبي أنتَ وأُمّي، فَما مَعرِفَةُ اللهِ؟

قالَ: مَعرِفَةُ أهلِ كُلِّ زَمانٍ إمامَهُمُ [1] الَّذي يَجِبُ عَلَيهِم طاعَتُهُ [2]

۳۵) علل الشرائع میں سلمہ بن عطا سے نقل امام صادق علیہ السلام سے ہے کہ امام حسین علیہ السلام اپنے اصحاب کے پاس آکر فرمایا: اے لوگو! خدا نے اپنے بندوں کو فقط اس لئے پیدا کیا ہے تا کہ خدا کی معرفت حاصل کریں اور جب اس کی معرفت حاصل کریں تو اس کی عبادت کریں اور جب عبادت کریں تو غیر خدا کی عبادت سے خدا کی عبادت کے ذریعے بے نیاز ہوجائیں۔

بس ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول کے فرزند! میرا باپ و ماں آپ پر قربان! خدا کی معرفت کا مطلب کیا ہے؟

امامؑ نے فرمایا: لوگوں کی معرفت رکھنا ہر زمانے میں اس امام کے بارے میں جس کی اطاعت اس پر واجب

---

[1] أي أنّ معرفة الله والإيمان الحقيقي يلازم معرفة الرجل إمام زمانه.

[2] علل الشرائع: ص9 ح1، كنز الفوائد: ج1 ص328 عن مسلمة بن عطا، بحار الأنوار: ج5 ص312 ح1.

ہے۔

1/4

الدَّليلُ عَلى مَعرِفَةِ اللهِ

معرفت خدا کی طرف رہنمائی

36.التوحيد عن زياد بن المنذر عن أبي جعفر محمّد بن عل: إنَّ رَجُلاً قامَ إلى أميرِ المُؤمِنينَ علیہ السلام فَقالَ: يا أميرَ المُؤمِنينَ، بِماذا عَرَفتَ رَبَّكَ؟ قالَ: بِفَسخِ العَزمِ، ونَقضِ الهَمِّ؛ لَمّا هَمَمتُ فَحيلَ بَيني وبَينَ هَمّي، وعَزَمتُ فَخالَفَ القَضاءُ عَزمي، عَلِمتُ أنَّ المُدَبِّرَ غَيري. قالَ: فَبِماذا شَكَرتَ نَعماءَهُ؟ قالَ: نَظَرتُ إلى بَلاءٍ قَد صَرَفَهُ عَنّي وأبلى بِهِ غَيري، فَعَلِمتُ أنَّهُ قَد أنعَمَ عَلَيَّ فَشَكَرتُهُ. قالَ: فَلِماذا أحبَبتَ لِقاءَهُ؟ قالَ: لَمّا رَأَيتُهُ قَدِ اختارَ لي دينَ مَلائِكَتِهِ ورُسُلِهِ وأنبِيائِهِ، عَلِمتُ أنَّ الَّذي أكرَمَني بِهذا لَيسَ يَنساني، فَأَحبَبتُ لِقاءَهُ [1]

۳۶) التوحید، زیاد بن منذر نے امام باقرؑ سے نقل کیا ہے : ایک شخص علی علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا: اے امیر المومنینؑ آپ نے اپنے رب کو کس چیز کے ذریعے پہچانا؟

تو امامؑ نے فرمایا: ارادوں کے ٹوٹنے سے کیونکہ جب میں نے ارادہ کیا تو میرے درمیان اور ارادے کے درمیان ایک مانع پیدا ہوا اور جب میں نے تصمیم کی تو میری تصمیم کے ساتھ تقدیر سازگار نہ ہوئی، تو میں نے جانا کہ چلانے اور تدبیر کرنے والا کوئی اور ہے۔

پھر اس نے کہا: آپ کیسے خدا کی نعمتوں کا شکر کرتے ہو؟

امامؑ نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ مشکل کو مجھ سے دور کیا دوسرے کو اسی ہی مشکل میں دوچار کیا تو میں نے جانا کہ اس نے مجھے نعمت دی ہے اسی وجہ سے اس کا شکر ادا کرتا ہوں۔

پھر اس نے پوچھا: کیوں خدا کے دیدار (ملاقات) کو چاہتے ہیں؟

جواب دیا: جب میں نے دیکھا کہ اس نے میرے لئے فرشتوں، رسولوں، انبیاء کا قانون انتخاب کیا ہے تو

---

[1] التوحيد: ص288 ح6 وراجع: الخصال: ص33 ح1 ومختصر بصائر الدرجات: ص131 وروضة الواعظين: ص38

مجھے پتہ چلا جس نے مجھے ایسے نوازا ہے وہ کبھی بھلائے گا نہیں بس اسی لئے اس کے دیدار (ملاقات) کا مشتاق ہوں۔

37. التوحيد عن محمّد بن زياد و محمّد بن سيّار عن الحسن قامَ رَجُلٌ إلى عَلِيّ بنِ الحُسَينِ عليه السلام فَقالَ: أخبِرني عَن مَعنى «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ». فَقالَ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ عليه السلام: حَدَّثَني أبي عَن أخيهِ الحَسَنِ عَن أبيهِ أميرِ المُؤمِنينَ عليه السلام: أنَّ رَجُلاً قامَ إلَيهِ فَقالَ: يا أميرَ المُؤمِنينَ، أخبِرني عَن «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ» ما مَعناهُ؟ فَقالَ: إنَّ قَولَكَ: «اللهُ» أعظَمُ اسمٍ مِن أسماءِ اللهِ عز و جل، وهُوَ الإسمُ الَّذي لا يَنبَغي أن يُسَمّى بِهِ غَيرُ اللهِ، ولَم يَتَسَمَّ بِهِ مَخلوقٌ. فَقالَ الرَّجُلُ: فَما تَفسيرُ قَولِهِ: «اللهُ»؟ قالَ: هُوَ الَّذي يَتَأَلَّهُ إلَيهِ عِندَ الحَوائِجِ وَالشَّدائِدِ كُلُّ مَخلوقٍ عِندَ انقِطاعِ الرَّجاءِ مِن جَميعِ مَن هُوَ دونَهُ، وتَقَطُّعِ الأَسبابِ مِن كُلِّ مَن سِواهُ، وذلِكَ أنَّ كُلَّ مُتَرَئِّسٍ في هذِهِ الدُّنيا ومُتَعَظِّمٍ فيها وإن عَظُمَ غَناؤُهُ وطُغيانُهُ و كَثُرَت حَوائِجُ مَن دونَهُ إلَيهِ، فَإنَّهُم سَيَحتاجونَ حَوائِجَ لا يَقدِرُ عَلَيها هذَا المُتَعاظِمُ، و كَذلِكَ هذَا المُتَعاظِمُ يَحتاجُ حَوائِجَ لا يَقدِرُ عَلَيها، فَيَنقَطِعُ إلَى اللهِ عِندَ ضَرورَتِهِ وفاقَتِهِ، حَتّى إذا كَفى هَمَّهُ عادَ إلى شِركِهِ، أما تَسمَعُ اللهَ عز و جل يقول: «قُلْ أَرَءَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَدِقِينَ * بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِن شَآءَ وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ»[1] فَقالَ اللهُ عز و جل لِعِبادِهِ: أيُّهَا الفُقَراءُ إلى رَحمَتي، إنّي قَد ألزَمتُكُمُ الحاجَةَ إلَيَّ في كُلِّ حالٍ، وذِلَّةَ العُبودِيَّةِ في كُلِّ وَقتٍ، فَإلَيَّ فَافزَعوا في كُلِّ أمرٍ تَأخُذونَ فيهِ، وتَرجونَ تَمامَهُ وبُلوغَ غايَتِهِ، فَإنّي إن أرَدتُ أن أُعطِيَكُم لَم يَقدِر غَيري عَلى مَنعِكُم، وإن أرَدتُ أن أمنَعَكُم لَم يَقدِر غَيري عَلى إعطائِكُم؛ فَأنَا أحَقُّ مَن سُئِلَ، وأولى مَن تُضُرِّعَ إلَيهِ، فَقولوا عِندَ افتِتاحِ كُلِّ أمرٍ صَغيرٍ أو عَظيمٍ: «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ» أي أستَعينُ عَلى هذَا الأَمرِ بِاللهِ الَّذي لا يَحِقُّ العِبادَةُ لِغَيرِهِ، المُغيثِ إذَا استُغيثَ، المُجيبِ إذا دُعِيَ، الرَّحمنِ الَّذي يَرحَمُ بِبَسطِ الرِّزقِ عَلَينا، الرَّحيمِ بِنا في أديانِنا ودُنيانا وآخِرَتِنا، خَفِّف عَلَينَا الدّينَ وجَعَلَهُ سَهلاً خَفيفا، وهُوَ يَرحَمُنا بِتَمَيُّزِنا[2] مِن أعدائِهِ. ثُمَّ قالَ: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه و آله: مَن حَزَنَهُ أمرٌ تَعاطاهُ فَقالَ: «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ» وهُوَ مُخلِصٌ للهِ يُقبِلُ بِقَلبِهِ إلَيهِ، لَم يَنفَكَّ مِن إحدَى

---

[1] الأنعام: 40 و 41.

[2] في بعض النسخ: «بتمييزنا».

اثنَتَينِ: إمّا بُلوغ حاجَتِهِ فِي الدُّنيا، وإمّا يُعَدُّ لَهُ عِندَ رَبِّهِ ويُدَّخَرُ لَدَيهِ، وما عِندَ اللهِ خَيرٌ وأبقى لِلمُؤمِنينَ[1]

۳۷) التوحید: محمد بن زیاد اور محمد بن ہشیار سے نقل ہے کہ: ایک شخص امام سجاد علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا: مجھے بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ کے معنی بتایئے۔

امامؑ نے فرمایا: میرے بابا (امام حسینؑ) نے اپنے بھائی امام حسنؑ سے اور اپنے بابا علی علیہ السلام سے حدیث نقل کی کہ ایک شخص آیا اور کہا: اے امیر المومنینؑ مجھے بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ کے معنی بتایئے

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تمہارا یہ کہنا کہ اللہ تو اس کا مطلب ہے خدا کا سب سے بڑا نام اور ایسا نام کہ جو خدا کے علاوہ کسی پر رکھنا جائز نہیں ہے اور مخلوق میں سے کسی پر نہیں رکھتے۔

پھر اس شخص نے پوچھا: اللہ کی تفسیر کیا ہے؟

امامؑ نے فرمایا: وہ ایسی ذات ہے کہ ہر مخلوق اپنی محتاجی اور مشکلات میں اور جب غیر خدا سے امید ختم ہوجاتی ہے اور ہر دوسرا سبب کٹ جاتا ہے تو خدا کی طرف رجوع کرتے ہیں کیونکہ اس دنیا میں ہر بڑا آدمی جتنا ہی غنی اور نا فرمان ہو اور لوگوں کی ضرورتیں بھی اس کی طرف زیادہ ہوں پھر بھی لوگوں کے پاس ایسی ضرورتیں اور پریشانیاں ہیں جو یہ بڑا آدمی حل نہیں کرسکتا اور اس بزرگ اور بڑے آدمی کی بھی بہت سی ایسی ضرویات ہیں جو خود پوری نہیں کرسکتا۔ اسی لئے ضرورت اور پریشانی کے وقت خدا کی طرف رخ کرتا ہے تا کہ خدا اس کی ضرورت اور پریشانی کو دور کرے اور پھر یہ بزرگ آدمی خدا کے شرک کی طرف لوٹ کر آتا ہے۔

کیا تم نے نہیں سنا کہ خدا فرماتا ہے: آپ ان سے کہیے کہ تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر تمہارے پاس عذاب یا قیامت آجائے تو کیا تم اپنے دعوے کی صداقت میں غیر خدا کو بلاؤ گے، نہیں تم خدا کو ہی پکارو گے اور وہی اگر چاہے تو اس مصیبت کو رفع کرسکتا ہے اور تم اپنے مشرکانہ خداؤں کو بھول جاؤ گے۔

پھر خدا نے اپنے بندوں کو کہا: اے میری رحمت کے محتاج بندو! ہر حالت میں، اپنی طرف محتاج ہونا اور بندگی کی ذلت ہر زمانے میں، تمہارے لئے میں نے ضروری کیا ہے، بس ہر اس کام کی شروعات میں جس کو انجام دینے کی امید رکھتے ہو اور آخر تک پہنچانے کی امید رکھتے ہو۔ تم مجھ سے پناہ مانگو کیونکہ اگر میں تمہیں دینا چاہوں تو میرے سوا کوئی اس کو چھیننے پر قدرت نہیں رکھتا اگر کوئی تمہیں نہ دینا چاہوں تو میرے سوا کوئی ایسا نہیں ہے جو دینے پر قدرت رکھتا ہو۔

---

[1] التوحید: ص231 ح5.

بس میں مانگنے کے زیادہ لائق ہوں اور میں زیادہ اس کے لائق ہوں کہ مجھے پکارا جائے اور بلایا جائے۔

بس تم ہر چھوٹے بڑے کام کی شروعات میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہو، یعنی اس کام کے لئے اس خدا سے مدد مانگ رہا ہوں اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ایسا خدا کہ جب اس سے مدد مانگی جائے تو مدد کرتا ہے اور جب دعا کی جائے تو قبول کرتا ہے ایسا بخشنے اور دینے والا ہے کہ جو ہم پر وسعت رزق سے رحم کرتا ہے ہمارا مہربان ہے ہمارے دین، دنیا اور آخرت میں، اس نے ہمارے اوپر دین کو آسان کر کے پیش کیا، اور وہ ایسا خدا ہے جس نے ہمیں اپنے دشمنوں سے دور کر کے ہم پر رحمت نازل کی۔

پھر بات آگے بڑھا کر کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پریشان کرنے والی مشکل پیش آئے (اگر وہ) خلوصِ نیت سے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کہے تو وہ دو حالت سے خالی نہیں ہوگا۔ یا اس کو دنیا میں ایسی حاجت مل جائے گی یا وہ اپنی حاجت لے کر خدا کے پاس حساب کے لئے آئے گا اور اس کی حاجت محفوظ ہوگی۔ البتہ جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ مومنین کے حق میں بہتر ہے۔

1/5

ما یوجِبُ مَحَبَّةَ اللهِ

بندوں کا محبوب خدا ہے

38. الأمالی بإسناده عن الحسين بن علیّ عن علیّ بن أبی أوحَی اللهُ عز و جل إلی نَجِیِّهِ [1] موسَی بنِ عِمرانَ علیہ السلام: یا موسی، أحبِبنی وحَبِّبنی إلی خَلقی. قالَ: یا رَبِّ إنّی أُحِبُّكَ، فَكَیفَ أُحَبِّبُكَ إلی خَلقِكَ؟ قالَ: أُذكُر لَهُم نَعمائی عَلَیهِم وبَلائی [2] عِندَهُم، فَإنَّهُم لا یَذكُرونَ، أو [3] لا یَعرِفونَ، مِنّی إلاّ كُلَّ خَیرٍ [4]

---

[1] النجیُّ: هو المُناجی (النهایة: ج5 ص25، نجا).

[2] یحتمل أن یکون لفظ «بلائی» تصحیف «آلائی» الذی هو بمعنی النعمة، ویحتمل أن یکون المراد إنزال البلاء لا نفس البلاء، بمعنی أنه تعالی وإن کان من حقّه إنزال البلاء بسبب مساوء العباد، إلاّ أنّه لا ینزله بهم.

[3] فی المصدر: «إذ» والتصویب من بحار الأنوار.

۶۸) کتاب احتجاج میں امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ: جو بندہ یہ خیال کرے کہ خدا اپنے بندوں کو گناہ پر مجبور کیا ہے یا ان کی طاقت سے زیادہ انہیں (شرعی) تکلیف دی ہے تو

ایسے بندے کی ذبح شدہ، گوشت کو نہ کھاؤ،

اس کی گواہی قبول نہ کرو،

اس کے پیچھے نماز نہ پڑھو

اور زکوٰۃ میں سے کچھ اسے نہ دو۔

3/5

أسبابُ السَّعادَةِ

سعادت کے اسباب

69. الإقبال عن الإمام الحسين عليه السلام، فى دُعاءِ عَرَفَةَ: اللّٰهُمَّ اجعَلنى أخشاكَ كَأَنّى أراكَ، وأسعِدنى بِتَقواكَ ولا تُشقِنى بِمَعصِيَتِكَ، وخِر لى فى قَضائِكَ، وبارِك لى فى قَدَرِكَ، حَتّى لا اُحِبَّ تَعجيلَ ما أخَّرتَ ولا تَأخيرَ ما عَجَّلتَ [2]

۶۹) کتاب اقبال میں امام حسین علیہ السلام سے (دعائے عرفہ میں) ہے: اے خدا! مجھے اتنا خوفزدہ بنا دے کہ جیسے میں تجھے دیکھ رہا ہوں، اور مجھے اپنے تقویٰ کے ذریعے سعادت مند بنا دے اور اپنی نافرمانی سے شقی نہ بنا اور اپنی قضا میں میرے لئے خیر کا انتخاب کر اور میرے لئے اپنی تقدیر کو بہتر بنا دے اس طرح کہ میں اس چیز کی جلدی کو نہ چاہوں جس کو تو نے موخر کر دیا اور اس چیز کے مؤخر ہونے کو نہ چاہوں جسے تو نے جلدی کیا۔

---

[1] الاحتجاج: ج 2 ص 397 ح 303 عن إبراهيم بن أبي محمود عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام وراجع: عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج1 ص124 ح16.

[2] الإقبال: ج2 ص78، البلد الأمين: ص253، بحار الأنوار: ج98 ص218 ح3.

3/6

ثَمَرَةُ العِلمِ بِالقَدَرِ

قدر سے باخبر ہونے کا نتیجہ

70. التوحيد عن عمرو بن جميع عن جعفر بن محمّد عليه السلام حَدَّثَنى أبى عَن أبيهِ عَن جَدِّهِ عليهم السلام قالَ: دَخَلَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام عَلى مُعاوِيَةَ فَقالَ لَهُ: ما حَمَلَ أباكَ عَلى أن قَتَلَ أهلَ البَصرَةِ، ثُمَّ دارَ عَشِيّا فى طُرُقِهِم فى ثَوبَينِ؟! فَقالَ عليه السلام: حَمَلَهُ عَلى ذلِكَ عِلمُهُ أنَّ ما أصابَهُ لَم يَكُن لِيُخطِئَهُ، وأنَّ ما أخطَأَهُ لَم يَكُن لِيُصيبَهُ. قالَ: صَدَقتَ [1]

۷۰) کتاب توحید میں عمرو بن جمیع نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام ومعاویہ کے پاس گئے۔

معاویہ نے امامؑ سے کہا: کونسی چیز نے آپ کے بابا کو وادار کیا کہ بصرے والوں کو قتل کرے پھر اسی دن کی رات دو معمولی کرتے پہن کر راستے اور گلیوں میں ٹہلے؟

امامؑ نے فرمایا: ان کو اس چیز کا علم کہ جو کچھ اس تک پہنچے گا وہ غلط نہیں جائے گا اور جو غلط ہوا ہو وہ نہیں پہنچنا چاہیے۔

معاویہ نے کہا: آپ نے سچ فرمایا۔

71. الأخبار الطوال: سارَ الحُسَينُ عليه السلام مِن بَطنِ الرُّمَّةِ [2] فَلَقِيَهُ عَبدُ اللهِ بنُ مُطيعٍ وهُوَ مُنصَرِفٌ مِنَ العِراقِ، فَسَلَّمَ عَلَى الحُسَينِ عليه السلام وقالَ لَهُ: بِأَبى أنتَ وأُمّى يَابنَ رَسولِ اللهِ، ما أخرَجَكَ مِن حَرَمِ اللهِ وحَرَمِ جَدِّكَ؟! فَقالَ: إنَّ أهلَ الكوفَةِ كَتَبوا إلَيَّ يَسأَلونَنى أن أقدَمَ عَلَيهِم لِما رَجَوا مِن إحياءِ مَعالِمِ الحَقِّ وإماتَةِ البِدَعِ. قالَ لَهُ ابنُ مُطيعٍ: أنشُدُكَ اللهَ ألاّ تَأتِيَ الكوفَةَ، فَوَاللهِ لَئِن

---

[1] التوحيد: ص374 ح19.

[2] بَطنُ الرُّمَّة: هو وادٍ معروف بعالية نجد (معجم البلدان: ج1 ص449).

أتَيتَها لَتُقتَلَنَّ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: «لَن يُصيبَنا إلاّ ما كَتَبَ اللّهُ لَنا» [1]، ثُمَّ وَدَّعَهُ ومَضى [2]

۷۱) اخبار الطوال میں ہے۔ جب امام حسین علیہ السلام بطن الرومہ سے چلے تو عبداللہ بن مطیع نے جو عراق سے واپس آ رہا تھا امامؑ کو دیکھا تو سلام کر کے کہنے لگا: میرے ماں باپ آپ پر قربان اے فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کونسی چیز نے آپ کو خدا کے حرم (مکہ) اور نانا کے حرم (مدینہ) سے نکلنے پر مجبور کیا؟

امامؑ نے فرمایا: کوفے والوں نے مجھے خط لکھا اور انہوں نے مجھ سے چاہا ہے کہ حق کی نشانیوں کو زندہ کرنے اور بدعتوں کو ختم کرنے کے لئے ان کے ہاں جاؤں۔

ابن مطیع نے امامؑ سے کہا: آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ کوفہ نہ جائیں کیونکہ خدا کی قسم اگر وہاں جائیں گے تو بغیر شک کے قتل ہو جائیں گے۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہمیں وہی چیزیں پہنچیں گی جو خدا نے ہمارے لئے لکھی ہوں گی۔

پھر وہ امامؑ سے خدا حافظی کر کے چلا گیا۔

3/7

المَقضِيُّ هُوَ كائِنٌ

قضاء الٰہی، ضرور واقع ہوگی

72. الفتوح: سارَ الحُسَينُ عليه السلام حَتّى نَزَلَ الخُزَيمِيَّةَ [3]، وأقامَ بِها يَوما ولَيلَةً. فَلَمّا أصبَحَ أقبَلَت إلَيهِ أُختُهُ زَينَبُ بِنتُ عَلِيٍّ عليه السلام، فَقالَت: يا أخي، ألا أُخبِرُكَ بِشَيءٍ سَمِعتُهُ البارِحَةَ؟ فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: وما ذاكَ؟ فَقالَت: خَرَجتُ فِي بَعضِ اللَّيلِ لِقَضاءِ حاجَةٍ، فَسَمِعتُ هاتِفا يَهتِفُ، وهُوَ يَقولُ:

أَلا يا عَينُ فَاحتَفِلي بِجَهدٍ ومَن يَبكي عَلَى الشُّهداءِ بَعدي
عَلى قَومٍ تَسوقُهُمُ المَنايا بِمِقدارٍ إلى إنجازِ وَعدي

---

[1] التوبة: 51.
[2] الأخبار الطوال: ص246.
[3] الخُزَيمِيّة: منزل من منازل الحاجّ بعد الثعلبيّة من الكوفة (معجم البلدان: ج2 ص370).

فَقالَ لَهَا الحُسَينُ عليه السلام : يا أُختاه، المَقضِيُّ هُوَ كائِنٌ [1]

۷۲) الفتوح (کربلا کے راستے میں) امام حسین علیہ السلام چل رہے تھے یہاں تک کہ خزیمہ کے مقام پر رکے اور وہاں ایک دن اور رات ٹھہرے، جیسے صبح ہوئی تو امام علی علیہ السلام کی بیٹی، امام حسین علیہ السلام کی بہن نے آکر امام حسین علیہ السلام سے کہا: اے میرے بھائی! کیا تجھے وہ چیز بتاؤں جو میں نے کل رات سنی ہے؟

امامؑ نے پوچھا: وہ کیا ہے؟

زینب سلام اللہ علیہا نے فرمایا: رات کے ایک حصے میں کسی حاجت کے لئے میں باہر گئی تو غیب سے ایک ہاتف کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا:

ہاں، اے آنکھ! غور سے دیکھ میرے بعد کون شہیدوں پر روئے
گا؟ اس گروہ پر جن کو موت تقدیر کی طرف دھکیل رہی ہے اور وعدے کو
انجام دینے کے لیے جا رہے ہیں،

بس امام حسین علیہ السلام نے اپنی بہن زینب سلام اللہ علیہا سے فرمایا: میری بہن! جس کا حکم ہوا ہے وہ ضرور ہوگا۔

73. الفتوح عن الإمام الحسين عليه السلام. في جَوابِ عُمَرَ بنِ عَبدِ الرَّحمنِ لَمّا أشار: جَزاكَ اللهُ خَيرا يَابنَ عَمِّ، فَقَد عَلِمتُ أنَّكَ أمَرتَ بِنُصحٍ، ومَهما يَقضِ اللهُ مِن أمرٍ فَهُوَ كائِنٌ؛ أخَذتُ بِرَأيِكَ أم تَرَكتُهُ [2]

عمر بن عبدالرحمٰن کے جواب میں امام حسین علیہ السلام سے ہے: اے چچا کے بیٹے! خدا تجھے نیک جزا دے مجھے معلوم ہے تم مجھے خلوص نیت سے کہہ رہے ہو لیکن جو خدا کرے گا وہی ہوگا خواہ تیرے مشورے پر عمل کروں یا نہ کروں۔

74. تهذيب الكمال: أتاهُ [الحُسَينَ عليه السلام] أبو بَكرِ بنُ عَبدِ الرَّحمنِ بنِ الحارِثِ بنِ هِشامٍ، فَقالَ: يَابنَ عَمِّ، إنَّ الرَّحِمَ تَظأَرُنِي [3] عَلَيكَ، وما أدري كَيفَ أنَا عِندَكَ فِي النَّصيحَةِ لَكَ؟ قالَ: يا أبا بَكرٍ، ما أنتَ مِمَّن يُستَغَشُّ ولا يُتَّهَمُ، فَقُل. فَقالَ: رَأَيتَ ما صَنَعَ أهلُ العِراقِ بِأَبيكَ وأخيكَ،

---

[1] الفتوح: ج5 ص70، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص225؛ المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص95 نحوه، بحار الأنوار: ج 44 ص372.

[2] الفتوح: ج 5 ص 65، تاريخ الطبري: ج 5 ص 382، الكامل في التاريخ: ج 2 ص 545، تاريخ دمشق: ج 14 ص 209، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص216 كلّها نحوه.

[3] ظَأَرَنِي فُلانٌ على أمرٍ كَذا، وأظأَرَنِي: عَطَفَنِي (تاج العروس: ج7 ص160، ظأر).

وأنتَ تُريدُ أن تَسيرَ إلَيهِم، وهُم عَبيدُ الدُّنيا، فَيُقاتِلُكَ مَن قَد وَعَدَكَ أن يَنصُرَكَ، ويَخذُلُكَ مَن أنتَ أحَبُّ إلَيهِ مِمَّن يَنصُرُهُ، فَأُذَكِّرُكَ اللهَ فى نَفسِكَ! فَقالَ: جَزاكَ اللهُ يَابنَ عَمِّ خَيرا، فَقَدِ اجتَهَدتَ رَأيَكَ، ومَهما يَقضِ اللهُ مِن أمرٍ يَكُن. فَقالَ أبو بَكرٍ: إنّا للهِ، عِندَ اللهِ نَحتَسِبُ أبا عَبدِ اللهِ [1]

۷۴) تہذیب الکمال میں ہے: ابوبکر بن عبدالرحمن بن حارث بن ہشام، امام حسین علیہ السلام کے پاس آ کر کہنے لگا: اے میرے چچا کے بیٹے! میں آپ کا خیر خواہ ہوں لیکن مجھے پتہ نہیں کہ آپ کی نظر میں بھی کتنا خیر خواہ ہوں؟

امامؑ نے فرمایا: اے ابوبکر! تو دھوکے باز بھی نہیں ہے تجھ پر کوئی الزام یا تہمت نہیں ہے۔ اپنی بات کہو۔

وہ کہنے لگا: آپ نے دیکھا کہ عراق والوں نے آپ کے بابا اور بھائی سے کیا کیا اور تو بھی انہیں کی طرف جانا چاہتا ہے؟ وہ دنیا کے بندے ہیں اور جنہوں نے تجھے مدد کا وعدہ دیا ہے وہی آپ سے جنگ کریں گے، اور وہی آپ کو دھوکا دیں گے جن کے لئے ہر مدد کرنے والوں سے تو زیادہ عزیز ہے۔ بس خدا کو یاد کرو!

امامؑ نے فرمایا: اے چچا کے بیٹے، خدا تجھے نیک جزا دے کہ اچھی بات کے لئے کوشش کی، لیکن جس چیز کا خدا حکم کرے گا وہی ہوگا،

ابوبکر نے کلمہ استرجاع (انا للہ وانا الیہ راجعون) پڑھا اور کہا: ہم خدا سے ہیں اے حسین علیہ السلام (تیری مصیبت کو) خدا کے حوالے کرتے ہیں۔

75. تاريخ الطبرى عن عمر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هش لَمّا قَدِمَت كُتُبُ أهلِ العِراقِ إلَى الحُسَينِ عليه السلام وتَهَيَّأَ لِلمَسيرِ إلَى العِراقِ، أتَيتُهُ فَدَخَلتُ عَلَيهِ وهُوَ بِ مَكَّةَ، فَحَمِدتُ اللهَ وأثنَيتُ عَلَيهِ، ثُمَّ قُلتُ: أمّا بَعدُ، فَإنّي أتَيتُكَ يَابنَ عَمِّ لِحاجَةٍ أُريدُ ذِكرَها لَكَ نَصيحَةً، فَإن كُنتَ تَرى أنَّكَ تَستَنصِحُني وإلاّ كَفَفتُ عَمّا أُريدُ أن أقولَ. فَقالَ: قُل، فَوَاللهِ ما أظُنُّكَ بِسَيِّئِ الرَّأيِ ولا هَوٍ [2] لِلقَبيحِ مِنَ الأَمرِ وَالفِعلِ. قالَ: قُلتُ لَهُ: إنَّهُ قَد بَلَغَني أنَّكَ تُريدُ المَسيرَ إلَى العِراقِ، وإنّي مُشفِقٌ عَلَيكَ مِن مَسيرِكَ، إنَّكَ تَأتي بَلَدا فيهِ عُمّالُهُ وأُمَراؤُهُ ومَعَهُم بُيوتُ الأَموالِ، وإنَّمَا النّاسُ عَبيدٌ لِهذَا الدِّرهَمِ وَالدّينارِ، ولا آمَنُ عَلَيكَ أن يُقاتِلَكَ مَن وَعَدَكَ نَصرَهُ، ومَن أنتَ أحَبُّ إلَيهِ

---

[1] تہذیب الکمال: ج6 ص418 الرقم 1323، تاریخ دمشق: ج14 ص209، الطبقات الکبری (الطبقة الخامسة من الصحابة): ج1 ص447.

[2] [من] هويت الشيء أهواه: إذا أحببته (مجمع البحرين: ج3 ص1889 «هوى»).

مِمَّن يُقاتِلُكَ مَعَهُ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: جَزاكَ اللهُ خَيرا يَابنَ عَمِّ، فَقَد وَاللهِ عَلِمتُ أنَّكَ مَشَيتَ بِنُصحٍ، وتَكَلَّمتَ بِعَقلٍ، ومَهما يُقضَ مِن أمرٍ يَكُن؛ أخَذتُ بِرَأيِكَ أو تَرَكتُهُ، فَأَنتَ عِندى أحمَدُ مُشيرٍ، وأنصَحُ ناصِحٍ. قالَ: فَانصَرَفتُ مِن عِندِهِ فَدَخَلتُ عَلَى الحارِثِ بنِ خالِدِ بنِ العاصِ بنِ هِشامٍ، فَسَأَلَنى: هَل لَقيتَ حُسَينا؟ فَقُلتُ لَهُ: نَعَم. قالَ: فَما قالَ لَكَ، وما قُلتَ لَهُ؟ قالَ: فَقُلتُ لَهُ: قُلتُ كَذا و كَذا، وقالَ كَذا و كَذا. فَقالَ: نَصَحتَهُ ورَبِّ المَروَةِ الشَّهباءِ [1]، أما ورَبِّ البَنِيَّةِ، إنَّ الرَّأىَ لَما رَأَيتَهُ قَبِلَهُ أو تَرَكَهُ، ثُمَّ قالَ: رُبَّ مُستَنصَحٍ يَغُشُّ ويُردى [2] وظَنينٍ بِالغَيبِ يُلفى نَصيحا [3] [4]

۷۵) تاریخ طبری میں ہے عمر بن عبدالرحمن بن حارث بن ہشام سے : جب عراق والوں کے خط امام حسین علیہ السلام کے پاس پہنچے اور امامؑ عراق جانے کے لئے تیار ہوئے تو میں امامؑ کے پاس [جبکہ مکہ تھے] گیا اور خدا کی حمد و تعریف کے بعد میں نے کہا: اے چچا کے بیٹے! میں آیا ہوں تجھے نصیحت کرنے کے لئے۔ اگر تم میری نصیحت کو غور سے سنو۔ کہوں وگرنہ جو کہنا چاہتا ہوں وہ نہیں کہوں گا۔

امامؑ نے فرمایا: کہو: میں خیال نہیں کرتا کہ آپ غلط نظر، یا غلط بات کے پیچھے ہیں۔

پھر میں نے امامؑ سے کہا: مجھے پتہ چلا ہے کہ تم عراق جانا چاہتے ہو اور مجھے آپ کے اس جانے سے ڈر رہے۔ آپ ایسی جگہ جارہے ہیں جہاں حکمران ہیں اور ان کے ہاتھ میں بیت المال ہے اور لوگ درہم و دینار کے غلام ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ آپ کے ساتھ وہی جنگ کرے گا جس نے مدد کرنے کا تجھے وعدہ دیا ہے یا جو تیرے سامنے ہے اور تم اس کے لئے بہتری چاہتے ہو۔ جنگ نہ کرے۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے چچا کے بیٹے! خدا تجھے بہترین جزا دے۔

خدا کی قسم مجھے پتہ چل گیا ہے کہ تم نے میرے لئے اچھا چاہا اور عاقلانہ بات کی، لیکن جس چیز کا حکم ہوا ہے وہی ہوگا۔ تیری نگاہ میں عمل کروں یا نہ کروں۔ تو میرے نزدیک مشورہ دینے والوں میں سے بہترین اور بہترین خیر خواہ

---

[1] الشهباء: البيضاء (لسان العرب: ج1 ص508، شهب).

[2] ردِيَ يردى: أي هلك وأرداهُ غيرُهُ (الصحاح: ج6 ص2355، ردى).

[3] .ألفيت الشيء: إذا وجدته وصادفته ولقيته (النهاية: ج4 ص262، لفا).

[4] تاريخ الطبرى: ج 5 ص 382، الكامل فى التاريخ: ج 2 ص 545 وفيه صدره إلى «أنصح ناصح»، الفتوح: ج 5 ص 64، مقتل الحسين للخوارزمى: ج1 ص215 كلّها نحوه وراجع: أنساب الأشراف: ج3 ص373 وتاريخ دمشق: ج14 ص209.

ہو۔

میں جب امام حسین علیہ السلام کے ہاں سے واپس آیا اور حارث بن خالد بن عاص بن ہشام کے پاس آیا تو اس نے مجھ سے پوچھا: کیا تو نے امام حسین علیہ السلام کو دیکھا؟

میں نے کہا: ہاں

پھر اس نے پوچھا: تم نے اسے کیا کہا اور انہوں نے تجھے کیا کہا؟

میں نے کہا: میں نے اسے بتایا تو اس نے بھی کہا: خدا کی قسم تم نے انہیں نصیحت کی، ہاں کعبہ کے رب کی قسم صحیح مشورہ وہی ہے جو تو نے دیا، وہ قبول کریں یا نہ کریں۔

پھر کہا: بسا اوقات تم اس کی خیر خواہی کرتے ہو، لیکن (وہ) دھوکا دیتا ہے اور ہلاک کرتا ہے اور بسا اوقات باطن میں اس کے بارے میں بدگمان ہو لیکن حقیقی خیر خواہ ہو۔

3/8

الرِّضا بِالقَضاءِ

قضا پہ راضی رہنا

76. التوحيد بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبيه علىّ بن سَمِعتُ رَسولَ اللهِ ﷺ يَقولُ: قالَ اللهُ جَلَّ جَلالُهُ: مَن لَم يَرضَ بِقَضائي، ولَم يُؤمِن بِقَدَري، فَليَلتَمِس إلهاً غَيري. وقالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: فى كُلِّ قَضاءِ اللهِ خِيَرَةٌ لِلمُؤمِنِ [1]

۷۹) کتاب توحید میں امام حسین علیہ السلام نے اپنے بابا امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ میں نے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا فرماتا ہے جو شخص میری قضا پر راضی نہ رہے اور میری تقدیر پر ایمان نہ لائے تو اس کو میرے علاوہ کوئی اور خدا ڈھونڈنا چاہیے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی یہ فرمایا: خدا کی ہر قضا میں مومن کے لئے خیر پوشیدہ ہے۔

77. الرسالة القشيريّة: قيلَ لِلحسَينِ بنِ عَلِيٍّ علیہ السلام: إنَّ أبا ذَرٍّ يَقولُ: الفَقرُ أحَبُّ إلَيَّ مِنَ الغِنى، وَالسُّقمُ أحَبُّ إلَيَّ مِنَ الصِّحَّةِ! فَقالَ: رَحِمَ اللهُ تعالى أبا ذَرٍّ! أمّا أنَا فَأقولُ: مَنِ اتَّكَلَ عَلى

---

[1] التوحيد: ص 371 ح 11، عيون أخبار الرضا علیہ السلام: ج 1 ص 141 ح 42، مختصر بصائر الدرجات: ص 138 كلّها عن الحسين بن خالد عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، كشف الغمّة: ج 3 ص 78 عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام.

حُسنِ اختِيارِ اللهِ لَهُ، لَم يَتَمَنَّ فى غَيرِ مَا اختارَهُ اللهُ لَهُ[1]

۷۷) رسالہ قشیریہ میں ہے: امام حسین علیہ السلام سے کہا گیا: ابو ذرؓ کہتا ہے: میں غنی ہونے سے زیادہ فقر کو چاہتا ہوں اور صحت سے زیادہ بیماری کو چاہتا ہوں۔

امامؑ نے فرمایا: ابو ذر پر خدا رحمت نازل کرے۔ لیکن میں کہتا ہوں جو آدمی خدا کے بہترین انتخاب پر اعتماد کرے تو وہ سوائے اس چیز کے آرزو نہیں کرے گا جو خدا نے اس کے لئے انتخاب کیا ہے۔

3/9

سيرَةُ أهلِ البَيتِ فِي الرِّضا بِالقَضاءِ

سیرت اہل بیت

78. الملهوف عن الإمام الحسين عليه السلام: مِن قَولِهِ حينَ عَزَمَ عَلَى الخُروجِ إلَى العِ: رِضَى اللهِ رِضانا أهلَ البَيتِ، نَصبِرُ عَلى بَلائِهِ، ويُوَفّينا أُجورَ الصّابِرينَ[2]

۷۹) ملھوف میں امام حسین علیہ السلام کا فرمان ہے کہ خدا کی رضا ہم اہل بیت کی رضایت ہے اس کی مصیبت پر صبر کریں گے اور وہ ہمیں صبر کرنے والوں کی مکمل جزاء دے گا۔

79. الإرشاد: رُوِيَ عَنِ الفَرَزدَقِ الشّاعِرِ إنَّهُ قالَ: حَجَجتُ بِأُمّي فى سَنَةِ سِتّينَ، فَبَينا أنَا أسوقُ بَعيرَها حينَ دَخَلتُ الحَرَمَ إذ لَقيتُ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام خارِجا مِن مَكَّةَ.... ثُمَّ قالَ لى: أخبِرني عَنِ النّاسِ خَلفَكَ، فَقُلتُ: الخَبيرَ سَأَلتَ؛ قُلوبُ النّاسِ مَعَكَ وأسيافُهُم عَلَيكَ، وَالقَضاءُ يَنزِلُ مِنَ السَّماءِ، وَاللهُ يَفعَلُ ما يَشاءُ. فَقالَ: صَدَقتَ، للهِ الأَمرُ، وكُلَّ يَومٍ رَبُّنا هُوَ فى شَأنٍ، إن نَزَلَ القَضاءُ بِما نُحِبُّ فَنَحمَدُ اللهَ عَلى نَعمائِهِ، وهُوَ المُستَعانُ عَلى أداءِ الشُّكرِ، وإن حالَ القَضاءُ دونَ

---

[1] الرسالة القشيريّة: ص195، تاريخ دمشق: ج13 ص253 وفيه «للحسن» بدل «للحسين».

[2] الملهوف: ص126، مثير الأحزان: ص41، نزهة الناظر: ص86 ح23، كشف الغمّة: ج2 ص241، بحار الأنوار: ج44 ص367؛ مقتل الحسين للخوارزمي: ج2 ص5.

الرَّجاءِ فَلَم يُبعِدمَن كانَ الحَقُّ نِيَّتَهُ وَالتَّقوى سَريرَتَهُ [1] [2]

۷۹) کتاب ارشاد میں۔فرزدق شاعر سے روایت ہے کہ اس نے کہا: ساٹھ (ہجری) کے سال میں، میں اپنی ماں کو حج کے لئے لے گیا۔ جب میں حرم میں داخل ہونے کے لئے اونٹ کو بھگا رہا تھا تو حسین علیہ السلام کو مکہ سے باہر جاتے ہوئے دیکھا۔۔۔ مجھے امامؑ نے فرمایا: ان لوگوں کا حال سناؤ جو پیچھے چھوڑ کر آئے ہو؟

میں نے کہا کہ باخبر شخص سے آپ نے پوچھا: لوگوں کے دل آپ کے ساتھ اور ان کی تلواریں آپ کے مقابلے میں ہیں اور قضاء آسمان سے نازل ہوگئی۔ خدا جہاں چاہے (وہاں آئے گی)۔

امام نے فرمایا: تو نے سچ کہا: ہر کام خدا کی طرف سے ہے۔ اگر خدا کی قضا ایسے آئے جیسے ہم چاہتے ہیں تو خدا کی نعمتوں پر اس کی تعریف کریں گے اور شکر کرنے میں اس سے مدد لی جائے گی اور اگر خدا کی قضا ہمیں اپنی آرزو تک پہنچنے میں رکاوٹ بنی، تو جس کی نیت حق اور باطن تقویٰ ہوگی دور نہیں جائے گا۔

80.مهج الدعوات عن الإمام الحسين عليه السلام. مِمّا كانَ يَقولُهُ فى قُنوتِهِ: اللّٰهُمَّ وَاِنّى مَعَ ذٰلِكَ كُلِّهِ عائِذٌبِكَ، لائِذٌبِحَولِكَ [3] وقُوَّتِكَ، راضٍ بِحُكمِكَ الَّذى سُقتَهُ اِلَىَّ فى عِلمِكَ، جارٍ بِحَيثُ أجرَيتَنى، قاصِدٌ ما أتَمَّتَنى، غَيرُ ضَنينٍ [4] بِنَفسى فيما يُرضيكَ عَنّى اِذبِهِ قَدرَضَّيتَنى [5]

۸۰) منہج الدعوات میں امام حسین علیہ السلام سے ہے جو آپ نے قنوت میں کہا ہے: اے خدا! میں ان سب چیزوں کے باوجود تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اور تیری قدرت سے پناہ مانگتا ہوں اور میں تیرے حکم پر۔ جس کو تو نے اپنے علم کے ساتھ میری طرف بھیجا ہے۔ خوشحال ہو اور جہاں تو مجھے بھیجے وہاں جاؤں گا اور جس کا تو ارادہ رکھتا ہے میں بھی ارادہ کروں گا اور جس چیز سے تو مجھ سے راضی ہوگا۔ اس کو انجام دینے میں کوتاہی نہیں کروں گا کیونکہ تو نے مجھے اس کے بارے میں راضی رکھا۔

---

[1] فى بحار الأنوار: «سيرته» بدل «سريرته».

[2] الإرشاد: ج2 ص67، بحار الأنوار: ج44 ص365؛ تاريخ الطبرى: ج5 ص386، الكامل فى التاريخ: ج2 ص547، الفتوح: ج5 ص 71، مقتل الحسين للخوارزمى: ج 1 ص 223، البداية والنهاية: ج 8 ص 166 كلّها نحوه وراجع: المناقب لابن شهرآشوب: ج4 ص95.

[3] الحَولُ: الحِيلَةُ والقُوّةُ (الصحاح: ج4 ص1678، حول).

[4] ضَنِنتُ بالشيء: إذا بَخِلت به، فأنا ضَنينٌ به (الصحاح: ج6 ص2156، ضنن).

[5] مهج الدعوات: ص68، بحار الأنوار: ج85 ص214 ح1.

81.الفتوح عن الإمام الحسين عليه السلام، فيما قالَهُ لِأُختِهِ زَينَبَ لَمّا نَزَلوا كَربَ: يا أُختاه! تَعَزَّي بِعَزاءِ اللهِ، وَارضَي بِقَضاءِ اللهِ، فَإِنَّ سُكّانَ السَّماواتِ يَفنَونَ، وأهلَ الأَرضِ يَموتونَ، وجَميعَ البَرِيَّةِ لا يَبقَونَ، وكُلُّ شَيءٍ هالِكٌ إلاّ وَجهَهُ، لَهُ الحُكمُ وإلَيهِ تُرجَعونَ. وإنَّ لي ولَكِ ولِكُلِّ مُؤمِنٍ ومُؤمِنَةٍ أُسوَةً بِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله[1]

۸۱) الفتوح میں ہے جب امام حسین علیہ السلام کربلا میں پہنچے تو اپنی بہن زینب سلام اللہ علیہا کو امام علیہ السلام نے فرمایا: اے بہن! خدا کی مصیبت پر تجھے تسلیت ہے اور خدا کی قضا پر راضی رہو کیونکہ آسمان والے فنا ہو جائیں گے اور زمین والوں کو موت آجائے گی اور کوئی مخلوق باقی نہیں رہے گی اور سوا ذاتِ خدا کے ہر چیز ہلاک و فنا ہو جائے گی۔ حکم خدا کے لئے ہی ہے اور اسی کی طرف ہی جانا ہے اور حضرت محمدؐ میرے آپ اور ہر مومن مرد و عورت کے لئے نمونہ عمل ہیں۔

82.مقتل الحسين عن الشافعي: ماتَ ابنٌ لِلحُسَينِ عليه السلام فَلَم يُرَ بِهِ كَآبَةٌ، فَعوتِبَ عَلى ذلِكَ، فَقالَ: إنّا أهلُ بَيتٍ نَسأَلُ اللهَ عز و جل فَيُعطينا، فَإذا أرادَ ما نَكرَهُ فيما يُحِبُّ رَضينا[2]

۸۲) مقتل الحسینؑ، خوارزمی میں شافعی سے نقل ہے کہ: امام حسین علیہ السلام کا ایک بیٹا انتقال کر گیا لیکن امامؑ کو غمگین نہیں دیکھا گیا۔ اسی لئے امامؑ پر طنزیہ باتیں ہونے لگیں تو امامؑ نے فرمایا: ہم وہ خاندان ہیں جو کچھ خدا سے مانگتے ہیں تو وہ دے دیتا ہے لیکن اگر وہ ایسی چیز کا ارادہ کرے جو ہمیں پسند نہ ہو تو ہم اس پر راضی ہوتے ہیں۔

---

[1] الفتوح: ج5 ص84، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص237؛ الملهوف: ص141، مثير الأحزان: ص49 كلّها نحوه.
[2] مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص147 وراجع: الدعوات: ص286 ح16.

الفصل الرّابعُ: الرّجعة

چوتھی فصل: رجعت

83. الخرائج والجرائح عن جابر عن أبي جعفر عليه السلام قالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام لِأَصحابِهِ قَبلَ أن يُقتَلَ: إنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قالَ: يا بُنَيَّ إنَّكَ سَتُساقُ إلَى العِراقِ، وهِيَ أرضٌ قَدِ التَقى بِهَا النَّبِيّونَ وأوصِياءُ النَّبِيّينَ، وهِيَ أرضٌ تُدعى «عَمورا»، وإنَّكَ تُستَشهَدُ بِها ويُستَشهَدُ مَعَكَ جَماعَةٌ مِن أصحابِكَ، لا يَجِدونَ أَلَمَ مَسِّ الحَديدِ، وتَلا: «قُلْنَا يَنَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَمًا عَلَى إِبْرَهِيمَ»[1]، تَكونُ الحَربُ عَلَيكَ وعَلَيهِم بَردا وسَلاما. فَأَبشِروا؛ فَوَاللهِ لَئِن قَتَلونا، فَإنّا نَرِدُ عَلى نَبِيِّنا، ثُمَّ أمكُثُ ما شاءَ اللهُ، فَأَكونُ أوَّلَ مَن تَنشَقُّ عَنهُ الأَرضُ، فَأَخرُجُ خَرجَةً يُوافِقُ ذلِكَ خَرجَةَ أميرِ المُؤمِنينَ عليه السلام وقِيامَ قائِمِنا، وحَياةَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله. ثُمَّ لَيَنزِلَنَّ عَلَيَّ وَفدٌ مِنَ السَّماءِ مِن عِندِ اللهِ، لَم يَنزِلوا إلَى الأَرضِ قَطُّ، ولَيَنزِلَنَّ إلَيَّ جَبرَئيلُ وميكائيلُ وإسرافيلُ وجُنودٌ مِنَ المَلائِكَةِ، ولَيَنزِلَنَّ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وآله وعَلِيٌّ عليه السلام وأنَا وأخي، وجَميعُ مَن مَنَّ اللهُ عَلَيهِ في حَمولاتٍ[2] مِن حَمولاتِ الرَّبِّ: خَيلٍ بُلقٍ[3] مِن نورٍ، لَم يَرَ كَبها مَخلوقٌ. ثُمَّ لَيَهُزَّنَّ مُحَمَّدٌ صلى الله عليه وآله لِواءَهُ، ولَيَدفَعَنَّهُ إلى قائِمِنا مَعَ سَيفِهِ.... ولَتَنزِلَنَّ البَرَكَةُ مِنَ السَّماءِ إلَى الأَرضِ، حَتّى إنَّ الشَّجَرَةَ لَتَقصِفُ بِما يُريدُ اللهُ فيها مِنَ الثَّمَرِ، ولَيَأكُلُنَّ ثَمَرَةَ الشِّتاءِ في الصَّيفِ وثَمَرَةَ الصَّيفِ في الشِّتاءِ، وذلِكَ قَولُ اللهِ تَعالى: «وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى ءَامَنُواْ وَاتَّقَوْاْ لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ وَلَكِن كَذَّبُواْ»[4] ثُمَّ إنَّ اللهَ لَيَهَبُ لِشيعَتِنا كَرامَةً لا يَخفى عَلَيهِم شَيءٌ في الأَرضِ وما كانَ فيها، حَتّى إنَّ الرَّجُلَ مِنهُم يُريدُ أن يَعلَمَ عِلمَ أهلِ بَيتِهِ، فَيُخبِرَهُم بِعِلمِ ما يَعمَلونَ[5]

---

[1] الأنبياء: 69.

[2] الحَمُولَةُ: البعيرُ يُحمَلُ عليه، وقد يُستَعمَلُ في الفَرَسِ والبَغلِ والحمار (المصباح المنير: ص 152، حمل).

[3] البَلَقُ: سواد وبياض (الصحاح: ج 4 ص 1451، بلق).

[4] الأعراف: 96.

[5] الخرائج والجرائح: ج 2 ص 848 ح 63، مختصر بصائر الدرجات: ص 36، بحار الأنوار: ج 45 ص 80 ح 6.

۸۳) کتاب خرائج و جرائح میں جابر نے امام محمد باقرؑ سے نقل کیا ہے: امام حسین علیہ السلام شہید ہونے سے پہلے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بیٹے تو عنقریب عراق جائے گا اور عراق ایسی سرزمین ہے جس کو انبیاء اور ان کے اوصیاء نے دیکھا ہے اور اس سرزمین کا نام عمورا ہے اور تو وہاں شہید ہوجائے گا اور تیرے ساتھ ایسے ساتھیوں کا ایک گروہ شہید ہوگا جو تلوار کا درد محسوس نہیں کریں گے۔ بس تلاوت کی یہ آیت: تو ہم نے بھی حکم دیا کہ اے آگ: ابراہیم کے لئے سرد ہوجا اور سلامتی کا سامان بن جا۔

جنگ کی آگ و تپش تیرے اور تیرے ساتھیوں کے لئے آرام سے ہوگی اور ٹھنڈک سے ہوگی۔ بس خوشخبری دو کہ خدا کی قسم اگر ہمیں قتل کریں گے تو ہم اپنے نبیؐ کے ہاں آئیں گے۔ پھر جتنا وقت خدا رکنے کا کہے گا اتنا وقت رکیں گے۔ اور میں پہلا انسان ہوں جو قبر سے باہر آؤں گا اور میرا نکلنا ایسے ہوگا جیسے علی علیہ السلام نکلیں گے اور میرا قیام ہمارے قائم (امام زمان عجل اللہ فرجہ الشریف) جیسا ہوگا اور میری زندگی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی جیسی ہوگی۔ پھر خدا کے ہاں سے میرے پاس آسمان سے (فرشتوں کا) ایک گروہ آئے گا جو ابھی تک زمین پر نہیں آیا ہوگا اور میرے پاس جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل اور فرشتوں کا ایک گروہ آئے گا۔ اور محمدؐ، علی علیہ السلام میں اور میرا یہ بھائی اور سارے وہ جن پر اللہ نے احسان کیا ہے خدا کی طرف سے خاص سواری پر سوار ہوکر آئیں گے اور وہ سواری نور سے پیدا ہوگی اور اس پر کوئی بھی سوار نہیں ہوا ہوگا۔ پھر حضرت محمدؐ اپنے پرچم کو لہرائیں گے اور وہ پرچم اپنی تلوار کے ساتھ ہمارے قائم (مہدی علیہ السلام) کے حوالے کریں گے۔ اور برکت آسمان سے زمین پر نازل ہوگی۔ یہاں تک کہ درخت سے اتنا پھل خدا کی طرف سے مقرر ہوگا کہ اس کے وزن سے درخت ٹوٹنے لگے گا اور (لوگ) گرمیوں کے میوے سردیوں میں کھائیں گے اور سردیوں کے میوے گرمیوں میں۔ اور یہ خدا کا ارشاد ہے: اور اگر اہل قریہ ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کر لیتے تو ہم ان کے لئے زمین اور آسمان سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے۔

پھر خدا ہمارے پیروکاروں کو اپنی کرامت دے گا کہ زمین پر یا زمین میں جو بھی چیز ہوگی ان سے پوشیدہ نہیں رہے گی یہاں تک کہ اگر ان میں سے کوئی اپنے خاندان والوں کے بارے میں جاننا چاہے، تو اس کو پتہ چل جائے گا جو کچھ وہ کرتے ہوں گے۔

الفصل الخامِسُ: الآخرة

پانچویں فصل: آخرت

5/1

ذِكرُ الآخِرَةِ

آخرت کی یاد

84.إرشاد القلوب: قالَ الحُسَينُ عليه السلام: يَابنَ آدَمَ! تَفَكَّر وقُل: أينَ مُلوكُ الدُّنيا وأربابُهَا الَّذينَ عَمَروا وَاحتَفَروا أنهارَها، وغَرَسوا أشجارَها، ومَدَّنوا مَدائِنَها؟! فارَقوها وهُم كارِهونَ، ووَرِثَها قَومٌ آخَرونَ، ونَحنُ بِهِم عَمّا قَليلٍ لاحِقونَ. يَابنَ آدَمَ! اذكُر مَصرَعَكَ، وفي قَبرِكَ مَضجَعَكَ، ومَوقِفَكَ بَينَ يَدَيِ اللهِ، تَشهَدُ جَوارِحُكَ[1] عَلَيكَ يَومَ تَزِلُّ فيهِ الأَقدامُ، وتَبلُغُ القُلوبُ الحَناجِرَ، وتَبيَضُّ وُجوهٌ وتَسوَدُّ وُجوهٌ، وتَبدُو السَّرائِرُ، ويوضَعُ الميزانُ القِسطَ. يَابنَ آدَمَ! اذكُر مَصارِعَ آبائِكَ وأبنائِكَ، كَيفَ كانوا وحَيثُ حَلّوا وكَأَنَّكَ عَن قَليلٍ قَد حَلَلتَ مَحَلَّهُم، وصِرتَ عِبرَةً لِلمُعتَبِرِ وأنشَدَ شِعرا:

أينَ المُلوكُ الَّتي عَن حِفظِها حَثّى سَقاها بِكَأسِ المَوتِ ساقيها
تِلكَ المَدائِنُ فِي الآفاقِ خالِيَةٌ عادَت خَرابا وذاقَ المَوتَ بانيها
أموالُنا لِذَوِي الوُرّاثِ نَجمَعُها ودورُنا لِخَرابِ الدَّهرِ نَبنيها.[2]

۸۴) ارشاد القلوب میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے آدم کے فرزند! غور کرو اور کہو: کہاں ہیں دنیا کے بادشاہ اور دنیا والے جنہوں نے دنیا کو آباد کیا اور اس میں نہریں بنائی اور درخت لگائے اور شہر بنائے؟ (ایسی) دنیا سے جدا ہوئے درحالانکہ نہیں چاہتے تھے اور دوسری قوم آکر اس کی وارث بنی، اور ہم بھی عنقریب ان سے چل کر ملیں

---

[1] جَوارِحُ الإنسان: أعضاؤه التي يكتسب بها (الصحاح: ج1 ص358، جرح).
[2] إرشاد القلوب: ص29.

گے۔

اے آدم کے فرزند! تم اپنے مرنے کو یاد کرو اور قبر میں سونے اور خدا کے سامنے بیٹھنے کو یاد کرو۔ تیرے اعضاء تیرے خلاف اس دن گواہی دیں گے جب قدم لرزیں گے اور روح حلق تک پہنچ جائیگی اور کچھ چہرے سفید اور کچھ سیاہ ہوجائیں گے اور باطن آشکار ہوجائیں گے اور عدالت وانصاف کی ترازو لائی جائے گی۔

اے فرزند آدم! تم اپنے باپ دادا اور اولاد کی موت اور خاک پر پڑے رہنے کو یاد کرو کہ وہ کیسے تھے اور کہاں چلے گئے اور عنقریب تو بھی ان کی جگہ جا کر سنبھالے گا اور تو عبرت لینے والوں کے لئے عبرت بن جائے گا۔

پھر (امامؑ) نے یہ شعر پڑھا:

(دنیا میں بغیر رہنے والوں کے جو گھر تھے دوبارہ ویران ہوگئے اور جس نے شہروں کو بنایا تھا اس نے موت کا مزہ چکھا)۔ (ہم اپنے مال کو وارثوں کے لئے جمع کر رہے ہیں اور ہم اپنے گھروں کو ویران ہونے کے لئے بنارہے ہیں۔

5/2

فَناءُ الدُّنيا وبَقاءُ الآخِرَةِ

دنیا کی فنا اور آخرت کی بقاء

85. كامل الزيارات عن ميسر بن عبد العزيز عن أبي جعفر ع كَتَبَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام إلى مُحَمَّدِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام [1] مِن كَربَلاءَ: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ، مِنَ الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ إلى مُحَمَّدِ بنِ عَلِيٍّ ومَن قِبَلَهُ مِن بَني هاشِمٍ، أمّا بَعدُ: فَكَأَنَّ الدُّنيا لَم تَكُن، وكَأَنَّ الآخِرَةَ لَم تَزَل، والسَّلامُ [2]

۸۵) کامل الزیارات میں میسر بن عبدالعزیز نے امام باقرؑ سے نقل کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے کربلا سے محمد بن علی (ابن حنفیہ) کو اس طرح لکھا: مہربان خدا کے نام سے، حسین بن علی علیہ السلام کی طرف سے محمد بن علی علیہ السلام کے لئے اور ان بنی ہاشم کے افراد کے لئے جو ان کے نزدیک ہیں۔ امابعد، ایسے سمجھو کہ دنیا نہیں تھی اور آخرت ہمیشہ تھی اور ہمیشہ رہے گی خدا حافظ۔۔۔

---

[1] هو ابن الحنفيّة رضي الله عنه.

[2] كامل الزيارات: ص158 ح196، بحار الأنوار: ج45 ص87 ح23.

86.تاريخ الطبرى عن محمّد بن قيس: جَاءَ حَنظَلَةُ بنُ أسعَدَ الشِّبامِيُّ، فَقامَ بَينَ يَدَى حُسَينٍ عليه السلام: فَأَخَذَ يُنادى: «يَقَومِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيكُم مِّثلَ يَومِ الأَحزَابِ *مِثلَ دَأبِ قَومِ نُوحٍ وَ عَادٍ وَ ثَمُودَ وَ الَّذِينَ مِن بَعدِهِم وَ مَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلمًا لِّلعِبَادِ *وَ يَقَومِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيكُم يَومَ التَّنَادِ *يَومَ تُوَلُّونَ مُدبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِن عَاصِمٍ وَ مَن يُضلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن هَادٍ»[1]، يا قَومِ [لا][2] تَقتُلوا حُسَينا فَيُسحِتَكُمُ[3] اللهُ بِعَذابٍ، وَ قَد خَابَ مَنِ افتَرَى»[4] فَقالَ لَهُ حُسَينٌ عليه السلام: يَابنَ أسعَدَ، رَحِمَكَ اللهُ! إِنَّهُم قَدِ استَوجَبُوا العَذابَ حينَ رَدّوا عَلَيكَ ما دَعَوتَهُم إِلَيهِ مِنَ الحَقِّ، ونَهَضوا إِلَيكَ لِيَستَبيحوكَ وأصحابَكَ، فَكَيفَ بِهِمُ الآنَ وقَد قَتَلوا إِخوانَكَ الصّالِحينَ. قالَ: صَدَقتَ، جُعِلتُ فِداكَ! أنتَ أفقَهُ مِنّي وأحَقُّ بِذلِكَ، أفَلا نَروحُ إِلَى الآخِرَةِ ونَلحَقُ بِإِخوانِنا؟ فَقالَ: رُح إِلى خَيرٍ مِنَ الدُّنيا وما فيها، وإِلى مُلكٍ لا يَبلى. فَقالَ: السَّلامُ عَلَيكَ أبا عَبدِ اللهِ، صَلَّى اللهُ عَلَيكَ وعَلى أهلِ بَيتِكَ، وعَرَّفَ بَينَنا وبَينَكَ فى جَنَّتِهِ. فَقالَ عليه السلام: آمينَ، آمينَ. فَاستَقدَمَ فَقاتَلَ حَتّى قُتِلَ[5]

۸۶) تاریخ طبری میں محمد بن قیس سے نقل ہے: حنظلہ، اسعد شبامی کا بیٹا آ کر امام حسین علیہ السلام کے سامنے کھڑا ہوگیا اور آواز سے پکارنے لگا: اے میری قوم! میں تم کو اس دن سے ڈرا رہا ہوں جو دن (عذاب لے کر) پہلے والی قوموں پر آیا، مثال کے طور پر وہ دن جو نوحؑ کی قوم پر آیا اور عاد وثمود کی قوم پر آیا اور ان قوموں پر جو ان سے پہلے تھیں اور خدا اپنے بندوں کے بارے میں ظلم بالکل نہیں چاہتا۔

اے میری قوم! میں تمہارے لئے اس دن سے ڈر رہا ہوں جو فریاد و پکار والا دن ہوگا۔ اور اس دن سے جس دن تم سب جمع کئے جاؤ گے۔ لیکن خدا کے علاوہ کوئی پناہ گاہ نہیں ہوگی۔ جس کو خدا (اس کے غلط اعمال کی وجہ سے) گمراہ کرے۔ اس کے لئے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہوگا۔

اے لوگو! حسین علیہ السلام کو قتل نہ کرنا ورنہ تمہیں خدا عذاب میں ہلاک کردے گا اور تحقیق وہ ناکام ہوگا۔

---

[1] غافر: 33،30.

[2] .ما بين المعقوفين سقط من المصدر، وأثبتناه من المصادر الأُخرى.

[3] يُسحتكم: أي يُهلِككم ويَستأصِلكم (مجمع البحرين: ج2 ص822، سحت).

[4] .طه: 61.

[5] تاريخ الطبرى: ج5 ص443، الكامل فى التاريخ: ج2 ص568، مقتل الحسين للخوارزمى: ج2 ص24؛ الملهوف: ص164 كلّها نحوه، بحار الأنوار: ج45 ص23.

اور جس نے افتراء اور غلط بات کہی تو حسین علیہ السلام نے اس شخص سے فرمایا: اے اسعد کے بیٹے ! خدا تجھے معاف کرے، یہ لوگ اس قت ہی عذاب کے حقدار بن گئے جب انہوں نے تیرے حق کی طرف دعوت قبول نہ کیا اور تیرے اور تیرے ساتھیوں کی طرف قدم بڑھا کر تیرا قتل کرنا چاہتے تھے۔ بس جب انہوں نے تیرے نیک بھائیوں کو قتل کر دیا تو کیسے (عذاب کے حقدار) نہ ہوں؟

حنظلہ کہنے لگا: میں آپ پر قربان: تو مجھ سے زیادہ باخبر ہے اور زیادہ حقدار ہے کیا آخرت کی طرف نہ جائیں اور جا کر اپنے بھائیوں سے ملاقات کریں؟

امامؑ نے فرمایا: جا اسے خبر کی طرف جو دنیا جو جو کچھ دینا ہیں اس سے بہتر ہے اور ایسے ملک کی طرف جا جو پرانا اور ختم نہیں ہوگا!

جب حنظلہ نے کہا: اے ابا عبداللہ آپ پر سلام ! خدا کی رحمت آپ پر اور آپ کے خاندان پر ہو، خدا ہمیں جنت میں آپ کے ساتھ جگہ دے،

امام نے فرمایا: اے میری قوم! میں تمہارے لئے اس دن سے ڈر رہا ہوں جو فریاد و پکار والا دن ہوگا۔ اور اس دن سے جس دن تم سب جمع کئے جاؤ گے لیکن خدا کے علاوہ کوئی پناہ گاہ نہیں ہوگی۔ جس کو خدا (اس کے غلط اعمال کی وجہ سے) گمراہ کرے، اس کے لئے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہوگا۔

اے لوگو! حسین علیہ السلام کو قتل نہ کرنا ورنہ تمہیں خدا عذاب میں ہلاک کردے گا اور بتحقیق وہ ناکام ہوا جس نے افترا اور غلط بات کہی،

امام حسین علیہ السلام نے اس شخص سے فرمایا: اے اسعد کے بیٹے: خدا تجھے معاف کرے، یہ لوگ اس وقت ہی عذاب کے حقدار بن گئے جب انہوں نے تیرے حق کی طرف دعوت کو قبول نہ کیا اور تیرے اور تیرے ساتھیوں کی طرف قدم بڑھا کر تیرا قتل کرنا چاہتے تھے۔ بس جب انہوں نے تیرے نیک بھائیوں کو قتل کر دیا تو کیسے (عذاب کے حقدار) نہ ہوں؟

حنظلہ کہنے لگا: میں آپ پر قربان ! آپ مجھ سے زیادہ باخبر اور زیادہ حقدار ہیں کیا آخرت کی طرف نہ جائیں اور جا کر اپنے بھائیوں سے ملاقات کریں؟

امامؑ نے فرمایا: جا اپنے خیر کی طرف جو کچھ دنیا میں ہے اس سے بہتر ہے اور ایسے ملک کی طرف جا جو پرانا اور ختم نہیں ہوگا۔

جب حنظلہ نے کہا: اے ابا عبداللہ آپ پر سلام! خدا کی رحمت آپ پر اور آپ کے خاندان پر ہو۔ خدا ہمیں جنت میں آپ کے ساتھ جگہ دے۔

امامؑ نے فرمایا: آمین، آمین۔ پھر حنظلہ آگے بڑھ کر جنگ کرنے لگا اور جنگ کرتے کرتے شہید ہوگیا۔

5/3

صِفَةُ المَوتِ

موت کی صفت

87. معانی الأخبار بإسناده عن الحسين عليه السلام: قيلَ لِأَميرِ المُؤمِنينَ عليه السلام: صِف لَنَا المَوتَ. فَقالَ: عَلَى الخَبيرِ سَقَطتُم، هُوَ أحَدُ ثَلاثَةِ أُمورٍ يَرِدُ عَلَيهِ: إمّا بِشارَةٌ بِنَعيمِ الأَبَدِ، وإمّا بِشارَةٌ بِعَذابِ الأَبَدِ، وإمّا تَحزينٌ وتَهويلٌ وأمرُهُ مُبهَمٌ لا يَدرى مِن أيِّ الفِرَقِ هُوَ. فَأَمّا وَلِيُّنَا المُطيعُ لِأَمرِنا فَهُوَ المُبَشَّرُ بِنَعيمِ الأَبَدِ، وأمّا عَدُوُّنَا المُخالِفُ عَلَينا فَهُوَ المُبَشَّرُ بِعَذابِ الأَبَدِ، وأمَّا المُبهَمُ أمرُهُ الَّذى لا يَدرى ما حالُهُ، فَهُوَ المُؤمِنُ المُسرِفُ عَلى نَفسِهِ لا يَدرى ما يَؤولُ إلَيهِ حالُهُ، يَأتيهِ الخَبَرُ مُبهَما مَخوفا، ثُمَّ لَن يُسَوِّيَهُ اللهُ عز و جل بِأَعدائِنا، لكِن يُخرِجُهُ مِنَ النّارِ بِشَفاعَتِنا. فَاعمَلوا وأطيعوا، [و][1] لا تَتَّكِلوا ولا تَستَصغِروا عُقوبَةَ اللهِ عز و جل؛ فَإِنَّ مِنَ المُسرِفينَ مَن لا تَلحَقُهُ شَفاعَتُنا إلاّ بَعدَ عَذابِ ثَلاثِمِئَةِ ألفِ سَنَةٍ[2]

۸۷) معانی الاخبار میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے، علی علیہ السلام سے کہا گیا: ہمارے لئے موت کی تعریف کیجئے۔ آپؑ نے فرمایا: باخبر شخص کے پاس آئے ہو (موت) ان تین چیزوں میں سے ایک (ہے جو) ایک انسان پر آتی ہیں:

۱) یا ہمیشہ رہنے والی نعمت کی خوشخبری ہے۔

۲) یا ہمیشہ والے عذاب کی خوشخبری ہے۔

---

[1] الزيادة من بحار الأنوار.

[2] معانی الأخبار: ص288 ح2 عن علیّ الناصری عن الإمام الجواد عن آبائه علیهم السلام، بحار الأنوار: ج6 ص153 ح9 وراجع: الاعتقادات: ص51.

۳) یا غم و پریشانی ہے

اور موت کا مسئلہ اتنا مبہم ہے کہ کون سی قسم سے ہے لیکن جو ہم سے محبت کرتا ہو اور اطاعت کرتا ہوگا ہمارے حکم کی، اس کو ہمیشہ رہنے والی نعمت کی خوشخبری ہے اور جو ہمارا دشمن اور مخالف ہے اس کے لئے ہمیشہ والے عذاب کی خوشخبری ہے۔ لیکن وہ آدمی جس کا کام اور مسئلہ واضح نہیں اور نہیں جانتا کہ اس کی حالت کیسی ہے وہ مومن ہے جس نے اپنے نفس پر اسراف کیا ہے کہ یہ نہیں جانتا اس کا نتیجہ کہاں تک پہنچے گا ایسے شخص کے لئے مبہم اور خوفناک خبر پہنچے گی لیکن خدا اسکے ساتھ ہمارے دشمنوں جیسا برتاؤ نہیں کرے گا اور اس کو ہماری شفاعت کے ذریعے (جہنم کی) آگ سے باہر نکالے گا۔ بس عمل اور اطاعت کرو اور (دوسروں پر) اعتماد نہ کرو اور خدا کی سزا کو چھوٹا اور کم نہ سمجھو۔ تحقیق بعض اسراف کرنے والوں کو ہماری شفاعت نصیب نہیں ہوگی مگر تین ہزار سال عذاب میں رہنے کے بعد۔

5/4

مَوتُ المُؤمِنِ

مومن کی موت

88. الفردوس عن الحسين بن علي عليه السلام عن رسول الل المَوتُ رَيحانَةُ المُؤمِنِ [1]

۸۸) فردوس میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: موت مومن کے لئے گل (خوشبو) ہے۔

89. المعجم الكبير عن محمّد بن الحسن عن الحسين عليه السلام إنّي لا أرَى المَوتَ إلاّ سَعادَةً، وَالحَياةَ مَعَ الظّالِمينَ إلاّ بَرَما [2] [3]

۸۹) معجم الکبیر میں محمد بن حسن نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امامؑ نے فرمایا: میں موت کو فقط سعادت

---

[1] الفردوس: ج 4 ص 239 ح 6718، كنز العمّال: ج 15 ص 551 ح 42136؛ الجعفريّات: ص 190 و ص 201 وراجع: المجازات النبويّة: ص 210 ح 170 والنوادر للراوندي: ص 105 ودعائم الإسلام: ج 1 ص 221.

[2] البَرَمُ: مصدر بَرِمَ، إذا سَئِمَهُ. وأبرَمَهُ: أي أمَلَّهُ وأضجَرَهُ (الصحاح: ج 5 ص 1869، برم).

[3] المعجم الكبير: ج 3 ص 115 ح 2842، تاريخ الطبري: ج 5 ص 404 عن عقبة بن أبي العيزار وفيه «شهادة» بدل «سعادة» و «ولا الحياة» بدل «الحياة»، تاريخ دمشق: ج 14 ص 218؛ تحف العقول: ص 245، الملهوف: ص 138، بحار الأنوار: ج 44 ص 192.

اور ظالموں کے ساتھ زندگی گزارنے کو ذلت سمجھتا ہوں۔

90.معاني الأخبار عن عليّ بن الحسين عن الحسين بن عليّ مَا المَوتُ إلاّ قَنطَرَةٌ تَعبُرُ بِكُم عَنِ البُؤسِ وَالضَّرّاءِ إلَى الجِنانِ الواسِعَةِ وَالنَّعيمِ الدّائِمَةِ، فَأَيُّكُم يَكرَهُ أن يَنتَقِلَ مِن سِجنٍ إلى قَصرٍ؟!

وما هُوَ لِأَعدائِكُم إلاّ كَمَن يَنتَقِلُ مِن قَصرٍ إلى سِجنٍ وعَذابٍ.

إنَّ أبي حَدَّثَني عَن رَسولِ اللهِ ﷺ: أنَّ الدُّنيا سِجنُ المُؤمِنِ وجَنَّةُ الكافِرِ، وَالمَوتَ جِسرُ هؤُلاءِ إلى جَنّاتِهِم، وجِسرُ هؤُلاءِ إلى جَحيمِهِم، ما كَذَبتُ ولا كُذِبتُ[1]

۹۰) معانی الاجنار میں امام زین العابدینؑ سے نقل ہوا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: موت فقط ایک پل ہے جس سے تم لوگ خوف ومشکل سے وسیع جنت اور ہمیشگی والی نعمت کی طرف ،عبور کر جاتے ہو، بس تم میں سے کون ہے جو زندان سے محل کی طرف جانے کو نہ چاہتا ہو؟

موت، تمہارے دشمنوں کے لئے محل سے زندان کی طرف جانے کی طرح ہے۔

میرے بابا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ: دنیا مومن کے لئے زندان اور کافر کے لئے جنت ہے اور موت ان کے لئے جنت کے لئے پل ہے اور ان کے لئے جہنم کے لئے پل ہے نہ میں نے جھوٹ بولا ہے اور نہ ہی مجھے جھوٹا کہا گیا ہے۔

5/5

البُكاءُ عِندَ المَوتِ

موت کے وقت رونا

91.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن عليّ عليه السلام لَمّا حَضَرَتِ الحَسَنَ بنَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ الوَفاةُ بَكى، فَقيلَ لَهُ: يَابنَ رَسولِ اللهِ أتَبكي ومَكانُكَ مِن رَسولِ اللهِ ﷺ مَكانُكَ الَّذي أنتَ فيهِ؟ وقَد قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ فيكَ ما قالَ، وقَد حَجَجتَ عِشرينَ حَجَّةً ماشِيا وقَد قاسَمتَ رَبَّكَ مالَكَ

[1] معاني الأخبار: ص289 ح3، الاعتقادات: ص52، بحار الأنوار: ج44 ص297 ح2.

ثَلاثَ مَرّاتٍ حَتَّى النَّعلِ وَالنَّعلِ[1] ؛ فَقالَ علیہ السلام: إنَّما أبكي لِخَصلَتَينِ: لِهَولِ المُطَّلَعِ وفِراقِ[2] الأَحِبَّةِ[3]

۹۱) عیون اخبار الرضا علیہ السلام میں امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب امام حسنؑ کے انتقال کا وقت ہوا تو امام رونے لگے،

امام سے کہا گیا اے فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیوں رو رہے ہیں؟

درحالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خاص رشتہ ہے آپ کا؟ اور آپ کی تعریف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات ہیں اور آپ نے حج پیدل انجام دیئے اور اپنے مال ومتاع کو تین بار خدا کی راہ میں خرچ کیا یہاں تک کہ آپ نے اپنی نعلین بھی دے دیں؟

امامؑ نے فرمایا: میں دو چیزوں کے لئے رو رہا ہوں۔

۱) قیامت کا خوف۔

۲) دوستوں کی دوری۔

5/6

بَيتُ العَمَلِ

عمل کا گھر

92. بستان الواعظين: قيلَ: كانَ الحُسَينُ علیہ السلام إذا رَأَى القُبورَ قالَ: ما أحسَنَ ظَواهِرَها، وإنَّمَا الدَّواهي[4] في بُطونِها. فَاللهَ اللهَ عِبادَ اللهِ! لا تَشتَغِلوا بِالدُّنيا. فَإنَّ القَبرَ بَيتُ العَمَلِ. فَاعمَلوا

---

[1] في المصدر: «وبالنعل»، والصواب ما أثبتناه كما في الأمالي للصدوق.

[2] هَوْلِ المُطّلَع: يريد به الموقف يوم القيامة (النهاية: ج3 ص133، طلع).

[3] عيون أخبار الرضا علیہ السلام: ج1 ص303 ح62، الأمالي للصدوق: ص291 ح325 كلاهما عن الحسن بن عليّ بن فضّال عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج43 ص332 ح2، وراجع: الكافي: ج1 ص461 ح1 والزهد للحسين بن سعيد: ص79 ح213 ومكارم الأخلاق: ج2 ص94 ح2266.

[4] الداهية: النائبة العظيمة النازلة، والجمع: الدواهي، وهي عظائم نُوَبِه (مجمع البحرين: ج1 ص617، دهى).

ولا تَغفُلوا، وأنشِدوا [1]

يا مَن بِدُنياهُ اشتَغَلَ وغَرَّهُ طولُ الأَمَل
المَوتُ يَأتي بَغتَةً وَالقَبرُ صُندوقُ العَمَل [2]

۹۲) بستان الواعظین کتاب میں ہے: کہا گیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام جب قبروں کو دیکھتے تھے تو فرماتے تھے: کتنا ظاہر خوبصورت ہے لیکن ان کے اندر کتنی مصیبتیں ہیں۔ خدا کو مانو! خدا کو مانو!

اے اللہ کے بندو! دنیا میں ہی مشغول نہ ہوجاؤ۔ کیونکہ قبر عمل کا گھر ہے عمل کرو اور غفلت سے دوری اختیار کرو اور یہ پڑھو (اے وہ شخص جو دنیا میں ہی مشغول ہے اور اس کو لمبی آرزوں نے دھوکہ دیا ہے)۔ (موت اچانک آجائے گی اور قبر، عمل کا گھر اور غلاف ہے۔

5/7

أوَّلُ ما يُسأَلُ عَنهُ بَعدَ المَوتِ

موت کے بعد سب سے پہلا سوال

93. عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبي قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يا عَلِيُّ، إنَّ أوَّلَ ما يُسأَلُ عَنهُ العَبدُ بَعدَ مَوتِهِ شَهادَةُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ، وأنَّ مُحَمَّدا رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وأنَّكَ وَلِيُّ المُؤمِنينَ بِما جَعَلَهُ اللهُ وجَعَلتُهُ لَكَ، فَمَن أقَرَّ بِذلِكَ وكانَ يَعتَقِدُهُ صارَ إلَى النَّعيمِ الَّذي لا زَوالَ لَهُ [3]

۹۳) عیون الاخبار الرضا میں امام حسین اور امام علی علیہما السلام سے منقول ہے کہ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مرنے کے بعد سب سے پہلے چیز جو ایک بندے سے پوچھی جائے گی وہ خدا کی وحدانیت کی گواہی ہے اور محمدؐ کی رسالت کی گواہی ہے اور اس کی گواہی کہ تو مومنوں کے ولی ہو۔

---

[1] . في إحقاق الحقّ: . وأنشَدَ.

[2] . بستان الواعظين لأبي الفرج ابن الجوزي: ص 194؛ إحقاق الحقّ: ج 11 ص 628.

[3] عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 2 ص 129 ح 8 عن إبراهيم بن عبّاس الصولي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 7 ص 273 ح 41.

اس دلیل کی بنیاد پر جو خدا اور میں نے تیرے لئے قرار دی ہے بس جو بھی ان چیزوں پر ایمان رکھنے اور اقرار کرے تو اس کو ایسی نعمت کی طرف لے جایا جائے گا جو ختم نہیں ہوگی۔

5/8

ما يُسأَلُ عَنهُ يَومَ القِيامَةِ

جس چیز کا قیامت میں سوال ہوگا

94. فضائل الشيعة بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبيه أمير المؤمنين عليه السلام قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: لا تَزولُ قَدَمُ عَبدٍ يَومَ القِيامَةِ حَتّى يُسأَلَ عَن أربَعَةِ أشياءَ: عَن شَبابِهِ فيما أبلاهُ، وعَن عُمُرِهِ فيما أفناهُ، وعَن مالِهِ مِن أينَ اكتَسَبَهُ وفيما أنفَقَهُ، وعَن حُبِّنا أهلَ البَيتِ [1]

۹۴) فضائل الشیعہ میں امام حسین علیہ السلام اور امام علی علیہ السلام سے منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بندہ قیامت کے دن ایک قدم آگے نہیں بڑھائے گا جب تک اس سے چار چیزوں کا سوال نہیں کیا جائے۔

۱) جوانی کے بارے میں کہ کہاں استعمال کی۔

۲) عمر کے بارے میں کہ کونسے راستے میں خرچ کی۔

۳) اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا تھا اور کہاں خرچ کیا۔

۴) ہم اہل بیت علیہم السلام کی محبت کے بارے میں۔

5/9

عَدَمُ الرَّغبَةِ بِالرُّجوعِ إلَى الدُّنيا

دنیا میں واپس آنے کی رغبت نہ رکھنا

95. المناقب عن الحسين عليه السلام: إنَّ رَجُلاً جاءَ إلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله فَقالَ: يا رَسولَ اللهِ، إنّي قَدِمتُ مِن سَفَرٍ لي، فَبَينَما بُنَيَّةٌ خُماسِيَّةٌ تَدرُجُ حَولي في حُلِيِّها، فَأَخَذتُ بِيَدِها وَانطَلَقتُ بِها إلى وادي

---

[1] فضائل الشيعة: ص 49 ح 6 عن إسحاق بن موسى بن جعفر عن أبيه الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام.

فُلانٍ فَطَرَحتُها فيهِ.

فَقالَ النَّبِيُّ ﷺ: اِنطَلِق مَعي فَأَرِني الوادِيَ. فَانطَلَقَ مَعَهُ فَأَراهُ الوادِيَ،

فَقالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأُمِّها: ما كانَ اسمُها؟ قالَت: فُلانَةُ.

فَقالَ ﷺ: يا فُلانَةُ، أجيبيني بِإِذنِ اللهِ. فَخَرَجَتِ الصَّبِيَّةُ وهِيَ تَقولُ: لَبَّيكَ يا رَسولَ اللهِ وسَعدَيكَ.

فَقالَ لَها: إِنَّ أَبَوَيكِ قَد أساءا، فَإِن أحبَبتِ أن أُرُدَّكِ عَلَيهِما؟

فَقالَت: يا رَسولَ اللهِ، لا حاجَةَ لي فيهِما، وَجَدتُ اللهَ خَيرا لي مِنهُما [1]

۹۵) مناقب ابن شہر آشوب میں امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگا: اے اللہ کے نبیؐ! میں اپنے ایک سفر میں واپس آ رہا تھا کہ ایک پانچ سالہ بچی کو دیکھا جو زیورات سے مزین تھی اور میرے اردگرد چل رہی تھی۔ میں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور پہاڑوں کے درمیان لے گیا اور اس کو وہاں پر پھینک دیا (چھوڑ) دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ چلو اور چل کر پہاڑوں کا وہ درمیان حصہ مجھے دکھاؤ اور وہ شخص چل کر وہ جگہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دکھائی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لڑکی (بچی) کی ماں سے فرمایا: اس کا نام کیا تھا؟

اس نے کہا: فلاں نام تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے فلاں (لڑکی) خدا کے اذن سے میری بات کا جواب دو۔

یہ کہنا تھا کہ بچی باہر آ کر کہنے لگی: ہاں ہاں، اے اللہ کے رسولؐ!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے ماں باپ نے غلط کیا۔ اگر تم چاہو تو میں تجھے ان کے ہاں پہنچاؤں۔

بچی نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ! مجھے ان دونوں کی ضرورت نہیں ہے میں نے اپنے لئے ان دو سے بہتر خدا کو پایا ہے۔

---

[1] .المناقب لابن شهر آشوب: ج1 ص132، بحار الأنوار: ج18 ص8 ح11 وراجع: الخرائج والجرائح: ج1 ص37 ح42.

5/10

رِضاعُ الأَطفالِ فِي البَرزَخ

برزخ میں چھوٹے بچوں کو دودھ پلانا

96.سنن ابن ماجة عن فاطمة بنت الحسين عن أبيها الحسين لَمّا تُوُفِّيَ القاسِمُ ابنُ رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قالَت خَديجَةُ: يا رَسولَ اللهِ، دَرَّت لُبَينَةُ القاسِمِ، فَلَو كانَ اللهُ أبقاهُ حَتّى يَستَكمِلَ رِضاعَهُ!

فَقالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إنَّ إتمامَ رِضاعِهِ فِي الجَنَّةِ.

قالَت: لَو أعلَمُ ذٰلِكَ يا رَسولَ اللهِ لَهَوَّنَ عَلَيَّ أمرَهُ.

فَقالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إن شِئتِ دَعَوتُ اللهَ تَعالى فَأَسمَعَكِ صَوتَهُ.

قالَت: يا رَسولَ اللهِ، بَل أُصَدِّقُ اللهَ ورَسولَهُ[1]

۹۶) سنن ابن ماجہ میں فاطمہ بنت الحسین علیہ السلام نے اپنے بابا حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے قاسم کا انتقال ہوا تو جناب خدیجہ نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ! قاسم کے (پینے کے) لئے کافی دودھ تھا۔ کاش خدا اس کو زندگی دیتا تا کہ وہ اپنے دودھ پینے کے دن پورے کرتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے دودھ پینے کا وقت جنت میں پورا و مکمل ہوگا۔

جناب خدیجہؑ نے فرمایا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اگر مجھے اسی چیز کا پتہ ہوتا تو قاسم کا غم مجھ پر آسان ہوجاتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں خدا سے کہوں کہ اس کی آواز میرے کانوں تک پہنچائے۔

جناب خدیجہؑ نے کہا: نہیں اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! خدا اور اس کے رسولؐ کو صادق سمجھتی ہوں۔

---

[1] سنن ابن ماجة: ج1 ص484 ح1512، الإصابة: ج5 ص389 الرقم 7284.

5/11

ثَمَنُ الجَنَّةِ

جنت کی قیمت

97.تاريخ دمشق عن محمّد بن الصايغ عن الحسين بن عليّ ب حَدَّثَنى أبى عَن جَدّى عَن جِبريلَ عليه السلام عَن رَبِّهِ عز و جل:... يا شيعَةَ آلِ مُحَمَّدٍ لا يَأتى يَعنى أحَدٌ مِنكُم يَومَ القِيامَةِ يَقولُ: «لا اِلهَ اِلاَّ اللهُ» اِلاّ أدخَلَهُ اللهُ الجَنَّةَ [1]

۹۷) تاریخ دمشق میں محمد بن صائغ سے (روایت) ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: میرے بابا (امام علیؑ) نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور انہوں نے جبرائیل سے اور جبرائیل نے خدا سے، مجھے بتایا کہ خدا نے فرمایا:

اے محمد کے خاندان کے پیروکارو! تم میں سے قیامت کے دن جو بھی لا الہ الا اللہ پڑھنے والا ہوگا اور آئے گا تو خدا اسے ضرور جنت میں بھیجے گا۔

98.الأمالى بإسناده عن الحسين عن أبيه عليّ بن أبي طال سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: التَّوحيدُ ثَمَنُ الجَنَّةِ، وَالحَمدُ للهِ وَفاءُ شُكرِ كُلِّ نِعمَةٍ، وخَشيَةُ اللهِ مِفتاحُ كُلِّ حِكمَةٍ، وَالإخلاصُ مِلاكُ [2] كُلِّ طاعَةٍ [3]

۹۸) امالی شیخ طوسی میں امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ میں نے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: توحید، جنت کی قیمت ہے اور الحمد اللہ ہر نعمت کا مکمل شکر ہے اور خوفِ خدا ہر حکمت کی چابی ہے اور خلوص ہر عبادت کی بنیاد ہے۔

---

[1] تاريخ دمشق: ج14 ص114.

[2] المِلاكُ: قِوام الشيء ونظامه، ومايُعتمد عليه (النهاية: ج4 ص358، ملك).

[3] الأمالى للطوسى: ص570 ح1178 عن محمّد بن عليّ بن الحسين بن زيد عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام.

5/12

الجَنَّةُ تَشتاقُ إلى هؤُلاءِ

جن لوگوں کی جنت مشتاق ہے

99. الخصال بإسناده عن الحسين بن عليّ عن عليّ عليهما السلام قالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله: الجَنَّةُ تَشتاقُ إلَيكَ وإلى عَمّارٍ وإلى سَلمانَ وأبي ذَرٍّ وَالمِقدادِ [1]

۹۹) کتاب خصال میں امام حسین اور امام علی علیہما السلام سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھے) فرمایا: جنت تیری، عمار، سلمان، ابوذر اور مقدار کی مشتاق ہے۔

100. مسند أبي يعلى بإسناده عن الحسين عليه السلام: أتى جبريلُ عليه السلام النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله فقالَ: يا مُحَمَّدُ، إنَّ اللهَ يُحِبُّ مِن أصحابِكَ ثَلاثَةً فَأَحِبَّهُم: عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ، وأبو ذَرٍّ، وَالمِقدادُ بنُ الأَسوَدِ. قالَ فَأَتاهُ جبريلُ عليه السلام فَقالَ لَهُ: يا مُحَمَّدُ، إنَّ الجَنَّةَ لَتَشتاقُ إلى ثَلاثَةٍ مِن أصحابِكَ، وعِندَهُ أنَسُ بنُ مالِكٍ، فَرَجا أن يَكونَ لِبَعضِ الأَنصارِ.

قالَ: فَأَرادَ أن يَسأَلَ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَنهُم فَهابَهُ، فَخَرَجَ فَلَقِيَ أبا بَكرٍ

فَقالَ: يا أبا بَكرٍ، إنّي كُنتُ عِندَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله آنِفا، فَأَتاهُ جبريلُ عليه السلام،

فَقالَ: إنَّ الجَنَّةَ تَشتاقُ إلى ثَلاثَةٍ مِن أصحابِكَ، فَرَجَوتُ أن يَكونَ لِبَعضِ الأَنصارِ، فَهِبتُهُ أن أسأَلَهُ، فَهَل لَكَ أن تَدخُلَ عَلى نَبِيِّ اللهِ صلى الله عليه وآله فَتَسأَلَهُ؟

فَقالَ: إنّي أخافُ أن أسأَلَهُ فَلا أكونَ مِنهُم، ويَشمَتَ بي قَومي. ثُمَّ لَقِيَ [2] عُمَرَ بنَ الخَطّابِ،

فَقالَ لَهُ مِثلَ قَولِ أبي بَكرٍ.

قالَ: فَلَقِيَ عَلِيّا،

---

[1] الخصال: ص 303 ح 80 عن عبد الله بن محمّد الرازي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 2 ص 67 ح 306 عن عبد الله التميمي عن الإمام الرضا عن آبائه عنه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 22 ص 324 ح 22 وراجع: سنن الترمذي: ج 5 ص 667 ح 3797.

[2] في المصدر: «ثمّ لقيني»، والصواب ما أثبتناه كما في المصادر الأُخرى.

فَقالَ لَهُ عَلِيٌّ: نَعَم، إن كُنتُ مِنهُم فَأَحمَدُ اللهَ، وإن لَم أكُن مِنهُم فَحَمِدتُ اللهَ. فَدَخَلَ عَلى نَبِيِّ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فَقالَ: إنَّ أنَسا حَدَّثَني أنَّهُ كانَ عِندَكَ آنِفا وإنَّ جِبريلَ علیہ السلام أتاكَ، فَقالَ: يا مُحَمَّدُ، إنَّ الجَنَّةَ لَتَشتاقُ إلى ثَلاثَةٍ مِن أصحابِكَ.

قالَ: فَمَن هُم يا نَبِيَّ اللهِ؟

قالَ: أنتَ مِنهُم يا عَلِيُّ، وعَمّارُ بنُ ياسِرٍ، وسَيَشهَدُ مَعَكَ مَشاهِدَ بَيِّنٌ فَضلُها، عَظيمٌ خَيرُها، وسَلمانُ، وهُوَ مِنّا أهلَ البَيتِ، وهُوَ ناصِحٌ فَاتَّخِذهُ لِنَفسِكَ [1]

۱۰۰) مسند ابی یعلی میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: جبرائیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگے: اے محمدؐ! خدا آپ کے تین ساتھیوں سے محبت کرتا ہے بس آپ بھی ان سے محبت کریں۔ (وہ یہ ہیں) علی بن ابی طالب علیہ السلام، ابوذر اور مقداد ابن اسود۔

جب جبرائیل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہا کہ اے محمدؐ! جنت آپ کے تین ساتھیوں کی مشتاق ہے تو انس بن مالک (انصاری) آپؐ کے پاس بیٹھا ہوا تھا وہ آرزو کرنے لگا کہ (کاش) ان تین میں سے ایک فرد انصاری (قبیلے کا) ہو۔

انس بن مالک ان تین کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھنا چاہتا تھا لیکن ڈر کی وجہ سے باہر آ گیا اور باہر ابوبکر کو دیکھا تو اس سے پوچھا: اے ابوبکر! میں ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کہ جبرائیل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہا: جنت آپ کے تین ساتھیوں کی مشتاق ہے مجھے امید تھی کہ کاش ان میں سے ایک انصاری شخص بھی ہوتا لیکن پوچھنے سے ڈر لگ رہا تھا، کیا ہوسکتا ہے کہ تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جا کر ان سے پوچھو؟

ابوبکر نے کہا: میں (بھی) ان سے پوچھنے سے ڈر رہا ہوں اور ڈر رہا ہوں کہ اگر میں ان تین میں سے نہیں ہوں تو میری قوم مجھے ملامت کرے گی۔

اسکے بعد انس نے عمر بن خطاب کو دیکھا اور وہی بات کہی جو ابوبکر سے ہوئی تھی۔ اس کے بعد علی علیہ السلام کو دیکھا تو حضرت نے اس کی بات قبول کی اور کہا: اگر میں ان تین میں سے ہوں گا تو خدا کی حمد وتعریف کروں گا اور اگر نہیں

---

[1] مسند أبي يعلى: ج 12 ص 143 ح 6772، المطالب العالية: ج 4 ص 83 ح 4025، تاريخ دمشق: ج 21 ص 412 ح 4839 كلّها عن سعد الإسكاف عن أبي جعفر محمّد بن عليّ عن أبيه عليهما السلام، كنز العمّال: ج 13 ص 256 ح 36759.

ہوں گا تو بھی خدا کی تعریف کروں گا۔

بس علی علیہ السلام ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگے: انس جو کہ ابھی آپ کے پاس تھا نے مجھ سے کہا ہے کہ جبرائیلؑ نے آپ کے پاس آ کر کہا: اے محمدؐ! جنت آپ کے تین ساتھیوں کی محتاج ہے وہ تین کون ہیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام آپ ان میں سے ہیں اور عمار بن یاسر، جو کہ آپ کے ساتھ جنگوں میں شریک ہوتا ہے اور فضیلت آشکار اور خیر بزرگ ہے اور سلمان بھی ہے جو ہم اہل بیت سے اور ہمارا خیر خواہ ہے اور اس کو اپنے لئے انتخاب کریں۔

5/13

رَدُّ العَمَلِ إلَى العامِلِ

عمل، عمل کرنے والے کی طرف واپس آئے گا

101.الحكايات بإسناده عن الحسين عليه السلام: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله . فى بَعضِ كَلامِهِ : إنَّما هِيَ أعمالُكُم تُرَدُّ إلَيكُم، فَمَن وَجَدَ خَيرا فَليَحمَدِ اللهَ، ومَن وَجَدَ غَيرَ ذلِكَ فَلا يَلومَنَّ إلاّ نَفسَهُ[1]

۱۰۱) الحکایات، شیخ مفید میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: نبی اکرمؐ نے اپنی ایک گفتگو میں فرمایا: بغیر شک کے، کہ تمہارے اعمال، تمہاری طرف ہی لوٹائے جائیں گے جن کو نیکی ملے وہ خدا کی حمد وتعریف کریں اور جس کو اس کے علاوہ ملے وہ اپنے علاوہ کسی اور کی سرزنش نہ کریں۔

5/14

تَجَسُّمُ الأعمالِ

تجسم اعمال

102.المناقب والمثالب: عَنِ الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام أنَّهُ كانَ جالِسا فى مَسجِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله، فَسَمِعَ

---

[1] الحكايات للمفيد: ص85 عن حجّاج بن عبدالله عن أبيه عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج10 ص454 ح19.

رَجُلاً مِن بَنی اُمَیَّةَ یُحَدِّثُ أصحابَهُ ویُسمِعُ الحُسَینَ علیہ السلام حَدیثَهُ، وهُوَ یَقولُ، وقَد ذَکَرَ آلَ أبی طالِبٍ: قَد شَرِکناهُم فِی النُّبُوَّةِ حَتّی نِلنا مِنها مِثلَ ما نالوا مِنها مِنَ السَّبَبِ وَالنَّسَبِ، ونِلنا مِنَ الخِلافَةِ ما لَم یَنالوا، فَبِمَ یَفخَرونَ عَلَینا؟! فَرَدَّدَ هذَا القَولَ ثَلاثَ مَرّاتٍ. فَأَقبَلَ الحُسَینُ علیہ السلام بِوَجهِهِ إلی ناحِیَتِهِ

وقالَ: أمّا فی أوَّلِ وَهلَةٍ فَإنّی کَفَفتُ عَنکَ حِلما، وأمّا الثّانِیَةُ فَإنّی کَفَفتُ عَنکَ عَفوا، وأمّا الثّالِثَةُ فَإنّی اُجیبُکَ: إنّی سَمِعتُ أبی یَقولُ: إنَّ فِی الوَحیِ الَّذی أنزَلَهُ اللهُ عَلی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أنَّهُ إذا قامَتِ القِیامَةُ الکُبری، حَشَرَ اللهُ بَنی اُمَیَّةَ فی صورَةِ الذَّرِّ[1]، یَتَوَطَّؤُهُمُ النّاسُ حَتّی یُفرَغَ مِنَ الحِسابِ، ثُمَّ یُؤتی بِهِم فَیُحاسَبوا ویُصارُ بِهِم إلَی النّارِ[2]

۱۰۲) المناقب والمثالب میں ہے: امام حسین علیہ السلام مسجد النبیؐ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک بنو امیہ خاندان کے شخص کی آواز سنی جو اپنے ساتھیوں سے بات کر رہا تھا اور اپنی بات امام حسین علیہ السلام کو سنوانا چاہتا تھا اور کہہ رہا تھا کہ ہم آل ابو طالب کے ساتھ نبوت میں شریک ہیں اور سبب جو نسبی رشتہ داری میں سے جو کچھ ان کے پاس ہے وہ ہمارے پاس بھی ہے لیکن ہم خلافت تک پہنچ گئے وہ نہ پہنچ سکے۔ بس کس چیز پر ہم پر فخر کر رہے ہیں یہ بات اس نے تین مرتبہ کہی۔

امام حسین علیہ السلام نے اس کی طرف رخ کر کے فرمایا: پہلی مرتبہ جو تو نے کہا میں نے جواب نہیں دیا۔ بردباری کا اظہار کرتے ہوئے، دوسری مرتبہ عفو کرتے ہوئے کچھ نہیں کہا (لیکن) تیسری مرتبہ جب تو نے کہا تو تجھے جواب دے رہا ہوں۔ میں نے اپنے بابا (علیؑ) سے سنا کہ انہوں نے فرمایا: محمدؐ پر جو وحی نازل ہوئی تھی (اس میں یہ آیا ہے) کہ جب قیامت کبریٰ برپا ہوگی تو خدا بنو امیہ کو چیونٹیوں کی طرح محشور کرے گا اور لوگ ان کو اپنے پیروں سے کچلیں گے یہاں تک کہ حساب سے فارغ ہو جائیں۔ پھر بنو امیہ کو لایا جائے گا حساب کے لئے اور (جہنم کی آگ کی) طرف لے کر جائیں گے۔

---

[1] الذَّرُّ: النملُ الأحمر الصغیرُ (النهایة: ج2 ص157، ذرر).
[2] المناقب والمثالب لأبی حنیفة النعمان المغربی: ص200.

البابُ الثّالِثُ: الحکم العقائدیّۃ والسّیاسیّۃ

تیسرا باب: عقائد اور سیاست کے بارے میں حکمتیں

قَالَ الْحُسَيْنُ علیہ السلام:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُونَ وَعَلَى الْاِسْلامِ السَّلامُ!

اِذْ قَدْ بُلِيَتِ الْاُمَّةُ بِرَاعٍ مِثْلَ يَزِيْدَ

وَ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

اَلْخِلَافَةُ مُحَرَّمَةٌ عَلٰى آلِ اَبِيْ سُفْيَانَ۔ [1]

جب مروان بن حکم نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے یزید کی بیعت کرنے کے لئے کہا تو آپ نے فرمایا:

"اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُونَ" پڑھنے کا مقام ہے، اسلام کی بربادی سامنے ہے

کیونکہ امتِ اسلام، یزید جیسے بھیڑیے کے چنگل میں گرفتار ہو چکی ہے

میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے:

''آل ابوسفیان کے لئے خلافت وحکومت حرام ہے۔''

---

[1] موسوعة كلمات الامام الحسين علیہ السلام: ص۲۸۵، ح۲۵۲

الفصل الأَوَّلُ: الإمامة

پہلی فصل: امامت

1/1

أصنافُ الأَئِمَّةِ

رہبروں کے اقسام

103. الفتوح: سارَ [الحُسَينُ عليه السلام] حَتّى إذا بَلَغَ ذاتَ عِرقٍ [1]، فَلَقِيَهُ رَجُلٌ مِن بَني أسَدٍ يُقالُ لَهُ بِشرُ بنُ غالِبٍ، فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ قالَ: رَجُلٌ مِن بَني أسَدٍ.

قالَ: فَمِن أينَ أقبَلتَ يا أخا بَني أسَدٍ؟ قالَ: مِنَ العِراقِ. فَقالَ: كَيفَ خَلَّفتَ أهلَ العِراقِ؟ قالَ: يَابنَ بِنتِ رَسولِ اللهِ، خَلَّفتُ القُلوبَ مَعَكَ وَالسُّيوفَ مَعَ بَني اُمَيَّةَ!

فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: صَدَقتَ يا أخَا العَرَبِ، إنَّ اللهَ تَبارَكَ وتَعالى يَفعَلُ ما يَشاءُ، ويَحكُمُ ما يُرِيدُ.

فَقالَ لَهُ الأَسَدِيُّ: يَابنَ بِنتِ رَسولِ اللهِ، أخبِرني عَن قَولِ اللهِ تَعالى: «يَوْمَ نَدْعُواْ كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَـٰمِهِمْ» [2]

فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: نَعَم يا أخا بَني أسَدٍ، هُما إمامانِ: إمامُ هُدىً دَعا إلى هُدىً، وإمامُ

---

[1] ذات عرق: مهلّ أهل العراق، وهو الحدّ بين نجد وتهامة. وقيل: عرق جبل بطريق مكّة، ومنه ذات عرق (معجم البلدان: ج4ص107).

[2] الإسراء: 71.

ضَلالَةٍ دَعا إلى ضَلالَةٍ، فَهَدى مَن أجابَهُ إلَى الجَنَّةِ، ومَن أجابَهُ إلَى الضَّلالَةِ دَخَلَ النّارَ [1]

۱۰۳) کتاب الفتوح میں ہے: امام حسین کربلا جاتے ہوئے جب (مقام) ذات عرق تک پہنچے تو امام علیہ السلام نے وہاں ایک شخص بنام بشر بن غالب کو دیکھا اور اس سے پوچھا: تم کون سے قبیلے سے ہو؟

اس نے جواب دیا: بنی اسد قبیلے سے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے بنی اسد (قبیلے) کے بھائی، کہاں سے آرہے ہو؟

اس نے کہا؛ عراق سے۔

امام علیہ السلام نے پوچھا: جب تم عراق چھوڑ کر آرہے تھے تو وہ کیسے تھے؟

اس شخص نے کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کے فرزند! ان کو میں نے اس حالت میں چھوڑا کہ ان کے دل آپ کے ساتھ اور ان کی تلواریں بنی امیہ کے ساتھ تھیں۔

امام حسین علیہ السلام نے اسے فرمایا: اے عرب بھائی! تم نے سچ کہا: خدا جو کچھ بھی چاہے وہ کرے گا اور جس کا ارادہ کرے اس کا حکم دے گا،

اس اسدی قبیلے والے نے امامؑ سے پوچھا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کے فرزند! خدا کی اس بات کے بارے میں مجھے بتایئے کہ اس دن ہر انسان کو ان کے رہبروں اور اماموں کے ساتھ بلائیں گے۔

امامؑ نے فرمایا: ہاں اے بنی اسد قبیلے کے بھائی! وہ دو قسم کے رہبر و امام ہوں گے:

۱۔ ہدایت کا رہبر امام جو ہدایت کی طرف دعوت دے گا

۲۔ گمراہی والا امام و رہبر جو غلط راستے کی طرف دعوت دے گا۔

جو بھی آدمی ہدایت والے امام و رہبر کی دعوت کو قبول کرے گا وہ جنت کی طرف جائے گا اور جو گمراہی والے رہبر کی دعوت کا جواب دے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

104. الأمالی عن عبد الله بن منصور عن جعفر بن محمّد عل حَدَّثَنی أبی عَن أبیهِ قالَ:... سارَ الحُسَینُ علیہ السلام وأصحابُهُ، فَلَمّا نَزَلُوا الثَّعلَبِیَّةَ [2] وَرَدَ عَلَیهِ رَجُلٌ یُقالُ لَهُ: بِشرُ بنُ غالِبٍ. فَقالَ:

---

[1] الفتوح: ج5 ص69، مقتل الحسین للخوارزمی: ج1 ص220 وفیه «فهذا ومن أجابه إلی الهدی فی الجنّة وهذا ومن أجابه إلی الضلالة فی النار» بدل «فهدی من أجابه....إلخ»؛ تسلیة المجالس: ج2 ص233.

[2] الثعلبیّة: من منازل طریق مکّة من الکوفة (معجم البلدان: ج2 ص78).

يَابنَ رَسولِ اللهِ، أخبِرنى عَن قَولِ اللهِ عز و جل: «يَوْمَ نَدْعُواْ كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَـمِهِمْ». قالَ: إمامٌ دَعا إلى هُدىً فَأَجابوهُ إلَيهِ، وإمامٌ دَعا إلى ضَلالَةٍ فَأَجابوهُ إلَيها، هؤُلاءِ فِي الجَنَّةِ، وهؤُلاءِ فِي النّارِ، وهُوَ قَولُهُ عز و جل: «فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ» [1].

۱۰۴) امالی شیخ صدوق میں عبداللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے: میرے بابا (امام باقرؑ) نے اپنے بابا (امام سجادؑ) سے میرے لئے نقل کیا کہ۔۔۔۔ جب حسین علیہ السلام (کربلا) جارہے تھے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اور مقام ثعلبیہ تک پہنچے تو امامؑ کے پاس ایک شخص بنام بشر بن غالب آکر کہنے لگا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند مجھے خدا کے اس ارشاد سے باخبر کیجئے۔ اس دن ہر انسان کو ان کے امام و رہبر کے ساتھ بلائیں گے،

امام نے فرمایا: ایک رہبر و امام نے ہدایت کی طرف بلایا اور لوگوں نے اس کی دعوت قبول کی۔ اور دوسرے رہبر و امام نے گمراہی والے راستے کی طرف دعوت دی، لوگوں نے اس کا جواب دیا، تو پہلے والے جنت میں، دوسرے والے جہنم میں جائیں گے اور یہ ہی معنی ہے خدا کے اس ارشاد کی ایک گروہ جنت میں اور ایک گروہ جہنم میں جائے گا۔

105. الخرائج والجرائح عن أبي حمزة عن علىّ بن الحسين عن لَمّا أرادَ عَلِيٌّ أن يَسيرَ إلَى النَّهرَوانِ، استَنفَرَ أهلَ الكوفَةِ وأمَرَهُم أن يُعَسكِروا بِ المَدائِنِ [3]، فَتَأَخَّرَ عَنهُ شَبَثُ بنُ رِبعِيٍّ، وعَمرُو بنُ حُرَيثٍ، وَالأَشعَثُ بنُ قَيسٍ، وجَريرُ بنُ عَبدِ اللهِ البَجَلِيُّ، وقالوا: أتَأذَنُ لَنا أيّاما نَتَخَلَّفُ عَنكَ فى بَعضِ حَوائِجِنا ونَلحَقُ بِكَ؟ فَقالَ لَهُم: قَد فَعَلتُموها، سَوءَةٌ لَكُم مِن مَشايِخَ، فَوَاللهِ ما لَكُم مِن حاجَةٍ تَتَخَلَّفونَ عَلَيها، وإنّي لَأَعلَمُ ما فى قُلوبِكُم وسَأُبَيِّنُ لَكُم: تُريدونَ أن تُثَبِّطوا عَنّي النّاسَ، وكَأَنّي بِكُم بِالخَورَنَقِ [4] وقَد بَسَطتُم سُفرَتَكُم [5] لِلطَّعامِ، إذ يَمُرُّ بِكُم ضَبٌّ [6] فَتَأمُرونَ

---

[1] الشورى: 7.

[2] الأمالى للصدوق: ص217 ح239، بحار الأنوار: ج44 ص313 ح1.

[3] المَدائِنُ: بناها أنوشروان من ملوك فارس وأقام بها هو ومن كان بعده من ملوك بني ساسان،... وفي وقتنا هذا بليدة شبيهة بالقرية بينها وبين بغداد سِتّة فراسخ (معجم البلدان: ج5 ص75).

[4] الخَوَرنَق: قصر كان بظهر الحيرة، وقد أمر ببنائه النعمان بن امرء القيس، وبناه رجل يقال له: سنمّار (معجم البلدان: ج2 ص401).

[5] في المصدر: «سفركم»، والتصويب من بحار الأنوار.

[6] الضَّبّ: حيوان من جنس الزواحف، غليظ الجسم خشنه، وله ذنب عريض حرش أعقد، يكثر في صحارى الأقطار العربيّة (المعجم الوسيط: ج1 ص532 «ضبب»).

صِبيانَكُم فَيَصيدونَهُ، فَتَخلَعُونّي وتُبايِعونَهُ. ثُمَّ مَضى إلَى المَدائِنِ وخَرَجَ القَومُ إلَى الخَورَنَقِ وهَيَّؤوا طَعاما، فَبَينا هُم كَذلِكَ عَلى سُفرَتِهِم وقَد بَسَطوها إذ مَرَّ بِهِم ضَبٌّ، فَأَمَروا صِبيانَهُم فَأَخَذوهُ وأوثَقوهُ ومَسَحوا أيدِيَهُم عَلى يَدِهِ كَما أخبَرَ عَلِيٌّ عليه السلام، وأقبَلوا عَلَى المَدائِنِ. فَقالَ لَهُم أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام: بِئسَ لِلظّالِمينَ بَدَلاً، لَيَبعَثُكُمُ اللهُ يَومَ القِيامَةِ مَعَ إمامِكُمُ الضَّبِّ الَّذي بايَعتُم، لَكَأَنّي أنظُرُ إلَيكُم يَومَ القِيامَةِ وهُوَ يَسوقُكُم إلَى النّارِ. ثُمَّ قالَ: لَئِن كانَ مَعَ رَسولِ اللهِ مُنافِقونَ فَإِنَّ مَعي مُنافِقينَ، أما وَاللهِ يا شَبَثُ ويَابنَ حُرَيثٍ لَتُقاتِلانِ ابنَيِ الحُسَينَ، هكَذا أخبَرَني رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله[1]

۱۰۵) خرائج و جرائح میں ابوحمزہ نے امام زین العابدینؑ سے نقل کیا ہے کہ جب علی علیہ السلام نہروان جانا چاہتے تھے تو کوفے والوں سے تیار ہونے کو کہا اور ان کو حکم دیا کہ مدائن میں خیمے لگائیں لیکن شیث بن زبعی، عمرو بن فریث، اشعث بن قیس اور جریر بن عبداللہ بجلی نے سستی کی اور کہنے لگے: کیا آپ ہمیں اجازت دیتے ہیں کہ آپ سے کچھ دن دیر بعد ہم حرکت کریں۔ تاکہ ہم اپنے کچھ کام انجام دیں۔ اور پھر آ کر آپ سے ملحق ہوں گے؟

امامؑ نے ان سے کہا: یہ جو کچھ تم نے کیا ہے اے بزرگو! حیف ہو تمہاری حالت پر، خدا کی قسم، تمہیں کوئی کام نہیں ہے جس کی وجہ سے دیر کرو اور مجھے پتہ ہے کہ تمہارے دلوں میں کیا گزر رہا ہے اور تمہیں بتا رہا ہوں۔ تم لوگ، لوگوں کو میرے ساتھ چلنے سے روکنا چاہتے ہو اور میں دیکھ رہا ہوں مقام خورنق میں تم اپنی غذا کا دسترخوان بچھا رہے ہو اور تمہارے نزدیک سے حشرات گزر رہے ہیں اور تم اپنے بچوں کو ان کے شکار کا حکم دے رہے ہو اور مجھے خلافت سے جدا کر کے اس کی بیعت کرنا چاہتے ہو۔

پھر امامؑ مدائن چلے گئے اور وہ خورنق (ایک خاص مقام) گئے اور جب غذا تیار کر کے اپنے دسترخوان پر بیٹھنے لگے تو ان کے نزدیک سے ایک حشرات گزرا۔ انہوں نے اپنے بچوں کو انکے شکار کا حکم دیا اور انہیں حکم دیا کہ ان کو بند کرنے کا پھر اس پر انہوں نے ہاتھ (بیعت کی نشانی) پھیرا، جس طرح علی علیہ السلام نے بتایا تھا۔ پھر وہ مدائن گئے اور علی علیہ السلام نے انہیں فرمایا: ظالموں کے لئے سخت انجام ہے بغیر شک کے خدا قیامت کے دن تمہیں اپنے رہبر کے ساتھ، حشرات کے ساتھ محشور کرے گا جس کے ساتھ تم نے بیعت کی ہے اور اس لئے کہ میں قیامت کے دن کو دیکھ رہا ہوں، جہاں ہر حشرات تم لوگوں کو جہنم کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

---

[1] الخرائج والجرائح: ج1 ص225، بحار الأنوار: ج33 ص384 ح614.

پھر علی علیہ السلام نے فرمایا: اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منافق تھے تو میرے ساتھ بھی منافق ہیں۔

ہاں! خدا کی قسم! اے شبث اور حُریث کے بیٹے، تم لوگ میرے بیٹے حسین علیہ السلام کے ساتھ جنگ کرو گے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یہ ہی خبر دی ہے۔

1/2

صِفَةُ اِمامِ الهُدی

ہدایت والے رہبر کی صفت

106. تاريخ الطبری عن محمّد بن بِشْر الهمدانی: كَتَبَ [أبي الحُسَين عليه السلام إلى أهلِ الكوفَةِ] مَعَ هانِئِ بنِ هانِئٍ السَّبيعِيّ وسَعيدِ بنِ عَبدِاللهِ الحَنَفِيّ. وكانا آخِرَ الرُّسُلِ: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ مِن حُسَينِ بنِ عَلِيٍّ إلَى المَلَأِ مِنَ المُؤمِنينَ وَالمُسلِمينَ. أمّا بَعدُ، فَإنَّ هانِئا وسَعيدا قَدِما عَلَيَّ بِكُتُبِكُم، وكانا آخِرَ مَن قَدِمَ عَلَيَّ مِن رُسُلِكُم، وقَد فَهِمتُ كُلَّ الَّذي اقتَصَصتُم وذَكَرتُم، ومَقالَةَ جُلِّكُم: إنَّهُ لَيسَ عَلَينا إمامٌ، فَأقبِل لَعَلَّ اللهَ أن يَجمَعَنا بِكَ عَلَى الهُدى وَالحَقِّ. وقَد بَعَثتُ إلَيكُم أخي وَابنَ عَمّي وثِقَتي مِن أهلِ بَيتي، وأمَرتُهُ أن يَكتُبَ إلَيَّ بِحالِكُم وأمرِكُم ورَأيِكُم، فَإن كَتَبَ إلَيَّ أنَّهُ قَد أجمَعَ رَأيُ مَلَئِكُم وذَوِي الفَضلِ وَالحِجا [1] مِنكُم عَلى مِثلِ ما قَدِمَت عَلَيَّ بِهِ رُسُلُكُم وقَرَأتُ في كُتُبِكُم، أقدَمُ عَلَيكُم وَشيكا إن شاءَ اللهُ، فَلَعَمري مَا الإمامُ إلاَّ العامِلُ بِالكِتابِ، وَالآخِذُ بِالقِسطِ، وَالدّائِنُ بِالحَقِّ، وَالحابِسُ نَفسَهُ عَلى ذاتِ اللهِ. وَالسَّلامُ [2]

۱۰۶) تاریخ طبری میں محمد بن بشر ھمدانی سے نقل ہے (امام حسین علیہ السلام) نے ایک خط (کوفے والوں) کی طرف لکھا اور وہ خط ھانی بن ھانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی جو کہ کوفے والوں کی طرف آخری بھیجنے والے افراد تھے۔ کو دیکر بھیجا: مہربان اور غفور خدا کے نام سے، حسین بن علی علیہما السلام کی طرف سے مومنوں اور مسلمانوں کے ایک گروہ

---

[1] ذَوی الحِجا: أی ذَوی العقول (النهاية: ج1 ص348، حجا).

[2] تاريخ الطبری: ج5 ص353، الكامل في التاريخ: ج2 ص534، الفتوح: ج5 ص30، مقتل الحسين للخوارزمی: ج1 ص195؛ الإرشاد: ج2 ص39، المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص9 كلّها نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص334 وراجع: الأخبار الطوال: ص230 ومثير الأحزان: ص26 وإعلام الورى: ج1 ص236.

کیلئے، اس کے بعد ھانی اور سعید تمہارے خدا میرے پاس لے کر آئے تھے اور تمہاری طرف سے آخری بھیجے گئے افراد تھے۔

جو کچھ تم لوگوں نے کہا اور تم سب کی بات یہ تھی کہ ہمارے پاس رہبر نہیں ہے ہماری طرف آجاؤ اور ہمیں ہدایت اور حق پر جمع کرو۔ میں نے اپنے بھائی، چچا کے بیٹے کو جو قابل اعتماد شخص ہے میرے خاندان سے، تمہاری طرف بھیجا ہے اور اسے میں نے کہا ہے کہ حالات اور تمہارے نظریات میرے پاس لکھ کر بھیجے۔ اگر اس نے مجھے لکھا کہ تمہارے بزرگوں کی نظر ویسے ہی ہے جیسے تمہارے بھیجے گئے افراد نے میرے لئے لائی تھی تو میں تمہارے پاس جلدی میں آجاؤں گا، انشاء اللہ، مجھے اپنی جان کی قسم، رہبر فقط وہی ہوسکتا ہے جو قرآن پر عمل کرتا ہو اور عدالت کے (راستے) پر چلتا ہو اور حق کے سامنے سر تسلیم خم کر کے خود کو خدا کی راہ کے لئے وقف کیا ہو۔ والسلام

1/3

دَورُ الإمامَةِ فِي المُجتَمَعِ

معاشرے میں رہبریت کا کردار

107. الأمالی بإسناده عن الحسين بن علیّ عن علیّ بن أبی عن رسول الله صلی الله علیه و آله عن جبرئيل علیه السلام عن الله تعالی: وعِزَّتی وجَلالی لَأُعَذِّبَنَّ كُلَّ رَعِيَّةٍ فِي الإسلامِ دانَت بِوِلايَةِ إمامٍ جائِرٍ لَيسَ مِنَ اللهِ عز و جل، وإن كانَتِ الرَّعِيَّةُ فی أعمالِها بَرَّةً تَقِيَّةً، ولَأَعفُوَنَّ عَن كُلِّ رَعِيَّةٍ دانَت لِوِلايَةِ إمامٍ عادِلٍ مِنَ اللهِ تَعالی وإن كانَتِ الرَّعِيَّةُ فی أعمالِها طالِحَةً مُسيئَةً. قالَ عَبدُ اللهِ بنُ أبی يَعفورٍ: سَأَلتُ أبا عَبدِ اللهِ الصّادِقَ علیه السلام مَا العِلَّةُ أن لا دينَ لِهؤُلاءِ، ولا عَتَبَ عَلى هؤُلاءِ؟ قالَ: لِأَنَّ سَيِّئاتِ الإمامِ الجائِرِ تَغمُرُ حَسَناتِ أولِيائِهِ، وحَسَناتِ الإمامِ العادِلِ تَغمُرُ سَيِّئاتِ أولِيائِهِ[1]

۱۰۷) امالی شیخ طوسی میں امام حسین علیہ السلام نے اپنے بابا علی علیہ السلام سے اور انہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور انہوں نے جبرائیلؑ سے اور انہوں نے خدا سے، مجھے اپنی عزت اور جلالت کی قسم، ہر اس مسلمان قوم کو ضرور عذاب کروں گا جس نے خود کو ظالم حاکم۔ یعنی ایسا حاکم جو خدا کی طرف سے معین نہ ہوا ہو۔ کے حوالے کیا ہو۔ اگرچہ وہ اپنے

[1] الأمالی للطوسی: ص 634 ح 1308 عن حبيب السجستانی عن الإمام الباقر عن الإمام زين العابدين عليهما السلام، بحار الأنوار: ج 27 ص 201 ح 69 و 70.

اعمال میں نیک اور پرہیزگار ہوں، اور جو مسلمان رعیت ہو اور اس عادل حاکم کے سامنے سر تسلیم خم کیا ہو جو خدا کی طرف سے معین ہو، اس کے گناہوں سے درگزر کروں گا، اگرچہ وہ رعیت یا قوم گناہگار ہو۔

عبداللہ بن یعفور کہتا ہے: میں نے امام صادق علیہ السلام سے پوچھا: کیا سبب ہے کہ ان کے پاس دین نہیں ہے اور نہ ہی ان پر کوئی ملامت ہے؟

امامؑ نے فرمایا: کیونکہ ظالم حاکم کے بڑے کام ان کی نیکیوں کو ڈھانپ لیتے ہیں اور نیک امام عادل کی نیکیاں ان کے سامنے تسلیم ہونے والوں کے گناہوں کو ڈھانپ لیتی ہیں۔

الفصل الثّانی: الأُمّة

دوسری فصل: امت

2/1

سَبَبُ صَلاحِ الأُمَّةِ وسَبَبُ هَلاكِها

امت کے ہلاک ہونے اور ہلاک نہ ہونے کے اسباب

108. الخصال عن فاطمة بنت الحسين عن أبيها عليه السلام: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: إنَّ صَلاحَ أوَّلِ هذِهِ الأُمَّةِ بِالزُّهدِ وَاليَقينِ، وهَلاكَ آخِرِها بِالشُّحِّ [1] وَالأَمَلِ [2]

۱۰۸) کتاب خصال میں امام حسین علیہ السلام کی بیٹی فاطمہؑ اپنے بابا سے نقل کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس امت کی کامیابی اور عزت کا سب سے پہلا سبب، زہد اور یقین ہے اور امت کے ہلاک ہونے کا آخری سبب بخل اور آرزو ہے۔

109. الأمالي بإسناده عن الحسين بن علي عن أبيه علي بن قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: لا تَزالُ أُمَّتي بِخَيرٍ ما تَحابّوا، وأقامُوا الصَّلاةَ، وآتَوُا الزَّكاةَ، وقَرَوُا [3] الضَّيفَ، فَإن لَم يَفعَلُوا ابتُلوا بِالسِّنينَ [4] وَالجَدبِ [5]

۱۰۹) کتاب امالی میں امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: ''میری امت''

---

[1] الشُحُّ: أشدُّ البُخل (النهاية: ج2 ص448، شحح).

[2] الخصال: ص79 ح128، الأمالي للصدوق: ص297 ح333، بحار الأنوار: ج70 ص173 ح24 وراجع: روضة الواعظين: ص474.

[3] قريتُ الضيف قرىً: أحسنت إليه (الصحاح: ج6 ص2491، قرا).

[4] أخذتهم السَّنَةُ: إذا أجدبوا وأُقحِطوا (النهاية: ج2 ص413، سنه).

[5] الأمالي للطوسي: ص647 ح1340 عن محمّد بن صدقة عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج2 ص29 ح25، صحيفة الإمام الرضا عليه السلام: ص85 ح12 كلاهما عن أحمد بن عامر الطائي عن الإمام الرضا عن آبائه عنه عليهم السلام نحوه، بحار الأنوار: ج69 ص405 ح110.

جب تک ایک دوسرے سے محبت کرتی رہے گی، نماز پڑھتی رہے گی اور زکوٰۃ دیتی رہے گی اور مہمان کا خیال کرتے رہے گی تو ہمیشہ خیر اور نیکی میں رہے گی۔ اگر ایسے نہیں کرے گی تو خشک سالی اور قحط میں مبتلا ہوجائے گی۔

2/2

سَبَبُ ذِلَّةِ الأُمَّةِ

امت کی ذلت کا سبب

110. الإرشاد عن الإمام الحسين عليه السلام: وَاللهِ لا يَدَعونى حَتّى يَستَخرِجوا هذِهِ العَلَقَةَ [1] مِن جَوفى، فَإذا فَعَلوا سَلَّطَ اللهُ عَلَيهِم مَن يُذِلُّهُم حَتّى يَكونوا أذَلَّ فِرَقِ الأُمَمِ [2]

۱۱۰) کتاب ارشاد میں ہے امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم، مجھے نہیں چھوڑیں گے جب یہ (میرے دل کا) خون اندر سے نکال کر باہر نہ جاری کریں، جب ایسے کریں گے تو خدا ان پر ایسے شخص کو مسلط کرے جو ان کو ذلیل بنائے اور ساری امت سے زیادہ ذلیل وخوار ہوجائیں۔

111. الطبقات الكبرى عن يزيد الرشك: حَدَّثَنى مَن شافَهَ الحُسَينَ عليه السلام قالَ:... قُلتُ: بِأَبى وأُمّى يَابنَ رَسولِ اللهِ، ما أنزَلَكَ هذِهِ البِلادَ وَالفَلاةَ الَّتى لَيسَ بِها أحَدٌ؟ قالَ: هذِهِ كُتُبُ أهلِ الكوفَةِ إلَىَّ، ولا أراهُم إلاّ قاتِلِىَّ، فَإذا فَعَلوا ذلِكَ لَم يَدَعوا للهِ حُرمَةً إلاّ انتَهَكوها؛ فَيُسَلِّطُ اللهُ عَلَيهِم مَن يُذِلُّهُم، حَتّى يَكونوا أذَلَّ مِن فَرَمِ [3] الأَمَةِ [4]

۱۱۱) طبقات کبریٰ میں، یزید رشک سے منقول ہے کہ اس شخص نے خود مجھے بتایا کہ جس نے امام حسین علیہ السلام سے گفتگو کی تھی: میں نے امام حسین علیہ السلام سے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان: اے رسول خداؐ کے فرزند، کونسی چیز

---

[1] العَلَقُ: الدم الغليظ، والقطعة منه علقة (الصحاح: ج 4 ص 1529، علق).

[2] الإرشاد: ج 2 ص 76، إعلام الورى: ج 1 ص 448، بحار الأنوار: ج 44 ص 375.

[3] .فرم الأمة: قيل هو خرقة الحيض (النهاية: ج 3 ص 441، فرم).

[4] الطبقات الكبرى (الطبقة الخامسة من الصحابة): ج 1 ص 458 ح 441، سير أعلام النبلاء: ج 3 ص 305، تاريخ دمشق: ج 14 ص 216، تاريخ الإسلام للذهبى: ج 5 ص 11، بغية الطلب فى تاريخ حلب: ج 6 ص 2616؛ تسلية المجالس: ج 2 ص 236 كلاهما نحوه، بحار الأنوار: ج 44 ص 368 وراجع: مقتل الحسين للخوارزمى: ج 1 ص 226 والفتوح: ج 5 ص 71 ومثير الأحزان: ص 46.

آپ کو اس سرزمین اور ایسے بیابان میں جس میں کوئی نہیں رہتا (یعنی کربلا) لے کر آئی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ کوفیوں کے خط ہیں میرے پاس اور میں ان کو اپنا قاتل سمجھتا ہوں کیونکہ قتل چاہتے ہیں، خدا کی کسی بھی حد کا خیال نہیں کریں گے، سوائے اس کے کہ اس حد کی بے احترامی کریں۔ بس خدا ان پر ایسے شخص کو مسلط کرے گا کہ ایسے ان کو ذلیل کرے گا حیض کے پرانے اور گندے کپڑے سے بھی زیادہ۔

112.تاريخ الطبرى عن حميد بن مسلم: سَمِعتُهُ [الحُسَينَ عليه السلام] يَقولُ قَبلَ أن يُقتَلَ...: أما وَاللهِ أن لَو قَد قَتَلتُموني لَقَد ألقَى اللهُ بَأسَكُم بَينَكُم، وسَفَكَ دِماءَكُم، ثُمَّ لا يَرضى لَكُم حَتّى يُضاعِفَ لَكُمُ العَذابَ الأَليمَ [1]

۱۱۲) تاریخ طبری میں حمید بن مسلم سے نقل ہے: امام حسین علیہ السلام کو شہید ہونے سے پہلے میں نے کہتے ہوئے سنا: ہاں، خدا کی قسم، اگر مجھے قتل کرے گے تو خدا تمہارے درمیان خوف ڈالے گا اور خونریزی کرائے گا اور اسی پر اکتفا نہیں کرے بلکہ تمہیں دردناک عذاب کرے گا۔

113.مقتل الحسين . فى وَقائِعِ عاشوراءَ .: ثُمَّ حَمَلَ [الحُسَينُ عليه السلام] عَلَيهِم كَاللَّيثِ المُغضَبِ... وَالسِّهامُ تَأخُذُهُ مِن كُلِّ ناحِيَةٍ وهُوَ يَتَلَقّاها بِنَحرِهِ وصَدرِهِ ويَقولُ: يا أُمَّةَ السَّوءِ، بِئسَما خَلَفتُم مُحَمَّدا فى عِترَتِهِ. أما إنَّكُم لَن تَقتُلوا بَعدى عَبدا مِن عِبادِ اللهِ الصّالِحينَ فَتَهابوا قَتلَهُ، بَل يَهونُ عَلَيكُم عِندَ قَتلِكُم إيّاىَ. وَايمُ اللهِ إنّى لَأَرجو أن يُكرِمَنى رَبّى بِهَوانِكُم، ثُمَّ يَنتَقِمُ مِنكُم مِن حَيثُ لا تَشعُرونَ. فَصاحَ بِهِ الحُصَينُ بنُ مالِكٍ السَّكونِىُّ: يَابنَ فاطِمَةَ، بِماذا يَنتَقِمُ لَكَ مِنّا؟ فَقالَ: يُلقى بَأسَكُم بَينَكُم، ويَسفِكُ دِماءَكُم، ثُمَّ يَصُبُّ عَلَيكُمُ العَذابَ الأَليمَ [2]

۱۱۳) مقتل حسین علیہ السلام، خوارزمی، دس محرم کے واقعات میں لکھتا ہے: جب امام حسین بھوکے شیر کی طرح ان (لشکر یزید) پر حملہ کیا اور تیر ہر طرف سے امامؑ کو لگ رہے تھے اور سینے و گلے تک پہنچ چکے تھے۔ تو امام علیہ السلام فرما رہے تھے اے خراب امت! تم نے نبیؐ کے بعد اس کے خاندان سے بُرا کیا۔ ہاں مجھے قتل کرنے کے بعد تم کسی بھی نیک بندے کو قتل کرنے سے خوف نہیں کھاؤ گے۔ بلکہ جب تم نے مجھے قتل کر دیا تو دوسرا آدمی جو بھی ہو تمہارے لئے قتل کرنا آسان ہوگا۔

---

[1] تاريخ الطبرى: ج5 ص452، الكامل فى التاريخ: ج2 ص572.

[2] .مقتل الحسين للخوارزمى: ج2 ص34، الفتوح: ج5 ص118؛ تسلية المجالس: ج2 ص319، بحار الأنوار: ج45 ص52.

خدا کی قسم، مجھے اُمید ہے کہ میرا خدا مجھے تمہیں ذلیل کر کے عزیز بنائے گا اور ایسی جگہ سے تم لوگوں سے انتقام لے گا کہ تمہیں پتہ بھی نہیں چلے گا۔

(اس جگہ پر) حصین بن مالک سکونی سے بلند آواز سے کہا: اے فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بیٹے! خدا ہم سے کس چیز کے ذریعے انتقام لے گا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے درمیان اختلاف، جھگڑا، ڈالے گا اور تمہارے درمیان جنگ وقتل آجائے گا اور تمہارے لئے دردناک عذاب بھیجے گا۔

114. الملهوف: لَمّا أصبَحَ [الحُسَينُ عليه السلام] فَإذا هُوَ بِرَجُلٍ مِن أهلِ الكوفَةِ يُكَنّى أبا هِرَّةَ الأَزدِيَّ، فَلَمّا أتاهُ سَلَّمَ عَلَيهِ، ثُمَّ قالَ: يَابنَ رَسولِ اللهِ، مَا الَّذى أخرَجَكَ مِن حَرَمِ اللهِ وحَرَمِ جَدِّكَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله؟ فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: وَيحَكَ يا أبا هِرَّةَ! إنَّ بَنى اُمَيَّةَ أخَذوا مالى فَصَبَرتُ، وشَتَموا عِرضى فَصَبَرتُ، وطَلَبوا دَمى فَهَرَبتُ، وَايمُ اللهِ لَتَقتُلُنِى الفِئَةُ الباغِيَةُ، ولَيُلبِسَنَّهُمُ اللهُ ذُلاً شامِلاً، وسَيفا قاطِعا، ولَيُسَلِّطَنَّ اللهُ عَلَيهِم مَن يُذِلُّهُم حَتّى يَكونوا أذَلَّ مِن قَومِ سَبَأٍ [1]، [2]

۱۱۴) ملہوف میں ہے: (امام حسین علیہ السلام) جب صبح کر چکے تو ایک شخص بنام ابوھرہ آزدی کو دیکھا جس نے آکر سلام کیا اور کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے! کس چیز کی وجہ سے آپ خدا کے حرم سے اور اپنے نانا کے حرم سے باہر آ گئے؟

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: وائے ہو تم پر اے ابوھرہ! بنو امیہ نے میرے مال کو لیا تو صبر کیا، میرے شان میں گستاخی کی تو بھی میں نے صبر کیا۔ میرا خون بہانا چاہتے تھے تو میں باہر آ گیا۔

خدا کی قسم، یہ ظالم گروہ مجھے قتل کرے گا اور خدا ان کو ذلت کا لباس پہنائے گا اور تیز تلوار کو ان پر حاکم مقرر کرے گا۔ خدا ان پر ایسے شخص کو مسلط کرے گا جو ان کو قوم سبا سے بھی زیادہ ذلیل وخوار کرے گا۔

115. الملهوف: قالَ [الحُسَينُ عليه السلام] لِأَصحابِهِ: قوموا رَحِمَكُمُ اللهُ إلَى المَوتِ [3] الَّذى لابُدَّ

---

[1] الظاهر أنه إشارة إلى الآيات 15 إلى 19 من سورة سبأ.

[2] الملهوف: ص 132، مثير الأحزان: ص 46 وفيه «أبو هرة الأسدى»، بحار الأنوار: ج 44 ص 368؛ الفتوح: ج 5 ص 71، مقتل الحسين للخوارزمى: ج 1 ص 226.

[3] في المصدر تكرّرت عبارة: «إلى الموت»، وقد حذفناها تبعا لنسخة بحار الأنوار.

مِنهُ، فَإنَّ هذِهِ السِّهامَ رُسُلُ القَومِ إلَيكُم. فَاقتَتَلوا ساعَةً مِنَ النَّهارِ حَملَةً وحَملَةً، حَتّى قُتِلَ مِن أصحابِ الحُسَينِ عليه السلام جَماعَةٌ. قالَ: فَعِندَها ضَرَبَ الحُسَينُ عليه السلام يَدَهُ عَلى لِحيَتِهِ وجَعَلَ يَقولُ: اِشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلَى اليَهودِ إذ جَعَلوا لَهُ وَلَدا، وَاشتَدَّ غَضَبُهُ عَلَى النَّصارى إذ جَعَلوهُ ثالِثَ ثَلاثَةٍ، وَاشتَدَّ غَضَبُهُ عَلَى المَجوسِ إذ عَبَدُوا الشَّمسَ وَالقَمَرَ دونَهُ، وَاشتَدَّ غَضَبُهُ عَلى قَومٍ اتَّفَقَت كَلِمَتُهُم عَلى قَتلِ ابنِ بِنتِ نَبِيِّهِم [1]

۱۱۵) کتاب ملھوف میں ہے: امام حسین علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: موت کی طرف جاؤ کیونکہ اس سے فرار نہیں ہے اور یہ تیرا اور لوگوں کے پیغام آپ کے لئے ہیں امام علیہ السلام کے ساتھیوں نے ایک ایک ہو کر جنگ کی، یہاں تک کہ ان میں سے کچھ شہید ہو گئے۔ اس وقت امام علیہ السلام اپنے محاسن (داڑھی) پر ہاتھ پھیر کر اس طرح کہنے لگے: یہودیوں پر خدا کا غضب اس وقت زیادہ ہوا جب خدا کے لئے فرزند کے قائل ہوئے اور عیسائیوں پر اور زیادہ غضب کیا جب انہوں نے خدا کو تین خدا میں سے ایک سمجھا اور خدا کا غضب ان لوگوں پر زیادہ ہوا جنہوں نے اپنے نبی کی بیٹی کے بیٹے کو قتل کیا۔

2/3

مِن بَلايا هذِهِ الأُمَّةِ

اس امت کی مشکلات میں سے

116. نزهة الناظر: مَرَّ المُنذِرُ بنُ الجارودِ بِالحُسَينِ عليه السلام فَقالَ: كَيفَ أصبَحتَ. جَعَلَنِيَ اللهُ فِداكَ، يَابنَ رَسولِ اللهِ؟ فَقالَ عليه السلام: أصبَحنا وأصبَحَتِ العَرَبُ تَعتَدُّ عَلَى العَجَمِ بِأَنَّ مُحَمَّدا صلى الله عليه وآله مِنها، وأصبَحَتِ العَجَمُ مُقِرَّةً لَها بِذلِكَ، وأصبَحنا وأصبَحَت قُرَيشٌ يَعرِفونَ فَضلَنا ولا يَرَونَ ذلِكَ لَنا، ومِنَ البَلاءِ عَلى هذِهِ الأُمَّةِ أنّا إذا دَعَوناهُم لَم يُجيبونا، وإذا تَرَكناهُم لَم يَهتَدوا بِغَيرِنا [2]

---

[1] الملهوف: ص 158، مثير الأحزان: ص 58 عن عدي بن حرملة وفيه ذيله من «ضرب الحسين عليه السلام»، تسلية المجالس: ج 2 ص 278 نحوه، بحار الأنوار: ج 45 ص 12؛ الفتوح: ج 5 ص 101، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 2 ص 9 كلاهما نحوه.

[2] نزهة الناظر: ص 85 ح 20 وراجع: المناقب للكوفي: ج 2 ص 109 والطبقات الكبرى: ج 5 ص 219 وتاريخ دمشق: ج 41 ص 396.

۱۱۶) نزھۃ الناظر میں ہے: منذر بن جارود امام حسین علیہ السلام کے قریب سے گذرا اور امام علیہ السلام سے کہا: خدا مجھے آپ پر قربان کرے، اے رسول خداؐ کے فرزند، آپ کیسے ہیں؟

امامؑ نے فرمایا: ہم اس حالت میں ہیں کہ عرب، عجم پر فخر کررہے ہیں کہ محمدؐ ان میں سے ہیں اور عجم بھی اسی بات کے سامنے سرتسلیم ہیں اور قریش ہماری فضیلت کو سمجھ رہے ہیں اور وہ اس کو سمجھ نہیں رہے ہیں اور اس امت کی مشکلات میں ایک یہ بھی ہے کہ ہم اگر انہیں بلاتے ہیں تو ہماری بات کا جواب نہیں دیتے اور اگر انہیں چھوڑ دیں تو ہمارے علاوہ کسی اور کے ذریعے ہدایت نہیں پاتے۔

117. الفتوح عن الإمام الحسين عليه السلام. فيجَوابِهِ لِمَروانَ لَمّا قالَ لَهُ: إنّي آمُرُ: إنّا للهِ وإنّا إلَيهِ راجِعونَ، وعَلَى الإسلامِ السَّلامُ إذ قَد بُلِيَتِ الأُمَّةُ بِراعٍ مِثلِ يَزيدَ[1]

۱۱۷) الفتوح: امام حسین علیہ السلام سے ہے (جب مروان کے جواب میں فرمایا: انا للہ وانا الیہ راجعون (ہم خدا کی طرف سے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جائیں گے) ابھی جب امت یزید جیسے آدمی کی حکومت میں گرفتار ہوگئی ہے تو اسلام کو خدا حافظ کہنا چاہیے۔

118. الملهوف عن الإمام الحسين عليه السلام. في جَوابِهِ لِمَروانَ حينَ قالَ لَهُ: إنّي آمُرُ: إنّا للهِ وإنّا إلَيهِ راجِعونَ، وعَلَى الإسلامِ السَّلامُ إذ قَد بُلِيَتِ الأُمَّةُ بِراعٍ مِثلِ يَزيدَ، ولَقَد سَمِعتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: «الخِلافَةُ مُحَرَّمَةٌ عَلى آلِ أبي سُفيانَ». وطالَ الحَديثُ بَينَهُ وبَينَ مَروانَ، حَتّى انصَرَفَ مَروانُ وهُوَ غَضبانُ[2]

۱۱۸) ملھوف میں ہے: جب مروان نے امام حسین علیہ السلام کو یزید کی بیعت کا حکم دیا اور کہا کہ یہ بیعت آپ کے دین و دنیا کے لئے بہتر ہے،

امامؑ نے فرمایا: انا للہ وانا الیہ راجعون، جب امت یزید جیسے کی حکومت میں گرفتار ہوگئی ہے تو اسلام پر فاتحہ پڑھنی چاہیے میں نے اپنے نانا نبیؐ سے سنا کہ انہوں نے فرمایا: خلافت ابوسفیان کے خاندان پر حرام ہے (یہاں پر)

---

[1] الفتوح: ج 5 ص 17، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 1 ص 184؛ الملهوف: ص 99، تسلية المُجالس: ج 2 ص 153 وفيه «العفا» بدل «السلام»، بحار الأنوار: ج 44 ص 326 وراجع: مثير الأحزان: ص 25.

[2] الملهوف: ص 99، مثير الأحزان: ص 24 نحوه، بحار الأنوار: ج 44 ص 326؛ الفتوح: ج 5 ص 17، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 1 ص 184 كلاهما نحوه.

امامؑ اور مروان کے درمیان گفتگو زیادہ ہوئی، یہاں تک کہ مروان، غصے سے واپس چلا گیا۔

2/4

الإستِغلالُ مِن جَماعَةِ الأُمَّةِ

امت کے متحد ہونے کے مفہوم سے غلط مطلب نکالنا

119.تاريخ الطبرى عن عقبة بن سمعان: لَمّا خَرَجَ الحُسَينُ عليه السلام مِن مَكَّةَ، اعتَرَضَهُ رُسُلُ عَمرِو بنِ سَعيدِ بنِ العاصِ، عَلَيهِم يَحيَى بنُ سَعيدٍ، فَقالوا لَهُ: اِنصَرِف؛ أينَ تَذهَبُ؟ فَأَبى عَلَيهِم ومَضى، وتَدافَعَ الفَريقانِ فَاضطَرَبوا بِالسِّياطِ. ثُمَّ إنَّ الحُسَينَ عليه السلام وأصحابَهُ امتَنَعُوا امتِناعا قَوِيّا، ومَضَى الحُسَينُ عليه السلام عَلى وَجهِهِ، فَنادَوهُ: يا حُسَينُ، ألا تَتَّقِي اللهَ! تَخرُجُ مِنَ الجَماعَةِ وتُفَرِّقُ بَينَ هذِهِ الأُمَّةِ؟ فَتَأَوَّلَ [1] حُسَينٌ قَولَ اللهِ عز و جل: «لِي عَمَلِي وَ لَكُمْ عَمَلُكُمْ أَنتُم بَرِيئونَ مِمّآ أَعْمَلُ وَ أَنَا بَرِىءٌ مِّمّا تَعْمَلُونَ» [2] [3]

۱۱۹) تاریخ طبری میں عقبہ بن سمعان سے منقول ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام مکہ سے باہر آتے تو عمرو بن سعید بن عاص کے بھیجے ہوئے لوگ، یحییٰ بن سعید کی رہبری میں امام کا راستہ روک کر کہا: واپس لوٹ جاؤ، کہاں جا رہے ہو؟ امام حسین علیہ السلام نے انکار کیا اور چلے گئے اور دو گروہ تازیانہ سے ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے جب امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں نے شدت سے (ان کی پیروی کا) انکار کیا اور امام حسین علیہ السلام اپنا راستہ لے کر چلے تو وہ لوگ بلند آواز سے فریاد کر کے کہنے لگے: اے حسین علیہ السلام! کیا خدا سے نہیں ڈر رہے ہو؟ جماعت سے باہر جا کر امت میں تفرقہ ڈال رہے ہو؟

امام حسین علیہ السلام نے (جواب دیا) دلیل کے طور پر خدا کا ارشاد فرمایا: میں اپنے عمل کا ذمہ دار ہوں اور تم اپنے

---

[1] التَّأويلُ: نقل ظاهر اللفظ عن وضعه الأصلي إلى ما يحتاج إلى دليل لولاه ما تُرك ظاهر اللَّفظ (النهاية: ج 1 ص 80 «أول»).

[2] يونس: 41.

[3] تاريخ الطبرى: ج5 ص385، أنساب الأشراف: ج3 ص375 وليس فيه ذيله من «وتفرّق»، مقتل الحسين للخوارزمى: ج1 ص220 نحوه؛ الإرشاد: ج2 ص68 وليس فيه ذيله من «ومضى»، مثير الأحزان: ص39، بحار الأنوار: ج44 ص365.

عمل کے جو کچھ میں کر رہا ہوں تم اس سے بیزار ہو، اور میں اس سے بیزار ہوں جو تم کر رہے ہو۔

120.تاريخ الطبرى عن الحسين بن عقبة المرادى: قالَ الزُّبَيدِيُّ: إنَّهُ سَمِعَ عَمرَو بنَ الحَجّاجِ حينَ دَنا مِن أصحابِ الحُسَينِ عليه السلام يَقولُ: يا أهلَ الكوفَةِ! الزَموا طاعَتَكُم وجَماعَتَكُم، ولا تَرتابوا فى قَتلِ مَن مَرَقَ مِنَ الدّينِ وخالَفَ الإمامَ! فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: يا عَمرَو بنَ الحَجّاجِ! أعَلَيَّ تُحَرِّضُ النّاسَ؟ أنَحنُ مَرَقنا وأنتُم ثَبَتُّم عَلَيهِ؟ أما وَاللهِ لَتَعلَمُنَّ لَو قَد قُبِضَت أرواحُكُم ومِتُّم عَلى أعمالِكُم، أيَّنا مَرَقَ مِنَ الدّينِ، ومَن هُوَ أولى بِصُلِيِّ النّارِ![1]

۱۲۰) تاریخ طبری میں حسین بن عقبہ مرادی سے منقول ہے: زبیدی نے نقل کیا ہے کہ عمرو بن حجاج جب امام حسین علیہ السلام کے ساتھیوں کے نزدیک ہوا تو انہیں کہا: اے کوفیو! (خلیفہ کی) اطاعت اور جماعت کا ساتھ دینے پر پابند رہو اور اس شخص کو قتل کرنے میں شک نہ کرو جو دین سے خارج ہو گیا ہو اور رہبر سے مخالفت کر چکا ہو۔

امام حسین علیہ السلام نے اسے فرمایا: اے عمرو بن حجاج! کیا لوگوں کو میرے خلاف بھڑکا رہے ہو؟ کیا ہم دین سے خارج ہو گئے ہیں اور تم دین پر باقی ہو؟

ہاں خدا کی قسم! جب تمہاری روح قبض ہوئی اور تم اپنے انہیں اعمال کے ساتھ مرے تو تمہیں پتہ چلے گا کہ ہم میں سے دین سے خارج کون ہے اور کون جہنم میں جانے کا زیادہ حقدار ہے۔

2/5

اِفتِراقُ الأُمَّةِ بَعدَ النَّبِيِّ

نبی کے بعد، امت میں تفرقہ

121.الذرّية الطاهرة عن محمّد بن حسين بن علىّ بن حسين تَكونُ بَعدى ثَلاثُ فِرَقٍ:

---

[1] تاريخ الطبرى: ج5 ص435، الكامل فى التاريخ: ج2 ص565، مقتل الحسين للخوارزمى: ج2 ص15؛ بحار الأنوار: ج45 ص19.

مُرجِئَةٌ [1] وحَرَورِيَّةٌ [2] وقَدَرِيَّةٌ [3] فَإن مَرِضوا فَلا تَعودوهُم، وإن ماتوا فَلا تَشهَدوهُم، وإن دَعَوا فَلا تُجيبوهُم [4]

۱۲۱) الذریۃ الطاہرہ میں محمد بن حسین بن علی بن حسین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے: میرے بعد تین فرقے ہوں گے۔

۱) مرجیۂ۔ ۲) حرّوریہ۔

۳) قدریہ۔

یہ تین اگر بیمار ہوجائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور اگر مرجائیں تو ان کے جنازے میں شرکت نہ کرو اور تمہیں اگر دعوت کریں تو قبول نہ کرو۔

122. الخصال بإسناده عن الحسين بن علىّ بن أبي طالب عليه السلام سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: إنَّ أُمَّةَ موسى عليه السلام افتَرَقَت بَعدَهُ عَلى إحدى وسَبعينَ فِرقَةً، فِرقَةٌ مِنها ناجِيَةٌ وسَبعونَ فِي النّارِ، وَافتَرَقَت أُمَّةُ عيسى عليه السلام بَعدَهُ عَلَى اثنَتَينِ وسَبعينَ فِرقَةً، فِرقَةٌ مِنها ناجِيَةٌ وإحدى وسَبعونَ فِي النّارِ، وإنَّ أُمَّتي سَتَفتَرِقُ بَعدي عَلى ثَلاثٍ وسَبعينَ فِرقَةً، فِرقَةٌ مِنها ناجِيَةٌ وَاثنَتانِ وسَبعونَ فِي النّارِ [5]

۱۲۲) خصال میں امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ: میں نے سنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: موسیٰؑ کی امت، موسیٰ کے بعد ۷۱ فرقے میں ہوگئی جن میں سے ایک نجات والا ہے اور ستر فرقے جہنم میں ہیں اور عیسیٰ کی امت عیسیٰ کے بعد ۷۲ فرقے ہوئی جن میں ایک فرقہ نجات پر ۷۱ جہنم میں ہیں اور میری امت میرے بعد ۷۳ فرقے ہوجائے گی جن میں سے ایک نجات پر ۷۲ جہنم میں ہیں۔

---

[1] المُرجئة: هم فرقة من فرق الإسلام يعتقدون أنّه لا يضرّ مع الإيمان معصية كما لا ينفع مع الكفر طاعة (مجمع البحرين: ج2 ص675، رجأ).

[2] الحَروريّ: هو الذي يبرأ من علىّ بن أبي طالب عليه السلام ويشهد عليه بالكفر (مجمع البحرين: ج 1 ص385، حرر).

[3] القَدَريّة: في الروايات قد تُفَسّر بالقائلين بالجبر، وقد تُفسّر بالقائلين بالتفويض، ولمزيدٍ من الاطّلاع راجع: موسوعة العقائد الإسلامية: ج6 (العدل).

[4] الذرّية الطاهرة: فصل، مسند الحسين بن علىّ، ص110 ح148.

[5] الخصال: ص585 ح11 عن سليمان بن مهران عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج28 ص3 ح3 وراجع: الأمالي للطوسي: ص523 ح1159 وبشارة المصطفى: ص216.

2/6

فَسادُ الأُمَّةِ

امت کا فاسد ہونا

123.تاريخ الطبرى عن جعفر بن حذيفة الطائى عن الحسين عل.لَمّا بَلَغَهُ خَبَرُ مُسلِمِ بنِ عَقيلٍ:: كُلُّ ما حُمَّ[1] نازِلٌ، وعِندَ اللهِ نَحتَسِبُ أنفُسَنا وفَسادَ أُمَّتِنا[2]

۱۲۳) تاریخ طبری میں جعفر بن حذیفہ طائی نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: جو بھی چیز معین ہو چکی ہے وہ نازل ہوگی اور ہمارا حساب خدا کے حوالے ہے اور امت کے فاسد ہونے کی شکایت بھی اسی سے کریں گے۔

---

[1] حُمّ: أى قُدِّر (النهاية: ج1 ص446، حمم).

[2] تاريخ الطبرى: ج5 ص375، الكامل فى التاريخ: ج2 ص543.

الفصل الثّالِثُ: أهل البيت

تیسری فصل: اہل بیت علیہم السلام

3/1

فَضائِلُ أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہم السلام کے فضائل

124. تأويل الآيات الظاهرة عن زيد بن علیّ عن أبيه عن جد: كانَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی بَيتِ أُمِّ سَلَمَةَ فَأُتِيَ بِحَرِيرَةٍ [1]، فَدَعا عَلِيّا وفاطِمَةَ وَالحَسَنَ وَالحُسَينَ عليهم السلام فَأَكَلوا مِنها، ثُمَّ جَلَّلَ عَلَيهِم كِساءً خَيبَرِيّا، ثُمَّ قالَ: «إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا» [2] فَقالَت أُمُّ سَلَمَةَ: وأنا مَعَهُم يا رَسولَ اللهِ؟ قالَ: إِنَّكِ إِلى خَيرٍ [3]

۱۲۴) تاویل آلآیات ظاہرہ میں زید بن علی نے امام زین العابدین سے نقل کیا ہے: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ام سلمہ کے حجرے میں تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے خاص قسم کی غذا لائی گئی۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی، فاطمہ، حسن و حسین علیہم السلام کو دعوت دی اور انہوں نے اس غذا سے کھایا۔ پھر خیبر والی عبا ان کے اوپر ڈال کر فرمایا: خدا نے تم اہل بیت علیہم السلام کو پاک رکھنے کا ارادہ کیا ہے جیسے پاک رکھنے کا حق ہے۔ ام سلمہ نے کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا میں بھی ان میں سے ہوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو خیر پر ہے۔

125. الفتوح عن الإمام الحسين علیہ السلام: إنّا أهلُ بَيتِ الطَّهارَةِ الَّذينَ أنزَلَ اللهُ عز و جل عَلى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقالَ: «إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا» [4]

۱۲۵) الفتوح میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا ہے: ہم اہل بیت وہ ہیں جن پر اللہ نے اپنے نبی محمدؐ پر یوں نازل

---

[1] الحريرةُ: دقيق يطبخ بلبن (الصحاح: ج2 ص628، حرر).

[2] الأحزاب: 33.

[3] تأويل الآيات الظاهرة: ج2 ص457 ح21، مجمع البيان: ج8 ص559 عن أُمّ سلمة نحوه، بحار الأنوار: ج25 ص213 ح3.

[4] الفتوح: ج5 ص17، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص185؛ تسلية المُجالس: ج2 ص153.

کیا ہے۔ خدا نے تم اہل بیت علیہم السلام کی طہارت کا ارادہ کیا ہے اور تم کو پاک رکھنے ارادہ کیا ہے۔

126. المناقب عن الإمام الحسين عليه السلام، في قَولِهِ تَعالى: «الَّذِينَ إِن مَّكَّنّ: هذِهِ فينا أهلَ البَيتِ[1]

۱۲۶) مناقب ابن شہر آشوب میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خدا کے ارشاد کے بارے میں یہ (آیت) ہم اہل بیت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

127. الفتوح عن الإمام الحسين عليه السلام: إنّا أهلُ بَيتِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله، وَالحَقُّ فينا، وبِالحَقِّ تَنطِقُ ألسِنَتُنا[2]

۱۲۷) الفتوح میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندان ہیں، حق ہمارے پاس ہے اور ہماری زبان حق کہنے والی ہے۔

128. كمال الدين بإسناده عن الحسين عن أبيه عليّ صلوات ا قالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله: إنّي تارِكٌ فيكُمُ الثَّقَلَينِ، كِتابَ اللهِ وعِترَتي أهلَ بَيتي، ولَن يَفتَرِقا حَتّى يَرِدا عَلَيَّ الحَوضَ[3]

۱۲۸) کمال الدین میں ہے امام حسین علیہ السلام نے اپنے بابا علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ایک خدا کی کتاب (قرآن) دوسری میرا خاندان و اہل بیت، یہ دو ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہیں ہوں گے۔ یہاں تک کہ (قیامت میں) حوض کوثر کے نزدیک میرے پاس آئیں۔

129. الكافي عن الحكم بن عتيبة: لَقِيَ رَجُلٌ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام بِالثَّعلَبِيَّةِ[4] وهُوَ يُرِيدُ كَربَلاءَ، فَدَخَلَ عَلَيهِ فَسَلَّمَ عَلَيهِ، فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: مِن أيِّ البِلادِ أنتَ؟ قالَ: مِن أهلِ الكوفَةِ. قالَ: أما وَاللهِ يا أخا أهلِ الكوفَةِ، لَو لَقيتُكَ بِالمَدينَةِ لَأَرَيتُكَ أثَرَ جَبرَئيلَ عليه السلام مِن دارِنا

---

[1] المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص47، تأويل الآيات الظاهرة: ج1 ص342 ح23، بحار الأنوار: ج24 ص166 ح11.

[2] الفتوح: ج5 ص17، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص185، تسلية المجالس: ج2 ص153 وفيه «إنّا أهل بيت رسول الله صلى الله عليه وآله على الحقّ والحقّ فينا».

[3] كمال الدين: ص 239 ح 58 عن عبد الله بن محمّد بن عليّ التميمي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام وراجع: إعلام الورى: ج2 ص180، وأهل البيت في الكتاب والسنّة/ تحقيق حول حديث الثقلين.

[4] الثَّعلبيَّةُ: من منازل طريق مكّة من الكوفة وهي ثلثا الطريق (معجم البلدان: ج2 ص78).

ونُزولِهِ بِالوَحيِ عَلى جَدّي، يا أخا أهلِ الكوفَةِ، أفَمُستَقَى النّاسِ العِلمَ مِن عِندِنا، فَعَلِموا وجَهِلنا؟! هذا ما لا يَكونُ[1]

۱۲۹) الکافی میں حکم بن عتبہ سے نقل کیا ہے: امام حسین علیہ السلام جب کربلا جارہے تھے تو مقام ثعلبیہ پر ایک شخص نے آکر سلام کیا۔ امام علیہ السلام نے اس سے پوچھا: کہاں کے ہو؟ اس نے کہا: کوفے کا ہوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: ہاں، خدا کی قسم، اے کوفی بھائی! اگر میں تیرے ساتھ مدینے میں ملاقات کرتا تو تم کو ضرور ہمارے گھر میں جبرائیل علیہ السلام کے پاؤں کی جگہ دکھاتا اور وہ جگہ دکھاتا جہاں جبرائیل علیہ السلام ہمارے نانا پر نازل ہوتے تھے۔ اے کوفی بھائی، علم کی نہر ہمارے پاس ہو اور لوگوں کو تو پتہ ہو لیکن ہم کو پتہ نہ ہو؟ یہ نہیں ہوسکتا۔

130. شواهد التنزيل عن فاطمة بنت الحسين عن أبيها الحسين نَحنُ المُستَضعَفونَ، ونَحنُ المَقهورونَ، ونَحنُ عِترَةُ رَسولِ اللهِ، فَمَن نَصَرَنا فَرَسولَ اللهِ نَصَرَ، ومَن خَذَلَنا فَرَسولَ اللهِ خَذَلَ، ونَحنُ وأعداؤُنا نَجتَمِعُ «يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا»[2] الآيَةَ[3]

۱۳۰) شواهد التنزیل میں ہے فاطمہؑ، امام حسین علیہ السلام کی بیٹی نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے کہ فرمایا: ہم مستضعف (کمزور ہوگئے) ہیں اور ہم مغلوب ہیں اور ہم ہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندان ہیں۔ جو بھی ہماری مدد کرے گا گویا اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کی اور جس نے ہمیں چھوڑ دیا گویا اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھوڑ دیا ہے ہم اور ہمارے دشمن ایک جگہ جمع ہوں گے اس دن جس دن جس نے بھی نیک اعمال انجام دیا ہوگا وہ حاضر ہوگا۔

131. تأويل الآيات الظاهرة عن الإمام الحسين عليه السلام لِأَصحابِهِ بِالطَّفِّ: أوَ لا اُحَدِّثُكُم بِأَوَّلِ أمرِنا وأمرِكُم مَعاشِرَ أولِيائِنا ومُحِبّينا وَالمُبغِضينَ لِأَعدائِنا، لِيُسهِلَ عَلَيكُمُ احتِمالَ ما أنتُم لَهُ مُعَرَّضونَ؟ قالوا: بَلى، يَابنَ رَسولِ اللهِ. قالَ: إنَّ اللهَ لَمّا خَلَقَ آدَمَ وسَوّاهُ وعَلَّمَهُ أسماءَ كُلِّ شَيءٍ وعَرَضَهُم عَلَى المَلائِكَةِ، جَعَلَ مُحَمَّدا وعَلِيّا وفاطِمَةَ وَالحَسَنَ وَالحُسَينَ أشباحا خَمسَةً فى ظَهرِ آدَمَ، وكانَت أنوارُهُم تُضيءُ فِي الآفاقِ مِنَ السَّماواتِ وَالحُجُبِ وَالجِنانِ وَالكُرسِيِّ وَالعَرشِ، ثُمَّ أمَرَ اللهُ

---

[1] الكافي: ج1 ص398 ح2، بصائر الدرجات: ص12 ح1، تفسير العيّاشي: ج1 ص16 ح9 عن الحكم بن عيينة نحوه، بحار الأنوار: ج45 ص93 ح34.

[2] آل عمران: 30.

[3] شواهد التنزيل: ج1 ص560 ح597.

المَلائِكَةَ بِالسُّجودِ لِادَمَ تَعظيما لَهُ، وإنَّهُ قَد فَضَّلَهُ بِأَن جَعَلَهُ وِعاءً لِتِلكَ الأَشباحِ الَّتي قَد عَمَّ أنوارُهَا الآفاقَ، فَسَجَدوا إلاّ إبليسَ أبَى أن يَتَواضَعَ لِجَلالِ عَظَمَةِ اللهِ، وأن يَتَواضَعَ لِأَنوارِنا أهلَ البَيتِ، وقَد تَواضَعَت لَهَا المَلائِكَةُ كُلُّها، فَاستَكبَرَ وتَرَفَّعَ بِإبائِهِ ذلِكَ وتَكَبُّرِهِ وكانَ مِنَ الكافِرينَ [1]

۱۳۱) تأویل الآیات الظاھرہ: کربلا میں امام حسین علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: کیا تمہیں اپنے اور تمہارے بارے میں اور ہمیں چاہنے والوں اور ہمارے دشمنوں کے بارے میں ایسی بات نہ بتاؤں کہ تم پر آنے والی ساری مصیبتیں آسان ہوجائیں؟

انہوں نے کہا: کیوں نہیں، اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند!

امامؑ نے فرمایا: خدا نے جب آدمؑ کو پیدا کیا اور اس کو ہر چیز کے نام بتائے اور فرشتوں کے سامنے پیش کئے تو محمدؐ، علیؑ، فاطمہؑ، حسن اور حسین علیہم السلام کو آدم علیہ السلام کی صلب میں رکھا اور ان پانچ کا نور آسمانوں، حجابوں، جنت، کرسی اور عرش پر چمک رہا تھا۔ پھر خدا نے تعظیم کے لئے فرشتوں کو آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا، کیونکہ خدا نے اس کو عظمت دی اور ان پانچ کے لئے ظرف قرار دیا تھا کہ ان کا نور ساری کائنات پر چھایا ہوا تھا۔ بس فرشتوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ جس نے عظمت الٰہی اور ہم اہل بیت علیہم السلام کے نور کے سامنے تکبر کیا۔ در حالانکہ سب فرشتوں نے اس کے سامنے تواضع کیا ہوا تھا بس شیطان نے تکبر کیا اور تکبر کی وجہ سے کافروں سے ہوگیا۔

132.علل الشرائع عَن حَبيبِ بنِ مُظاهِرٍ الأَسَدِيِّ: أنَّهُ قالَ لِلحُسَينِ بنِ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليه السلام: أيَّ شَيءٍ كُنتُم قَبلَ أن يَخلُقَ اللهُ عز و جل آدَمَ عليه السلام؟ قالَ: كُنّا أشباحَ نورٍ نَدورُ حَولَ عَرشِ الرَّحمنِ فَنُعَلِّمُ المَلائِكَةَ التَّسبيحَ وَالتَّهليلَ وَالتَّحميدَ [2]

۱۳۲) علل الشرائع: حبیب بن مظاہر اسدی نے امام حسین علیہ السلام سے کہا: اس سے پہلے کہ خدا نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ آپ علیہ السلام کیا تھے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: ہم نور کا سایہ تھے کہ خدا کے عرش کے اردگرد گھوم رہے تھے بس ہم نے فرشتوں کو تسبیح،

---

[1] تأويل الآيات الظاهرة: ج1 ص44 ح18، التفسير المنسوب إلى الإمام العسكري عليه السلام: ص219 ح101، بحار الأنوار: ج11 ص150 ح25.

[2] علل الشرائع: ص23 ح1، بحار الأنوار: ج60 ص311.

تہلیل اور تحمید سکھائی۔

133. كنز الفوائد بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: دَخَلتُ الجَنَّةَ فَرَأَيتُ عَلى بابِها مَكتوبا بِالذَّهَبِ: لا إِلهَ إِلاَّ اللهُ، مُحَمَّدٌ حَبيبُ اللهِ، عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ وَلِيُّ اللهِ، فاطِمَةُ آيَةُ اللهِ، الحَسَنُ وَالحُسَينُ صَفوَتَا اللهِ، عَلى مُبغِضيهِم لَعنَةُ اللهِ [1]

۱۳۳) کنز الفوائد میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: میں (جب) جنت میں داخل ہوا تو اس کے دروازے پر سونے سے لکھا ہوا تھا: اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں، محمدؐ خدا کے حبیب، علی علیہ السلام خدا کے ولی، فاطمہؑ خدا کی نشانی، حسنؑ و حسین خدا کے انتخاب شدہ (بندے) ہیں۔ ان کے دشمنوں پر خدا کی لعنت ہو۔

134. مئة منقبة بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: دَخَلتُ الجَنَّةَ فَرَأَيتُ عَلى بابِها مَكتوبا بِالنّورِ: لا إِلهَ إِلاَّ اللهُ، مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ، عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ وَلِيُّ اللهِ، فاطِمَةُ أَمَةُ اللهِ، وَالحَسَنُ وَالحُسَينُ صَفوَةُ اللهِ، عَلى مُبغِضيهِم لَعنَةُ اللهِ [2]

۱۳۴) مئۃ منقبۃ میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ رسولؐ خدا نے فرمایا: جب میں جنت میں گیا تو میں نے دیکھا جنت کے دروازے پر نور سے لکھا ہوا تھا: خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں، محمدؐ اللہ کے رسول، علی بن ابی طالب علیہ السلام خدا کے ولی، فاطمہؑ خدا کی کنیز، حسن و حسین علیہما السلام خدا کے چنے ہوئے (بندے) ہیں۔ خدا کی لعنت ہو ان کے دشمنوں پر۔

3/2

خَصائِصُ أهلِ البَيتِ

صفاتِ اہل بیت علیہم السلام

135. الأمالي عن عبد الله بن منصور عن جعفر بن محمّد عل حَدَّثَني أبي عَن أبيهِ عليهما

---

[1] كنز الفوائد: ج1 ص149 عن موسى بن إسماعيل عن أبيه عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام. بحار الأنوار: ج27 ص228 ح30.

[2] مئة منقبة: ص109 عن موسى بن إسماعيل عن أبيه عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام.

السلام قالَ:... بَعَثَ عُتبَةُ [1] إلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام فَقالَ: إنَّ أميرَ المُؤمِنينَ [2] أمَرَكَ أن تُبايِعَ لَهُ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: يا عُتبَةُ، قَد عَلِمتَ أنّا أهلُ بَيتِ الكَرامَةِ ومَعدِنُ الرِّسالَةِ، وأعلامُ الحَقِّ الَّذينَ أودَعَهُ اللهُ عز و جل قُلوبَنا، وأنطَقَ بِهِ ألسِنَتَنا، فَنَطَقَت بِإذنِ اللهِ عز و جل، ولَقَد سَمِعتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: «إنَّ الخِلافَةَ مُحَرَّمَةٌ عَلى وُلدِ أبي سُفيانَ» و كَيفَ أُبايِعُ أهلَ بَيتٍ قَد قالَ فيهِم رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله هذا؟ [3]

۱۳۵) امالی شیخ صدوق میں عبداللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ میرے بابا (امام باقر علیہ السلام) نے اپنے بابا (زین العابدین علیہ السلام) سے میرے لئے نقل کیا ہے کہ عتبہ نے امام حسین علیہ السلام کی جانب پیغام بھیجا اور کہا: مومنوں کے حاکم (یزید) نے حکم دیا ہے کہ اس کی بیعت کرو۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے عتبہ! تجھے پتہ ہے کہ ہم کرامت اہل بیت علیہ السلام اور رسالت کی کان ہیں اور حق کی واضح نشانیاں ہیں۔ جس خدا نے حق کو ہمارے دلوں میں امانت رکھا اور ہماری زبان کو اس کے لئے بولنے والی قرار دیا۔ خدا کی اذن سے کہتا ہوں کہ میں نے اپنے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بیشک، ابوسفیان پر خلافت حرام ہے میں کیسے ایسے خاندان کی بیعت کروں جس کے بارے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے کہا ہو۔

136. الملهوف: أقبَلَ [الحُسَينُ عليه السلام] عَلَى الوَليدِ فَقالَ: أيُّهَا الأَميرُ! إنّا أهلُ بَيتِ النُّبُوَّةِ، ومَعدِنُ الرِّسالَةِ، ومُختَلَفُ المَلائِكَةِ، وبِنا فَتَحَ اللهُ وبِنا خَتَمَ اللهُ، ويَزيدُ رَجُلٌ فاسِقٌ شارِبُ الخَمرِ، قاتِلُ النَّفسِ المُحَرَّمَةِ، مُعلِنٌ بِالفِسقِ لَيسَ لَهُ هذِهِ المَنزِلَةُ، ومِثلي لا يُبايِعُ مِثلَهُ، ولكِن نُصبِحُ وتُصبِحونَ، ونَنظُرُ وتَنظُرونَ أيُّنا أحَقُّ بِالخِلافَةِ وَالبَيعَةِ [4]

۱۳۶) ملھوف میں ہے جب امام حسین علیہ السلام، ولید کے پاس آئے تو امام علیہ السلام نے فرمایا: اے امیر! ہم نبوت کا خاندان، رسالت کا خزانہ اور فرشتوں کے آنے جانے کی جگہ ہیں۔ خدا (اپنے ارادے کا) آغاز بھی ہم سے کرتا ہے اور ہم تک ختم کرتا ہے یزید ایک فاسق انسان، شرابی، قابل احترام انسانوں کا قاتل، فسق و فجور کو واضح طور پر انجام دینے

---

[1] هو عتبة بن أبي سفيان، عامل يزيد على مدينة رسول الله صلى الله عليه وآله.

[2] يعني يزيد بن معاوية لعنه الله.

[3] الأمالي للصدوق: ص 216 ح 239، بحار الأنوار: ج 44 ص 312 ح 1.

[4] الملهوف: ص 98، مثير الأحزان: ص 24 نحوه، بحار الأنوار: ج 44 ص 325 ح 2؛ الفتوح: ج 5 ص 14، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 1 ص 184.

والا ہے، اس (خلافت) کے منصب کا حقدار نہیں ہے۔ مجھ جیسا اس جیسے کی بیعت نہیں کرسکتا، لیکن ہم اور آپ کل کا انتظار کرتے ہیں کہ ہم میں سے کون خلافت و بیعت کا حقدار ہے۔

137.نزهة الناظر: أنَّهُ اجتازَ بِهِ [أي المُنذِرُ بنُ الجارودِ بِالحُسَينِ عليه السلام] وقَد أُغضِبَ، فَقالَ: ما نَدري ما تَنقِمُ النّاسُ مِنّا؟! إنّا لَبَيتُ الرَّحمَةِ، وشَجَرَةُ النُّبُوَّةِ، ومَعدِنُ العِلمِ [1]

۱۳۷) نزھۃ الناظر: منذر بن جارود، امام حسین علیہ السلام کے نزدیک سے گذرا، تو امام علیہ السلام نے فرمایا: ہمیں پتہ نہیں ہے لوگ ہم سے کیوں ناراض ہیں؟ ہم رحمت کا گھر، نبوت کا درخت اور علم کا خزانہ ہیں۔

138.أنساب الأشراف عن أبي الحوراء السعدي: قُلتُ لِحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام: ما تَذكُرُ مِن رَسولِ اللهِ؟

قالَ: أُتِيَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله بِتَمرٍ مِن تَمرِ الصَّدَقَةِ، فَأَخَذتُ مِنهُ تَمرَةً فَجَعَلتُ ألوكُها، فَأَخَذَها بِلُعابِها حَتّى ألقاها فِي التَّمرِ،

وقالَ: إنَّ آلَ مُحَمَّدٍ لا تَحِلُّ لَهُمُ الصَّدَقَةُ [2]

۱۳۸) انساب الاشراف میں ابوحوارء سعدی سے نقل ہے کہ میں نے امام حسین علیہ السلام سے کہا: آپ کو کونسی بات رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس زکوۃ کے کھجور لائے گئے تو میں نے اس میں سے کچھ اٹھا کر کھانا چاہا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے چھین لئے اور پڑے ہوئے خرما میں پھینک دیئے اور فرمایا: صدقہ محمدؐ کے خاندان پر حرام ہے۔

139.مسند ابن حنبل عن ربيعة بن شيبان: قُلتُ لِلحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام: ما تَعقِلُ عَن رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله؟

قالَ: صَعِدتُ غُرفَةً فَأَخَذتُ تَمرَةً فَلُكتُها فِي فِيَّ،

---

[1] نزهة الناظر: ص85 ح21.

[2] أنساب الأشراف: ج3 ص359، وفي دعائم الإسلام: ج1 ص258 عن الإمام الحسن عليه السلام نحوه.

فَقالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أَلقِها، فَإنَّها لا تَحِلُّ لَنا الصَّدَقَةُ[1]

۱۳۹) مسند ابن حنبل میں ربیعہ بن شیبان سے منقول ہے: میں نے امام حسین علیہ السلام سے کہا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کو کیا یاد ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: میں (اموال حفاظت کرنے کی) جگہ پر آیا اور وہاں سے کچھ کھجور اٹھائے اور منہ میں رکھ کر چبانا چاہا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو پھینک دو کیونکہ ہم پر زکوٰۃ حلال نہیں ہے۔

140. تأويل الآيات الظاهرة عن أبي يحيى الصنعاني عن أبي سَمِعتُهُ يَقولُ: قالَ لي أبي مُحَمَّدٌ علیہ السلام: قَرَأَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ علیہ السلام «إنّا أنزَلناهُ فى لَيلَةِ القَدرِ» وعِندَهُ الحَسَنُ وَالحُسَينُ عليهما السلام، فَقالَ لَهُ الحُسَينُ علیہ السلام: يا أبَتا، كَأَنَّ بِها مِن فيكَ حَلاوَةً.

فَقالَ لَهُ: يَابنَ رَسولِ اللهِ وَابنى، إنّي أعلَمُ فيها ما لا تَعلَمُ، إنَّها لَمّا نَزَلَت بَعَثَ إلَيَّ جَدُّكَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَرَأَها عَلَيَّ، ثُمَّ ضَرَبَ عَلى كَتِفِيَ الأَيمَنِ

وقالَ: يا أخي ووَصِيّي ووَلِيَّ أُمَّتي بَعدي، وحَربَ أعدائي إلى يَومِ يُبعَثونَ، هذِهِ السّورَةُ لَكَ مِن بَعدي، ولِوُلدِكَ مِن بَعدِكَ، إنَّ جَبرَئيلَ أخي مِنَ المَلائِكَةِ حَدَّثَ إلَيَّ أحداثَ أُمَّتي فى سَنَتِها، وإنَّهُ لَيُحَدِّثُ ذلِكَ إلَيكَ كَأَحداثِ النُّبُوَّةِ، ولَها نورٌ ساطِعٌ فى قَلبِكَ وقُلوبِ أوصِيائِكَ إلى مَطلَعِ فَجرِ القائِمِ علیہ السلام[2]

۱۴۰) تأویل الآیات الظاہرہ میں ابو یحییٰ صفانی سے نقل ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: میرے بابا (امام باقر علیہ السلام) نے مجھ سے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام نے سورۂ قدر کی تلاوت کی اور حسن و حسین علیہم السلام ساتھ بیٹھے تھے۔ تو حسین علیہ السلام نے علی علیہ السلام سے فرمایا: بابا جان، آپ کے منہ سے یہ سورت (سننا) بہت شیریں ہے۔

حضرت علی علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند اور میرے بیٹے! اس کے بارے میں ایسی چیز کا پتہ ہے جس کا آپ کو پتہ نہیں ہے کیونکہ جب یہ سورت نازل ہوئی تو تیرے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف بھیجی اور مجھے پڑھ کر سنائی، پھر میرے دائیں شانے پر ہاتھ مار کر فرمایا:

---

[1] مسند ابن حنبل: ج1 ص428 ح1731، المعجم الكبير: ج3 ص86 ح2741 وفيه «للحسن بن علي» بدل «للحسين بن علي» نحوه.

[2] تأويل الآيات الظاهرة: ج2 ص820 ح9، بحار الأنوار: ج25 ص70 ح60.

اے میرے بھائی اور وصی اور میرے بعد میرے امت کے ولی اور میرے دشمنوں کے دشمن یہاں تک کہ قیامت کے دن محشور کئے جائیں، یہ سورت میرے بعد تیرے لئے ہے اور تیرے بعد تیری اولاد کے لئے ہے۔ میرا بھائی جبرائیل فرشتوں میں سے، ہر سال میرے امت کے واقعات کو بتاتا تھا اور نبوت کو بتانے کی طرح تجھے بھی بتاتا رہے گا۔ اس (سورہ) کے لئے تیرے دل میں چمکنے والا نور ہے اور تیرے اوصیاء کے دل میں ہیں یہاں تک کہ حضرت قائم علیہ السلام (کی حکومت) طلوع ہو۔

3/3

زُهدُ أهلِ البَيتِ

زُہد اہل بیتؑ

141. روضة الواعظين عن الحسين بن علي عليه السلام: لَمّا زَوَّجَ [النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله] فاطِمَةَ عَلِيّا عليهما السلام عَلى أربَعِ مِئَةٍ وثَمانينَ دِرهَما، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله أن يَجعَلَ ثُلُثَيها فِي العِطرِ وثُلُثا فِي الثِّيابِ، فَدَخَلَ بِهِما ومالَهُما فِراشٌ إلاّ فَروَةُ أُضحِيَّةٍ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله ووِسادَةٌ مِن أدَمٍ [1] حَشوُها لِيفٌ [2]

۱۴۱) روضہ الواعظین میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی ۴۷۰ درھم حق مہر میں علی علیہ السلام سے کرائی، تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے حکم دیا اس کے دوسوم سے عطر خرید کرے اور اس کے تیرے حصے سے لباس، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب علی علیہ السلام و فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس آئے تو ان کو اس حالت میں دیکھا کہ ان کا بستر اس قربانی کی ہوئی گوسفند کی کھال سے تھا جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تھی اور ان کا تکیہ ایک خاص قسم کی کھال سے تھا جس کے اندر کھجور کے درخت کے پتے تھے۔

142. صحيح البخاري عن ابن شهاب عن علي بن حسين عليه السلام إنَّ حُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام أخبَرَهُ أنَّ عَلِيّا عليه السلام قالَ: كانَت لي شارِفٌ [3] مِن نَصيبي مِنَ المَغنَمِ، وكانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله أعطاني شارِفا مِنَ

---

[1] الأدَمُ: جمع أديم، وهو الجِلد الذي قد تمّ دباغه (تاج العروس: ج 16 ص 9، أدم).

[2] روضة الواعظين: ص 162، المناقب لابن شهر آشوب: ج 3 ص 351 وفيه صدره إلى «درهما»، بحار الأنوار: ج 43 ص 112 ح 24 وراجع: كشف الغمّة: ج 1 ص 349.

[3] الشَّارِفُ: النّاقَةُ المُسِنّة (النهاية: ج 2 ص 462، شرف).

پانچویں فصل: امامت اہل بیت علیہم السلام

5/1

الإحتِجاجُ عَلى إمامَةِ أهلِ البَيتِ

امامتِ اہل بیت علیہم السلام پر استدلال

181. كتاب سليم بن قيس: لَمّا كانَ قَبلَ مَوتِ مُعاوِيَةَ بِسَنَةٍ، حَجَّ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ وعَبدُ اللهِ بنُ عَبّاسٍ وعَبدُ اللهِ بنُ جَعفَرٍ مَعَهُ. فَجَمَعَ الحُسَينُ عليه السلام بَنى هاشِمٍ؛ رِجالَهُم ونِساءَهُم ومَوالِيَهُم وشيعَتَهُم مَن حَجَّ مِنهُم، ومِنَ الأَنصارِ مِمَّن يَعرِفُهُ الحُسَينُ عليه السلام وأهلُ بَيتِهِ، ثُمَّ أرسَلَ رُسُلاً: لا تَدَعوا أحَدا مِمَّن حَجَّ العامَ مِن أصحابِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله المَعروفينَ بِالصَّلاحِ وَالنُّسُكِ إلاّ اجمَعوهُم لى. فَاجتَمَعَ إلَيهِ بِمِنىً أكثَرُ مِن سَبعِمِئَةِ رَجُلٍ وهُم فى سُرادِقِهِ[1]، عامَّتُهُم مِنَ التّابِعينَ، ونَحوٌ مِن مِئَتَى رَجُلٍ مِن أصحابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وغَيرِهِم. فَقامَ فيهِمُ الحُسَينُ عليه السلام خَطيبا، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ، ثُمَّ قالَ: أمّا بَعدُ، فَإنَّ هذَا الطّاغِيَةَ قَد فَعَلَ بِنا وبِشيعَتِنا ما قَد رَأَيتُم وعَلِمتُم وشَهِدتُم، وإنّي أُريدُ أن أسأَلَكُم عَن شَيءٍ، فَإن صَدَقتُ فَصَدِّقوني، وإن كَذَبتُ فَكَذِّبوني: أسأَلُكُم بِحَقِّ اللهِ عَلَيكُم وحَقِّ رَسولِ اللهِ وحَقِّ قَرابَتي مِن نَبِيِّكُم، لَمّا سَيَّرتُم مَقامي هذا ووَصَفتُم مَقالَتي، ودَعَوتُم أجمَعينَ فى أنصارِكُم مِن قَبائِلِكُم مَن أمِنتُم مِنَ النّاسِ ووَثِقتُم بِهِ، فَادعوهُم إلى ما تَعلَمونَ مِن حَقِّنا؛ فَإنّي أتَخَوَّفُ أن يَدرُسَ[2] هذَا الأَمرُ ويَذهَبَ الحَقُّ ويُغلَبَ، وَاللهُ مُتِمُّ نورِهِ ولَو كَرِهَ الكافِرونَ. وما تَرَكَ شَيئا مِمّا أنزَلَ اللهُ فيهِم مِنَ القُرآنِ إلاّ تَلاهُ وفَسَّرَهُ، ولا شَيئا مِمّا قالَهُ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله فى أبيهِ وأخيهِ وأُمِّهِ وفى نَفسِهِ وأهلِ بَيتِهِ إلاّ رَواهُ. وكُلُّ ذلِكَ

---

[1] السُّرادِقُ: هو كلّ ما أحاط بشيء من حائط أو مضرب أو خِباء (النهاية: ج 2 ص 359، سرد ق).

[2] دَرَسَ: أي عفا (الصحاح: ج 3 ص 927، درس).

يَقولُ الصَّحابَةُ: اللّٰهُمَّ نَعَم، قَد سَمِعنا وشَهِدنا. ويَقولُ التّابِعِيُّ: اللّٰهُمَّ قَد حَدَّثَنى بِهِ مَن اُصَدِّقُهُ وأَأتَمِنُهُ مِنَ الصَّحابَةِ. فَقالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ إلاّ حَدَّثتُم بِهِ مَن تَثِقونَ بِهِ وبِدينِهِ. قالَ سُلَيمٌ: فَكانَ فيما ناشَدَهُمُ الحُسَينُ عليه السلام وذَكَّرَهُم أن قالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ، أتَعلَمونَ أنَّ عَلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ عليه السلام كانَ أخا رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله حينَ آخى بَينَ أصحابِهِ، فَآخى بَينَهُ وبَينَ نَفسِهِ، وقالَ: أنتَ أخي وأنَا أخوكَ فِي الدُّنيا وَالآخِرَةِ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قال: أنشُدُكُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله اشتَرى مَوضِعَ مَسجِدِهِ ومَنازِلِهِ فَابتَناهُ، ثُمَّ ابتَنى فيهِ عَشَرَةَ مَنازِلَ؛ تِسعَةً لَهُ، وجَعَلَ عاشِرَها فى وَسَطِها لِأَبى، ثُمَّ سَدَّ كُلَّ بابٍ شارِعٍ[1] إلَى المَسجِدِ غَيرَ بابِهِ، فَتَكَلَّمَ فى ذلِكَ مَن تَكَلَّمَ، فَقالَ صلى الله عليه وآله: «ما أنَا سَدَدتُ أبوابَكُم وفَتَحتُ بابَهُ، ولكِنَّ اللهَ أمَرَنى بِسَدِّ أبوابِكُم وفَتحِ بابِهِ». ثُمَّ نَهَى النّاسَ أن يَناموا فِي المَسجِدِ غَيرَهُ، وكانَ يُجنِبُ فِي المَسجِدِ ومَنزِلُهُ فى مَنزِلِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله، فَوُلِدَ لِرَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله ولَهُ فيهِ أولادٌ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قال: أفَتَعلَمونَ أنَّ عُمَرَ بنَ الخَطّابِ حَرَصَ عَلى كَوَّةٍ[2] قَدرَ عَينِهِ يَدَعُها مِن مَنزِلِهِ إلَى المَسجِدِ، فَأَبى عَلَيهِ، ثُمَّ خَطَبَ صلى الله عليه وآله فَقالَ: «إنَّ اللهَ أمَرَ موسى أن يَبنِيَ مَسجِدا طاهِرا لا يَسكُنُهُ غَيرُهُ وغَيرُ هارونَ وَابنَيهِ، وإنَّ اللهَ أمَرَنى أن أبنِيَ مَسجِدا طاهِرا لا يَسكُنُهُ غَيرى وغَيرُ أخي وَابنَيهِ». قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ، أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله نَصَبَهُ يَومَ غَديرِ خُمٍّ، فَنادى لَهُ بِالوِلايَةِ وقالَ: «لِيُبَلِّغِ الشّاهِدُ الغائِبَ»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ، أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قالَ لَهُ فى غَزوَةِ تَبوكَ: «أنتَ مِنّى بِمَنزِلَةِ هارونَ مِن موسى، وأنتَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤمِنٍ بَعدى»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ، أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله حينَ دَعَا النَّصارى مِن أهلِ نَجرانَ إلَى المُباهَلَةِ، لَم يَأتِ إلاّ بِهِ وبِصاحِبَتِهِ وَابنَيهِ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُكُمُ اللهَ، أتَعلَمونَ أنَّهُ دَفَعَ إلَيهِ اللِّواءَ يَومَ خَيبَرَ، ثُمَّ قالَ: «لَأَدفَعَنَّهُ إلى رَجُلٍ يُحِبُّهُ اللهُ ورَسولُهُ ويُحِبُّ اللهَ ورَسولَهُ، كَرّارٍ غَيرِ فَرّارٍ، يَفتَحُهَا اللهُ عَلى يَدَيهِ»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله بَعَثَهُ بِبَراءَةٍ، وقالَ: «لا يُبَلِّغُ عَنّى إلاّ أنَا أو رَجُلٌ مِنّى»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله لَم تَنزِل بِهِ شِدَّةٌ قَطُّ إلاّ قَدَّمَهُ لَها ثِقَةً بِهِ، وأنَّهُ لَم يَدعُهُ بِاسمِهِ قَطُّ إلاّ أن

---

[1] شرعَ البابُ إلى الطريق شروعا: اتّصل به (المصباح المنير: ص310، شرع).

[2] .الكَوَّة، ويُضمّ: الخرق فى الحائط (القاموس المحيط: ج4 ص384، كوو).

يَقولَ: يا أخي، وَادعوا لي أخي؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ قَضى بَينَهُ وبَينَ جَعفَرٍ وزَيدٍ، فَقالَ لَهُ: «يا عَلِيُّ، أنتَ مِنّي وأنَا مِنكَ، وأنتَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤمِنٍ ومُؤمِنَةٍ بَعدي»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّهُ كانَت لَهُ مِن رَسولِ اللهِ ﷺ كُلَّ يَومٍ خَلوَةٌ وكُلَّ لَيلَةٍ دَخلَةٌ، إذا سَأَلَهُ أعطاهُ، وإذا سَكَتَ أبدَأَهُ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ فَضَّلَهُ عَلى جَعفَرٍ وحَمزَةَ حينَ قالَ لِفاطِمَةَ عليها السلام: «زَوَّجتُكِ خَيرَ أهلِ بَيتي؛ أقدَمَهُم سِلما، وأعظَمَهُم حِلما، وأكثَرَهُم عِلما»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ قالَ: «أنَا سَيِّدُ وُلدِ آدَمَ، وأخي عَلِيٌّ سَيِّدُ العَرَبِ، وفاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِساءِ أهلِ الجَنَّةِ، وَابنايَ الحَسَنُ وَالحُسَينُ سَيِّدا شَبابِ أهلِ الجَنَّةِ»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ أمَرَهُ بِغُسلِهِ، وأخبَرَهُ أنَّ جَبرَئيلَ يُعينُهُ عَلَيهِ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أتَعلَمونَ أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ قالَ في آخِرِ خُطبَةٍ خَطَبَها: «أيُّهَا النّاسُ: إنّي تَرَكتُ فيكُمُ الثَّقَلَينِ، كِتابَ اللهِ وأهلَ بَيتي، فَتَمَسَّكوا بِهِما لَن تَضِلّوا»؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. فَلَم يَدَع شَيئا أنزَلَهُ اللهُ في عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليه السلام خاصَّةً وفي أهلِ بَيتِهِ مِنَ القُرآنِ ولا عَلى لِسانِ نَبِيِّهِ ﷺ إلاّ ناشَدَهُم فيهِ، فَيَقولُ الصَّحابَةُ: اللّٰهُمَّ نَعَم، قَد سَمِعنا، ويَقولُ التّابِعِيُّ: اللّٰهُمَّ قَد حَدَّثَنيهِ مَن أثِقُ بِهِ، فُلانٌ وفُلانٌ. ثُمَّ ناشَدَهُم أنَّهُم قَد سَمِعوهُ ﷺ يَقولُ: «مَن زَعَمَ أنَّهُ يُحِبُّني ويُبغِضُ عَلِيّا فَقَد كَذَبَ، لَيسَ يُحِبُّني وهُوَ يُبغِضُ عَلِيّا»، فَقالَ لَهُ قائِلٌ: يا رَسولَ اللهِ، وكَيفَ ذلِكَ؟ قالَ: «لِأَنَّهُ مِنّي وأنَا مِنهُ، مَن أحَبَّهُ فَقَد أحَبَّني ومَن أحَبَّني فَقَد أحَبَّ اللهَ، ومَن أبغَضَهُ فَقَد أبغَضَني ومَن أبغَضَني فَقَد أبغَضَ اللهَ»؟ فَقالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم، قَد سَمِعنا. وتَفَرَّقوا عَلى ذلِكَ [1]

۱۸۱) کتاب سلیم بن قیس میں ہے: معاویہ کے مرنے سے ایک سال پہلے امام حسین علیہ السلام نے حج کیا، عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن جعفر بھی ان کے ساتھ تھے۔ امام حسین علیہ السلام نے سب ھاشمیوں کو مرد و عورتیں، قبیلے والے اور پیروکاروں سب کو جو حج کے لئے آئے ہوئے تھے جمع کیا اور انصار میں سے جو بھی امام حسین علیہ السلام یا ان کے خاندان کو جانتا تھا کو بھی بلایا۔ پھر پیغام والوں کو پیغام دے کر بھیجا کہ سب وہ لوگ جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حج کرنے کے لئے آئے ہیں اور نیکی میں مشہور ہیں کو بھی لے کر آؤ اور کوئی نہ رہے۔ سات سو سے زیادہ لوگ امامؑ کے خیمے میں جمع ہوئے جن میں سے اکثر تابعین میں سے تھے۔ تقریباً دوسو مرد اصحاب نبیؐ وغیرہ تھے۔ امام حسین علیہ السلام کھڑے ہو کر ان

[1] کتاب سُلیم بن قیس: ج2 ص788 ح26، بحار الأنوار: ج33 ص181 ح456 وراجع: الاحتجاج: ج2 ص87 ح162.

سے خطاب کیا اور خدا کی حمد وتعریف کے بعد کہا: اس نافرمان نے ہمارے اور ہمارے ماننے والوں سے جو سلوک کیا ہے تم لوگ جانتے ہو اور اس کے گواہ بھی ہو۔

میں تم میں سے ایک چیز پوچھتا ہوں۔ اگر سچ کہوں تو میری تصدیق کرنا اور اگر جھوٹ بولوں تو انکار کرنا۔ میں تم سے چاہتا ہوں کہ جو تم پر خدا، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور میری رشتہ داری جو تمہارے نبی کے ساتھ ہے جب ادھر سے جاؤ تو تم اپنے ساتھیوں، قبیلے والوں کو جو تمہارے لئے اطمینان ہوں۔ اس حق کا واسطہ تمہیں جو تم جانتے ہو، دعوت کرو مجھے خوف ہے کہ یہ بات پرانی نہ ہو جائے اور حق مغلوب ہو جائے۔ البتہ خدا خود اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے اگرچہ کافروں کو پسند نہ آئے۔ امام علیہ السلام نے وہ آیت تلاوت اور تفسیر کے ساتھ بیان کی جو ان کے حق میں نازل ہوئی اور ان کے بابا کے حق میں اور بھائی، ماں اور خود اور خاندان کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر فرمان کو بیان کیا۔ ان سب میں نبیؐ کے اصحاب نے فرمایا: خدا کی قسم ہاں، ہم نے سنا اور ہم گواہ ہیں۔

ہر تابع بھی کہتا تھا: خدا کی قسم، اس کو نبیؐ کے ایسے صحابی سے سنا ہے اور نقل کی ہے جو اطمینان والا آدمی تھا۔

جن باتوں کی امام حسین علیہ السلام نے قسم دی اور ان کو یاد دلائیں۔ یہ تھی تمہیں قسم دیتا ہوں کیا تم کو پتہ ہے جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب کے درمیان بھائی بھائی بنانے کا ارادہ کیا تو علی علیہ السلام کو اپنا بھائی بنایا اور فرمایا: تو دنیا و آخرت میں میرا بھائی اور میں تیرا بھائی ہوں۔

لوگوں نے کہا: ہاں خدا کی قسم (ہم نے سنا)۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہوں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد کی زمین خرید کر کے دس کمروں کے ساتھ مسجد بنائی جن میں نو کمرے اپنے لئے اور دسواں کمرا میرے بابا کے لئے قرار دیا۔ پھر مسجد کی طرف ہر گھر کے دروازے کو بند کیا۔ سوائے میرے بابا (کے کمرے) کو۔ بعض لوگ کچھ اس بارے میں کچھ کہنے لگے۔ تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہارے دروازے بند نہیں کئے نہ ہی علی علیہ السلام کے دروازے کو کھلا رکھا ہے۔ بلکہ خدا نے مجھے تمہارے دروازے بند کرنے اور اس کے دروازے کو کھولنے کا حکم دیا ہے۔ پھر سوائے علی علیہ السلام کے لوگوں کو مسجد میں سونے سے روکا اور علی علیہ السلام مسجد میں جنب ہو جاتے تھے اور علی علیہ السلام کا گھر نبیؐ کے گھر کے ساتھ تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے فرزند (فاطمہؑ کی نسل سے) پیدا ہوئے۔

لوگوں نے کہا: ہاں!

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تمہیں پتہ ہے کہ عمر بن خطاب کی حسرت تھی کہ اتنا سوراخ کیا جائے کہ گھر کے اندر

سے آنکھ دیکھنے کے برابر مسجد کے اندر دیکھ سکے لیکن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات قبول نہ کی اور اٹھ کر فرمایا: خدا نے موسیٰؑ کو حکم دیا پاکیزہ مسجد بنائے اور اس میں اپنے ہارون اور دو بیٹوں کے علاوہ کوئی نہ بیٹھے۔ خدا نے مجھے بھی حکم دیا کہ میں بھی ایک پاکیزہ مسجد بناؤں۔ جس میں سوا میرے میرے بھائی (علی علیہ السلام) اور ان کے دو بیٹوں کے کسی کو جگہ نہ دوں۔

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم، ہاں!

امام علیہ السلام فرمایا: میں تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کیا رسول خداؐ نے علی علیہ السلام کو غدیر کے دن اس کی ولایت کا اعلان کیا اور فرمایا: موجود لوگ ان تک پہنچائیں جو موجود نہیں ہیں؟

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم، ہاں!

امام علیہ السلام نے فرمایا: آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبوک کی جنگ میں علی علیہ السلام سے فرمایا: تیری نسبت میرے ساتھ وہ وہی ہے جو ہارون کی موسیٰ سے تھی اور آپ میرے بعد ہر مومن کے ولی ہو۔

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم، ہاں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نجران کے مسیحوں کو مباہلہ کے لئے بلایا تو فقط علی علیہ السلام اور ان کی بیوی (فاطمہ سلام اللہ علیہا) اور اس کے دو بیٹے ساتھ آئے۔

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم، ہاں!

امام علیہ السلام نے فرمایا: آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں، کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ خیبر میں پرچم علی علیہ السلام کو دیا اور فرمایا: پرچم اس کو دوں گا جو خدا اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہوگا اور خدا و رسول اس سے محبت کرتے ہوں گے۔ بھاگنے والا نہیں ہوگا۔ خدا اس کے ہاتھوں سے فتح کا رنگ لائے گا؟

لوگوں نے کہا: ہاں، خدا کی قسم!

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو (مشرکین سے) برأت کے لئے بھیجا اور فرمایا: میری طرف سے، سوائے میرے یا ایسے شخص کے جو مجھ (خاندان) سے ہوگا۔ نہیں پہنچائے گا؟

لوگوں نے کہا: ہاں!

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کوئی مشکل آتی تو حضرت علی علیہ السلام اس کا

سامنا کرتے تھے اور کبھی بھی نام سے ان کو نہ بلایا فقط کہتے تھے۔ اے میرے بھائی (یا) میرے بھائی کو بلاؤ؟

لوگوں نے کہا: ہاں، خدا کی قسم!

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام، جعفر اور زید کے درمیان فیصلہ کیا اور فرمایا: اے علی علیہ السلام تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں اور تو ہر مومن مرد اور عورت کے ولی ہو میرے بعد؟

لوگوں نے کہا: ہاں، خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو خبر ہے کہ علی علیہ السلام روزانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خلوت کرتے تھے اور ہر رات خاص وقت میں ان کے پاس آتے تھے۔ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھتے تھے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو عطا کرتے تھے اور جب چپ ہو جاتے تھے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (بات کرنے کی) شروعات کرتے تھے۔

لوگوں نے کہا: ہاں خدا کی قسم!

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے جعفر اور ہم پر فضیلت دی، جب فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا: تمہاری شادی خاندان کے بہترین فرد سے میں نے کروائی، جس کا اسلام لانا سب سے پہلے بردباری سب سے زیادہ اور اس کا علم سب سے زیادہ ہے؟

لوگوں نے کہا: ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں فرزندان آدم کا سردار ہوں اور میرا بھائی علی علیہ السلام عرب کا سردار ہے اور فاطمہ سلام اللہ علیہا جنت کے عورتوں کی سردار ہیں اور میرے بیٹے حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام جنت کے جوانوں کے سردار ہیں؟

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم ہاں،

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (اپنی رحلت کے) بعد اپنے غسل دینے کا حکم دیا اور اسے بتایا کہ غسل دینے میں جبرائیل اس کی مدد کرے گا؟

لوگوں نے کہا: ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم کو پتہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے آخری تقریر میں فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے درمیان دو وزنی چیزیں چھوڑ کے جا رہا ہوں ایک اللہ کی کتاب (قرآن) دوسرا میرا اہل بیت علیہم السلام (خاندان) ہیں ان سے تمسک کرنا تا کہ گمراہ نہ ہو سکے؟

لوگوں نے کہا: خدا کی قسم ہاں۔

امام حسین علیہ السلام نے علی علیہ السلام اور ان کے خاندان کے بارے میں نازل ہونے والی ہر آیت اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہر روایت کو لوگوں کے سامنے بیان کیا اور اس کے (قبول کروانے کے) لئے ان کو قسم دی اور نبیؐ کے صحابی بھی کہتے تھے۔

خدا کی قسم ہاں ہم نے یہ بات سنی ہے اور تابع (تابعین مین سے) کہتا تھا: خدا کی قسم ہاں یہ بات فلاں شخص جو میرے لئے قابل اعتماد ہے نے میرے لئے نقل کی۔

پھر امام نے ان کو قسم دی کہ کیا تم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ فرمایا: جو آدمی یہ کہے کہ مجھ سے محبت کرتا ہے لیکن علی علیہ السلام سے دشمنی رکھے وہ جھوٹ بولتا ہے نہیں ہوسکتا کہ مجھ سے محبت کرتا ہو لیکن علی علیہ السلام سے دشمنی کرتا ہو۔

ایک شخص نے ان سے کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، یہ کیسے ہوسکتا ہے؟

انہوں نے فرمایا: کیونکہ وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ جو اس سے محبت کرے گا وہ مجھ سے بھی محبت کرے گا اور جو مجھ سے محبت کرے گا وہ خدا سے بھی محبت کرے گا اور جو اس سے دشمنی رکھے اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جو مجھ سے دشمنی کرے۔ جیسا کہ خدا سے دشمنی کی ہے۔

سب نے کہا: ہاں خدا کی قسم ہم نے سنا، پھر سب چلے گئے۔

182. الإرشاد. فی ذِکرِ مَسیرِ الإمامِ الحُسَینِ علیہ السلام: ثُمَّ أمَرَ مُنادِیَهُ فَنادی بِالعَصرِ وأقامَ، فَاستَقدَمَ [1] الحُسَینُ علیہ السلام فَصَلّی بِالقَومِ، ثُمَّ سَلَّمَ وَانصَرَفَ إلَیهِم بِوَجهِهِ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنی عَلَیهِ ثُمَّ قالَ: أمّا بَعدُ: أیُّهَا النّاسُ، فَإنَّکُم إن تَتَّقُوا اللهَ وتَعرِفُوا الحَقَّ لِأَهلِهِ یَکُن أرضی للهِ عَنکُم، ونَحنُ أهلُ بَیتِ مُحَمَّدٍ، وأولی بِوِلایَةِ هذَا الأَمرِ عَلَیکُم مِن هؤُلاءِ المُدَّعینَ ما لَیسَ لَهُم، وَالسّائِرینَ فیکُم بِالجَورِ وَالعُدوانِ، وإن أبَیتُم إلاّ کَراهِیَةً لَنا وَالجَهلَ بِحَقِّنا، فَکانَ رَأیُکُمُ الآنَ غَیرَ ما أتَتنی بِهِ کُتُبُکُم وقَدِمَت بِهِ عَلَیَّ رُسُلُکُم، انصَرَفتُ عَنکُم [2]

---

[1] فی الطبعة المعتمدة: «فاستقام» وما فی المتن أثبتناه من بحار الأنوار وبعض النسخ الخطّیّة للمصدر.

[2] الإرشاد: ج 2 ص 79، إعلام الوری: ج 1 ص 448، بحار الأنوار: ج 44 ص 377؛ تاریخ الطبری: ج 5 ص 402، الکامل فی التاریخ: ج 2 ص 552، مقتل الحسین للخوارزمی: ج 1 ص 232، أنساب الأشراف: ج 3 ص 380 وراجع: روضة الواعظین: ص 198.

۱۸۲) کتاب ارشاد۔ کربلا کی طرف امام حسین علیہ السلام کے جانے کے ذکر میں ہے: پھر امام علیہ السلام نے ایک ندا دینے والے کو حکم دیا تاکہ نماز عصر (کی اذان) کی آواز دے اور اقامت کہے: پھر امام حسین علیہ السلام نے آگے بڑھ کر لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی۔ پھر سلام دے کر اپنا رخ ان کی طرف کیا اور خدا کی حمد وتعریف کے بعد فرمایا: اے لوگو! اگر تم لوگ تقویٰ اختیار کرو اور حق کو حق والے کی طرف سے سمجھو تو خدا تم سے بہت راضی ہوجائے گا۔ ہم خاندانِ محمدؐ ہیں اور ہم ان ناحق دعویٰ کرنے والوں جن کی رفتار تمہارے ساتھ ظلم اور جبر والی ہے سے زیادہ حق دار ہیں تم پر ولایت رکھنے کے اور اگر فقط ہم سے نفرت کرنے اور ہمارا حق نہ پہچاننے کی وجہ سے ہم کو قبول نہیں کررہے ہو تو ابھی تمہارا نظریہ اس کے علاوہ ہے جو تم نے خطوں میں لکھا اور جو تمہارے پیغام لے کر آنے والوں نے مجھ سے کہا: میں تم لوگوں سے منہ موڑ رہا ہوں۔

5/2

وُجوبُ الإئتِمامِ بِأَهلِ البَيتِ

امامؑ کا اہلبیت سے ہونا ضروری ہے

183.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن علىّ عليه ا حَدَّثَنى أبى عَلِيُّ بنُ أبى طالِبٍ عليه السلام قالَ: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: مَن ماتَ ولَيسَ لَهُ إمامٌ مِن وُلدى ماتَ ميتَةً جاهِلِيَّةً، ويُؤخَذُ بِما عَمِلَ فِي الجاهِلِيَّةِ وَالإسلامِ [1]

۱۸۳) عیون اخبار الرضا میں امام حسین علیہ السلام سے ہے۔ میرے بابا علی بن ابی طالب علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی آدمی اس حالت میں مرے کہ میری اولاد میں سے کوئی اس کا امام نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت پر مرا ہے۔ اور اس سے حساب بھی اسی چیز کا لیا جائے گا جو اس نے جاہلیت اور اسلام میں انجام دی ہے۔

---

[1] عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج2 ص58 ح214 عن الحسن بن عبد الله الرازى عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، كنز الفوائد: ج1 ص327 عن الحسن بن محمّد الرازى عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام عنه صلى الله عليه وآله، بحار الأنوار: ج23 ص81 ح18.

5/3

وُجوبُ طاعَةِ أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہم السلام کی اطاعت واجب ہے

184. الاحتجاج عن موسى بن عقبة عن الحسين عليه السلام، في خُطبَةٍ لَهُ: نَحنُ حِزبُ اللهِ الغالِبونَ، وعِترَةُ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله الأَقرَبونَ، وأهلُ بَيتِهِ الطَّيِّبونَ، وأحَدُ الثَّقَلَينِ اللَّذَينِ جَعَلَنا رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله ثانِيَ كِتابِ اللهِ تَبارَكَ وتَعالَى، الَّذي فيهِ تَفصيلُ كُلِّ شَيءٍ، لا يَأتيهِ الباطِلُ مِن بَينِ يَدَيهِ ولا مِن خَلفِهِ، وَالمُعَوَّلُ عَلَينا في تَفسيرِهِ، لا يُبطِئُنا تَأويلُهُ، بَل نَتَّبِعُ حَقائِقَهُ. فَأَطيعونا فَإِنَّ طاعَتَنا مَفروضَةٌ، إذ كانَت بِطاعَةِ اللهِ ورَسولِهِ مَقرونَةً، قالَ اللهُ عز و جل: «أَطِيعُواْ اللَّهَ وَأَطِيعُواْ الرَّسُولَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن تَنَزَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ»[1] وقالَ: «وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُوْلِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لاَتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَنَ إِلاَّ قَلِيلاً»[2].[3]

۱۸۴) احتجاج میں موسیٰ بن عقبہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: ہم خدا کا وہ گروہ ہیں جو غالب ہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کے نزدیکی رشتہ دار اور پاک اہل بیت ہیں۔ اور ان دو وزنی چیزوں میں سے ایک ہیں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتاب (قرآن) کے ساتھ بیان کی اور اس نے کتاب کے بعد قرار دیا، ایسی کتاب ہے جس میں ہر چیز کا بیان ہے اور اس تک باطل آگے اور پیچھے سے نہیں آ سکتا۔ جس کی تفسیر میں ہمارا سہارا لیا جائے گا اور ہم اس کی تاویل میں رک نہیں جائیں گے۔ بلکہ اس کے حقائق کے پیچھے جائیں گے۔ ہماری اطاعت کرو کیونکہ ہماری اطاعت کرنا واجب ہے کیونکہ ہماری اطاعت خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کے ساتھ ہے خدا نے فرمایا ہے: اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اور صاحبانِ امر کی اطاعت کرو۔ جو تمہیں میں سے ہیں پھر اگر آپس میں کسی بات میں

---

[1] النساء: 59.

[2] النساء: 83.

[3] الاحتجاج: ج 2 ص 95 ح 165، المناقب لابن شهر آشوب: ج 4 ص 67، بحار الأنوار: ج 44 ص 205 ح 1، وفي الأمالي للمفيد: ص 349 ح 4 والأمالي للطوسي: ص 121 ح 188 و ص 691 ح 1469 والعُدد القويّة: ص 34 ح 26 عن الإمام الحسن عليه السلام.

اختلاف ہوجائے۔تو اسے خدا اور رسول کی طرف پلٹانا۔

اور فرمایا: اگر رسول اور صاحبانِ امر کی طرف پلٹا دیتے ہیں تو ان سے استفادہ کرنے والے حقیقت حال کا علم پیدا کرتے اور تم لوگوں پر خدا کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو چند افراد کے علاوہ سب شیطان کا اتباع کر لیتے۔

185.التفسير المنسوب إلى الإمام العسكري عليه السلام: قالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: مَن عَرَفَ حَقَّ أبَوَيهِ الأَفضَلَينِ: مُحَمَّدٍ وعَلِيٍّ عليهما السلام، وأطاعَهُما حَقَّ الطّاعَةِ، قيلَ لَهُ: تَبَحبَح [1] فِي أيِّ الجِنانِ شِئتَ [2]

۱۸۵) تفسیر المنصوب الی الا مام العسکری علیہ السلام امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: جو آدمی اپنے دو افضل باپ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام کے حق کا خیال رکھے اور ان کی اطاعت کا حق ادا کرے۔اس کو کہا جائے گا جنت کی کسی بھی جگہ کو چاہو اپنے لئے انتخاب کرو اور اس میں ٹھہرو۔

5/4

اِستِمرارُ اِمامَةِ أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہ السلام کی امانت دائمی ہے

186.الاستنصار عن أبي الجارود عن أبي جعفر محمّد بن علي: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: إنّي وَاثنَي عَشَرَ مِن أهلِ بَيتي أوَّلُهُم عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام أوتادُ الأَرضِ الَّتي أمسَكَهَا اللهُ بِها أن تَسيخَ بِأَهلِها، فَإذا ذَهَبَتِ الإثنا عَشَرَ مِن أهلِ ساخَتِ الأَرضُ بِأَهلِها [3]

۱۸۶) کتاب استغفار میں ابو جارود نے امام محمد باقر علیہ السلام اور امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ میں اور میرے اہل بیت علیہ السلام میں سے بارہ افراد جن میں پہلا علی بن ابی طالب علیہ السلام ہے اوتاد (کیلیں) ہیں زمین کے لئے کہ ان کی وجہ سے خدا نے زمین کو اپنے رہنے والوں کے ساتھ دھنسنے سے روکا ہے اور جب بھی میرے خاندان کے بارہ

---

[1] .تبحبح الدارَ: إذا توسّطها وتمكّن منها (تاج العروس: ج4 ص6، بحح).

[2] التفسير المنسوب إلى الإمام العسكري عليه السلام: ص330 ح193، بحار الأنوار: ج36 ص9 ح11.

[3] ساخت في الأرض: دخلت فيها وغابت (الصحاح: ج1 ص424، سوخ).

[4] الاستنصار: ص8.

افراد چلے جائیں تو زمین اپنے رہنے والوں کو نگل دے گی۔

5/5

عَدَدُ الأَئِمَّةِ مِن أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہم السلام میں سے اماموں کی تعداد

187. كفاية الأثر عن إبراهيم بن يزيد السمّان عن أبيه عن دَخَلَ أعرابيٌّ عَلى رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يُريدُ الإسلامَ ومَعَهُ ضَبٌّ قَدِ اصطادَهُ فِي البَرِّيَّةِ وجَعَلَهُ فى كُمِّهِ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَعرِضُ عَلَيهِ الإسلامَ. فَقالَ: لا أُؤمِنُ بِكَ يا مُحَمَّدُ أو يُؤمِنَ بِكَ هذَا الضَّبُّ. ورَمَى الضَّبَّ مِن كُمِّهِ، فَخَرَجَ الضَّبُّ مِنَ المَسجِدِ يَهرُبُ. فَقالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يا ضَبُّ، مَن أنَا؟ قالَ: أنتَ مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ اللهِ بنِ عَبدِ المُطَّلِبِ بنِ هاشِمِ بنِ عَبدِ مَنافٍ. قالَ: يا ضَبُّ، مَن تَعبُدُ؟ قالَ: أعبُدُ الَّذى خَلَقَ الحَبَّةَ وبَرَأَ النَّسَمَةَ، وَاتَّخَذَ إبراهيمَ خَليلاً، وناجى موسى كَليما، وَاصطَفاكَ يا مُحَمَّدُ. فَقالَ الأَعرابِيُّ: أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ، وأنَّكَ رَسولُ اللهِ حَقّا. فَأَخبِرنى يا رَسولَ اللهِ هَل يَكونُ بَعدَكَ نَبِيٌّ؟ قالَ: لا، أنَا خاتَمُ النَّبِيّينَ، ولكِن يَكونُ بَعدى أئِمَّةٌ مِن ذُرِّيَّتى، قَوّامونَ بِالقِسطِ كَعَدَدِ نُقَباءِ بَنى إسرائيلَ، أوَّلُهُم عَلِيُّ بنُ أبى طالِبٍ، فَهُوَ الإمامُ وَالخَليفَةُ بَعدى، وتِسعَةٌ مِنَ الأَئِمَّةِ مِن صُلبِ هذا. ووَضَعَ يَدَهُ عَلى صَدرى. وَالقائِمُ تاسِعُهُم، يَقومُ بِالدّينِ فى آخِرِ الزَّمانِ كَما قُمتُ فى أوَّلِهِ. قالَ: فَأَنشَأَ الأَعرابِيُّ يَقولُ: 0 ألا يا رَسولَ اللهِ إنَّكَ صادِقٌ فَبورِكتَ مَهدِيّا وبورِكتَ هادِيا 0 شَرَعتَ لَنَا الدّينَ الحَنيفِيَّ [1] بَعدَما عَبَدنا كَأَمثالِ الحَميرِ الطَّواغِيا 0 0 فَيا خَيرَ مَبعوثٍ ويا خَيرَ مُرسَلٍ إلَى الإنسِ ثُمَّ الجِنِّ لَبَّيكَ داعِيا 0 0 وبورِكتَ فِي الأَقوامِ حَيّا ومَيِّتا وبورِكتَ مَولودا وبورِكتَ ناشِيا. 0 فَقالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يا أخا بَنى سُلَيمٍ، هَل لَكَ مالٌ؟ فَقالَ: وَالَّذى أكرَمَكَ بِالنُّبُوَّةِ وخَصَّكَ بِالرِّسالَةِ، إنَّ أربَعَةَ آلافِ بَيتٍ فى بَنى سُلَيمٍ ما فيهِم أفقَرُ مِنّى! فَحَمَلَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلى ناقَةٍ. فَرَجَعَ إلى قَومِهِ فَأَخبَرَهُم بِذلِكَ، قالوا: فَأَسلَمَ الأَعرابِيُّ طَمَعا فِي النّاقَةِ! فَبَقِيَ يَومَهُ فِي الصُّفَّةِ [2] لَم يَأكُل شَيئا. فَلَمّا كانَ مِنَ الغَدِ

---

[1] فى المصدر: «الحنفى»، والتصويب من بحار الأنوار.

[2] الصُّفّة: سقيفة فيمسجدرسول اللهصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم كانت مسكن الغرباء والفقراء (مجمع البحرين: ج2 ص1036 «صفف»).

تَقَدَّمَ إلى رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقالَ: ٥ يا أيُّهَا المَرءُ الَّذى لا نَعلَمُه أنتَ رَسولُ اللهِ حَقّا نَعلَمُه ٥٥ ودينُكَ الإسلامُ دينا نُعظِمُه نَبغى [1] مَعَ الإسلامِ شَيئا نَقضِمُه [2] قَد جِئتَ بِالحَقِّ وشَيئا نَطعَمُه. فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقالَ: يا عَلِيُّ أعطِ الأعرابِيَّ حاجَتَهُ. فَحَمَلَهُ عَلِيٌّ علیہ السلام إلى مَنزِلِ فاطِمَةَ وأشبَعَهُ، وأعطاهُ ناقَةً وجُلَّةَ [3] تَمرٍ [4]

۱۸۷) کفایۃ الاثر میں ابراہیم بن یزید سمان نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے کہ ایک بادیہ نشین عرب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور وہ مسلمان ہونا چاہتا تھا اور اس کے ہاتھ میں چھپکلی تھی جو اس نے صحرا سے پکڑی تھی اور اس کو اپنی آستین میں رکھا ہوا تھا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بادیہ نشین کے سامنے اسلام پیش کیا۔

عرب نے کہا: اے محمدؐ! میں اس وقت تک آپ پر ایمان نہیں لاؤں گا۔ جب یہ چھپکلی ایمان نہ لائے۔

پھر چھپکلی اس کی آستین سے چھلانگ لگا کر مسجد کے باہر چلی گئی۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے چھپکلی میں کون ہوں؟

چھپکلی نے کہا: تو محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہے۔

پھر فرمایا: اے چھپکلی! کس کی عبادت کرتی ہو؟

اس نے کہا: اس خدا کی عبادت کرتی ہوں جس نے دانے کو پیدا کیا اور مخلوق کو پیدا کیا اور ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا اور موسیٰ علیہ السلام سے راز کی باتیں کی اور اے محمدؐ! تجھے خدا نے چنا۔

عرب نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ ایک خدا کے علاوہ اور کوئی خدا نہیں ہے اور آپ اللہ کے برحق نبی ہیں۔ بس اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے بتائیں کہ کیا آپ کے بعد کوئی نبی ہے؟

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں، میں آخری نبی ہوں، لیکن میرے بعد میری نسل سے امام ہوں گے جو عدالت برپا کریں گے اور بنی اسرائیل کے ستاروں جتنی ان کی تعداد ہوگی۔ ان میں سے پہلا علی بن ابی طالب علیہ السلام ہے جو میرے بعد میرا جانشین اور امام ہے اور باقی امام اس کی نسل سے ہیں میرے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا: ان میں سے نو

---

[1] فی المصدر: «سعی». والتصویب من بحار الأنوار.

[2] القَضم: الأكل بأطراف الأسنان. وما ذُقتُ قضاما: أي شيئا (الصحاح: ج5 ص2013 «قضم»).

[3] الجُلّة: قُفّة كبيرة للتمر (تاج العروس: ج14 ص113 «جلل»).

[4] . كفاية الأثر: ص172، بحار الأنوار: ج36 ص342 ح208 وراجع: الصراط المستقيم: ج2 ص130.

اامام قائم (مہدی علیہ السلام) ہے جو آخر الزماں میں دین کو بر پا کرے گا جس طرح میں نے شروع میں بر پا کیا۔

بس اعرابی نے یوں کہا: ہاں اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! آپ سچے ہیں اور آپ کو مہدیؑ و ہادیؑ کی مبارک ہو۔ ہمارے لئے آپ حنیف دین لائے اس وقت جب ہم گدھے کی طرح طاغوت کی عبادت کررہے تھے۔ اے بہترین بھیجے گئے اور چنے گئے انسانوں اور جنوں کی طرف ! ہم نے آپ کی دعوت قبول کی۔ زندگی اور موت میں سب سے بہترین ہو اور آپ کے آنے اور ولادت کی مبارک ہو۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنی سلیمی بھائی ! کیا تیرے پاس کچھ مال ہے؟ اس نے کہا: مجھے اس کی قسم جس نے تجھے نبوت دی اور رسالت کے ساتھ مخصوص کیا۔ بنی سلیم کے چار ہزار گھروں میں سے مجھ سے زیادہ کوئی فقیر نہیں ہے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اونٹنی پر سوار کیا اور وہ اپنی قوم کی طرف واپس گیا اور قوم کو سارا قصہ بیان کیا قوم والوں نے کہا: عرب نے اونٹ کے لالچ میں اسلام قبول کیا ہے۔ دن کا باقی حصہ صفہ میں رہا اور کوئی چیز کھائی بھی نہیں اور یہاں تک کہ دوسرے دن کی صبح کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آکر کہنے لگا: اے وہ (انسان) جس کو ہم کھوئیں گے نہیں۔ آپ خدا کے برحق نبی ہیں یہ ہم کو پتہ ہے اور آپ کا دین اسلام ایسا دین ہے جس کو ہم بزرگ سمجھتے ہیں لیکن اسلام کے باوجود ایسی چیز بھی چاہیے جو ہم کھائیں۔ آپ نے حقیقت لائی اور ایسی چیز بھی چاہیے جو ہم کھائیں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سن کر فرمایا: اے علی علیہ السلام ! اس بادیہ نشین کی ضرورت پوری کرو۔ علی علیہ السلام اس کو فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر لے گئے اور پیٹ بھر کر کھانا کھلایا اور ایک اونٹنی اور کافی مقدار میں کھجوریں اس کو دیں۔

188. كفاية الأثر عن موسى بن عبد ربّه: سَمِعتُ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام يَقولُ فى مَسجِدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وذلِكَ فى حَياةِ أبيهِ عَلِيٍّ عليه السلام: سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: أوَّلُ ما خَلَقَ اللهُ عز و جل جُبَهُ فَكَتَبَ عَلى أركانِهِ: «لا إلهَ إلاَّ اللهُ، مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ، عَلِيٌّ وَصِيُّهُ». ثُمَّ خَلَقَ العَرشَ فَكَتَبَ عَلى أركانِهِ «لا إلهَ إلاَّ اللهُ مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ عَلِيٌّ وَصِيُّهُ». ثُمَّ خَلَقَ الأَرَضينَ فَكَتَبَ عَلى أطوادِها [1] «لا إلهَ إلاَّ اللهُ مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ عَلِيٌّ وَصِيُّهُ». ثُمَّ خَلَقَ اللَّوحَ فَكَتَبَ عَلى حُدودِهِ: «لا إلهَ إلاَّ اللهُ مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ عَلِيٌّ وَصِيُّهُ». فَمَن زَعَمَ أنَّهُ يُحِبُّ النَّبِيَّ ولا يُحِبُّ الوَصِيَّ فَقَد كَذَبَ، ومَن زَعَمَ أنَّهُ يَعرِفُ النَّبِيَّ ولا يَعرِفُ الوَصِيَّ فَقَد كَفَرَ. ثُمَّ قالَ صلى الله عليه وآله: ألا إنَّ أهلَ بَيتى أمانٌ لَكُم، فَأَحِبّوهُم لِحُبّى، وتَمَسَّكوا بِهِم لَن

[1] الطَّوْدُ: الجبلُ العظيم (الصحاح: ج2 ص502 «طود»).

تَضِلّوا. قيلَ: فَمَن أهلُ بَيتِكَ يا نَبِيَّ اللهِ؟ قالَ: عَلِيٌّ وسِبطايَ وتِسعَةٌ مِن وُلدِ الحُسَينِ، أئِمَّةٌ أُمناءُ مَعصومونَ، ألا إنَّهُم أهلُ بَيتي وعِترَتي مِن لَحمي ودَمي[1]

۱۸۸) کفایۃ الاثر میں موسیٰ بن عبدربہ سے نقل ہے: میں نے سنا کہ امام حسین علیہ السلام مسجد نبیؐ میں اپنے بابا علی علیہ السلام کی زندگی میں فرماتے تھے۔ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ فرمایا: سب سے پہلی چیز جو خدا نے پیدا کی وہ اپنا حجاب تھا جس کی ستون پر یہ لکھا ہے:

لا اله الا الله ـ محمد رسول الله و علی وصی رسول الله

پھر خدا نے عرش پیدا کیا اور اس کے ستون پر لکھا:

لا اله الا الله محمد رسول الله علی وصی رسول الله

پھر لوح محفوظ کو پیدا کیا اور اس کے کونے پر لکھا:

لا اله الا الله محمد رسول الله علی وصی رسول الله

بس اگر کوئی کہے کہ نبیؐ سے محبت کرتا ہے لیکن وصی (علی علیہ السلام) سے محبت نہیں کرتا تو وہ جھوٹ بولتا ہے اور جو آدمی کہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت رکھتا ہے لیکن وصی کی معرفت نہیں رکھتا۔ اس نے کفر کیا ہے۔

پھر فرمایا: میرے اہل بیت علیہ السلام تمہارے لئے امان ہیں۔ بس میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کرو اور ان سے جنگ نہ کرو تا کہ گمراہ نہ ہو جاؤ۔

پوچھا گیا: آپ کے اہل بیت علیہم السلام کون ہیں؟ اے اللہ کے رسولؐ!

فرمایا: علی علیہ السلام اور دو میرے نواسے اور نو فرزند حسین علیہ السلام کی نسل سے، جو امین اور معصوم ہیں، خبردار کہ میرے اہل بیت علیہ السلام ہیں اور میرے گوشت اور خون سے ہیں۔

189. كفاية الأثر عن يحيى بن يعمن: كُنتُ عِندَ الحُسَينِ عليه السلام إذ دَخَلَ عَلَيهِ رَجُلٌ مِنَ العَرَبِ مُتَلَثِّما أسمَرُ شَديدُ السُّمرَةِ، فَسَلَّمَ ورَدَّ الحُسَينُ عليه السلام، فَقالَ:... أخبِرني عَن عَدَدِ الأَئِمَّةِ بَعدَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله. قالَ: اِثنا عَشَرَ، عَدَدَ نُقَباءِ بَني إسرائيلَ. قالَ: فَسَمِّهِم لي. قالَ: فَأَطرَقَ الحُسَينُ عليه السلام مَليّا ثُمَّ رَفَعَ رَأسَهُ فَقالَ: نَعَم أُخبِرُكَ يا أخَا العَرَبِ، إنَّ الإمامَ وَالخَليفَةَ بَعدَ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله أميرُ المُؤمِنينَ عَلِيٌّ عليه السلام وَالحَسَنُ وأنَا وتِسعَةٌ مِن وُلدي، مِنهُم عَلِيٌّ ابني، وبَعدَهُ مُحَمَّدٌ ابنُهُ، وبَعدَهُ جَعفَرٌ

[1] كفاية الأثر: ص171، بحار الأنوار: ج36 ص341 ح207.

ابنُهُ، وبَعدَهُ موسَى ابنُهُ، وبَعدَهُ عَلِيٌّ ابنُهُ، وبَعدَهُ مُحَمَّدٌ ابنُهُ، وبَعدَهُ عَلِيٌّ ابنُهُ، وبَعدَهُ الحَسَنُ ابنُهُ، وبَعدَهُ الخَلَفُ المَهدِيُّ هُوَ التّاسِعُ مِن وُلدِي، يَقومُ بِالدّينِ فِي آخِرِ الزَّمانِ [1]

۱۸۹) کفایۃ الاثر میں یحییٰ بن یامین سے نقل ہے: میں امام حسین علیہ السلام کے پاس تھا کہ ایک عرب نقاب اوڑھے ہوئے اور جس کا رنگ نہایت ہی گندمی تھا، امام علیہ السلام کے پاس آ کر سلام کیا۔ امام حسین علیہ السلام نے اس کے سلام کا جواب دیا: اس شخص نے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مجھے اماموں کی تعداد بتایئے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: بارہ نفر ہیں۔ اس نے کہا: مجھے ان کے نام بتائیں؟ امام حسین علیہ السلام نے کچھ دیر سر نیچے کیا پھر سر اٹھا کر فرمایا: ٹھیک ہے اے عرب بھائی تجھے بتاتا ہوں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جانشین اور امام علی اور حسن علیہما السلام ہیں اور میں اور میرے نو فرزند ہیں کہ جن میں سے میرا بیٹا علی علیہ السلام ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا محمد (باقر علیہ السلام) ہے اور پھر اس کا بیٹا جعفر (صادق علیہ السلام) ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا موسیٰ (کاظم علیہ السلام) ہے اور پھر اس کے بعد اس کا بیٹا علی (رضا علیہ السلام) ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا محمد (تقی علیہ السلام) ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا علی (نقی علیہ السلام) ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا حسن (عسکری علیہ السلام) ہے اور اس کے بعد اس کا جانشین مہدی علیہ السلام ہے کہ جو میری نسل سے نواں فرد ہوگا اور آخر زمان میں دین برپا کرے گا۔

190. الأمالي بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبيه أمير ال: قُلتُ لِرَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أخبِرني بِعَدَدِ الأَئِمَّةِ بَعدَكَ؟ فَقالَ: يا عَلِيُّ، هُمُ اثنا عَشَرَ، أوَّلُهُم أنتَ وآخِرُهُمُ القائِمُ [2]

۱۹۰) امالی صدوق میں امام حسین علیہ السلام سے ہے: علی علیہ السلام نے فرمایا: میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: آپ کے بعد (آنے والے) اماموں کی تعداد بتائیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام! بارہ نفر ہیں جن میں سے پہلا تو ہے اور آخری قائم ہے۔

191. كفاية الأثر بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أخيه الح: قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: الأَئِمَّةُ بَعدي عَدَدُ نُقَباءِ بَني إسرائيلَ وحَوارِيِّ [3] عيسى، مَن أحَبَّهُم فَهُوَ مُؤمِنٌ، ومَن أبغَضَهُم فَهُوَ مُنافِقٌ، هُم حُجَجُ اللهِ فِي خَلقِهِ وأعلامُهُ فِي بَرِيَّتِهِ [4]

---

[1] كفاية الأثر: ص232، بحار الأنوار: ج36 ص384 ح5.

[2] الأمالي للصدوق: ص728 ح998 عن إسماعيل بن الفضل الهاشمي عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج36 ص232 ح15.

[3] الحواريّون: أصحاب المسيح عليه السلام، أي خلصانه وأنصاره (النهاية: ج1 ص458، حور).

[4] كفاية الأثر: ص166 عن إسحاق بن عمّار عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج36 ص340 ح203.

۱۹۱) کفایۃ الاثر میں امام حسین علیہ السلام سے اور انہوں نے امام حسن علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد امام بنی اسرائیل کے نقیبوں عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں اور خاص اصحاب جتنے ہوں گے۔ جو بھی ان سے محبت کرے وہ مومن ہے اور جو ان سے دشمنی کرے وہ منافق ہے۔ یہ امام مخلوق کے درمیان خدا کی طرف سے حجت ہیں اور خدا کی نشانیاں ہیں اس کی مخلوق کے درمیان۔

192. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام دَخَلتُ أنَا وأخي عَلى جَدّي رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَأَجلَسَني عَلى فَخِذِهِ، وأجلَسَ أخِي الحَسَنَ عَلى فَخِذِهِ الأُخرى، ثُمَّ قَبَّلَنا وقالَ: بِأَبي أنتُما مِن إمامَينِ صالِحَينِ اختارَكُمَا اللهُ مِنّي ومِن أبيكُما وأُمِّكُما، وَاختارَ مِن صُلبِكَ يا حُسَينُ تِسعَةَ أئِمَّةٍ تاسِعُهُم قائِمُهُم، وكُلُّكُم فِي الفَضلِ وَالمَنزِلَةِ عِندَ اللهِ تَعالى سَواءٌ[1]

۱۹۲) کمال الدین میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: میں اور میرا بھائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گئے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ران پر اور میرے بھائی حسن علیہ السلام کو دوسری ران پر بٹھایا۔ پھر ہمیں بوسہ دیا اور فرمایا: میرا باپ آپ دو اماموں پر قربان ہو، خدا نے آپ دونوں کو میری نسل سے اور تمہارے باپ و ماں سے انتخاب کیا ہے اور اے حسین تیری نسل سے خدا نے نو امام چنے ہیں جن میں سے نوا امام قائم (مہدی علیہ السلام) ہے اور آپ سب کے سب فضیلت اور مقام و مرتبے میں خدا کے نزدیک برابر ہیں۔

193. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علي عليهما السلام سُئِلَ أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام عَن مَعنى قَولِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله: «إنّي مُخَلِّفٌ فيكُمُ الثَّقَلَينِ: كِتابَ اللهِ وعِترَتي» مَنِ العِترَةُ؟ فَقالَ: أنَا وَالحَسَنُ وَالحُسَينُ وَالأَئِمَّةُ التِّسعَةُ مِن وُلدِ الحُسَينِ، تاسِعُهُم مَهدِيُّهُم وقائِمُهُم، لايُفارِقونَ كِتابَ اللهِ ولايُفارِقُهُم حَتّى يَرِدوا عَلى رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله حَوضَهُ[2]

۱۹۳) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ علی علیہ السلام سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کے بارے

---

[1] كمال الدين: ص 269 ح 12، دلائل الإمامة: ص 447 ح 423 وفيه «يا ابنيّ، أنعم بكما» بدل «بأبي أنتما»، كشف الغمّة: ج 3 ص 301، إعلام الورى: ج 2 ص 191 كلّها عن أبي حمزة الثمالي عن الإمام الباقر عن أبيه عليهما السلام، الصراط المستقيم: ج 2 ص 129، بحار الأنوار: ج 36 ص 255 ح 72.

[2] كمال الدين: ص 240 ح 64، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 57 ح 25، قصص الأنبياء: ص 360 ح 435، إعلام الورى: ج 2 ص 180 كلّها عن غياث بن إبراهيم عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، كشف الغمّة: ج 3 ص 299، بحار الأنوار: ج 36 ص 373 ح 2.

میں پوچھا گیا: میں تمہارے درمیان دو وزنی چیزیں چھوڑے جارہا ہوں، ایک خدا کی کتاب (قرآن) اور دوسری میری عترت۔ کہ عترت کون ہیں؟ علی علیہ السلام نے فرمایا: میں، حسن اور حسین علیہما السلام اور نو امام، حسین علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ جن میں سے نو اں امام مہدی علیہ السلام ہے یہ کبھی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے اور کتاب خدا بھی ان سے جدا نہیں ہوگی یہاں تک حوض (کوثر) پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئیں گے۔

194. الصراط المستقيم عن الإمام الحسين عليه السلام: عَهِدَ إلَينا نَبِيُّنا كَونَ الأَئِمَّةِ بَعدَهُ عَدَدَ نُقَباءِ بَنِي إسرائيلَ [1]

۱۹۴) صراط مستقیم میں امام حسین سے ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں وصیت کی کہ ان کے بعد اماموں کی تعداد بنی اسرائیل کے نقیبوں جتنی تعداد ہے۔

195. كفاية الأثر عن إسماعيل بن عبد الله عن الحسين بن لَمّا أنزَلَ اللهُ تَبارَكَ وتَعالى هذِهِ الآيَةَ: «وَأُولُوا الْأَرْحامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ» [2] سَأَلتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَن تَأويلِها، فَقالَ: وَاللهِ ما عَنى غَيرَكُم، وأنتُم أُولُو الأَرحامِ، فَإذا مِتُّ فَأَبوكَ عَلِيٌّ أولى بي وبِمَكاني، فَإذا مَضى أبوكَ فَأَخوكَ الحَسَنُ أولى بِهِ، فَإذا مَضَى الحَسَنُ فَأَنتَ أولى بِهِ. قُلتُ: يا رَسولَ اللهِ، فَمَن بَعدي أولى بي؟ فَقالَ: إبنُكَ عَلِيٌّ أولى بِكَ مِن بَعدِكَ، فَإذا مَضى فَابنُهُ مُحَمَّدٌ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضى فَابنُهُ جَعفَرٌ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ بِمَكانِهِ، فَإذا مَضى جَعفَرٌ فَابنُهُ موسى أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضى موسى فَابنُهُ عَلِيٌّ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضى عَلِيٌّ فَابنُهُ مُحَمَّدٌ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضى مُحَمَّدٌ فَابنُهُ عَلِيٌّ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضى عَلِيٌّ فَابنُهُ الحَسَنُ أولى بِهِ مِن بَعدِهِ، فَإذا مَضَى الحَسَنُ وَقَعَتِ الغَيبَةُ فِي التّاسِعِ مِن وُلدِكَ، فَهذِهِ الأَئِمَّةُ التِّسعَةُ مِن صُلبِكَ، أعطاهُم عِلمي وفَهمي، طينَتُهُم مِن طينَتي. ما لِقَومٍ يُؤذُونّي فيهِم؟ لا أنالَهُمُ اللهُ شَفاعَتي [3]

۱۹۵) کفایۃ الاثر میں اسماعیل بن عبداللہ، نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ فرمایا: جب خدا نے یہ آیت، قرابتداروں سب آپس میں ایک دوسرے سے زیادہ حقدار ایک دوسرے کے اور قریب ہیں تو میں نے اس کی تفسیر رکھتے

---

[1] الصراط المستقيم: ج2 ص130 عن علي بن محمّد القمّي بإسناده إلى الإمام زين العابدين عليه السلام.
[2] الأنفال: 75.
[3] كفاية الأثر: ص175، الصراط المستقيم: ج2 ص155 نحوه، بحار الأنوار: ج36 ص344 ح209.

ہیں۔

رسول خداؐ سے پوچھی تو فرمایا: خدا کی قسم، آپ کے علاوہ مقصد نہیں تھا۔ اور آپ رشتہ دار (خاندان) ہیں۔ جب میں جاؤں گا تو تیرا باپ علی علیہ السلام میرے مقام و منصب کو سنبھالنے کے لئے زیادہ حقدار ہے اور جب آپ کا باپ انتقال کر جائے گا تو تیرا بھائی حسن علیہ السلام حقدار ہوگا اور جب حسن علیہ السلام کا انتقال ہوگا تو تم زیادہ حقدار ہو۔ میں نے کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! میرے بعد میرے منصب کا حقدار کون ہے؟ تو فرمایا: تیرا بیٹا علی علیہ السلام (زین العابدین) تیرے بعد تیرے منصب کا حقدار ہے اور جب وہ چلا جائے گا تو اس کا بیٹا محمد (باقر علیہ السلام) اس کے مقام کا حقدار ہے اور جب محمد (باقر علیہ السلام) انتقال کرے گا تو اس کا بیٹا جعفر (صادق علیہ السلام) اس کے منصب کا حقدار ہوگا اور جب جعفر (صادق علیہ السلام) کا انتقال ہوگا تو اس کا بیٹا موسیٰ کاظم (علیہ السلام) اس کے مقام کا حقدار ہے اور جب موسیٰ (کاظم علیہ السلام) کا انتقال ہوگا تو اس کا بیٹا علی (رضا علیہ السلام) اس کے مقام کا حقدار ہے اور جب علی (رضا علیہ السلام) چلا جائے گا تو اس کا بیٹا محمد (تقی علیہ السلام) حقدار ہے اور جب محمد (تقی علیہ السلام) انتقال کرے گا تو اس کا بیٹا علی (نقی علیہ السلام) حقدار ہے اور جب علی (نقی علیہ السلام) کا انتقال ہوگا تو اس کا بیٹا حسن (عسکری علیہ السلام) اس کے منصب کا حقدار ہے اور جب حسن (عسکری علیہ السلام) کا انتقال ہوگا تو تیرا نوا فرزند غائب ہوجائے گا اور یہ نواں امام تیری نسل سے ہے۔ خدا نے مجھے علم عطا کیا ہے ان کی خلقت میری خلقت سے ہے کیونکہ لوگ مجھے ان کے حوالے سے اذیت دے رہے ہیں؟ خدا ایسے لوگوں کو میری شفاعت نصیب نہ کرے۔

196. كفاية الأثر عن محمّد بن مسلم: دَخَلتُ عَلى زَيدِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام، فَقُلتُ: إنَّ قَوما يَزعُمونَ أنَّكَ صاحِبُ هذَا الأَمرِ! قالَ: [لا] [1]، ولكِنّي مِنَ العِترَةِ. قُلتُ: فَمَن يَلي هذَا الأَمرَ بَعدَكُم؟ قالَ: سَبعَةٌ [2] مِنَ الخُلَفاءِ وَالمَهدِيُّ مِنهُم. قالَ ابنُ مُسلِمٍ: ثُمَّ دَخَلتُ عَلَى الباقِرِ عليه السلام فَأَخبَرتُهُ بِذلِكَ، فَقالَ: صَدَقَ أخي زَيدٌ، سَيَلي هذَا الأَمرَ بَعدي سَبعَةٌ مِنَ الأَوصِياءِ وَالمَهدِيُّ مِنهُم. ثُمَّ بَكى عليه السلام وقالَ: كَأَنّي بِهِ وقَد صُلِبَ فِي الكُناسَةِ [3] يابنَ مُسلِمٍ، حَدَّثَني أبي عَن أبيهِ الحُسَينِ عليه السلام قالَ: وَضَعَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَدَهُ عَلى كَتِفي وقالَ: يابُنَيَّ، يَخرُجُ مِن صُلبِكَ رَجُلٌ يُقالُ لَهُ: زَيدٌ، يُقتَلُ مَظلوما، إذا

---

[1] ما بين المعقوفين أثبتناه من بحار الأنوار.

[2] في بعض نسخ المصدر: «ستّة» بدل «سبعة»، والصحيح ما أثبتناه كما في بحار الأنوار.

[3] الكُنَاسَةُ: هي محلّة بالكوفة، عندها واقع يوسف بن عمر الثقفي زيد بن علي بن الحسين عليهما السلام (معجم البلدان: ج4 ص481).

كانَ يَومُ القِيامَةِ حُشِرَ إلَى الجَنَّةِ[1]

۱۹۶) کفایۃ الاثر میں محمد بن مسلم سے نقل ہے: میں زید بن علی (ابن الحسین علیہ السلام) کے پاس گیا اور کہا: کچھ لوگ کہتے ہیں کہ آپ اس امر (امامت) کے صاحب (مالک) ہیں۔ کہا نہیں، میں تو اہل بیت علیہم السلام سے ہوں۔ میں نے کہا: آپ کے بعد اس امر (امامت) کو کون سنبھالے گا؟ کہا: سات نفر جانشین اور مہدی علیہ السلام بھی ان میں سے ہیں۔ بس میں امام باقر علیہ السلام کے پاس آیا اور اس کو حال احوال آکر بتایا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: میرے بھائی زید نے سچ کہا ہے میرے بعد یہ امر سات اوصیاء سنبھالیں گے اور مہدی علیہ السلام بھی انہی میں سے ہوں گے۔ پھر امام علیہ السلام نے گریہ کیا اور فرمایا: جیسا کہ میں اس (زید) کو کناسہ میں پھانسی پر لٹکا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ اے مسلم کے فرزند، میرے بابا نے اپنے بابا حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے شانہ پر رکھ کر فرمایا: اے میرے پیارے بیٹے! تیری نسل سے زید نامی شخص آئے گا جو مظلوم مارا جائے گا اور جب قیامت کا دن آئے گا تو جنت کے لئے محشور ہوگا۔

5/6

إمامَةُ أميرِ المُؤمِنينَ عَلِيٍّ

امامت امیر المومنین علیہ السلام

197.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن علىّ عليه ا قالَ لى بُرَيدَةُ: أمَرَنا رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله أن نُسَلِّمَ[2] عَلى أبيكَ بِإمرَةِ المُؤمِنينَ[3]

۱۹۷) عیون اخبار الرضا علیہ السلام میں امام حسین علیہ السلام سے ہے۔ بریدہ نے مجھ سے کہا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے کہ تیرے بابا (علی علیہ السلام) پر مومنوں پر حکومت حاصل کرنے کے لئے ہم سلام بھیجیں۔

---

[1] كفاية الأثر: ص 306، بحار الأنوار: ج 46 ص 200 ح 74 وراجع: عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 250 ح 2 والأمالى للصدوق: ص 409 ح 529 و كفاية الأثر: ص 303.

[2] فى المصدر: «أسلّم»، والصواب ما أثبتناه كما فى بحار الأنوار.

[3] عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 2 ص 68 ح 312 عن داوود بن سليمان الفرّاء عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 37 ص 290 ح 1.

198.الأمالی بإسناده عن الحسین بن علیؑ: حَدَّثَنی أمیرُ المُؤمِنینَ عَلِیُّ بنُ أبی طالِبٍؑ قالَ: قالَ لِیَ النَّبِیُّ ﷺ: یا عَلِیُّ، خَلَقَنِیَ اللهُ تَعالی وأنتَ مِن نورِ اللهِ حینَ خَلَقَ آدَمَ، وأفرَغَ ذلِكَ النّورَ فی صُلبِهِ، فَأَفضی بِهِ إلی عَبدِ المُطَّلِبِ، ثُمَّ افتَرَقا مِن عَبدِ المُطَّلِبِ؛ أنَا فی عَبدِ اللهِ وأنتَ فی أبی طالِبٍ، لا تَصلُحُ النُّبُوَّةُ إلاّ لی، ولا تَصلُحُ الوَصِیَّةُ إلاّ لَكَ، فَمَن جَحَدَ وَصِیَّتَكَ جَحَدَ نُبُوَّتی، ومَن جَحَدَ نُبُوَّتی أکَبَّهُ اللهُ عَلی مَنخِرَیهِ فِی النّارِ [1]

۱۹۸) امالی شیخ طوسی میں امام حسین علیہ السلام سے ہے: میرے لئے علی علیہ السلام نے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے علیؑ! خدا نے مجھے اور تجھے آدم علیہ السلام کو پیدا کرتے وقت اپنے نور سے پیدا کیا اور آدم علیہ السلام کی پشت میں رکھا۔ یہاں تک کہ عبدالمطلب تک پہنچا۔ پھر عبدالمطلب سے دو ٹکڑے ہوئے میں (پشت) عبداللہ میں آ گیا اور تم (پشت) ابو طالب میں۔ سوائے میرے کسی کے لئے نبوت سزاوار نہیں اور تیرے سوا کسی کے لئے وصی ہونا سزاوار نہیں ہے جو بھی تیرے وصی ہونے سے انکار کرے اس نے میری نبوت کا انکار کیا ہے اور جس نے میری نبوت کا انکار کیا اس کو جہنم میں پھینکا جائے گا۔

199.التوحید عن الأصبغ بن نباتة: لَمّا جَلَسَ عَلِیٌّؑ فِی الخِلافَةِ وبایَعَهُ النّاسُ، خَرَجَ إلَی المَسجِدِ مُتَعَمِّما بِعِمامَةِ رَسولِ اللهِ ﷺ، لابِسا بُردَةَ رَسولِ اللهِ ﷺ، مُتَنَعِّلاً نَعلَ رَسولِ اللهِ ﷺ، مُتَقَلِّدا سَیفَ رَسولِ اللهِ ﷺ، فَصَعِدَ المِنبَرَؑ فَجَلَسَ عَلَیهِ مُتَمَكِّنا.... ثُمَّ قالَ لِلحَسَنِؑ: یا حَسَنُ، قُم فَاصعَدِ المِنبَرَ فَتَكَلَّم.... ثُمَّ قالَ لِلحُسَینِؑ: یا بُنَیَّ قُم فَاصعَدِ المِنبَرَ وتَكَلَّم بِكَلامٍ لا تُجَهِّلُكَ قُرَیشٌ مِن بَعدی، فَیَقولونَ: إنَّ الحُسَینَ بنَ عَلِیٍّ لا یُبصِرُ شَیئا، ولیَكُن كَلامُكَ تَبَعا لِكَلامِ أخیكَ. فَصَعِدَ الحُسَینُؑ المِنبَرَ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنی عَلَیهِ، وصَلّی عَلی نَبِیِّهِ ﷺ صَلاةً موجَزَةً، ثُمَّ قالَ: مَعاشِرَ النّاسِ! سَمِعتُ جَدّی رَسولَ اللهِ ﷺ وهُوَ یَقولُ: «إنَّ عَلِیّا هُوَ مَدینَةُ هُدیً، فَمَن دَخَلَها نَجا ومَن تَخَلَّفَ عَنها هَلَكَ». فَوَثَبَ إلَیهِ عَلِیٌّؑ فَضَمَّهُ إلی صَدرِهِ وقَبَّلَهُ، ثُمَّ قالَ: مَعاشِرَ النّاسِ! اشهَدوا أنَّهُما فَرخا رَسولِ اللهِ ﷺ ووَدیعَتُهُ الَّتی استَودَعَنیها، وأنَا أستَودِعُكُموها. مَعاشِرَ

---

[1] الأمالی للطوسی: ص 295 ح 577 عن عیسی بن أحمد بن عیسی بن المنصور عن الإمام الهادی عن آبائه علیهم السلام، بحار الأنوار: ج 15 ص 12 ح 15.

النّاس! ورَسولُ اللهِ ﷺ سائِلُكُم عَنهُما [1]

۱۹۹) (کتاب) توحید میں اصبغ بن نباتہ سے نقل ہے: جب علی علیہ السلام خلافت (کی مسند) پر بیٹھے اور لوگوں نے ان سے بیعت کی۔ اس وقت علی علیہ السلام نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عمامہ پہنا اور ان کی رداء (عبا) پہنی اور ان کے نعلین پہنے اور نبیؐ کی تلوار اٹھائی اور مسند پر بیٹھ کر حسن علیہ السلام سے فرمایا: اے حسنؑ! اٹھو منبر پر بیٹھ کر کچھ کہو۔

پھر حسین علیہ السلام سے فرمایا: اٹھو اور منبر پر بیٹھ کر بات کرو۔ تاکہ میرے بعد قریش تجھے نظر انداز نہ کریں اور یہ نہ کہیں کہ حسین بن علی علیہ السلام کو کچھ پتہ نہیں۔ لیکن تیری بات تیرے بھائی کی باتوں کی طرح ہونی چاہیے۔

امام حسین علیہ السلام منبر پر بیٹھ کر خدا کی حمد وتعریف کر کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مختصر صلوات بھیج کر فرمایا: اے لوگو! میں نے اپنے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: وہ علیؑ، ہدایت کا شہر ہے جو بھی اس شہر میں داخل ہوا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے منہ موڑے گا وہ ہلاک ہو گیا۔ یہاں پر علی علیہ السلام، ان (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف گئے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اپنے سینے سے لگا کر بوسہ لیا اور فرمایا: اے لوگو! یہ دونوں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حصہ اور امانت ہیں جو میرے پاس امانت رکھی ہے اور میں ان دونوں کو آپ کے پاس امانت کے طور پر چھوڑ رہا ہوں۔ اے لوگو! ان دو کے بارے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم سے پوچھیں گے۔

200. الفتوح. فی ذِکرِ أحداثِ حَربِ صِفّینَ: أرسَلَ عُبَیدُ اللهِ بنُ عُمَرَ بنِ الخَطّابِ إلَی الحُسَینِ بنِ عَلِیٍّ علیہ السلام أنَّ لی إلَیکَ حاجَةً. فَالقَنی إذا شِئتَ حَتّی اُخبِرَکَ. قالَ: فَخَرَجَ إلَیهِ الحُسَینُ علیہ السلام حَتّی واقَفَهُ وظَنَّ أنَّهُ یُرِیدُ حَربَهُ. فَقالَ لَهُ ابنُ عُمَرَ: إنّی لَم أدعُکَ إلَی الحَربِ، ولکِن اسمَع مِنّی فَإنَّها نَصیحَةٌ لَکَ. فَقالَ الحُسَینُ علیہ السلام: قُل ما تَشاءُ. فَقالَ: إعلَم أنَّ أباکَ قَد وَتَرَ قُرَیشا، وقَد بَغَضَهُ النّاسُ وذَکَروا أنَّهُ هُوَ الَّذی قَتَلَ عُثمانَ، فَهَل لَکَ أن تَخلَعَهُ وتُخالِفَ عَلَیهِ حَتّی نُوَلِّیَکَ هذَا الأَمرَ؟ فَقالَ الحُسَینُ علیہ السلام: کَلاّ وَاللهِ، لا أکفُرُ بِاللهِ وبِرَسولِهِ وبِوَصِیِّ رَسولِ اللهِ، اِخسَ [2] وَیلَکَ مِن شَیطانٍ مارِدٍ! فَلَقَد زَیَّنَ لَکَ الشَّیطانُ سوءَ عَمَلِکَ، فَخَدَعَکَ حَتّی أخرَجَکَ مِن دینِکَ بِاتِّباعِ القاسِطینَ ونُصرَةِ هذَا المارِقِ مِنَ الدّینِ، لَم یَزَل هُوَ وأبوهُ حَربِیَّینِ وعَدُوَّینِ للهِ ولِرَسولِهِ ولِلمُؤمِنینَ، فَوَاللهِ

---

[1] التوحید: ص307.305 ح1، الأمالی للصدوق: ص425.422 ح560، الاختصاص: ص238.235، بحار الأنوار: ج40 ص202 ح6.

[2] کذا فی المصدر، والصواب: «إخسَأ».

ما أسلَما ولكِنَّهُمَا استَسلَما خَوفا وطَمَعا. فَأَنتَ اليَومَ تُقاتِلُ عَن غَيرِ مُتَذَمِّمٍ [1]، ثُمَّ تَخرُجُ إِلَى الحَربِ مُتَخَلِّقا [2] لِتُرائِيَ بِذلِكَ نِساءَ أهلِ الشّامِ، ارتَع [3] قَليلاً، فَإِنّي أرجو أن يَقتُلَكَ اللهُ عز و جلسَريعا. قالَ: فَضَحِكَ عُبَيدُ اللهِ بنُ عُمَرَ، ثُمَّ رَجَعَ إِلى مُعاوِيَةَ فَقالَ: إِنّي أَرَدتُ خَديعَةَ الحُسَينِ وقُلتُ لَهُ كَذا و كَذا، فَلَم أطمَع فى خَديعَتِهِ. فَقالَ مُعاوِيَةُ: إِنَّ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ لا يُخدَعُ، وهُوَ ابنُ أبيهِ [4]

۲۰۰) الفتوح میں، جنگ صفین کے حالات میں آیا ہے کہ عبداللہ بن عمر بن خطاب نے امام حسین علیہ السلام کی طرف پیغام بھیجا کہ آپ سے میرا کچھ کام ہے جب بھی چاہو میرے ساتھ ملاقات کروتا کہ آپ کو بتاؤں۔

امام حسین علیہ السلام اس کی طرف گئے تو ان کے سامنے کھڑے ہوگئے اور خیال کیا کہ (عبداللہ) ان سے جنگ کرنا چاہتا ہے ابن عمر نے کہا: میں نے آپ کو جنگ کے لئے نہیں بلایا ہے بلکہ تجھے ایک نصیحت کرنا چاہتا ہوں وہ مجھ سے سنو۔ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: جو کہنا چاہتے ہو کہو۔

ابن عمر نے کہا: تم کو پتہ ہونا چاہیے کہ تیرے باپ نے قریش کا خون بہایا ہے اور لوگ اس سے دشمنی رکھتے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ وہ عثمان کا قاتل ہے کیا آپ اس کو آزاد کرنا چاہتے ہو ان سے مخالفت کروتا کہ حکومت آپ کے حوالے کروں؟

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم کبھی بھی خدا اس کے رسولؐ اور اس کے وصی کا انکار نہیں کرسکتا۔ دور ہوجا تجھ پر لعنت ہو۔ بیشک شیطان نے تیرے لئے تیری غلطیوں اور گناہوں کو اچھا اور نیک پیش کیا ہے اور تجھے دھوکا دیا تا کہ تجھے ان تجاوز گران اور اس دین سے خارج شخص (معاویہ) کی پیروی کے ذریعے دین سے خارج کرے۔

معاویہ تو وہ ہے کہ جو ہمیشہ سے اپنے باپ کے ساتھ، خدا اور اس کے نبی اور مومنوں کے ساتھ جنگ اور دشمنی میں مصروف تھا۔ خدا کی قسم انہوں نے اسلام ہی نہیں لایا، بلکہ انہوں نے خوف اور لالچ میں اسلام قبول کیا۔ اور تو آج مذمت نہ ہونے کے لئے جنگ کررہے ہو اور خوش خیالی میں جنگ کے لئے باہر نکلے ہو تا کہ شام کی عورتوں کے پاس فخر

---

[1] الذِّمَّةُ والذِّمام: هما بمعنى العهد والأمان والضمان والحُرمة والحقّ (النهاية: ج2 ص168، ذمم).
[2] الخُلوقُ: وهو طيب معروف مركّب يتّخذ من الزعفران وغيره (النهاية: ج2 ص71، خلق).
[3] يقال: خرجنا نرتع ونلعب: أي ننعم ونلهو (الصحاح: ج3 ص1216، رتع).
[4] الفتوح: ج3 ص39.

فروشی کرو۔تھوڑا خوش رہو کیونکہ خدا سے امید ہے عنقریب تجھے موت آئے گی۔

عبداللہ بن عمر ہنسا اور معاویہ کے پاس جا کر کہنے لگا: میں حسین علیہ السلام کو دھوکا دینا چاہتا تھا اور اس کو میں نے یوں کہا۔لیکن اس کو دھوکا دینے کی کوئی امید نہیں رکھتا ہوں۔

معاویہ نے کہا: حسین بن علی دھوکا نہیں کھائے گا۔وہ اپنے باپ کا بیٹا ہے۔

201.المناقب عن رجل من بني هاشم يقال له عبد الله بن ا جاءَ رَجُلٌ إلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام فَقالَ: حَدِّثني في عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ. فَقالَ: وَيحَكَ! وما عَسَيتُ أن أُحَدِّثَكَ في عَلِيٍّ وهُوَ أبي؟ قالَ: بَل تُحَدِّثُني. قالَ: إنَّ اللهَ تَبارَكَ وتَعالى أدَّبَ نَبِيَّهُ الآدابَ كُلَّها، فَلَمَّا استَحكَمَ الأَدَبُ فَوَّضَ الأَمرَ إلَيهِ فَقالَ: «مَآ ءَاتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَ مَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُواْ» [1]، إنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله أدَّبَ عَلِيّا عليه السلام بِتِلكَ الآدابِ الَّتي أدَّبَهُ بِها، فَلَمَّا استَحكَمَ الآدابُ كُلُّها فَوَّضَ الأَمرَ إلَيهِ، فَقالَ: «مَن كُنتُ مَولاهُ فَعَلِيٌّ مَولاهُ» [2]

۲۰۱) المناقب میں ایک ہاشمی شخص بنام عبداللہ بن حسین سے نقل ہے کہ ایک شخص امام حسین علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا: مجھے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں کچھ بتائیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: وائے ہو تجھ پر، علی علیہ السلام کے بارے میں کیا چاہتے ہو درحالانکہ وہ میرا باپ ہے؟

اس شخص نے کہا: پھر بھی کچھ بتائیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: نبی نے جو بھی تمہارے لئے لائے وہ لے لو اور جس سے روکے رک جاؤ۔ بیشک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سارے وہ آداب علی علیہ السلام کو سکھائے جو خود سیکھے ہوئے تھے اور جب آداب کو مضبوط کیا تو کام کو اس کے حوالے کیا اور فرمایا جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی مولا ہے۔

نکتہ

حضرت علی علیہ السلام کی امامت اور فضیلت کے بارے میں امام حسین علیہ السلام سے بہت سی حدیثیں نقل ہوئی ہیں جن کو ہم نے دانش نامہ امیر المومنین علیہ السلام میں بیان کیا ہے ان کو دوبارہ ادھر لانے سے اجتناب کرتے ہیں۔

---

[1] الحشر: 7.

[2] المناقب للكوفي: ج2 ص428 ح910.

5/7

إمامَةُ الحَسَنِ لِلحُسَينِ

امام حسین علیہ السلام کیلئے امامتِ حسن علیہ السلام

202. رجال الكشّي عن فضيل غلام محمّد بن راشد عن أبي عبد إنَّ مُعاوِيَةَ كَتَبَ إلَى الحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام أنِ اقدَم أنتَ وَالحُسَينُ وأصحابُ عَلِيٍّ فَخَرَجَ مَعَهُم قَيسُ بنُ سَعدِ بنِ عُبادَةَ الأَنصارِيُّ، وقَدِمُوا الشّامَ، فَأَذِنَ لَهُم مُعاوِيَةُ، وأعَدَّ لَهُمُ الخُطَباءَ. فَقالَ: يا حَسَنُ قُم فَبايِع، فَقامَ فَبايَعَ، ثُمَّ قالَ لِلحُسَينِ عليه السلام: قُم فَبايِع، فَقامَ فَبايَعَ، ثُمَّ قالَ: قُم يا قَيسُ فَبايِع، فَالتَفَتَ إلَى الحُسَينِ عليه السلام يَنظُرُ ما يَأمُرُهُ، فَقالَ: يا قَيسُ، إنَّهُ إمامي. يَعنِي الحَسَنَ عليه السلام[1]

۲۰۲) رجال کشی میں فضیل (جو محمد بن راشد کا غلام ہے نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے: معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کو لکھا: آپ اور حسین علیہ السلام اور علی علیہ السلام کے ساتھ میرے پاس آؤ۔ قیس بن سعد بن عبادہ انصاری بھی ان کے ساتھ گیا اور شام پہنچے تو معاویہ نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی اور (ان کے مقابلے کے لئے) خطیب بھی تیار کر کے رکھے۔

معاویہ نے کہا: اے حسن علیہ السلام! اٹھو اور بیعت کرو۔ بس امام حسن علیہ السلام نے اٹھ کر بیعت کی۔

پھر حسین علیہ السلام سے کہا: اٹھو اور بیعت کرو وہ بھی اٹھ کر بیعت کرنے لگے۔

پھر قیس سے کہا: اے قیس اٹھو اور بیعت کرو قیس امام حسین علیہ السلام کی طرف دیکھنے لگا اور ان کے فرمان کا انتظار کرنے لگے۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے قیس: وہ (حسن علیہ السلام) میرا امام ہے۔

5/8

أبُو الأَئِمَّةِ التِّسعَةِ

---

[1] رجال الكشّي: ج1 ص325 ح176، بحار الأنوار: ج44 ص61 ح9.

نو اماموں کا باپ

203. كفاية الأثر عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة: كُنتُ عِندَ الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام إذ دَخَلَ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ الأَصغَرُ، فَدَعاهُ الحُسَينُ عليه السلام وضَمَّهُ إلَيهِ ضَمّا وقَبَّلَ ما بَينَ عَينَيهِ، ثُمَّ قالَ: بِأَبي أنتَ ما أطيَبَ ريحَكَ وأحسَنَ خلقَكَ! فَتَداخَلَني مِن ذلِكَ، فَقُلتُ: بِأَبي وأُمّي يَابنَ رَسولِ اللهِ، إن كانَ ما نَعوذُ بِاللهِ أن نَرَاهُ فيكَ، فَإلى مَن؟ قالَ: إلى عَلِيٍّ ابني هذا، هُوَ الإمامُ وأبُو الأَئِمَّةِ[1]

۲۰۳) کفایۃ الاثر میں عبداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے نقل ہے کہ میں نے امام حسین علیہ السلام کے پاس تھا کہ ان کا بیٹا علی اصغر (امام زین العابدین علیہ السلام) داخل ہوا۔ امام حسین علیہ السلام نے ان کو آواز دی اور شدت سے گود میں لیا اور ان کی پیشانی کا بوسہ لیا پھر فرمایا: تیرا باپ تجھ پر قربان، کتنی تجھ سے اچھی خوشبو آرہی ہے اور کتنی تیری صورت اچھی ہے اس واقعے سے میرے دل میں ایک بات آئی تو کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان اور اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند! خدا سے پناہ، اگر آپ کے لئے کوئی حادثہ پیش آئے تو ہم کس کی طرف جائیں؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: میرے اس فرزند کی طرف جو امام ہے اور اماموں کا امام باپ ہیں۔

204. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علي عن أبيه عليّ قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يا عَلِيُّ، أنتَ وَالأَئِمَّةُ مِن وُلدِكَ بَعدي حُجَجُ اللهِ عز و جل عَلى خَلقِهِ، وأعلامُهُ في بَرِيَّتِهِ، مَن أنكَرَ واحِدا مِنكُم فَقَد أنكَرَني، ومَن عَصى واحِدا مِنكُم فَقَد عَصاني، ومَن جَفا واحِدا مِنكُم فَقَد جَفاني، ومَن وَصَلَكُم فَقَد وَصَلَني، ومَن أطاعَكُم فَقَد أطاعَني، ومَن والاكُم فَقَد والاني، ومَن عاداكُم فَقَد عاداني، لِأَنَّكُم مِنّي، خُلِقتُم مِن طينَتي وأنَا مِنكُم[2]

۲۰۴) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام! تو اور تیری نسل سے امام میری طرف سے خدا کی مخلوق پر خدا کی حجت ہیں اور لوگوں کے درمیان ہدایت کی نشانیاں ہیں۔ جو بھی ان میں سے کسی ایک کا انکار کرے اس نے میرا انکار کیا اور جو بھی تم میں سے کسی ایک کی نا فرمانی کرے اس نے میری نا فرمانی کی اور تم سے اگر کوئی جفا کرے اس نے مجھ سے جفا کی ہے اور جو بھی آدمی تم سے رابطہ

---

[1] كفاية الأثر: ص234.

[2] كمال الدين: ص413 ح13 عن محمّد بن الفضيل عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام. بحار الأنوار: ج23 ص97 ح4.

ک جوڑے اس نے مجھ سے رابطہ جوڑا اور جس نے تمہاری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جو تم سے محبت کرے اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی: کیونکہ تم میری مٹی سے ہی خلق ہوئے ہو اور میں تم سے (خلق ہوا ہوں)۔

205. كفاية الأثر عن أبي خالد الكابلي عن عليّ بن الحسين دَخَلتُ عَلى رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وهُوَ مُتَفَكِّرٌ مَغمومٌ، فَقُلتُ: يا رَسولَ اللهِ، مالي أراكَ مُتَفَكِّرا؟ قالَ: يا بُنَيَّ، إنَّ الرّوحَ الأَمينَ قَد أتاني، فَقالَ: يا رَسولَ اللهِ، العَلِيُّ الأَعلى يُقرِئُكَ السَّلامَ ويَقولُ لَكَ: إنَّكَ قَد قَضَيتَ نُبُوَّتَكَ وَاستَكمَلتَ أيّامَكَ، فَاجعَلِ الإِسمَ الأَكبَرَ وميراثَ العِلمِ وآثارَ عِلمِ النُّبُوَّةِ عِندَ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليه السلام، فَإنّي لا أترُكُ الأَرضَ إلاّ وفيها عالِمٌ يُعرَفُ بِهِ طاعَتي ويُعرَفُ بِهِ وِلايَتي، فَإنّي لَم أقطَع عِلمَ [1] النُّبُوَّةِ مِنَ الغَيبِ مِن ذُرِّيَّتِكَ كَما لَم أقطَعها مِن ذُرِّيّاتِ الأَنبياءِ الَّذينَ كانوا بَينَكَ وبَينَ أبيكَ آدَمَ. قُلتُ: يا رَسولَ اللهِ، فَمَن يَملِكُ هذَا الأَمرَ بَعدَكَ؟ قالَ: أبوكَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ، أخي وخَليفَتي، ويَملِكُ بَعدَ عَلِيٍّ الحَسَنُ، ثُمَّ تَملِكُ أنتَ وتِسعَةٌ مِن صُلبِكَ، يَملِكُهُ اثنا عَشَرَ إماما، ثُمَّ يَقومُ قائِمُنا يَملَأُ الدُّنيا قِسطا وعَدلاً كَما مُلِئَت جَورا وظُلما، ويَشفي صُدورَ قَومٍ مُؤمِنينَ هُم شيعَتُهُ [2]

۲۰۵) کفایۃ الاثر میں ابو خالد کابلی نے امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس میں گیا اور چونکہ فکر میں اور غمگین تھے۔ میں نے پوچھا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا ہوا کہ آپ تفکر میں ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے میرے پیارے فرزند! روح الامین میرے پاس آ کر کہنے لگا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! (خدا) آپ کو سلام دے رہا ہے اور کہہ رہا ہے۔ تو نے اپنی نبوت کو پورا کر دیا ہے اور زندگی کے ایام مکمل کر دیئے ہیں۔ بس (خدا کے) اسم اکبر اور علمی میراث اور علم نبوت کے آثار کو علی بن ابی طالب علیہ السلام کے پاس چھوڑ کر جاؤ، کیونکہ میں زمین کو بغیر ایسے عالم کے نہیں چھوٹا۔ جس کے زریعے میری اطاعت اور ولایت پہچانی جائے۔ میں غیب کا علم تیری نسل سے ختم نہیں کروں گا۔ جس طرح دوسرے انبیاء اور آدم علیہ السلام کی نسل سے ختم نہیں کیا۔ میں نے کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کے بعد کون اس کام کو سنبھالنے والا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا تیرا بابا علی بن ابی طالب علیہ السلام، میرا بھائی اور جانشین ہے اس کے بعد

---

[1] في المصدر: «على النبوّة» والتصويب من بحار الأنوار.
[2] كفاية الأثر: ص178، بحار الأنوار: ج36 ص345 ح212.

حسن علیہ السلام حاکم ہے اور اس کے بعد تو اور تیرے نو فرزند۔ بارہ امام ہیں کہ جن کے ہاتھ میں ولایت ہے پھر ہمارا قائم (مہدی علیہ السلام) قیام کرے گا اور دنیا کو اس طرح عدل و انصاف سے بھر دے گا جس طرح ظلم سے بھر چکی ہوگی اور ایک گروہ کو جو کہ مومن اور اس کے پیروکار ہیں، شفا دے گا۔

206. كفاية الأثر بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام كانَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ فيما بَشَّرَني بِهِ: يا حُسَينُ، أنتَ السَّيِّدُ ابنُ السَّيِّدِ أبُو السّادَةِ، تِسعَةٌ مِن وُلدِكَ أئِمَّةٌ اُمَناءُ، التّاسِعُ قائِمُهُم، أنتَ الإمامُ ابنُ الإمامِ أبُو الأئِمَّةِ، تِسعَةٌ مِن صُلبِكَ أئِمَّةٌ أبرارٌ، وَالتّاسِعُ مَهدِيُّهُم يَملَأُ الأَرضَ قِسطا وعَدلاً، يَقومُ فى آخِرِ الزَّمانِ كَما قُمتُ فى أوَّلِهِ [1]

۲۰۶) کفایۃ الاثر میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان خوشخبریوں میں جو مجھے دیں، فرمایا: اے حسین علیہ السلام تو سردار، سردار کے بیٹے اور سرداروں کے باپ ہو، آپ کے فرزندوں میں سے نو امام امین ہیں۔ ان میں سے نواں امام قائم (مہدی علیہ السلام) ہے تو امام، امام کا بیٹا اور اماموں کا باپ ہے تیری نسل سے نو آدمی امام اور نیک ہیں اور ان میں سے نوا مہدی علیہ السلام ہے جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا اور آخری زمانے میں قیام کرے گا جس طرح میں نے شروع زمانے میں قیام کیا ہے۔

207. كفاية الأثر بإسناده عن الحسين عليه السلام: قالَت لى اُمّى فاطِمَةُ عليها السلام: لَمّا وَلَدتُكَ دَخَلَ إلَيَّ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله، فَناوَلتُكَ إيّاهُ فى خِرقَةٍ صَفراءَ، فَرَمى بِها وأخَذَ خِرقَةً بَيضاءَ لَفَّكَ فيها، وأذَّنَ فى اُذُنِكَ الأَيمَنِ وأقامَ فى اُذُنِكَ الأَيسَرِ. ثُمَّ قالَ: يا فاطِمَةُ، خُذيهِ فَإنَّهُ أبُو الأئِمَّةِ، تِسعَةٌ مِن وُلدِهِ أئِمَّةٌ أبرارٌ وَالتّاسِعُ مَهدِيُّهُم [2]

۲۰۷) کفایۃ الاثر میں امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ میری ماں فاطمہ سلام اللہ علیہا نے مجھ سے فرمایا: جب تیری ولادت ہوئی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اور تجھے زرد کپڑے میں لپیٹ کر ان کو دیا، وہ کپڑا ہٹایا اور سفید کپڑا لے کر اس میں لپیٹا اور دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی۔ پھر فرمایا: اے فاطمہؑ! اس کو لے لو کیونکہ

---

[1] كفاية الأثر: ص 176 عن عبد الله بن إبراهيم عن أبيه عن جدّه عن الإمام زين العابدين عليه السلام، بحار الأنوار: ج 36 ص 344 ح 210.

[2] كفاية الأثر: ص 197 عن يونس بن ظبيان عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 36 ص 352 ح 222.

اماموں کا باپ ہے اس کے فرزندوں میں سے نو نیک امام ہیں۔ ان میں سے نوا امام مہدی علیہ السلام ہے۔

208. كفاية الأثر عن زيد بن علىّ عن علىّ بن الحسين عن أ: قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: يا حُسَينُ، أنتَ الإمامُ وأخُو الإمامِ وَابنُ الإمامِ، تِسعَةٌ مِن وُلدِكَ أُمَناءُ مَعصومونَ، وَالتّاسِعُ مَهدِيُّهُم، فَطوبى لِمَن أحَبَّهُم، وَالوَيلُ لِمَن أبغَضَهُم [1]

۲۰۸) کفایۃ الاثر میں زید بن علی نے امام سجاد علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے حسین علیہ السلام! تم امام، امام کا بھائی اور امام کا بیٹا ہو۔ تیرے نو فرزند امین اور معصوم ہیں۔ ان میں سے نوا مہدی علیہ السلام ہے۔ مبارک ہو ان کو جو ان سے محبت کریں اور لعنت ہو ان پر جو ان سے منہ موڑیں۔

5/9

قائِمُ هذِهِ الأُمَّةِ

اس امت کا قائم

209. كمال الدين عن عبد الله بن شريك عن رجل من همدان: سَمِعتُ الحُسَينَ بنَ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليهم السلام يَقولُ: قائِمُ هذِهِ الأُمَّةِ هُوَ التّاسِعُ مِن وُلدي، وهُوَ صاحِبُ الغَيبَةِ، وهُوَ الَّذي يُقَسَّمُ ميراثُهُ وهُوَ حَيٌّ [2]

۲۰۹) کمال الدین میں عبداللہ بن شریک نے قبیلے کے ایک شخص سے نقل کیا ہے: میں نے سنا کہ امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں: اس امت کا قائم میری نسل میں سے نوا فرد ہے وہ غائب ہوجائے گا درحالانکہ زندہ ہے اس کی میراث تقسیم کی جائے گی۔

210. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علىّ عليه السلام في التّاسِعِ مِن وُلدي سُنَّةٌ مِن يوسُفَ، وسُنَّةٌ مِن موسَى بنِ عِمرانَ عليهما السلام، وهُوَ قائِمُنا أهلَ البَيتِ، يُصلِحُ اللهُ تَبارَكَ وتَعالى أمرَهُ

---

[1] كفاية الأثر: ص299، بحار الأنوار: ج36 ص361 ح231.

[2] كمال الدين: ص 317 ح 2، الصراط المستقيم: ج 2 ص 129، إعلام الورى: ج 2 ص 230 عن جعيد الهمداني، بحار الأنوار: ج51 ص133 ح3.

فی لَیلَةٍ واحِدَةٍ[1]

۲۱۰) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام سے ہے میری نسل کے نویں فرزند میں یوسف علیہ السلام کی سنت اور موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی سنت ہے اور وہ اہم اہل بیت کا قائم (مہدی علیہ السلام) ہے۔ خدا نے اس کے کام کو ایک ہی رات میں مکمل کردے گا۔

211. كمال الدين عن عبد الله بن عمر: سَمِعتُ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام يَقولُ: لَو لَم يَبقَ مِنَ الدُّنيا إلاّ يَومٌ واحِدٌ لَطَوَّلَ اللهُ عز و جل ذٰلِكَ اليَومَ حَتّى يَخرُجَ رَجُلٌ مِن وُلدي، فَيَملَأُها عَدلاً وقِسطا كَما مُلِئَت جَورا وظُلما، كَذٰلِكَ سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ[2]

۲۱۱) کمال الدین میں عبداللہ بن عمر سے نقل ہے کہ میں نے سنا کہ حسین علیہ السلام نے فرمایا: اگر دنیا کا فقط ایک دن ہی رہ جائے تو خدا اس دن کو اتنا طولانی کرے گا تا کہ میری نسل سے ایک شخص ظہور کرے گا جو دنیا کو عدل و انصاف سے ایسے بھر دے گا۔ جیسے دنیا ظلم سے بھر گئی ہوگی۔ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے فرماتے ہوئے سنا۔

212. إثبات الهداة عن ثابت بن دينار عن أبي جعفر عليه السلام إنَّ الحُسَينَ عليه السلام قالَ: يُظهِرُ اللهُ قائِمَنا فَيَنتَقِمُ مِنَ الظّالِمينَ. فَقيلَ لَهُ: يَابنَ رَسولِ اللهِ، مَن قائِمُكُم؟ قالَ: السّابِعُ مِن وُلدِ ابني مُحَمَّدِ بنِ عَلِيٍّ، وهُوَ الحُجَّةُ ابنُ الحَسَنِ بنِ عَلِيِّ بنِ مُحَمَّدِ بنِ عَلِيِّ بنِ موسَى بنِ جَعفَرِ بنِ مُحَمَّدِ بنِ عَلِيٍّ ابني، وهُوَ الَّذي يَغيبُ مُدَّةً طَويلَةً ثُمَّ يَظهَرُ ويَملَأُ الأَرضَ قِسطا وعَدلاً كَما مُلِئَت جَورا وظُلما[3]

۲۱۲) اثبات الھداۃ میں ثابت بن دینار نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: خدا ہمارے قائم (مہدی علیہ السلام) کو ظاہر کرے گا تا کہ ظالموں سے انتقام لے۔ امام علیہ السلام سے کہا گیا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند۔ آپ کا قائم کون ہے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: میرے بیٹے کی نسل سے ساتواں فرزند محمد بن علی، جو حجت ہے حسن کا بیٹا، علی کا بیٹا، محمد کا بیٹا، علی کا بیٹا، موسیٰ (کاظم) کا بیٹا، جعفر (صادق) کا بیٹا، محمد (باقر) کا بیٹا، علی (زین العابدین) کا بیٹا، میرا بیٹا وہ ایک طولانی زمانہ غائب ہوجائے گا پھر ظاہر ہوگا اور زمین کو عدل و انصاف سے ایسے بھر دے گا جس طرح

---

[1] كمال الدين: ص 317 ح 1، إعلام الورى: ج 2 ص 230 كلاهما عن عبد الرحمن بن الحجّاج عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام، الصراط المستقيم: ج 2 ص 129، كشف الغمّة: ج 3 ص 312، العُدد القويّة: ص 71 ح 112 وليس فيه ذيله من «يصلح»، بحار الأنوار: ج 51 ص 133 ح 2.

[2] كمال الدين: ص 318 ح 4، إعلام الورى: ج 2 ص 231، بحار الأنوار: ج 51 ص 133 ح 5.

[3] إثبات الهداة: ج 3 ص 569 ح 681.

ظلم سے بھر گئی ہوگی۔

213. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علي عليه السلام دَخَلتُ أنَا وأخي عَلى جدّي رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَأَجلَسَني عَلى فَخِذِهِ، وأجلَسَ أخي الحَسَنَ عَلى فَخِذِهِ الأُخرى، ثُمَّ قَبَّلَنا وقالَ: بِأَبي أنتُما مِن إمامَينِ صالِحَينِ، اختارَكُمَا اللهُ مِنّي ومِن أبيكُما وأُمِّكُما، وَاختارَ مِن صُلبِكَ يا حُسَينُ تِسعَةَ أئِمَّةٍ، تاسِعُهُم قائِمُهُم، وكُلُّهُم فِي الفَضلِ وَالمَنزِلَةِ عِندَ اللهِ تَعالى سَواءٌ[1]

۲۱۳) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ میں اور میرا بھائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گئے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ران پر اور حسن علیہ السلام کو دوسری ران پر بٹھایا۔ پھر مجھے بوسہ دیکر فرمایا: میرا باپ تم دونوں نیک اماموں پر قربان، خدا نے تم دونوں کو مجھ سے اور تمہارے ماں باپ سے انتخاب کیا ہے اور اے حسین علیہ السلام تیری نسل سے خدا نے نو اماموں کو انتخاب کیا ہے کہ جن میں سے نوا امام قائم علیہ السلام ہے اور سب کے سب خدا کے نزدیک فضیلت اور منزلت میں برابر ہیں۔

214. كفاية الأثر عن يحيى بن جعدة بن هبيرة عن الحسين بن، في جَوابِ رَجُلٍ سَأَلَهُ عَنِ الأَئِمَّةِ: عَدَدُ نُقَباءِ بَني إسرائيلَ، تِسعَةٌ مِن وُلدي آخِرُهُمُ القائِمُ، ولَقَد سَمِعتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقولُ: أبشِروا ثُمَّ أبشِروا. ثَلاثَ مَرّاتٍ. إنَّما مَثَلُ أهلِ بَيتي كَمَثَلِ حَديقَةٍ أُطعِمَ مِنها فَوجٌ عاما، ثُمَّ أُطعِمَ مِنها فَوجٌ عاما، في آخِرِها فَوجٌ يَكونُ أعرَضَها بَحرا، وأعمَقَها طولاً وفَرعا، وأحسَنَها جَنىً[2]

۲۱۴) کفایۃ الاثر میں یحییٰ بن جعدہ بن ھبیرہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے: بنی اسرائیل کے نقیب (ستارے) نو نفر ہیں جو کہ میری نسل سے ہیں جن میں سے آخری قائم (مہدی علیہ السلام) ہے۔ میں نے سنا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری دو۔ خوشخبری دو! یہاں تک کہ تین بار (بڑھا کر کہا کہ)۔ میرے اہل بیت ایک باغ کی مانند ہیں جس سے ایک سال ایک گروہ بعد والے سال میں دوسرا گروہ دیا جائے گا اور اس باغ کے آخر میں (بھی) ایک گروہ ہے وہاں ایک وسیع نہر ہے اور باغ طول وعرض میں بہت وسیع ہے اور اس کے پھل ہر سال ہوتے ہیں۔

---

[1] كمال الدين: ص 269 ح 12، دلائل الإمامة: ص 447 ح 423، إعلام الورى: ج 2 ص 191، كشف الغمّة: ج 3 ص 301 كلّها عن أبي حمزة الثمالي عن الإمام الباقر عن أبيه عليهما السلام.

[2] كفاية الأثر: ص 231، بحار الأنوار: ج 36 ص 384 ح 4.

215. كمال الدين عن ثابت بن دينار عن سيّد العابدين عليّ: قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: الأَئِمَّةُ بَعدِي اثنا عَشَرَ، أوَّلُهُم أنتَ يا عَلِيُّ، وآخِرُهُمُ القائِمُ الَّذي يَفتَحُ اللهُ عز و جل عَلى يَدَيهِ مَشارِقَ الأَرضِ ومَغارِبَها[1]

۲۱۵) کمال الدین میں ثابت بن دینار نے امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد، بارہ امام ہیں جن میں سے پہلا۔ اے علی علیہ السلام! تو ہے اور ان میں سے آخری قائم ہے جس کے ذریعے زمین کے مشرق ومغرب کو فتح کرے گا۔

5/10

صِفَةُ المَهدِيِّ

مہدی علیہ السلام کی صفات

216. الغيبة عن سليمان بن بلال عن جعفر بن محمّد عن أبيه: جاءَ رَجُلٌ إلى أميرِ المُؤمِنينَ علیہ السلام، فَقالَ لَهُ: يا أميرَ المُؤمِنينَ نَبِّئنا بِمَهدِيِّكُم هذا. فَقالَ: إذا دَرَجَ[2] الدّارِجونَ، وقَلَّ المُؤمِنونَ، وذَهَبَ المُجلِبونَ، فَهُناكَ هُناكَ. فَقالَ: يا أميرَ المُؤمِنينَ، مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ فَقالَ: مِن بَني هاشِمٍ، مِن ذِروَةِ[3] طَودِ[4] العَرَبِ، وبَحرِ مَغيضِها[5] إذا وَرَدَت، ومَخفَرِ[6] أهلِها إذا أُتِيَت، ومَعدِنِ صَفوَتِها إذَا اكتَدَرَت، لا يَجبُنُ إذَا المَنايا هَكَّعَت[7]، ولا يَخورُ إذَا المَنونُ اكتَنَعَت[8]، ولا يَنكُلُ[9]

---

[1] كمال الدين: ص282 ح35، عيون أخبار الرضا علیہ السلام: ج1 ص65 ح34، الأمالي للصدوق: ص172 ح175، بحار الأنوار: ج36 ص226 ح1.

[2] دَرَجَ: أي مات (النهاية: ج2 ص111، درج).

[3] ذِروَةُ كلِّ شيء: أعلاه (النهاية: ج2 ص159، ذرا).

[4] الطَّود: الجبل، أو عظيمُهُ المتطاول في السماء (تاج العروس: ج5 ص81، طود).

[5] المغيض: الموضع الذي يدخل فيه الماء فيغيب.

[6] خَفَرت الرجلَ: أجرته وحفظته. وخفرته: إذا كنت له خفيرا، أي حاميا و كفيلاً (النهاية: ج2 ص52، خفر).

[7] هَكَّعَ الرجلُ بالقوم: نزل بهم (تاج العروس: ج11 ص545، هكع).

[8] اكتَنَعَ: دنا (النهاية: ج4 ص204، كنع).

[9] نَكَلَ عن العدوّ: جبن (الصحاح: ج5 ص1835، نكل).

إِذَا الكُماةُ[1] اصطَرَعَت، مُشَمِّرٌ مُغلَولِبٌ، ظَفِرٌ[2]، ضِرغامَةٌ، حَصِدٌ، مُخَدِّشٌ، ذَكَرٌ، سَيفٌ مِن سُيوفِ اللهِ، رَأسٌ، قُثَمُ[3]، نُشوءُ رَأسِهِ فِي باذِخِ السُّؤدَدِ[4]، وعارِزُ[5] مَجدِهِ فِي أكرَمِ المَحتِدِ[6]، فَلا يَصرِفَنَّكَ عَن بَيعَتِهِ صارِفٌ عارِضٌ يَنوصُ إلَى الفِتنَةِ كُلَّ مَناصٍ، إن قالَ فَشَرٌّ قائِلٍ، وإن سَكَتَ فَذو دَعايِرَ[7] ثُمَّ رَجَعَ إلى صِفَةِ المَهدِيِّ عليه السلام فَقالَ: أوسَعُكُم كَهفا، وأكثَرُكُم عِلما، وأوصَلُكُم رَحِما، اللّٰهُمَّ فَاجعَل بَعثَهُ خُروجا مِنَ الغُمَّةِ، وَاجمَع بِهِ شَملَ الأُمَّةِ، فَإن خارَ اللهُ لَكَ فَاعزِم ولا تَنثَنِ عَنهُ إن وُفِّقتَ لَهُ، ولا تَجوزَنَّ عَنهُ إن هُديتَ إلَيهِ، هاه، وأومَأَ بِيَدِهِ إلى صَدرِهِ، شَوقا إلى رُؤيَتِهِ[8]

۲۱۶) غیبت نعمانی میں سلیمان بن ہلال نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ ایک شخص نے علی علیہ السلام کے پاس آ کر کہا: اے امیر المومنین علیہ السلام! ہمیں تم اپنے مہدی علیہ السلام (کے ظہور) کے بارے میں بتائیں۔

علی علیہ السلام نے فرمایا: جب (دنیا سے) جانے والے چلے جائیں اور مومن کم رہ جائیں اور فتنہ برپا کرنے والے نابود ہو جائیں وہی وقت ہے وہی وقت۔ اس نے کہا: اے امیر المومنین علیہ السلام! یہ شخص کون سے قبیلے سے ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: عرب کے بلند ترین قبیلے بنی ہاشم سے اور سمندر کے اس پانی سے جس میں ہر طرف پانی آتا ہے اور ایسی پناہ گاہ سے جہاں پر پناہ مانگنے والا پناہ مانگتا ہے۔ اور خالص معدن نا خالص میں سے، وہ کبھی بھی موت سے نہیں ڈرے گا اور موت کے نزدیک ہونے سے سست نہیں ہوگا۔ شجاع لوگوں کے ساتھ مقابلہ کرنے سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ حوصلے اور طاقت و کامیابی کے ساتھ نر شیر کی طرح (دشمنوں کو) دور کرنے والا اور زخمی کرنے والا ہے۔ خدا کی تلواروں میں سے تلوار ہے سالار، کامل اور خدا کا تربیت یافتہ ہے اور خاندان کرم میں (ظلم) کو ختم کرنے والا ہے۔ بس تجھے اس کی بیعت (کوئی) دور نہ کرے ایسا آدمی جس کو فرصت ملنے کی وجہ سے فتنے کی طرف چلا جائے اور اگر بات کرے بہترین بات کرنے والا ہے اور اگر خاموش بیٹھے تو فساد (اندر میں) رکھتا ہے۔

---

[1] الكمیّ: الشجاع، والجمع: الكُماة (الصحاح: ج6 ص2477، كمی).
[2] الظّفر: الفوز، وقد ظفر بعدوّه فهو ظفر (الصحاح: ج2 ص730، ظفر).
[3] قثم: الجامع الكامل، وقيل: الجموع للخير (النهاية: ج4 ص16، قثم).
[4] السؤدَدُ: الشرف (لسان العرب: ج3 ص228، سود).
[5] العَرْزُ: اشتداد الشيء وغلظه (لسان العرب: ج5 ص373، عرز).
[6] المَحتِدُ: الأصلُ والطَّبعُ (لسان العرب: ج3 ص139، حقد).
[7] .اللَّعارَةُ: الفساد والشرّ (النهاية: ج2 ص119، دعر).
[8] .الغيبة للنعمانی: ص212 ح1، بحار الأنوار: ج51 ص115 ح14 وفيه، نشق، بدل، نشوء.

پھر امام علیہ السلام، امام مہدی علیہ السلام کی صفات بیان کرنے کی طرف لوٹے اور فرمایا: اس کی پناہ کی جگہ تم سب سے وسیع ہے۔ اس کا علم تم سب سے زیادہ ہے اور رشتہ داری کی حوالے سے تمہارے نزدیک ہے۔ اے اللہ! اس کے ظہور کو قرار دے غم سے نجات اور اس کے ذریعے اس امت کے تفرقہ کو اتحاد میں تبدیل کر۔ بس اگر خدا تجھے (اس کو دیکھنے کے لئے) چنے اور تجھے توفیق دے اس کو دیکھنے کی تو تم کرلو اور اس سے منہ نہ موڑنا اور جب اس تک پہنچو تو منہ نہ موڑنا۔ آہ کہ یہ دل (اپنے ہاتھ سے دینے کی طرف اشارہ کیا) کتنا اس (کے دیدار کا) مشتاق ہے۔

5/11

اَلمَهدِيُّ مِن وُلدِ فاطِمَةَ

مہدیؑ، فاطمہ کی نسل سے ہے

217. دلائل الإمامة عن الزهری عن علیّ بن الحسین عن أبیه أنّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قالَ لِفاطِمَةَ صَلَواتُ اللهِ عَلَيها: اَلمَهدِيُّ مِن وُلدِكِ [1]

۲۱۷) دلائل الامامۃ میں زہری نے امام سجاد علیہ السلام سے اور انہوں نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ علیہا السلام سے فرمایا: مہدی علیہ السلام تیری نسل سے ہے۔

---

[1] دلائل الإمامة: ص444 ح417، کشف الغمّة: ج3 ص258، بحار الأنوار: ج51 ص78 ح37؛ ذخائر العقبی: ص236.

5/12

فَضلُ الصّابِرِ فی عَصرِ الغَیبَةِ

زمانہ غیبت میں صبر کی فضیلت

218. كمال الدين عن عبد الرحمن بن سليط عن الحسين بن علي مِنَّا اثنا عَشَرَ مَهدِيّا؛ أوَّلُهُم أميرُ المُؤمِنينَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام، وآخِرُهُمُ التّاسِعُ مِن وُلدي وهُوَ الإمامُ القائِمُ بِالحَقِّ، يُحيِي اللهُ بِهِ الأَرضَ بَعدَ مَوتِها، ويُظهِرُ بِهِ دينَ الحَقِّ عَلَى الدّينِ كُلِّهِ ولَو كَرِهَ المُشرِكونَ، لَهُ غَيبَةٌ يَرتَدُّ فيها أقوامٌ ويَثبُتُ فيها عَلَى الدّينِ آخَرونَ، فَيُؤذَونَ ويُقالُ لَهُم: «مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَدِقِينَ» [1] أما إنَّ الصّابِرَ فی غَيبَتِهِ عَلَى الأَذى وَالتَّكذيبِ بِمَنزِلَةِ المُجاهِدِ بِالسَّيفِ بَينَ يَدَي رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله [2]

۲۱۸) کمال الدین میں عبدالرحمن بن سلیط نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ بارہ ہدایت یافتہ ہم میں سے ہیں۔ ان میں سے پہلا علی بن ابی طالب علیہ السلام اور آخری میری نسل سے نو فرزند ہے جو حق کو برپا کرے گا۔ خدا اس کے ذریعے زمین کے مرنے کے بعد اس کو زندہ کرے گا اور حقیقی دین کو اس کے ذریعے سارے ادیان پر غلبہ دے گا اگرچہ مشرکین کو پسند نہ ہو۔ اس کے لئے ایسی غیبت ہے جس میں کچھ گروہ مرتد ہوجائیں گے اور کچھ گروہ دین میں ثابت قدم رہیں گے اور آزار واذیت دیکھیں گے اور انہیں کہا جائے گا اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟

خبردار اس کی غیبت کے زمانے میں دوسروں کے آزار اور انکار پر صبر کرنا ایسے ہے جیسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے تلوار سے جنگ کرنا۔

---

[1] يس: 48 وسبأ: 29.

[2] كمال الدين: ص 317 ح 3، عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 1 ص 68 ح 36، إعلام الورى: ج 2 ص 194، العُدد القويّة: ص 71 ح 114 وفيه صدره إلى «بالحقّ»، كفاية الأثر: ص 232 عن عبد الرحمن بن سابط، بحار الأنوار: ج 51 ص 133 ح 4.

5/13

مِن عَلائِمِ ظُهورِ المَهدِيِّ

ظہور (امام) مہدی علیہ السلام کی نشانیاں

219. الغيبة عن عميرة بنت نفيل: سَمِعتُ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام يَقولُ: لا يَكونُ الأَمرُ الَّذى تَنتَظِرونَهُ حَتّى يَبرَأَ بَعضُكُم مِن بَعضٍ، ويَتفِلَ بَعضُكُم فى وُجوهِ بَعضٍ، ويَشهَدَ بَعضُكُم عَلى بَعضٍ بِالكُفرِ، ويَلعَنَ بَعضُكُم بَعضا. فَقُلتُ لَهُ: ما فى ذلِكَ الزَّمانِ مِن خَيرٍ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: الخَيرُ كُلُّهُ فى ذلِكَ الزَّمانِ، يَقومُ قائِمُنا ويَدفَعُ ذلِكَ كُلَّهُ[1]

۲۱۹) غیبت نعمانی میں طفیل کی بیٹی عمیرہ سے نقل ہے کہ میں نے سنا کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: جس چیز کا تم انتظار کر رہے ہو وہ واقع نہیں ہوگی جب تک تم میں سے بعض بعض سے بیزاری نہ کریں اور ایک دوسرے پر لعاب دہن نہ پھینکیں اور ایک دوسرے کو کافر نہ سمجھیں اور ایک دوسرے کو لعنت نہ کریں میں نے ان سے کہا: بس ایسے زمانے میں نیکی نہیں ہے امام علیہ السلام نے فرمایا: ساری نیکیاں اسی زمانے میں ہیں۔ ہمارا قائم (مہدی علیہ السلام) قیام کرے گا اور وہ ان ساری خرابیوں کو ختم کر دے گا۔

5/14

أنصارُ المَهدِيِّ

(امام) مہدی علیہ السلام کے مددگار

220. كمال الدين بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبيه أمير التّاسِعُ مِن وُلدِكَ يا حُسَينُ هُوَ القائِمُ بِالحَقِّ، المُظهِرُ لِلدّينِ، وَالباسِطُ لِلعَدلِ. قالَ الحُسَينُ عليه السلام: فَقُلتُ لَهُ: يا أميرَ المُؤمِنينَ وإنَّ ذلِكَ لَكائِنٌ؟ فَقالَ عليه السلام: إى وَالَّذى بَعَثَ مُحَمَّدا صلى الله عليه وآله بِالنُّبُوَّةِ، وَاصطَفاهُ عَلى جَميعِ البَرِيَّةِ، ولكِن

---

[1] الغيبة للنعمانى: ص 205 ح 9، بحار الأنوار: ج 52 ص 211 ح 58، وفى الغيبة للطوسى: ص 438 ح 429 والخرائج والجرائح: ج 3 ص 1153 ح 59 عن الإمام الحسن عليه السلام.

بَعدَ غَيبَةٍ وحَيرَةٍ، فَلا يَثبُتُ فيها عَلى دينِهِ إلاَّ المُخلِصونَ المُباشِرونَ لِروحِ اليَقينِ، الَّذينَ أخَذَ اللهُ عز و جل ميثاقَهُم بِوِلايَتِنا، و كَتَبَ فى قُلوبِهِمُ الإيمانَ وأيَّدَهُم بِروحٍ مِنهُ[1]

۲۲۰) کمال الدین میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہے کہ میرے بابا علی علیہ السلام نے فرمایا: اے حسین علیہ السلام ! تیری نسل سے نواوہ فرزند ہے جو حق کا قیام کرے گا۔ دین کو غلبہ اور عدالت کو وسعت دے گا۔

میں نے ان سے کہا: اے امیر المومنین علیہ السلام ! کیا یہ ہوسکتا ہے؟

فرمایا: ہاں قسم اس ذات کی جس نے محمدؐ کو نبوت دی اور اس کو سارے لوگوں پر (فضیلت دیکر) چنا، لیکن غیبت اور پریشانی کے بعد سوائے ان کے جو یقین کے ساتھ مخلص ہیں کوئی بھی اس پر ثابت قدم نہیں رہے گا، ایسے لوگوں سے خدا نے ہماری ولایت کا وعدہ لیا اور ان کے دلوں میں ایمان کو مضبوط کیا اور اپنی روح کی ذریعے ان کی تائید کی ہے۔

5/15

مُدَّةُ مُلكِهِ

(امام) مہدی علیہ السلام کی حکومت کا زمانہ

221. عقد الدرر عن الحسين بن علي عليه السلام: يَملِكُ المَهدِيُّ عليه السلام تِسعَ عَشرَةَ سَنَةً وأشهُرا[2]

۲۲۱) عقد الدرر میں امام حسین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ: انیس سال اور کچھ ماہ امام مہدی علیہ السلام حکومت کریں گے۔

5/16

سِرُّ اختِلافِ عَمَلِ الإمامَينِ

دو اماموں کی رفتار میں فرق کا راز

---

[1] كمال الدين: ص 304 ح 16، إعلام الورى: ج 2 ص 229 كلاهما عن الحسين بن خالد عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، كشف الغمّة: ج 3 ص 311 عن الإمام الرضا عن آبائه عنه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 51 ص 110 ح 2.

[2] عقد الدرر: ص 239.

222. كتاب من لا يحضره الفقيه عن سالم عن أبي عبد الله أوصى رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إلى عَلِيٍّ علیہ السلام وَحدَهُ، وأوصى عَلِيٌّ علیہ السلام إلَى الحَسَنِ وَالحُسَينِ عليهما السلام جميعا، وكانَ الحَسَنُ علیہ السلام إمامَهُ، فَدَخَلَ رَجُلٌ يَومَ عَرَفَةَ عَلَى الحَسَنِ علیہ السلام وهُوَ يَتَغَدّى وَالحُسَينُ علیہ السلام صائِمٌ، ثُمَّ جاءَ بَعدَما قُبِضَ الحَسَنُ علیہ السلام فَدَخَلَ عَلَى الحُسَينِ علیہ السلام يَومَ عَرَفَةَ وهُوَ يَتَغَدّى وعَلِيُّ بنُ الحُسَينِ علیہ السلام صائِمٌ،

فَقالَ لَهُ الرَّجُلُ: إنّي دَخَلتُ عَلَى الحَسَنِ علیہ السلام وهُوَ يَتَغَدّى وأنتَ صائِمٌ، ثُمَّ دَخَلتُ عَلَيكَ وأنتَ مُفطِرٌ؟!

فَقالَ: إنَّ الحَسَنَ علیہ السلام كانَ إماما فَأَفطَرَ لِئَلاّ يُتَّخَذَ صَومُهُ سُنَّةً ولِيَتَأَسّى [1] بِهِ النّاسُ، فَلَمّا أن قُبِضَ كُنتُ أنَا الإمامَ، فَأَرَدتُ ألاّ يُتَّخَذَ صَومي سُنَّةً فَيَتَأَسَّى النّاسُ بي [2]

۲۲۲) کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں سالم نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو اکیلے میں وصیت کی اور علی علیہ السلام نے حسن و حسین علیہما السلام دونوں کو وصیت کی اور حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام کے رہبر تھے۔

ایک شخص، عرفہ کے دن امام حسن علیہ السلام کے پاس آیا۔ درحالانکہ امام علیہ السلام غذا کھا رہے تھے اور حسین علیہ السلام کو روزہ تھا۔

امام حسن علیہ السلام کی جب وفات ہوئی تو عرفہ کے دن حسین علیہ السلام کے پاس آیا۔ درحالانکہ امام غذا میں مصروف تھے اور علی بن الحسین علیہما السلام کو روزہ تھا۔

اس شخص نے (امام) حسین علیہ السلام سے کہا: میں حسن علیہ السلام کے پاس گیا درحالانکہ غذا میں مصروف تھے اور آپ علیہ السلام کو روزہ تھا پھر میں آپ کے پاس آیا اور روزہ نہیں تھے؟

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: حسن علیہ السلام (اس وقت) امام تھے اور روزہ سے نہیں تھے تاکہ عرفہ کے دن سنت (ایک واجب کام کے طور پر) لوگوں کے لئے اسوہ نہ بنے جب وہ گئے تو میں امام ہوں اور میں نے چاہا کہ میرا روزہ سنت اور اسوہ لوگوں کے لئے قرار نہ بنے۔

---

[1] الأُسوة والمؤاساة: القدوة (النهاية: ج1 ص50، أسا).

[2] كتاب من لا يحضره الفقيه: ج2 ص87 ح1810، علل الشرائع: ص386 ح1، الإقبال: ج2 ص59، بحار الأنوار: ج97 ص123 ح3.

223.مستدرك الوسائل عن مسروق: دَخَلتُ يَومَ عَرَفَةَ عَلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام وأقداحُ السَّويقِ بَينَ يَدَيهِ وبَينَ يَدَى أصحابِهِ، وَالمَصاحِفُ فى حُجورِهِم وهُم يَنتَظِرونَ الإفطارَ، فَسَأَلتُهُ عَن مَسأَلَةٍ فَأَجابَنى، فَخَرَجتُ فَدَخَلتُ عَلَى الحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام، وَالنّاسُ يَدخُلونَ إلى مَوائِدَ مَوضوعَةٍ عَلَيها طَعامٌ عَتيدٌ [1]، فَيَأكُلونَ ويَحمِلونَ، فَرَآنى وقَد تَغَيَّرتُ.

فَقالَ: يا مَسروقُ لِمَ لا تَأكُلُ؟

فَقُلتُ: يا سَيِّدى أنَا صائِمٌ، وأنَا أذكُرُ شَيئا.

فَقالَ: اُذكُر ما بَدا لَكَ.

فَقُلتُ: أعوذُ بِاللهِ أن تَكونوا مُختَلِفينَ، دَخَلتُ عَلَى الحُسَينِ عليه السلام فَرَأَيتُهُ يَنتَظِرُ الإفطارَ، ودَخَلتُ عَلَيكَ وأنتَ عَلى هذِهِ الصِّفَةِ وَالحالِ! فَضَمَّنى إلى صَدرِهِ

وقالَ: يَابنَ الأَشرَسِ، أما عَلِمتَ أنَّ اللهَ تَعالى نَدَبَنا لِسِياسَةِ الأُمَّةِ، ولَو اجتَمَعنا عَلى شَيءٍ ما وَسِعَكُم غَيرُهُ؛ إنّى أفطَرتُ لِمُفطِرِكُم، وصامَ أخى لِصَوّامِكُم [2]

۲۲۳) مستدرک الوسائل میں مسروق سے نقل ہے کہ میں عرفہ کے دن امام حسین علیہ السلام کے پاس آیا۔ درحالانکہ ان کے اور ان کے ساتھیوں کے سامنے غذا سے پُر ایک برتن تھا اور ان کے دامن میں قرآن بھی تھے اور افطار کا انتظار کررہے تھے۔

میں نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا: جواب لے کر میں باہر آیا اور امام حسن علیہ السلام کے پاس آیا درحالانکہ لوگ ان کے دسترخوانوں پر بیٹھے ہوئے تھے جو غذا کے لئے تیار کئے گئے تھے اور کچھ لے کر بھی جارہے تھے۔

انہوں نے دیکھا کہ میری حالت تبدیل ہورہی ہے تو فرمایا: اے مسروق! کیوں نہیں کھاتے ہو؟ میں نے کہا: اے میرے سردار! مجھے روزہ ہے اور کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو کچھ کہنا چاہتے ہو وہ کہو۔

میں نے کہا: ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ آپ (حسن وحسین علیہما السلام) آپس میں اختلاف رکھتے ہیں۔ میں حسین علیہ السلام کے پاس آیا تو دیکھا کہ افطار کے انتظار میں ہیں اور آپ کے پاس آیا ہوں تو آپ اس حالت میں ہیں۔

---

[1] العتيد: الشيء الحاضر المهيّأ (الصحاح: ج2 ص505، عتد).

[2] مستدرك الوسائل: ج7 ص528 ح8820 نقلاً عن كتاب التعازى.

امام نے مجھے اپنے سینے سے زور سے لگا کر فرمایا: اے اشرس کے بیٹے ! کیا تجھے پتہ نہیں ہے کہ خدا نے ہمیں امت کی تربیت کے لئے بلایا ہے اور اگر ہم ایک کام پر جمع ہوجائیں تو تم دوسرا کام انجام نہیں دے پاؤ گے؟

میں نے روزہ نہیں رکھا تو ایسے لوگوں کے لئے جو روزے سے نہیں ہیں اور میرے بھائی نے روزہ رکھا ہے تو اس لوگوں کے لئے (اسوہ) ہے جو روزے سے ہیں۔

224. كتاب من لا يحضره الفقيه: رُوِيَ عَن يَعقوبَ بنِ شُعَيبٍ قالَ: سَأَلتُ أبا عَبدِ اللهِ عليه السلام عَن صَومِ يَومِ عَرَفَةَ. قالَ: إن شِئتَ صُمتَ وإن شِئتَ لَم تَصُم. وذَكَرَ أنَّ رَجُلاً أتَى الحَسَنَ وَالحُسَينَ عليهما السلام فَوَجَدَ أحَدَهُما صائِما وَالآخَرَ مُفطِرا، فَسَأَلَهُما فَقالا: إن صُمتَ فَحَسَنٌ، وإن لَم تَصُم فَجائِزٌ[1]

۲۲۴) کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں یعقوب بن شعیب سے نقل ہے کہ میں نے امام صادق علیہ السلام سے عرفہ کے دن والے روزے کے بارے میں پوچھا: تو امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر چاہتے ہو تو روزہ رکھو۔ اور اگر چاہو تو روزہ نہ رکھو۔ ایک شخص نے امام حسن و امام حسین علیہ السلام کے پاس آیا اور ان میں سے ایک کو روزے کی حالت میں دیکھا دوسرے کو بغیر روزے کے۔ تو سبب ان دونوں سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا: اگر روزہ رکھو تو بہتر ہے اور اگر نہ رکھو تو جائز ہے۔

[1] كتاب من لا يحضره الفقيه: ج2 ص87 ح1809؛ المصنّف لعبد الرزّاق: ج4 ص285 ح7830 عن ابن عيينة نحوه.

الفصل السّادِسُ: شيعة أهل البيت

چھٹی فصل: اہل بیت علیہم السلام کے شیعہ

6/1

فَضلُ شيعَةِ أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہم السلام کے شیعوں کی فضیلت

225. المحاسن عن زيد بن أرقم عن الحسين بن علي عليه السلام ما مِن شيعَتِنا إلاّ صِدّيقٌ شَهيدٌ. قالَ: قُلتُ: جُعِلتُ فِداكَ، أنّى يَكونُ ذلِكَ وعامَّتُهُم يَموتونَ عَلى فِراشِهِم؟ فَقالَ: أما تَتلو كِتابَ اللهِ فِي الحَديدِ: «وَ الَّذِينَ ءَامَنُوا بِاللَّهِ وَ رُسُلِهِ أُولَئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ وَ الشُّهَدَآءُ عِندَ رَبِّهِمْ»[1]؟ قالَ: فَقُلتُ: فَكَأَنّي لَم أقرَأ هذِهِ الآيَةَ مِن كِتابِ اللهِ تَعالى قَطُّ! قالَ: لَو كانَ الشُّهَداءُ لَيسَ إلاّ كَما تَقولُ لَكانَ الشُّهَداءُ قَليلاً[2]

۲۲۵) محاسن میں زید بن ارقم سے نقل ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے شیعوں میں سے کوئی بھی سوائے صدیق اور شہید نہیں ہے۔ میں نے کہا: آپ پر قربان ہوجاؤں یہ کیسے ہوسکتا ہے درحالانکہ ان میں سے کچھ بستر پر سوتے ہیں؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا آپ نے قرآن کی سورہ حدید میں نہیں پڑھا ہے۔ میں نے کہا: گویا میں نے ابھی تک یہ آیت پڑھی ہی نہیں ہے۔ تو امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر شہید فقط وہ ہوتے ہیں جو تم کہہ رہے ہو (وہ لوگ جو جنگ میں شہید ہوں) تو شہیدوں کی تعداد کم ہوگی۔

226. تفسير فرات عن أبي الجارية والأصبغ بن نباتة: لَمّا كانَ مَروانُ عَلَى المَدينَةِ، خَطَبَ النّاسَ فَوَقَعَ فِي أميرِ المُؤمِنينَ عليه السلام... فَقامَ الحُسَينُ عليه السلام مُغضَبا حَتّى دَخَلَ عَلى مَروانَ، فَقالَ لَهُ: يَابنَ

---

[1] الحديد: 19.

[2] المحاسن: ج 1 ص 265 ح 512، مشكاة الأنوار: ص 168 ح 435، الدعوات: ص 242 ح 681، شرح الأخبار: ج 3 ص 439 ح 1298 كلّها نحوه، بحار الأنوار: ج 82 ص 173 ح 6.

الزَّرقاءِ [1] ويَابنَ آكِلَةِ القُمَّلِ، أنتَ الواقِعُ فى عَلِيٍّ... ألا أُخبِرُكَ بِما فيكَ وفى أصحابِكَ وفى عَلِيٍّ عليه السلام؟ فَإِنَّ اللهَ تَبارَكَ وتَعالى يَقولُ: «إِنَّ الَّذِينَ ءَامَنُواْ وَ عَمِلُواْ الصَّلِحَتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَنُ وُدًّا» [2] فَذلِكَ لِعَلِيٍّ وشيعَتِهِ «فَإِنَّمَا يَسَّرْنَهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ» [3]، فَبَشَّرَ بِذلِكَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله لِعَلِيِّ بنِ أبى طالِبٍ عليه السلام [4]

۲۲۶) تفسیر فرات کوفی میں ابو جاریہ اور اصبغ بن نباتہ سے نقل ہے کہ جب مروان مدینے کا حاکم تھا تو اس نے لوگوں کو ایک خطبہ دیا اور علی علیہ السلام کی شان میں گستاخی کی۔ امام حسین علیہ السلام غصے میں اٹھے اور مروان کے پاس آ کر کہا: اے نیلی آنکھ والی عورت کے بیٹے اور ذلیل کے بیٹے تو علی علیہ السلام کے بارے میں غلط کہہ رہا ہے؟ کیا تجھے تیرے اور تیرے ساتھیوں کے بارے میں (قرآن سے) علی علیہ السلام کے بارے میں جو کچھ ہے نہ بتاؤں؟ خدا کا ارشاد ہے بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے عنقریب رحمان لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت پیدا کر دے گا۔ یہ علی علیہ السلام اور ان کے شیعوں کے لئے ہے۔ بس ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان میں اس لئے آسان کر دیا ہے کہ تم پرہیزگاروں کو بشارت دے سکو۔ بس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی علی علیہ السلام کو خوشخبری دی۔

227. الأُصول الستّة عشر عن أبى سعيد المدائنى عن محمّد: جاءَ رَجُلٌ إلى أبى فَحَدَّثَهُ فَقالَ: إِنَّ الرَّجُلَ مِن شيعَتِنا لَيَأتى يَومَ القِيامَةِ عَلَيهِ تاجُ نُبُوَّةٍ، قُدّامَهُ سَبعونَ مَلَكا [5] يَنساقُ سَوقا إلى بابِ الجَنَّةِ، فَيُقالُ لَهُ: اُدخُلِ الجَنَّةَ بِغَيرِ حِسابٍ [6]

۲۲۷) الاصول الستۃ عشر میں ابو سعید مدائنی نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص میرے بابا (زین العابدین علیہ السلام) کے پاس آیا اور میرے بابا نے اس سے کہا: قیامت کے دن ہمارے شیعوں میں سے ایک شخص آئے گا جس کے سر پر نبوت کا تاج ہوگا اور ستر فرشتے اس کے آگے آگے ہوں گے اور اسے کہا جائے گا: بغیر

---

[1] زَرُقَت عينه: إذا تقلّبت فبان بياضها، والزرقة أبغض شىء من ألوان العيون عند العرب (مجمع البحرين: ج 2 ص 771 «زرق»). وقد استعملت الزرقاء فى الروايات فى مقام الذمّ لا فى مقام بيان صفة ظاهرية فى العين.

[2] مريم: 96.

[3] مريم: 97.

[4] تفسير فرات: ص 253 ح 345، بحار الأنوار: ج 44 ص 211 ح 7.

[5] فى المصدر: «سبعين ملكا»، وهو تصحيف. وفى طبعة مؤسّسة دار الحديث: ص 249 «سبعون ألف ملك».

[6] الأُصول الستّة عشر: ص 80.

حساب کے جنت میں جاؤ۔

228.تاريخ دمشق عن عليّ بن محمّد بن الصايغ عن أبيه عن حَدَّثَنى أبي عَن جَدّى عَن جبريلَ عليه السلام عَن رَبِّهِ عز و جل أنَّ تَحتَ قائِمَةِ كُرسِيِّ العَرشِ فى وَرَقَةٍ [1] آسِ خَضراءَ مَكتوبٌ عَلَيها: لا اِلهَ اِلاَّ اللهُ، مُحَمَّدٌ رَسولُ اللهِ، يا شيعَةَ آلِ مُحَمَّدٍ، لا يَأتى. يَعنى. أحَدٌ مِنكُم يَومَ القِيامَةِ يَقولُ: «لا اِلهَ اِلاَّ اللهُ» اِلاّ أدخَلَهُ اللهُ الجَنَّةَ [2]

۲۲۸) تاریخ دمشق میں علی بن محمد بن صائغ نے اپنے بابا سے اور انہوں نے اپنے جد سے اور انہوں نے جبرائیل علیہ السلام سے اور جبرائیل علیہ السلام نے خدا سے نقل کیا ہے کہ: عرش کی بنیاد پر لکھا ہے اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، محمدؐ، خدا کے رسول ہیں اے خاندان رسولؐ کے شیعو! تم میں سے ''لا الہ الا اللہ'' کہے وہ قیامت کے دن نہیں آئے سوائے اس کے کہ جنت میں داخل ہوجائے۔

229.الخصال بإسناده عن الحسين عن أبيه عليّ بن أبي طالب قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: يا عَلِيُّ، بَشِّر شيعَتَكَ وأنصارَكَ بِخِصالٍ عَشرٍ: أوَّلُها: طيبُ المَولِدِ، وثانيها: حُسنُ إيمانِهِم بِاللهِ، وثالِثُها: حُبُّ اللهِ عز و جل لَهُم، ورابِعُها: الفُسحَةُ فى قُبورِهِم، وخامِسُها: النّورُ عَلَى الصِّراطِ بَينَ أعيُنِهِم، وسادِسُها: نَزعُ الفَقرِ مِن بَينِ أعيُنِهِم وغِنى قُلوبِهِم، وسابِعُها: المَقتُ مِنَ اللهِ عز و جل لِأَعدائِهِم، وثامِنُها: الأَمنُ مِنَ الجُذامِ وَالبَرَصِ وَالجُنونِ، يا عَلِيُّ! وتاسِعُها: اِنحِطاطُ الذُّنوبِ وَالسَّيِّئاتِ عَنهُم، وعاشِرُها: هُم مَعى فِي الجَنَّةِ وأنَا مَعَهُم [3]

۲۲۹) خصال میں امام حسین علیہ السلام سے اور انہوں نے امام علی علیہ السلام سے ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام تم اپنے شیعوں کو دس صفات کی خوشخبری دو۔

(۱) حلال زادہ ہونا۔

(۲) خدا پر ان کا بہترین ایمان ہونا۔

---

[1] فى الطبعة المعتمدة: «رقة» والتصويب من الترجمة المطبوعة بتحقيق الشيخ المحمودى: ص 8.

[2] تاريخ دمشق: ج 14 ص 114.

[3] الخصال: ص 430 ح 10 عن الحسين بن زيد عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام وراجع: روضة الواعظين: ص 321 ومشكاة الأنوار: ص 150 ح 362.

(۳) ان سے خدا کی محبت۔

(۴) ان کی قبروں میں آسانی۔

(۵) صراط پر ان کے آگے آگے نور (کی حرکت)۔

(۶) ان کی آنکھوں کے سامنے فقر کو ختم کرنا (لالچ کی آنکھ نہ ہونا) اور ان کے دلوں میں بے نیازی پیدا کرنا۔

(۷) خدا ان کے دشمنوں سے دشمنی رکھتا ہے۔

(۸) جذام، برص اور جنون سے امان ہونا۔

اے علی علیہ السلام! ان میں سے

(۹) نویں صفت ان کے گناہوں کو ختم کر دینا ہے۔

(۱۰) ویں صفت وہ میرے ساتھ جنت میں ہوں گے۔ اور میں ان کے ساتھ ہوں گا۔

6/2

مَصائِبُ شيعَةِ أهلِ البَيتِ

اہل بیت علیہم السلام کے شیعوں کے مصائب

230. المؤمن عن سعد بن طريف: كُنتُ عِندَ أبي جَعفَرٍ عليه السلام فَجاءَ جَميلٌ الأَزرَقُ فَدَخَلَ عَلَيهِ، قالَ: فَذَكَروا بَلايَا الشّيعَةِ وما يُصيبُهُم. فَقالَ أبو جَعفَرٍ عليه السلام: إنَّ أُناسا أتَوا عَلِيَّ بنَ الحُسَينِ عليه السلام وعَبدَ اللهِ بنَ عَبّاسٍ فَذَكَروا لَهُما نَحوا مِمّا ذَكَرتُم. قالَ: فَأَتَيا الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام فَذَكَرا لَهُ ذلِكَ، فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: وَاللهِ، البَلاءُ وَالفَقرُ وَالقَتلُ أسرَعُ إلى مَن أحَبَّنا مِن رَكضِ البَراذينِ [1]، ومِنَ السَّيلِ إلى صِمرِهِ. قُلتُ: ومَا الصِّمرُ [2]؟ قالَ: مُنتَهاهُ. ولَولا أن تَكونوا كَذلِكَ لَرَأَينا أنَّكُم لَستُم مِنّا [3]

۲۳۰) کتاب مومن میں سعد بن ظریف سے نقل ہوا ہے کہ: میں امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس تھا کہ جمیل ازرق

---

[1] . البِرْذَونُ: الجلدُ على السير من الخيل غير العرابية، وأكثر ما يُجلب من الروم (تاج العروس: ج 18 ص 54، برذن).

[2] . في المصدر: «وما الصمرة»، والتصويب من بحار الأنوار.

[3] المؤمن: ص 15 ح 4، مشكاة الأنوار: ص 506 ح 1697 نحوه، بحار الأنوار: ج 67 ص 246 ح 85.

امام کے پاس آیا اور شیعوں کی مشکلات اور مصائب کے بارے میں بتایا۔

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: کچھ لوگ امام زین العابدین علیہ السلام اور عبداللہ بن عباس کے پاس آئے اور آپ کے اقوال سے کچھ بتانے لگے۔ وہ دو (امام سجاد علیہ السلام اور ابن عباس) امام حسین علیہ السلام کے پاس آئے اور وہ باتیں نقل کیں۔

انہوں نے فرمایا: خدا کی قسم، مشکلات وفقر اور قتل کا ہمارے چاہنے والوں کی طرف (آنا) تیز رفتار گھوڑوں کی رفتار سے اور سیلاب سے جو میمر کی طرف ہے، بہت تیز ہے۔

میں نے کہا: میمر کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: سیلاب کے رکنے کی جگہ۔ اگر اس قسم کی (مشکلات) میں تم نہ ہوتے تو ہم تم کو خود سے نہ سمجھتے۔

231. علل الشرائع عن عبد الله بن الحسن عن علیّ بن الحس قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ما زِلتُ أنَا ومَن كانَ قَبلي مِنَ النَّبِيّينَ وَالمُؤمِنينَ مُبتَلَينَ بِمَن يُؤذينا، ولَو كانَ المُؤمِنُ عَلى رَأسِ جَبَلٍ لَقَيَّضَ[1] اللهُ عز و جل لَهُ مَن يُؤذيهِ لِيَأجُرَهُ عَلى ذلِكَ[2]

۲۳۱) علل الشرائع میں عبداللہ بن حسن نے امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور مجھ سے پہلے والے انبیاء اور مومنین ایسے شخص میں متبلا ہوئے جو ہمیں آزار واذیت دیتا تھا اگر مومن پہاڑ کی بلندی پر بھی ہو تو بھی خدا ایسے شخص کو معین کرے گا جو اسے آزار اذیت دے تا کہ خدا اسے جزا دے۔

232. المحاسن عن إسحاق بن جرير الجريري عن رجل من أهل بي لَمّا شَيَّعَ أميرُ المُؤمِنينَ علیہ السلام أبا ذَرٍّ رحمه الله، وشَيَّعَهُ الحَسَنُ وَالحُسَينُ عليهما السلام، وعَقيلُ بنُ أبي طالِبٍ، وعَبدُ اللهِ بنُ جَعفَرٍ، وعَمّارُ بنُ ياسِرٍ عَلَيهِم سَلامُ اللهِ، قالَ لَهُم أميرُ المُؤمِنينَ علیہ السلام: وَدِّعوا أخاكُم، فَإنَّهُ لابُدَّ لِلشّاخِصِ[3] مِن أن يَمضِيَ ولِلمُشَيِّعِ مِن أن يَرجِعَ. فَتَكَلَّمَ كُلُّ رَجُلٍ مِنهُم عَلى حِيالِهِ. فَقالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ علیہ السلام: رَحِمَكَ اللهُ يا أبا ذَرٍّ، إنَ القَومَ إنَّما امتَهَنوكَ بِالبَلاءِ لِأنَّكَ مَنَعتَهُم دينَكَ فَمَنَعوكَ دُنياهُم، فَما أحوَجَكَ غَدا إلى ما مَنَعتَهُم، وأغناكَ عَمّا مَنَعوكَ! فَقالَ أبو ذَرٍّ: رَحِمَكُمُ اللهُ

---

[1] قيَّضَ اللهُ له كذا: أي قَدَّرَهُ (المصباح المنير: ص521، قيض).

[2] علل الشرائع: ص45 ح3، بحار الأنوار: ج67 ص228 ح38.

[3] شَخَصَ: إذا خرج من موضع إلى غيره (المصباح المنير: ص306، شخص).

مِن أهلِ بَيتٍ، فَما لي فِي الدُّنيا مِن شَجَنٍ [1] غَيرُكُم. إنّي إذا ذَكَرتُكُم ذَكَرتُ رَسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم [2]

۲۳۲) محاسن میں اسحاق بن جریر جریری سے نقل ہوا ہے کہ ایک شخص سے ہے کہ۔۔۔۔ جب علی، حسن و حسین علیہم السلام اور عقیل بن ابی طالب، عبداللہ بن جعفر اور عمار بن یاسر ان پر صلوات ہو ابوذرؓ کی عیادت کے لئے گئے تو علی علیہ السلام نے ان سے فرمایا: تم اپنے بھائی سے خدا حافظی کرو کیونکہ مسافر کو جانا چاہیے اور تشیع کرنے والے کو واپس لوٹنا چاہیے۔ ان میں سے ہر ایک نے اپنی طرف سے کچھ نہ کچھ کہا۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: اے ابوذرؓ! تیرا خدا تجھ پر رحمت نازل کرے۔ اس جماعت نے تجھے مشکل کے ساتھ خوار کیا۔ کیونکہ تو نے ان کو اپنے دین پر تجاوز کرنے سے روکا اور انہوں نے تجھے اپنی دنیا سے دور کیا اور دوسرے دن کتنے نیاز مندی سے بھرپور چل رہے ہیں اس چیز پر جس سے ان کو تو نے روکا۔ اور تم کتنے بے نیاز ہو اس چیز سے جس سے تجھے انہوں نے روکا۔

ابوذر نے کہا: اے اہل بیت علیہم السلام! خدا کی آپ پر رحمت ہو کہ میں دنیا میں آپ کے علاوہ کسی چیز پر پریشان نہیں ہوں۔ میں جب آپ کو یاد کرتا ہوں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی یاد کرتا ہوں۔

233. شرح نهج البلاغة عن ابن عبّاس: لَمّا أُخرِجَ أبو ذَرٍّ إلَى الرَّبَذَةِ [3]، أمَرَ عُثمانُ فَنودِيَ فِي النّاسِ ألاّ يُكَلِّمَ أحَدٌ أبا ذَرٍّ ولا يُشَيِّعَهُ، وأمَرَ مَروانَ بنَ الحَكَمِ أن يَخرُجَ بِهِ. فَخَرَجَ بِهِ، وتَحاماهُ النّاسُ إلاّ عَلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ عليه السلام وعَقيلاً أخاهُ، وحَسَنا وحُسَينا عليهما السلام، وعَمّارا؛ فَإنَّهُم خَرَجوا مَعَهُ يُشَيِّعونَهُ. فَجَعَلَ الحَسَنُ عليه السلام يُكَلِّمُ أبا ذَرٍّ، فَقالَ لَهُ مَروانُ: إيها يا حَسَنُ! ألا تَعلَمُ أنَّ أميرَ المُؤمِنينَ قَد نَهى عَن كَلامِ هذَا الرَّجُلِ؟! فَإن كُنتَ لا تَعلَمُ فَاعلَم ذلِكَ. فَحَمَلَ عَلِيٌّ عليه السلام عَلى مَروانَ، فَضَرَبَ بِالسَّوطِ بَينَ أُذُنَي راحِلَتِهِ، وقالَ: تَنَحَّ لَحاكَ [4] اللهُ إلَى النّارِ! فَرَجَعَ مَروانُ مُغضَبا إلى عُثمانَ فَأَخبَرَهُ الخَبَرَ، فَتَلَظّى عَلى عَلِيٍّ عليه السلام.... زز ز ثُمَّ تَكَلَّمَ الحُسَينُ عليه السلام، فَقالَ: يا عَمّاه، إنَّ اللهَ تَعالى قادِرٌ أن يُغَيِّرَ ما قَد تَرى، واللهُ كُلَّ يَومٍ هُوَ فِي شَأنٍ، وقَد مَنَعَكَ القَومُ دُنياهُم ومَنَعتَهُم دينَكَ، فَما

---

[1] الشَّجَنُ: الحاجة. والشَّجَنُ: الحُزن (الصحاح: ج5 ص2143، شجن).

[2] المحاسن: ج2 ص94 ح1247، كتاب من لا يحضره الفقيه: ج2 ص275 ح2428، مكارم الأخلاق: ج1 ص530 ح1843 كلاهما من دون إسنادٍ إلى المعصوم، بحار الأنوار: ج76 ص280 ح3.

[3] الرَّبذَةُ: من قرى المدينة على ثلاثة أيّام، وبهذا الموضع قبر أبي ذرّ الغفاري (معجم البلدان: ج3 ص24).

[4] لَحاهُ اللهُ: أي قبّحه ولعنه (الصحاح: ج6 ص2481، لحى).

أغناكَ عَمّا مَنعوكَ، وأحوَجَهُم إلى ما مَنَعتَهُم! فَاسأَلِ اللهَ الصَّبرَ وَالنَّصرَ، وَاستَعِذ بِهِ مِنَ الجَشَعِ وَالجَزَعِ، فَإِنَّ الصَّبرَ مِنَ الدّينِ وَالكَرَمِ، وإنَّ الجَشَعَ لا يُقَدِّمُ رِزقا، وَالجَزَعَ لا يُؤَخِّرُ أجَلاً[1]

۲۳۳) شرح نہج البلاغہ میں ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ: جب ابوذر کو رَبَذہ، بعید کیا گیا تو عثمان نے حکم دیا کہ لوگوں کے درمیان میں آواز دیں کوئی بھی ابوذر سے بات نہ رکے اور اس کی عیادت کے لئے کوئی نہ جائے اور حکم دیا کہ اس کے ساتھ مروان بن حکم جائے۔ اس کے ساتھ مروان آیا تو لوگ بھی اس سے دور ہوگئے۔ سوائے علی بن ابی طالب اور ان کے بھائی عقیل، حسن و حسین علیہم السلام اور عمار جو ابوذرؓ کے ساتھ باہر آئے اور اس کی عیادت کی امام حسن علیہ السلام نے ابوذرؓ سے گفتگو کی تو مروان نے ان سے کہا: اے حسن! رک جا، کیا تجھے پتہ نہیں ہے کہ مومنوں کے حاکم (عثمان) نے اس شخص کے ساتھ بات کرنے سے روکا ہے؟

اگر تجھے پتہ نہیں تو جان لو۔ علی علیہ السلام نے مروان پر حملہ کیا اور اس کی سواری کے دو کانوں کے درمیان تازیانہ مارا اور فرمایا: ہٹ جا، خدا تجھے جہنم لے جائے۔

مروان غصے سے عثمان کے پاس چلا گیا اور سارا قصہ سنایا تو عثمان، علی علیہ السلام پر غصہ ہوئے۔

پھر امام حسین علیہ السلام نے بات کرتے ہوئے فرمایا: اے چچا! جو کچھ تم دیکھ رہے ہو خدا اس کو تبدیل کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔ اور خدا ہر روز کام میں مشغول ہے اور اس گروہ نے تجھے اپنی دنیا سے دور کیا اور تو نے انہیں اپنے دین سے۔ تو کتنا بے نیاز ہے اس جس سے انہوں نے تجھے دور کیا اور وہ کتنے نیاز مند ہیں اس چیز کے جس سے تو نے انہیں دور کیا ہے۔ خدا سے صبر اور مدد مانگ اور خدا سے حرص (لالچ) اور بے تابی سے پناہ مانگ کیونکہ صبر دین اور کرم کا حصہ ہے اور حرص رزق کو آگے لے کر نہیں آتا اور بے تابی موت کو پیچھے نہیں ہٹاتی۔

6/3

تَكذيبُ مَن يَدَّعِي التَّشَيُّعَ

جو شیعہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس کی تکذیب

234. تنبيه الخواطر: قالَ رَجُلٌ لِلحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام: يَابنَ رَسولِ اللهِ! أنَا مِن شيعَتِكُم.

---

[1] شرح نهج البلاغة: ج8 ص252؛ الكافي: ج8 ص207 ح251 عن أبي جعفر الخثعمي نحوه، بحار الأنوار: ج22 ص412.

قالَ علیہ السلام: اِتَّقِ اللهَ ولا تَدَّعِيَنَّ شَيئا، يَقولُ اللهُ لَكَ: كَذَبتَ وفَجَرتَ فى دَعواكَ! اِنَّ شيعَتَنا مَن سَلِمَت قُلوبُهُم مِن كُلِّ غِشٍّ ودَغَلٍ [1]، ولكِن قُل: أنَا مِن مَواليكُم ومُحِبّيكُم [2]

۲۳۴) تنبیہ الخواطر میں ہے کہ ایک شخص نے امام حسین علیہ السلام کے پاس آ کر کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند! میں آپ کے شیعوں میں سے ہوں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: خدا سے ڈرو اور ایسی بات کا دعویٰ نہ کرو جس میں خدا تجھے جھوٹا کہے اور دعویٰ میں حد سے باہر نکل جاؤ۔

بیشک ہمارے شیعہ تو وہ ہیں جن کے دل ہر قسم کے فریب اور دھوکے سے پاک ہوں۔ بلکہ تم کہو: میں آپ کی حمایت کرنے والوں اور محبت کرنے والوں میں سے ہوں۔

---

[1] الدَّغَلُ: الفساد (الصحاح: ج4 ص1697، دغل).

[2] تنبيه الخواطر: ج2 ص106، التفسير المنسوب إلى الإمام العسكرى علیہ السلام: ص309 ح154، بحار الأنوار: ج68 ص156 ح11.

الفصل السّابِعُ: مواجهة الإمام الحسين معاوية

ساتویں فصل: امام حسین علیہ السلام اور معاویہ

7/1

الإمتِناعُ مِن نَقضِ بَيعَةِ مُعاوِيَةَ

معاویہ کے ساتھ بیعت کو توڑنے سے امامؑ کا انکار

235. الإرشاد: لَمّا ماتَ الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام، تَحَرَّكَتِ الشّيعَةُ بِالعِراقِ و كَتَبوا إلَى الحُسَينِ عليه السلام فى خَلعِ مُعاوِيَةَ وَالبَيعَةِ لَهُ، فَامتَنَعَ عَلَيهِم وذَكَرَ أنَّ بَينَهُ وبَينَ مُعاوِيَةَ عَهدا وعَقدا لا يَجوزُ لَهُ نَقضُهُ حَتّى تَمضِيَ المُدَّةُ، فَإن ماتَ مُعاوِيَةُ نَظَرَ فى ذلِكَ[1]

۲۳۵) کتاب ارشاد میں ہے کہ جب امام حسن علیہ السلام کی وفات ہوئی تو عراق میں شیعہ حرکت میں آئے اور معاویہ سے چھٹکارا پانے اور امام حسین علیہ السلام سے بیعت کرنے کے لئے اسے خط لکھا امام علیہ السلام نے انکار کر دیا اور بتایا کہ معاویہ اور اس کے درمیان میں عہد ہے جس کو توڑنا مجھے اچھا نہیں لگ رہا ہے۔ جب تک اس کا وقت ختم نہ ہو جائے جب معاویہ مرے گا تو اُس وقت دیکھوں گا۔

236. أنساب الأشراف عن الإمام الحسين عليه السلام، فى جَوابِ مَن دَعاهُ إلى نَقضِ بَيعَةِ مُعاوِيَ: إنّا قَد بايَعنا، ولَيسَ إلى ما ذَكَرتَ سَبيلٌ[2]

۲۳۶) انساب الاشراف میں امام حسین علیہ السلام سے ہے: اس شخص کے جواب میں جس نے معاویہ کی بیعت توڑنے کو کہا: (فرمایا) ہم نے اس سے بیعت کی ہے اور جو کچھ تو کہہ رہا ہے اس کے لئے ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں ہے۔

237. أنساب الأشراف عن الإمام الحسين عليه السلام، لِمُحَمَّدِ بنِ بِشرٍ وسُفيانَ بنِ لَيلَى الهَمدانِيَّينِ:

---

[1] الإرشاد: ج2 ص32، روضة الواعظين: ص189، إعلام الورى: ج1 ص434 نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص324 ح2.

[2] أنساب الأشراف: ج3 ص366.

لِيَكُن كُلُّ امرِءٍ مِنكُم حِلسا [1] مِن أحلاسِ بَيتِهِ ما دامَ هذَا الرَّجُلُ [أى مُعاوِيَةُ] حَيّا، فَإِن يَهلِك وأنتُم أحياءٌ، رَجَونا أن يَخيرَ اللهُ لَنا ويُؤتِيَنا رُشدَنا، ولا يَكِلَنا إلى أنفُسِنا فَ «إنَّ اللهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَواْ وَّ الَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ» [2] [3]

۲۳۷) انساب الاشراف میں امام حسین علیہ السلام نے محمد بن بشر کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: جب تک یہ شخص (معاویہ) زندہ ہے تم سب کے سب اپنے گھر میں بیٹھ جاؤ اور اگر ہلاک ہوئے اور تم لوگ زندہ رہے تو ہمیں امید ہے کہ ہمارے لئے خدا نیک کو انتخاب کرے اور ہمیں ہدایت دے اور ہمیں اپنے حال پر نہ چھوڑے۔ اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کریں اور جو احسان کرنے والے ہیں۔

238. أنساب الأشراف عن الإمام الحسين عليه السلام، في جَوابِ كِتابٍ كَتَبَهُ إلَيهِ جَماعَةٌ مِن ش: إنّي لَأَرجو أن يَكونَ رَأيُ أخي رَحِمَهُ اللهُ فِي المُوادَعَةِ ورَأيي فِي جِهادِ الظَّلَمَةِ رُشدا وسَدادا، فَالصَقوا بِالأَرضِ، وأخفُوا الشَّخصَ، وَاكتُمُوا الهَوى، وَاحتَرِسوا مِنَ الأَظِنّاءِ [4] مادامَ ابنُ هِندٍ حَيّا، فَإِن يَحدُث بِهِ حَدَثٌ وأنَا حَيٌّ يَأتِكُم رَأيي إن شاءَ اللهُ [5]

اے لوگو! خدا کی بارگاہ میں یہ عذر ہے میں آپ لوگوں تک اس وقت تک نہیں آیا جب تک تمہارے خط نہیں آئے اور تمہارے پیغام لانے والے آئے اور کہا؛ ہمارے پاس آجاؤ کیونکہ ہمارے پاس کوئی امام نہیں ہے۔ شاید آپ کی وجہ سے ہمیں خدا ہدایت پر جمع کرے۔

اگر تم لوگ اپنی بات پر قائم رہو تو میں تمہارے پاس آیا ہوں اور اگر اعتماد و بھروسے والا مجھے وعدہ دو گے تو تمہارے پاس آجاؤں گا اور اگر ایسے نہیں کروگے اور میرے آنے کو پسند نہیں کرتے ہو تو اسی جگہ واپس چلا جاؤں گا جہاں پہلے سے آیا تھا۔

---

[1] تاريخ الطبرى: ج5 ص401، الكامل فى التاريخ: ج2 ص552، مقتل الحسين للخوارزمى: ج1 ص231؛ الإرشاد: ج2 ص79، إعلام الورى: ج1 ص448، المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص96 كلاهما نحوه وراجع: الأخبار الطوال: ص249.

9/5

مُكافَحَةُ الظُّلمِ وَالجَورِ

ظلم وستم کے ساتھ مبارزہ

263.تاريخ الطبرى عن الحسين عليه السلام.أيضا : أمّا بَعدُ أيُّهَا النّاسُ! فَإنَّكُم إن تَتَّقوا وتَعرِفُوا الحَقَّ لِأَهلِهِ يَكُن أرضى للهِ، ونَحنُ أهلَ البيتِ أولى بِوِلايَةِ هذَا الأَمرِ عَلَيكُم مِن هؤُلاءِ المُدَّعينَ ما لَيسَ لَهُم، وَالسّائِرينَ فيكُم بِالجَورِ وَالعُدوانِ، وإن أنتُم كَرِهتُمونا وجَهِلتُم حَقَّنا وكانَ رَأيُكُم غَيرَ ما أتَتنى كُتُبُكُم وقَدِمَت بِهِ عَلَيَّ رُسُلُكُم، انصَرَفتُ عَنكُم.[1]

۲۶۳) تاریخ طبری میں حر کے ساتھیوں کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کی گفتگو میں آیا ہے کہ اے لوگو! اگر تم تقویٰ اختیار کرو اور حق والوں کے لئے قانون سمجھو تو یہ چیز خدا کو بہتر راضی کرتی ہے۔ ہم تم پر اس (حکومت) کرنے کے زیادہ حقدار ہیں ان لوگوں سے جو تمہارے درمیان ظلم وستم سے پیش آرہے ہیں۔ اگر ہمیں پسند نہیں کرتے ہو اور ہمارے حق کو نہیں پہچانتے ہو اور تمہارا نظریہ وہی نہیں ہے جو تم لوگوں نے خطوں میں لکھا تھا اور پیغام لانے والے لے کر آئے تھے، تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔

264.تاريخ الطبرى عن عقبة بن أبي العَيزار : إنَّ الحُسَينَ عليه السلام خَطَبَ أصحابَهُ وأصحابَ الحُرِّ بِالبيضَةِ[2] ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ، ثُمَّ قالَ: أيُّهَا النّاسُ! إنَّ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قالَ: «مَن رَأى سُلطانا جائِرا مُستَحِلاًّ لِحُرَمِ اللهِ، ناكِثا لِعَهدِ اللهِ، مُخالِفا لِسُنَّةِ رَسولِ اللهِ، يَعمَلُ فى عِبادِ اللهِ بِالإثمِ وَالعُدوانِ، فَلَم يُغَيِّر عَلَيهِ بِفِعلٍ ولا قَولٍ، كانَ حَقّا عَلَى اللهِ أن يُدخِلَهُ مُدخَلَهُ». ألا وإنَّ هؤُلاءِ قَد لَزِموا طاعَةَ الشَّيطانِ، وتَرَكوا طاعَةَ الرَّحمنِ، وأظهَرُوا الفَسادَ، وعَطَّلُوا الحُدودَ، وَاستَأثَروا بِالفَيءِ،

---

[1] تاريخ الطبرى: ج5 ص402، مقتل الحسين للخوارزمى: ج1 ص232، أنساب الأشراف: ج3 ص380 وليس فيه «من» و«نحن» و«إلى» و«والعدوان»؛ الإرشاد: ج2 ص79، إعلام الورى: ج1 ص448 وراجع: روضة الواعظين: ص198.

[2] البيضة: اسم ماء بين واقصة وعذيب ويتّصل ببئر بنى يربوع (معجم البلدان: ج1 ص532).

وأحلّوا حَرامَ اللهِ، وحَرَّموا حَلالَهُ، وأنَا أحَقُّ مَن غَيَّرَ [1]، قَد أتَتنِي كُتُبُكُم، وقَدِمَت عَلَيَّ رُسُلُكُم بِبَيعَتِكُم، أنَّكُم لا تُسلِمُونّي ولا تَخذُلُونّي، فَإن تَمَمتُم عَلى بَيعَتِكُم تُصيبوا رُشدَكُم، فَأَنَا الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ، وَابنُ فاطِمَةَ بِنتِ رَسولِ اللهِ ﷺ، نَفسي مَعَ أنفُسِكُم، وأهلي مَعَ أهليكُم، فَلَكُم فِيَّ أُسوَةٌ. وإن لَم تَفعَلوا ونَقَضتُم عَهدَكُم، وخَلَعتُم بَيعَتي مِن أعناقِكُم، فَلَعَمري ما هِيَ لَكُم بِنُكرٍ، لَقَد فَعَلتُموها بِأَبي وأخي وَابنِ عَمّي مُسلِمٍ، وَالمَغرورُ مَنِ اغتَرَّ بِكُم، فَحَظَّكُم أخطَأتُم، ونَصيبَكُم ضَيَّعتُم، ومَن نَكَثَ [2] فَإنَّما يَنكُثُ عَلى نَفسِهِ، وسَيُغني اللهُ عَنكُم، وَالسَّلامُ عَلَيكُم ورَحمَةُ اللهِ وبَرَكاتُهُ. [3]

۲۶۴) تاریخ طبری میں عتبہ بن ابی عیزار سے نقل ہے امام حسین علیہ السلام نے اپنے اور حر کے ساتھیوں کو مقام بیضہ پر ایک خطبہ دیا اور خدا کی تعریف کے بعد فرمایا؛ اے لوگو! رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ جو بھی آدمی ظالم حاکم کو دیکھے جو خدا کی حلال چیزوں کو حرام کر رہا ہو اور خدا کے پیمان کی خلاف ورزی کر رہا ہو اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی مخالفت کر رہا ہو اور لوگوں کے ساتھ گناہ اور ظلم سے پیش آ رہا ہو، لیکن وہ آدمی اپنے عمل و گفتار سے اس کے خلاف قیام نہ کرے تو خدا پر لازم ہے کہ اسے وہاں لے جائے جس جگہ اس حاکم کو لے جائیگا۔ اور میں سب سے زیادہ خروج اور قیام کرنے کا حق رکھتا ہوں۔ تمہارے خط مجھ تک پہنچے اور تمہارے بھیجے گئے لوگوں نے تمہاری بیعت میرے سامنے پیش کی کہ تم لوگ مجھے (دشمن) کے حوالے نہیں کرو گے اور میرا ساتھ نہیں چھوڑو گے۔ بس اگر تم لوگ اپنی بیعت کو آخر تک پہنچاتے ہو (یعنی میری بیعت و مدد کرتے ہو عملی حوالے سے) تو تم ہدایت کے راستے تک پہنچ گئے۔ میں حسین علیہ السلام ہوں، علی علیہ السلام اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کا بیٹا ہوں۔ میں تمہارے سامنے ہوں اور میرا خاندان تمہارے خاندان کے ساتھ ہے اور میں تمہارے لئے نمونہ عمل ہوں۔ اگر ایسے نہیں کرو گے اور اپنے وعدہ کی وفا نہیں کرو گے اور بیعت کرنے سے پیچھے ہٹو گے تو مجھے اپنی قسم تم لوگوں سے یہ بعید نہیں ہے کہ جو تم لوگوں نے میرے باپ، ماں، چچازاد بھائی مسلم کے ساتھ کیا وہ میرے ساتھ بھی کرو اور دھوکا وہی کھائے گا ہے جو تمہاری (حمایت) کا دھوکا کھائے۔

---

[1] في الفتوح: «وأنا أحقّ من غيري بهذا الأمر؛ لقرابتي من رسول الله ﷺ» بدل «وأنا أحقّ من غَيَّر».

[2] النَّكْثُ: قريب من النقض، واستعير لنقض العهد (مفردات ألفاظ القرآن: ص 822، «نكث»).

[3] تاريخ الطبري: ج 5 ص 403، الكامل في التاريخ: ج 2 ص 552، الفتوح: ج 5 ص 81، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 1 ص 234 كلّها نحوه؛ بحار الأنوار: ج 44 ص 382 وراجع: أنساب الأشراف: ج 3 ص 381.

بس تم لوگ اپنے نصیب تک نہیں پہنچے ہو اور اسے تباہ کر چکے ہو اور جو بھی آدمی پیمان اور وعدے کی خلاف ورزی کرے تو اس نے اپنا نقصان کیا ہے۔ عنقریب خدا مجھے تم لوگوں سے بے نیاز کرے گا۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

الفصل العاشِرُ: رفض اقتراح السّكوت

دسویں فصل: خاموشی کے مشورہ کو ٹھکرانا

265. تاريخ الطبري، في خُروجِ الإمامِ مِنَ المَدينَةِ: وأمّا الحُسَينُ فَإنَّهُ خَرَجَ بِبَنيهِ وإخوَتِهِ وبَني أخيهِ وجُلِّ أهلِ بَيتِهِ إلاّ مُحَمَّدَ بنَ الحَنَفِيَّةِ، فَإنَّهُ قالَ لَهُ: يا أخي، أنتَ أحَبُّ النّاسِ إلَيَّ وأعَزُّهُم عَلَيَّ، ولَستُ أدَّخِرُ النَّصيحَةَ لِأَحَدٍ مِنَ الخَلقِ أحَقَّ بِها مِنكَ، تَنَحَّ بِتَبِعَتِكَ عَن يَزيدَ بنِ مُعاوِيَةَ وعَنِ الأَمصارِ مَا استَطَعتَ، ثُمَّ ابعَث رُسُلَكَ إلَى النّاسِ فَادعُهُم إلى نَفسِكَ، فَإن بايَعوا لَكَ حَمِدتَ اللهَ عَلى ذلِكَ، وإن أجمَعَ النّاسُ عَلى غَيرِكَ لَم يَنقُصِ اللهُ بِذلِكَ دينَكَ ولا عَقلَكَ ولا يُذهِبُ بِهِ مُروءَتَكَ ولا فَضلَكَ، إنّي أخافُ أن تَدخُلَ مِصرا مِن هذِهِ الأَمصارِ وتَأتِيَ جَماعَةً مِنَ النّاسِ فَيَختَلِفونَ بَينَهُم، فَمِنهُم طائِفَةٌ مَعَكَ وأُخرى عَلَيكَ، فَيَقتَتِلونَ فَتَكونُ لِأَوَّلِ الأَسِنَّةِ، فَإذا خَيرُ هذِهِ الأُمَّةِ كُلِّها نَفسا وأبا وأُمّا أضيَعُها دَما وأذَلُّها أهلاً. قالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: فَإنّي ذاهِبٌ يا أخي. قالَ: فَانزِل مَكَّةَ، فَإنِ اطمَأَنَّت بِكَ الدّارُ فَسَبيلُ ذلِكَ، وإن نَبَت[1] بِكَ لَحِقتَ بِالرِّمالِ وشَعَفِ[2] الجِبالِ، وخَرَجتَ مِن بَلَدٍ إلى بَلَدٍ حَتّى تَنظُرَ إلى ما يَصيرُ أمرُ النّاسِ، وتَعرِفَ عِندَ ذلِكَ الرَّأيَ، فَإنَّكَ أصوَبُ ما يَكونُ رَأيا وأحزَمُهُ عَمَلاً حينَ تَستَقبِلُ الأُمورَ استِقبالاً، ولا تَكونُ الأُمورُ عَلَيكَ أبدا أشكَلَ مِنها حينَ تَستَدبِرُها استِدبارا. قالَ: يا أخي، قَد نَصَحتَ فَأَشفَقتَ، فَأَرجو أن يَكونَ رَأيُكَ سَديدا مُوَفَّقا.[3]

۲۶۵) تاریخ طبری میں مدینے سے امام (حسین علیہ السلام) کے نکلنے کے بارے میں آیا ہے؛ امام حسین علیہ السلام اپنے

---

[1] نَبا بِهِ منزلُه: إذا لم يُوافِقهُ (النهاية: ج5 ص11، نبا).

[2] شَعَفَةُ كلّ شيءٍ: أعلاه، يريد به رأس الجبل (النهاية: ج2 ص481، شعف).

[3] تاريخ الطبري: ج5 ص341، الفتوح: ج5 ص20، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص187؛ الإرشاد: ج2 ص34 كلّها نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص326.

بیٹوں بھائیوں، بھتیجوں، اور خاندان کے اکثر لوگوں کو ساتھ لے کر مدینے سے خارج ہوئے سوائے محمد بن حنفیہ کے جس نے امام سے کہا: اے میرے بھائی تو میرے نزدیک لوگوں میں سب سے محبوب اور عزیز ہے اور میں نے فقط تجھے ہی نصیحت ماننے والا سمجھتا ہے۔ جتنا ہو سکے اپنے پیروکاروں کے ساتھ یزید بن معاویہ کے خوف سے شہروں سے دور رہو۔ پھر تم لوگوں کی جانب پیغام بھیجو اور انہیں اپنی طرف دعوت دو۔ اگر آپ کی بیعت کریں تو خدا کی حمد وثناء کرو اور اگر لوگ تیرے پاس نہ آئیں تو خدا اس سے تیرے دین اور عقل سے کچھ کم نہیں کرے گا اور بہادری اور فضیلت ختم نہیں ہوگی کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ اگر تم ان شہروں میں سے کسی شہر میں چلے جاؤ اور لوگوں کے ایک گروہ کے پاس جاؤ گے تو ان کے درمیان اختلاف پیدا ہوجائے گا اور ان میں سے کچھ تیرے حق میں ہوں گے اور کچھ تیرے خلاف اور ایک دوسرے سے لڑیں گے تو ایسے ماحول میں تو نیزوں کا نشانہ بنے گا اور اس وقت کا بہترین انسان ذاتی اور نسبی شرافت کے حوالے سے تو ہے جس کا خون ضائع ہوجائے گا اور خود کو سب سے زیادہ خوار کر بیٹھے گا۔

امام حسین علیہ السلام نے محمد حنفیہ سے فرمایا؛ میرے بھائی! میں ضرور جاؤں گا

محمد بن حنفیہ نے کہا؛ مکہ جاؤ اگر وہاں مطمئن اور رہنے کے قابل جگہ ہو تو (مناسب) جگہ یہ ہی ہے، اور اگر تجھے پسند نہ آئے تو پہاڑوں اور جنگلوں کی طرف اور ایک شہر سے دوسرے شہر چلے جاؤ جب تک پتہ چل جائے کہ لوگوں کا کام کہاں تک پہنچتا ہے اور اس وقت پتہ چل جائے گا کہ کیا کرنا چاہیے۔ سب سے صحیح اور دور اندیشی والا کام اس وقت حاصل ہوگا جب بہادری سے واقعات کا استقبال کرو اور تیرے لئے کوئی بھی واقعہ اس سے زیادہ مشکل نہیں ہے کہ اس کا منہ موڑ کر پیچھا کرو۔

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ اے میرے بھائی! اے میرے رفیق! تو نے نیکی کی اور شفقت کی مجھے امید ہے کہ تیری نظر محکم اور توفیق کے ساتھ ہو۔

266. تاريخ دمشق. بَعدَ ذِكرِهِ كِتابَ عَمرِو بنِ سَعيدِ بنِ العا: فَكَتَبَ إلَيهِ الحُسَينُ عليه السلام: إن كُنتَ أرَدتَ بِكِتابِكَ إلَيَّ بِرّي وصِلَتي فَجُزيتَ خَيرا فِي الدُّنيا وَالآخِرَةِ، وإنَّهُ لَم يُشاقِقِ مَن دَعا إلَى اللهِ وعَمِلَ صالِحا وقالَ إنَّني مِنَ المُسلِمينَ، وخَيرُ الأَمانِ أمانُ اللهِ، ولَم يُؤمِن بِاللهِ مَن لَم يَخَفهُ فِي الدُّنيا، فَنَسأَلُ اللهَ مَخافَةً فِي الدُّنيا توجِبُ لَنا أمانَ الآخِرَةِ عِندَهُ.[1]

۲۶۶) تاریخ دمشق میں: ہے عمرو بن سعید بن عاص کے خط کے جواب میں امام حسین علیہ السلام نے لکھا کہ اگر تو نے

[1] تاريخ دمشق: ج14 ص210، تهذيب الكمال: ج6 ص419، تاريخ الطبري: ج5 ص388 كلاهما نحوه.

اپنے خط سے نیکی اور احسان کا ارادہ رکھتا ہے تو خدا تجھے دنیا اور آخرت میں نیک جزا دے اور جو شخص خدا کی طرف دعوت دے اور نیک کام انجام دے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں، اس نے دشمنی نہیں کی ہے اور بہترین امان خدا کی امان ہے، اس شخص نے خدا پر ایمان نہیں لایا جو دنیا میں خدا سے نہیں ڈرا، بس ہم دنیا میں خدا کا خوف چاہتے ہیں کہ دنیا میں خوف آخرت کے خوف سے ہمیں بچائے گا۔

267. تاريخ الطبرى: ثُمَّ أقبَلَ الحُسَينُ عليه السلام سَيرا إلَى الكوفَةِ، فَانتَهى إلى ماءٍ مِن مِياهِ العَرَبِ، فَإذا عَلَيهِ عَبدُ اللهِ بنُ مُطيعٍ العَدَوِيُّ وهُوَ نازِلٌ هاهُنا، فَلَمّا رَأَى الحُسَينَ عليه السلام قامَ إلَيهِ، فَقالَ: بِأَبي أنتَ وأُمّي يَابنَ رَسولِ اللهِ، ما أقدَمَكَ؟! [وَاحتَمَلَهُ فَأَنزَلَهُ]. فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: كانَ مِن مَوتِ مُعاوِيَةَ ما قَد بَلَغَكَ، فَكَتَبَ إلَيَّ أهلُ العِراقِ يَدعونَني إلى أنفُسِهِم. فَقالَ لَهُ عَبدُ اللهِ بنُ مُطيعٍ: أُذَكِّرُكَ اللهَ يَابنَ رَسولِ اللهِ وحُرمَةَ الإسلامِ أن تُنتَهَكَ، أنشُدُكَ اللهَ فى حُرمَةِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله، أنشُدُكَ اللهَ فى حُرمَةِ العَرَبِ، فَوَاللهِ لَئِن طَلَبتَ ما فى أيدى بَنى أُمَيَّةَ لَيَقتُلُنَّكَ، ولَئِن قَتَلوكَ لا يَهابونَ بَعدَكَ أحَدا أبَدا، وَاللهِ إنَّها لَحُرمَةُ الإسلامِ تُنتَهَكُ، وحُرمَةُ قُرَيشٍ وحُرمَةُ العَرَبِ، فَلا تَفعَل، ولا تَأتِ الكوفَةَ ولا تَعَرَّضْ لِبَنى أُمَيَّةَ. قالَ: فَأَبى إلاّ أن يَمضِيَ.[1]

۲۶۷) تاریخ طبری میں ہے؛ امام حسین علیہ السلام کوفہ کی جانب حرکت کی اور عربوں کے ایک پانی تک پہنچے تو عبد اللہ بن مطیع عدوی وہاں آیا ہوا تھا۔ جب اس نے امام حسین علیہ السلام کو دیکھا تو امام حسین علیہ السلام کی طرف آ کر کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کس کام سے آئے ہو؟ اور اس نے پیدل ہونے کے لئے مدد کی۔

امام حسین علیہ السلام نے اسے فرمایا؛ تجھے معاویہ کے مرنے کا تو پتہ ہے۔ عراق والوں نے مجھے خط لکھ کر اپنی طرف بلایا ہے۔

عبد اللہ بن مطیع نے اسے کہا؛ اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند! اسلام کے احترام کا خیال رکھو خبر دار کہ (تیرے احترام کو ختم ہونے سے) اسلام کا احترام ختم ہو جائے۔

تجھے خدا کی قسم دیتا ہوں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور عرب کے احترام کو ختم کرنے سے پیچھے ہٹے۔

---

[1] تاريخ الطبرى: ج 5 ص 395، الكامل فى التاريخ: ج 2 ص 548، الفصول المهمّة: ص 186 بزيادة، قريب من الحاجز، نحوه؛ الإرشاد: ج 2 ص 71، بحار الأنوار: ج 44 ص 370.

خدا کی قسم اگر آپ جو چیز بنو امیہ کے اختیار (ہاتھ) میں ہے مانگیں گے تو وہ آپ کو قتل کر دیں گے اور اگر تجھے قتل کریں گے تو تیرے بعد کسی سے بھی نہیں ڈریں گے۔

اور خدا کی قسم اسلام اور عرب کا احترام ختم ہو جائے گا۔ بس نہ کرو اور کوفہ نہ جاؤ اور بنو امیہ کو چھوڑ دو۔

امام علیہ السلام نے اس کا مشورہ قبول کرنے اسے انکار کر دیا اور آگے بڑھنے لگے۔

الفصل الحادی عَشَرَ: کلمات الإمام فی کربلاء

گیارہویں فصل: امام کی باتیں کربلا میں

11/1

كَلِماتُ الإمامِ مَعَ أصحابِهِ لَيلَةَ عاشوراءَ

دس محرم کی رات امام علیہ السلام کا اپنے ساتھیوں کے ساتھ باتیں کرنا

268. تاريخ الطبري عن عبد الله بن شريك العامري عن علي: جَمَعَ الحُسَينُ عليه السلام أصحابَهُ بَعدَما رَجَعَ عُمَرُ بنُ سَعدٍ، وذلِكَ عِندَ قُربِ المَساءِ، قالَ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ عليه السلام فَدَنَوتُ مِنهُ لِأَسمَعَ وأنَا مَريضٌ، فَسَمِعتُ أبي وهُوَ يَقولُ لِأَصحابِهِ: أُثني عَلَى اللهِ تَبارَكَ وتَعالى أحسَنَ الثَّناءِ، وأحمَدُهُ عَلَى السَّرّاءِ وَالضَّرّاءِ، اللّٰهُمَّ إنّي أحمَدُكَ عَلى أن أكرَمتَنا بِالنُّبُوَّةِ، وعَلَّمتَنَا القُرآنَ، وفَقَّهتَنا فِي الدّينِ، وجَعَلتَ لَنا أسماعا وأبصارا وأفئِدَةً، ولَم تَجعَلنا مِنَ المُشرِكينَ. أمّا بَعدُ، فَإنّي لا أعلَمُ أصحابا أولى ولا خَيرا مِن أصحابي، ولا أهلَ بَيتٍ أبَرَّ ولا أوصَلَ مِن أهلِ بَيتي، فَجَزاكُمُ اللهُ عَنّي جَميعا خَيرا، ألا وإنّي أظُنُّ يَومَنا مِن هؤُلاءِ الأَعداءِ غَدا، ألا وإنّي قَد رَأَيتُ [1] لَكُم فَانطَلِقوا جَميعا فِي حِلٍّ، لَيسَ عَلَيكُم مِنّي ذِمامٌ [2]، هذا لَيلٌ قَد غَشِيَكُم فَاتَّخِذوهُ جَمَلاً. [3]

---

[1] فی النقول الأُخری: «أذنتُ» بدل «رأیتُ»، وهو المناسب للسیاق.

[2] الذِّمَّةُ والذِّمامُ: بمعنی العهد والأمان والضمان والحرمة والحقّ (النهایة: ج2 ص168، ذمم).

[3] تاریخ الطبری: ج5 ص418.

۲۶۸) تاریخ طبری میں عبد اللہ بن شریک عامری نے امام سجاد علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ عمر بن سعد کے واپس ہونے کے بعد امام حسین علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کو (دس محرم کی رات) غروب کے وقت جمع کیا میں بیمار تھا میں اس کے نزدیک گیا تا کہ سن سکوں میں نے سنا کہ بابا اپنے ساتھیوں سے فرما رہے تھے۔ خدا کی بہترین نمونے سے تعریف کرتا ہوں اور غمی وخوشی میں اسکی تعریف کرتا ہوں اے خدا! تیری تعریف کرتا ہوں کہ ہمیں نبوت سے نواز اور قرآن کا علم ہمیں دیا اور تو نے ہمیں دین میں سمجھدار کیا اور ہمیں کان، آنکھ اور دل (کی نعمت) دی اور ہمیں تو نے مشرکوں سے قرار نہ دیا۔

اما بعد، میں آپ لوگوں سے زیادہ بہترین ساتھی کسی کو نہیں سمجھتا اور نہ ہی اپنے خاندان سے کوئی بہترین خاندان دیکھتا ہوں، خدا میری طرف سے تم سب کو نیک جزا دے ہاں، میرے خیال میں دشمنوں کی طرف سے ہمارے پاس فقط کل کا دن ہے، میں تم سب کو جانے کی اجازت دیتا ہوں سب جاسکتے ہو کیوں کہ میرا کوئی تم پر وزن یا پابندی نہیں ہے۔ یہ رات ہے اور رات کے اندھیرے کو اپنے لئے سواری بنا کر چلے جاؤ۔

269. الطبقات الكبرى: جَمَعَ حُسَينٌ عليه السلام أصحابَهُ فى لَيلَةِ عاشوراءَ لَيلَةِ الجُمُعَةِ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ، وذَكَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وما أكرَمَهُ اللهُ بِهِ مِنَ النُّبُوَّةِ، وما أنعَمَ بِهِ عَلى أُمَّتِهِ، وقالَ: إنّى لا أحسَبُ القَومَ إلاّ مُقاتِليكُم [1] غَدا، وقَد أذِنتُ لَكُم جَميعا فَأَنتُم فى حِلٍّ مِنّى، وهذَا اللَّيلُ قَد غَشِيَكُم، فَمَن كانَت لَهُ مِنكُم قُوَّةٌ فَليَضُمَّ رَجُلاً مِن أهلِ بَيتى إلَيهِ، وتَفَرَّقوا فى سَوادِكُم «حَتّى يَأتِيَ اللهُ بِالفَتحِ أو أمرٍ مِن عِندِهِ فَيُصبِحوا عَلى ما أسَرّوا فى أنفُسِهِم نادِمينَ» [2]، فَإِنَّ القَومَ إنَّما يَطلُبونَنى، فَإِذا رَأَونى لَهَوا عَن طَلَبِكُم. فَقالَ أهلُ بَيتِهِ: لا أبقانَا اللهُ بَعدَكَ، لا وَاللهِ لا نُفارِقُكَ حَتّى يُصيبَنا ما أصابَكَ. وقالَ ذلِكَ أصحابُهُ جَميعا. فَقالَ: أثابَكُمُ اللهُ عَلى ما تَنوونَ الجَنَّةَ. [3]

۲۶۹) طبقات کبری میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے عاشورہ کی رات، جو کہ جمعہ کی رات تھی۔ اپنے ساتھیوں کو جمع کیا اور خدا کی تعریف اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی نبوت کو یاد کرنے کے بعد کہ خدا نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت سے

---

[1] فى المصدر: «مقاتلوكم» والتصويب من سير أعلام النبلاء.

[2] تضمينٌ للآية 52 من سورة المائدة.

[3] الطبقات الكبرى (الطبقة الخامسة من الصحابة): ج 1 ص 466، سير أعلام النبلاء: ج 3 ص 301 الرقم 48 نحوه وراجع: الكامل فى التاريخ: ج 2 ص 559 والفتوح: ج 5 ص 94.

نوازا اور ساری امت پر فضیلت دی۔ فرمایا؛ میرے خیال میں یہ گروہ (یزید کی فوج) کل تم لوگوں سے جنگ کرنا نہیں چاہتی میں تم سب کو جانے کی اجازت دے رہا ہوں کہ اس وقت رات کے اندھیرے میں چلے جاؤ۔ تم میں سے ہر ایک میرے خاندان کے ایک فرد کو ساتھ لے کر جا سکتا ہے شہر تک پھر اس کے بعد جدا ہو جائیں یہاں تک کہ خدا اپنی طرف سے فتح یا کامیابی لائے تا کہ یہ (دشمن) جو کچھ دل میں رکھتے ہیں اس سے پشیمان ہو جائیں۔ یہ گھر وہ میرے پیچھے ہیں اور جب مجھ تک پہنچ گئے تو تمہیں کچھ بھی نہیں کریں گے۔

امام علیہ السلام کے خاندان نے کہا؛ تیرے بعد خدا ہمیں زندگی نہ دے: خدا کی قسم! آپ سے جدا نہیں ہونگے تا کہ جو کچھ (مشکلات) تجھے ملے وہ ہمیں بھی ملے۔

امام علیہ السلام کے سب ساتھیوں نے بھی مل کر ایسے ہی کہا۔

امامؑ نے فرمایا؛ خدا تمہاری نیت کی جزاء جنت قرار دے۔

270. الخرائج والجرائح عن أبي حمزة الثمالي: قالَ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ عليه السلام: كُنتُ مَعَ أبِي اللَّيلَةَ الَّتي قُتِلَ صَبيحَتَها، فَقالَ لِأَصحابِهِ: هذَا اللَّيلُ فَاتَّخِذوهُ جَمَلاً، فَإِنَّ القَومَ إِنَّما يُريدونَني، ولَو قَتَلوني لَم يَلتَفِتوا إِلَيكُم، وأنتُم في حِلٍّ وسَعَةٍ. فَقالوا: لا وَاللهِ، لا يَكونُ هذا أبَدا. قالَ: إِنَّكُم تُقتَلونَ غَدا كُلُّكُم [1]، لا يُفلِتُ مِنكُم رَجُلٌ. قالوا: الحَمدُ للهِ الَّذي شَرَّفَنا بِالقَتلِ مَعَكَ. ثُمَّ دَعا، وقالَ لَهُم: اِرفَعوا رُؤوسَكُم وَانظُروا. فَجَعَلوا يَنظُرونَ إِلى مَواضِعِهِم ومَنازِلِهِم مِنَ الجَنَّةِ، وهُوَ يَقولُ لَهُم: هذا مَنزِلُكَ يا فُلانُ، وهذا قَصرُكَ يا فُلانُ، وهذِهِ دَرَجَتُكَ يا فُلانُ. فَكانَ الرَّجُلُ يَستَقبِلُ الرِّماحَ وَالسُّيوفَ بِصَدرِهِ ووَجهِهِ لِيَصِلَ إِلى مَنزِلِهِ مِنَ الجَنَّةِ. [2]

۲۷۰) خرائج و جرائح میں ابو حمزہ ثمالی سے نقل کیا ہے؛ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا؛ میں اس رات میں جس کی صبح میرے بابا حسین علیہ السلام قتل ہوئے، ان کے ساتھ تھا، میرے بابا نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا؛ یہ رات ہے اس کے اندھیرے کو سواری بنا کر چلے جاؤ کیوں کہ یہ لوگ میرے قتل کے درپے ہیں اگر مجھے قتل کر دیں تو آپ لوگوں کو کچھ بھی نہیں کریں گے۔ آپ لوگ میری طرف سے بیعت کرنے کے حوالے سے آزاد ہیں۔

امام علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا؛ نہیں خدا کی قسم ایسے نہیں ہو سکتا۔

---

[1] في المصدر: «كذلك» بدل «كلّكم» والتصويب من بحار الأنوار.

[2] الخرائج والجرائح: ج2 ص847 ح62 و ص254 ح8 نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص298 ح3.

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ کل تم سب مارے جاؤ گے تم میں سے کوئی بھی نہیں بچے گا۔

ساتھیوں نے کہا؛ اس خدا کی تعریف ہے جو ہمیں آپ کے ساتھ قتل ہونے کی فضیلت دیتا ہے

پھر امام علیہ السلام نے ان کے لئے دعا کی اور فرمایا؛ سر اوپر کر کے دیکھو جب انہوں نے دیکھا تو ہر ایک نے اپنی جگہ جنت میں دیکھی۔

امام حسین علیہ السلام نے ان سے فرمایا؛ فلاں یہ تیرا مقام ہے، فلاں یہ تیرا مقام ہے یہ تیرا تخت ہے، فلاں یہ تیرا مرتبہ ہے، یہ سب اسی لئے پوری جان کے ساتھ نیزوں اور تلواروں کے سامنے جا رہے تھے تا کہ جنت میں اپنی جگہ اور مقام تک پہنچے۔

271. أنساب الأشراف: عَرَضَ الحُسَينُ عليه السلام عَلى أهلِهِ ومَن مَعَهُ أن يَتَفَرَّقوا ويَجعَلُوا اللَّيلَ جَمَلاً، وقالَ: إنَّما يَطلُبونَني وقَد وَجَدوني، وما كانَت كُتُبُ مَن كَتَبَ إلَيَّ. فيما أظُنُّ. إلاّ مَكيدَةً لي وتَقَرُّبا إلَى ابنِ مُعاوِيَةَ بي. فَقالوا: قَبَّحَ اللهُ العَيشَ بَعدَكَ.[1]

۲۷۱) انساب الاشرف میں ہے؛ امام حسین علیہ السلام نے اپنے خاندان والوں اور ساتھیوں کو مشورہ دیا کہ اس سے دور ہو جائیں اور رات کے اندھیرے کو سواری بنائیں اور امام علیہ السلام نے فرمایا؛ یہ لوگ فقط میرے درپے ہیں اور ابھی مجھ تک پہنچ گئے ہیں، میرے خیال میں انہوں نے جو مجھے خط لکھے (اور مجھے آنے کی دعوت دی) فقط مجھ سے دھوکا کرنا اور معاویہ کے بیٹے (یزید) کے قریب ہونا تھا۔ امام علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا؛ تیرے بعد خدا ہمیں زندگی نصیب نہ کرے۔

272. الأمالي عن عبد الله بن منصور عن جعفر بن محمّد عل حَدَّثَني أبي عَن أبيهِ قالَ:... فَقامَ الحُسَينُ عليه السلام في أصحابِهِ خَطيبا فَقالَ: اللّهُمَّ إنّي لا أعرِفُ أهلَ بَيتٍ أبَرَّ ولا أزكى ولا أطهَرَ مِن أهلِ بَيتي، ولا أصحابا هُم خَيرٌ مِن أصحابي، وقَد نَزَلَ بي ما قَد تَرَونَ، وأنتُم في حِلٍّ مِن بَيعَتي، لَيسَت لي في أعناقِكُم بَيعَةٌ، ولا لي عَلَيكُم ذِمَّةٌ، وهذَا اللَّيلُ قَد غَشِيَكُم فَاتَّخِذوهُ جَمَلاً، وتَفَرَّقوا في سَوادِهِ؛ فَإنَّ القَومَ إنَّما يَطلُبونَني، ولَو ظَفِروا بي لَذَهَلوا[2] عَن طَلَبِ غَيري.[3]

۲۷۲) امالیٔ شیخ صدوق میں عبداللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل فرمایا ہے کہ میرے بابا (امام باقرؑ)

---

[1] أنساب الأشراف: ج3 ص393.

[2] ذَهَلتُ عن الشيء: نسيتُه وغفلت عنه (الصحاح: ج4 ص1702، ذهل).

[3] الأمالي للصدوق: ص220 ح239، بحار الأنوار: ج44 ص316 ح1.

نے اپنے بابا (امام زین العابدینؑ) سے نقل کر کے مجھے بتایا کہ امام حسین علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے درمیان کچھ کہنے کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا؛

اے میرے خدا! نہ میرے خاندان سے زیادہ کوئی نیک، پاک و پاکیزہ، خاندان ہے اور نہ ہی میرے ساتھیوں سے زیادہ کسی کے بہترین ساتھی ہیں، تو دیکھ رہا ہے کہ کیا ہوا ہے۔

آپ لوگ میری بیعت سے آزاد ہیں اور تمہارے اوپر کچھ بھی نہیں ہے اور مجھ سے وعدہ کے پابند نہیں ہو۔

یہ رات کا اندھیرا ہے جس کو اپنی سواری بنا کر چلے جاؤ، شہروں میں بکھر جاؤ کیونکہ یہ لوگ میرے درپے ہیں اگر مجھ تک پہنچ جائیں تو دوسروں کو کچھ بھی نہیں کریں گے۔

11/2

كَلامُهُ مَعَ أُختِهِ لَيلَةَ عاشوراءَ

عاشورہ کی رات امام علیہ السلام کی اپنی بہن سے گفتگو

273. تاريخ الطبرى عن الحارث بن كعب وأبي الضحّاك عن علي إنّي جالِسٌ في تِلكَ العَشِيَّةِ الَّتي قُتِلَ أبي صَبيحَتَها وعَمَّتي زَينَبُ عِندي تُمَرِّضُني، إذِ اعتَزَلَ أبي بِأَصحابِهِ في خِباءٍ لَهُ وعِندَهُ حُوَيٌّ مَولى أبي ذَرٍّ الغِفارِيِّ وهُوَ يُعالِجُ سَيفَهُ ويُصلِحُهُ، وأبي يَقولُ:

يا دَهرُ أُفٍّ لَكَ مِن خَليلِ كَم لَكَ بِالإِشراقِ وَالأَصيلِ
مِن صاحِبٍ أو طالِبٍ قَتيلِ وَالدَّهرُ لا يَقنَعُ بِالبَديلِ
و إِنَّمَا الأَمرُ إِلَى الجَليلِ وكُلُّ حَيٍّ سالِكُ السَّبيلِ

قالَ: فَأَعادَها مَرَّتَينِ أو ثَلاثا حَتّى فَهِمتُها، فَعَرَفتُ ما أرادَ، فَخَنَقَتني عَبرَتي فَرَدَدتُ دَمعي ولَزِمتُ السُّكونَ، فَعَلِمتُ أنَّ البَلاءَ قَد نَزَلَ، فَأَمّا عَمَّتي فَإِنَّها سَمِعَت ما سَمِعتُ وهِيَ امرَأَةٌ وفِي النِّساءِ الرِّقَّةُ وَالجَزَعُ، فَلَم تَملِك نَفسَها أن وَثَبَت تَجُرُّ ثَوبَها، وإِنَّها لَحاسِرَةٌ حَتّى انتَهَت إِلَيهِ، فَقالَت: وَاثُكلاه، لَيتَ المَوتَ أعدَمَنِي الحَياةَ، اليَومَ ماتَت فاطِمَةُ أُمّي وعَلِيٌّ أبي وحَسَنٌ أخي، يا

خَليفَةَ الماضى وثِمالَ[1] الباقى. قالَ: فَنَظَرَ اِلَيهَا الحُسَينُ عليه السلام فَقالَ: يا أُخَيَّةُ لا يُذهِبَنَّ حِلمَكِ الشَّيطانُ. قالَت: بِأَبى أنتَ وأُمّى يا أبا عَبدِ اللهِ، استَقتَلتَ! نَفسى فِداكَ. فَرَدَّ غُصَّتَهُ وتَرَقرَقَت عَيناهُ، وقالَ: لَو تُرِكَ القَطا لَيلاً لَنامَ[2]. قالَت: يا وَيلَتى! أفَتُغصَبُ نَفسُكَ اغتِصابا؟ فَذلِكَ أقرَحُ لِقَلبى وأشَدُّ عَلى نَفسى. ولَطَمَت وَجهَها وأهوَت اِلى جَيبِها وشَقَّتهُ، وخَرَّت مَغشِيّا عَلَيها. فَقامَ اِلَيهَا الحُسَينُ عليه السلام فَصَبَّ عَلى وَجهِهَا الماءَ، وقالَ لَها: يا أُخَيَّةُ اتَّقِى اللهَ، وتَعَزّى بِعَزاءِ اللهِ، وَاعلَمى أنَّ أهلَ الأَرضِ يَموتونَ، وأنَّ أهلَ السَّماءِ لا يَبقَونَ، وأنَّ كُلَّ شَىءٍ هالِكٌ اِلاّ وَجهَ اللهِ، الَّذى خَلَقَ الأَرضَ بِقُدرَتِهِ ويَبعَثُ الخَلقَ فَيَعودونَ، وهُوَ فَردٌ وَحدَهُ، أبى خَيرٌ مِنّى، وأُمّى خَيرٌ مِنّى، وأخى خَيرٌ مِنّى، ولى ولَهُم ولِكُلِّ مُسلِمٍ بِرَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله أُسوَةٌ. قالَ: فَعَزّاها بِهذا ونَحوِهِ، وقالَ لَها: يا أُخَيَّةُ، اِنّى أُقسِمُ عَلَيكِ فَأَبِرّى قَسَمى، لا تَشُقّى عَلَىَّ جَيبا، ولا تَخمُشى عَلَىَّ وَجها، ولا تَدعى عَلَىَّ بِالوَيلِ وَالثُّبورِ اِذا أنَا هَلَكتُ. قالَ: ثُمَّ جاءَ بِها حَتّى أجلَسَها عِندى.[3]

۲۷۳) تاریخ طبری میں حارث بن کعب اور ابوضحاک نے امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ (امام نے فرمایا) اس رات میں جس کی عصر کو میرے بابا شہید ہوئے، میں بیٹھا ہوا تھا اور میری پھوپی زینبؑ میری دیکھ بھال کر رہی تھیں کہ میرے بابا اپنے ساتھیوں سے جدا ہو کر اپنے خیمہ کے طرف لوٹ گئے فقط امام علیہ السلام کے پاس ابوذر کا غلام حوی تھا جو امام علیہ السلام کی تلوار کو تیز کر رہا تھا۔ تو میرے بابا یہی پڑھ رہے تھے۔

اے زمانہ تیری دوستی پر حیف ہو! کتنے دن اور شام گذارے ہیں، جس میں ایسے ساتھی قتل ہو گئے کہ زمانہ ان کو لانے سے عاجز ہے، اور کام (خدا سے) ہے جو بزرگ ہے اور ہر زندہ شخص اس راہ کی طرف جائے گا

امام علیہ السلام نے دو یا تین مرتبہ یہ شعر پڑھا،

میں سمجھ گیا کہ کیا چاہتے ہیں اور گریہ سے میری آواز بند ہو گئی، لیکن غصے کو میں نے کھایا اور کچھ بھی نہیں کیا اور

---

[1] الثِّمالُ: المَلجأ والغياث، وقيل: المطعم فى الشدّة (النهاية: ج1 ص222، ثمل).

[2] هذا مثل، والمراد منه هنا أنّهم لا يَدعونى فى راحة ويلحقونى أينما كنت.

[3] تاريخ الطبرى: ج5 ص420 عن الحارث بن كعب وأبى الضحاك، الكامل فى التاريخ: ج2 ص559 من دون إسنادٍ إلى علىّ بن الحسين عليه السلام؛ الإرشاد: ج2 ص93، تاريخ اليعقوبى: ج2 ص243، إعلام الورى: ج1 ص456 كلّها نحوه، بحار الأنوار: ج45 ص1 وراجع: تذكرة الخواصّ: ص249.

سمجھا کہ مصیبت آئے گی۔

میری پھوپی بھی جو کچھ میں نے سنا وہ سنا اور چونکہ دوسری عورتوں کی طرح اسکا دل بھی نازک تھا اور پریشانی کو برداشت نہ کرنے کی وجہ سے اپنے لباس کو جھاڑ کر باہر آئیں درحالانکہ پریشان تھیں۔ اور میرے بابا حسین علیہ السلام تک آ کر کہا؛ کیا مصیبت ہے، کاش میں مرگئی ہوتی، آج (جبکہ تو جارہا ہے حقیقت میں ایسے لگ رہا ہے) کہ میری ماں فاطمہ سلام اللہ علیہا، بابا علی علیہ السلام اور بھائی حسن علیہ السلام جدا ہورہے ہیں۔ اے چلے جانے والوں کے جانشین اور باقی رہنے والوں کی پناہ!

امام حسین علیہ السلام نے بی بی زینبؑ کی طرف دیکھ کر فرمایا؛ اے ہماری بہن شیطان تیرے تحمل اور بردبار ہونے کو ختم نہ کرے۔

بی بی زینبؑ نے فرمایا ؛اے ابا عبد اللہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان، اپنے غم کو ختم کرکے اور آنکھوں میں آنسوں آ گئے

فرمایا؛ اگر یہ لوگ مجھ کو آزاد چھوڑ دیں۔ آرام سے بیٹھ جاؤں گا۔

بی بی زینبؑ نے کہا؛ مجھ پر وای! کیا اتنے سخت پریشانی میں ہو؟ یہی میرے دل کو پریشان کررہا ہے اور میرے لئے سخت ہے پھر بی بی زینبؑ اپنے سر پر مارا اور گریباں چاک کیا اور بے ہوش ہوگئی۔

امام حسین علیہ السلام نے آ کر اس کی منہ پر پانی کے چھینٹے مارے اور اسے فرمایا، میری بہن! خدا سے ڈرو اور خود کو اس کے حوالے کرو۔

جان لو کہ زمین والے مرجائیں گے اور آسمان والے بھی باقی نہیں رہیں گے اور ہر چیز ہلاک ہوجائے گی سوائے خدا کی ذات کے جس نے اپنی قدرت سے زمین کو پیدا کیا اور لوگوں کو محشور کرے گا تا کہ سب واپس آ جائیں اور وہ اکیلا رہ جائے۔ میرے بابا مجھ سے بہتر تھے، میری ماں، بھائی، مجھ سے بہتر اور میرے لئے اور ان سب کے لئے اور ہر مسلمان کے لئے نمونہ عمل رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں،

امام علیہ السلام نے انہیں تسلی دی اور اسے فرمایا؛ میری پیاری بہن، تمہیں قسم دیتا ہوں اور اس پر عمل کرو۔ میرے سامنے گریبان، چاک نہ کرو، نہ چہرہ پیٹنا اور جب میں چلا جاؤں گریہ و نالہ مت کرنا، پھر زینبؑ کو لے کر آئے اور میرے نزدیک آ کر بٹھایا۔

11/3

كَلامُهُ يَومَ عاشوراءَ

عاشورہ کے دن امام علیہ السلام کی کچھ باتیں

274. تاريخ دمشق عن بشر بن طانحة عن رجل من همدان: خَطَبَنَا الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام غَداةَ اليَومِ الَّذِي استُشهِدَ فيهِ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ، ثُمَّ قالَ: عِبادَ اللهِ، اتَّقُوا اللهَ و كونوا مِنَ الدُّنيا عَلى حَذَرٍ، فَإِنَّ الدُّنيا لَو بَقِيَت لِأَحَدٍ وبَقِيَ عَلَيها أحَدٌ، كانَتِ الأَنبِياءُ أحَقَّ بِالبَقاءِ، وأولى بِالرِّضا، وأرضى بِالقَضاءِ، غَيرَ أنَّ اللهَ تَعالى خَلَقَ الدُّنيا لِلبَلاءِ، وخَلَقَ أهلَها لِلفَناءِ؛ فَجَديدُها بالٍ، ونَعيمُها مُضمَحِلٌّ، وسُرورُها مُكفَهِرٌّ، وَالمَنزِلُ بُلغَةٌ، وَالدّارُ قُلعَةٌ[1]، وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيرَ الزّادِ التَّقوَى[2] وَاتَّقُوا اللهَ لَعَلَّكُم تُفلِحونَ.[3]

۲۷۴) تاریخ دمشق میں بشر بن طانحہ نے ہمدان قبیلے کے ایک شخص سے نقل کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے شہادت والے دن کی صبح کو ہمارے لئے ایک تقریر کی اور خدا کی حمد وثنا کے بعد فرمایا: خدا کے بندو! تقویٰ اختیار کرو اور دنیا سے ڈرو کیوں کہ اگر دنیا ہمیشہ رہنے کے قابل ہوتی اور کوئی اس میں باقی رہتا تو انبیاء باقی رہنے کے حقدار تھے اور وہ خدا کی رضا اور قضا پر سب سے زیادہ راضی تھے لیکن خدا نے دنیا کو امتحان کے لئے پیدا کیا ہے اور دنیا والوں کو نابود ہونے کے لئے پیدا کیا ہے، دنیا کی ہر تازی چیز پرانی ہوگی اور اس کی نعمت ختم ہونے والی ہے اور خوشی ختم ہونے والی ہے، اور دنیا ایسا گھر ہے جو جانے کے لئے ہے نہ ہمیشہ رہنے والا گھر زاد وراہ لے لو کیوں کہ بہترین زاد تقویٰ ہے اور تقویٰ اختیار کرو شاید کہ کامیاب ہو جاؤ۔

275. مقتل الحسين: تَقَدَّمَ الحُسَينُ عليه السلام حَتّى وَقَفَ قُبالَةَ القَومِ، وجَعَلَ يَنظُرُ إلى صُفوفِهِم

---

[1] مَنْزِلَ قُلْعَة: أي ليس بمُستَوطَن (الصحاح: ج3 ص1271، قلع).

[2] البقرة: 197.

[3] تاريخ دمشق: ج14 ص218، كفاية الطالب: ص429 وفيه «بشر بن طامحة» بدل «بشر بن طانحة».

كَأَنَّهَا السَّيلُ، ونَظَرَ إلَى ابنِ سَعدٍ واقِفا فى صَناديدِ[1] الكوفَةِ، فَقالَ: الحَمدُ للهِ الَّذى خَلَقَ الدُّنيا فَجَعَلَها دارَ فَناءٍ وزَوالٍ، مُتَصَرِّفَةً بِأَهلِها حالاً بَعدَ حالٍ، فَالمَغرورُ مَن غَرَّتهُ، وَالشَّقِيُّ مَن فَتَنَتهُ، فَلا تَغُرَّنَّكُم هذِهِ الدُّنيا؛ فَإِنَّها تَقطَعُ رَجاءَ مَن رَكَنَ إلَيها، وتُخَيِّبُ طَمَعَ مَن طَمِعَ فيها.[2]

۲۷۵) مقتل حسین علیہ السلام خوارزمی میں ہے، امام حسین علیہ السلام (دشمن کے لشکر) کے سامنے آ کر کھڑے ہوئے، اور ان کے کثیر لشکر اور لشکر کے سردار ابن سعد جو کہ کوفہ کے بزرگوں کے درمیان کھڑا تھا، دیکھا اور فرمایا؛ حمد اس خدا کی جس نے دنیا پیدا کی اور دنیا کو نابودی اور فنا ہونے کا جہاں قرار دیا اور دنیا میں رہنے والوں کے لئے تبدیل ہونے والا (جہان) اور ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونے والا قرار دیا۔ دھوکا اس کو ملا جس کو دنیا نے دھوکا دیا اور بد بخت وہ ہے جو دنیا کے فتنے میں پھنس جائے، یہ دنیا آپ کو دھوکا نہ دے کیونکہ جس نے بھی دنیا میں امید کی اس کو دنیا نے ناامید کیا اور جس نے دنیا میں طمع و لالچ کی وہ ناکام ہوا۔

276. الأمالى عن حسين بن زيد بن علىّ عن آبائه عليهم السلام: أنَّ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام خَطَبَ يَومَ أُصيبَ، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ وقالَ: الحَمدُ للهِ الَّذى جَعَلَ الآخِرَةَ لِلمُتَّقينَ، وَالنّارَ وَالعِقابَ عَلَى الكافِرينَ، وإنّا وَاللهِ ما طَلَبنا فى وَجهِنا هذَا الدُّنيا فَنَكونَ السّاكِنينَ[3] فى رِضوانِ رَبِّنا، فَاصبِروا فَإِنَّ اللهَ مَعَ الَّذينَ اتَّقَوا ودارُ الآخِرَةِ خَيرٌ لَكُم.[4]

۲۷۶) امالی شجری میں حسین بن زید بن علی نے اپنے باپ دادا سے نقل کیا ہے کہ عاشور کے دن والے حادثے میں امام حسین علیہ السلام نے خطاب کیا اور خدا کی حمد وثناء کے بعد فرمایا؛ تعریف اس خدا کی جس نے آخرت کو متقین کے لئے قرار دیا اور جہنم کو کافروں کے لئے قرار دیا، خدا کی قسم ہم اس راہ میں دنیا کے پیچھے نہیں آئے ہیں تا کہ ہم اپنے خدا کی (جنت) کے بارے میں شک کریں۔ صبر کرو کیونکہ خدا تقویٰ والوں کے ساتھ ہے اور آخرت کا جہاں تم سب کے لئے بہتر ہے۔

277. معانى الأخبار عن علىّ بن الحسين عليه السلام: لَمّا اشتَدَّ الأَمرُ بِالحُسَينِ بنِ عَلِيِّ بنِ أبى

---

[1] صَنَادِيدُ القوم: أشرافهم وعظماؤهم ورؤساؤهم (أُنظر: النهاية: ج3 ص55 «صند»).

[2] مقتل الحسين للخوارزمى: ج1 ص252؛ تسلية المجالس: ج2 ص273، المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص100 نحوه وليس فيه ذيله من «فإنّها»، بحار الأنوار: ج45 ص5.

[3] كذا فى المصدر، و الصواب: «الشاكّين».

[4] الأمالى للشجرى: ج1 ص160.

طالِبٍ علیہ السلام، نَظَرَ إلَيهِ مَن كانَ مَعَهُ فَإذا هُوَ بِخِلافِهِم؛ لِأَنَّهُم كُلَّمَا اشتَدَّ الأَمرُ تَغَيَّرَت ألوانُهُم، وَارتَعَدَت فَرائِصُهُم ووَجَبَت[1] قُلوبُهُم، وكانَ الحُسَينُ علیہ السلام وبَعضُ مَن مَعَهُ مِن خَصائِصِهِ تُشرِقُ ألوانُهُم، وتَهدَأُ جَوارِحُهُم، وتَسكُنُ نُفوسُهُم. فَقالَ بَعضُهُم لِبَعضٍ: اُنظُروا لا يُبالي بِالمَوتِ! فَقالَ لَهُمُ الحُسَينُ علیہ السلام: صَبرا بَنِي الكِرامِ، فَمَا المَوتُ إلاّ قَنطَرَةٌ تَعبُرُ بِكُم عَنِ البُؤسِ وَالضَّرّاءِ إلَى الجِنانِ الواسِعَةِ وَالنَّعيمِ الدّائِمَةِ، فَأَيُّكُم يَكرَهُ أن يَنتَقِلَ مِن سِجنٍ إلى قَصرٍ! وما هُوَ لِأَعدائِكُم إلاّ كَمَن يَنتَقِلُ مِن قَصرٍ إلى سِجنٍ وعَذابٍ. إنَّ أبي حَدَّثَني عَن رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أنَّ الدُّنيا سِجنُ المُؤمِنِ وجَنَّةُ الكافِرِ، وَالمَوتُ جِسرُ هؤُلاءِ إلى جَنّاتِهِم وجِسرُ هؤُلاءِ إلى جَحيمِهِم، ما كَذَبتُ ولا كُذِبتُ.[2]

۲۷۷) معانی الاخبار میں امام زین العابدینؑ سے ہے؛ جب امام حسین علیہ السلام کا کام سخت ہوا تو کچھ ساتھیوں نے ان کی طرف دیکھا، امام علیہ السلام اور خاص اصحاب ان کے برخلاف تھے کہ جب کام سخت ہوجاتا تھا تو ان کا رنگ تبدیل، لرزہ طاری اور دل دھڑکنے اور اعضاء میں لرزہ طاری ہوجاتا تھا۔ ان میں سے بعض بعض سے کہتے ہیں، دیکھو اس کو موت کا کوئی خوف نہیں ہے،

امام علیہ السلام نے انہیں فرمایا: اے بزرگوں کے بیٹو! صبر کرو، موت فقط ایسا پل ہے جو تم کو سختی و پریشانی سے وسیع جنت اور ہمیشہ والی نعمت کی طرف عبور کروائے گا۔ تم میں سے کون پسند نہیں کرتا زندان سے قصر کی طرف منتقل ہونا؟ اور موت تمہارے دشمنوں کے لئے ایسے ہے جیسے قصر سے زندان اور عذاب کی طرف جانا، میرے بابا نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرے لئے نقل کیا کہ؛ دنیا مومن کے لئے عذاب اور کافر کے لئے جنت اور باغ ہے۔ اور موت مومنوں کے لئے جنت کے لئے پل ہے اور کافروں کے لئے جہنم جانے کے لئے پل ہے۔ میں نے یہ نہ جھوٹ بولا ہے نہ ہی مجھے جھوٹا کہا گیا ہے۔

278. الأمالي عن عبد الله بن منصور عن جعفر بن محمّد عل حَدَّثَني أبي عَن أبيهِ قالَ:... قالَ [الحُسَينُ علیہ السلام] لِأَصحابِهِ: قوموا فَاشرَبوا مِنَ الماءِ يَكُن آخِرَ زادِكُم، وتَوَضَّؤوا وَاغتَسِلوا،

---

[1] وَجَبَ القَلْبُ: اضطرب (الصحاح: ج1 ص232، وجب).

[2] معاني الأخبار: ص288 ح3، الاعتقادات: ص52 من دون إسنادٍ إلى عليّ بن الحسين علیہ السلام وفيه «وجلت قلوبهم ووجبت جنوبهم» بدل «وجبت قلوبهم»، بحار الأنوار: ج44 ص297 ح2.

وَاغسِلوا ثِيابَكُم لِتَكونَ أكفانَكُم. ثُمَّ صَلّى بِهِمُ الفَجرَ، وعَبَّأَهُم تَعبِئَةَ الحَربِ.[1]

۲۷۸) امالی صدوق میں عبداللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ فرمایا: میرے بابا نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے اور فرمایا کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اٹھو اور پانی پیو کیونکہ تمہارا آخری توشہ ہے اور وضو کرو، غسل کرو اور اپنے لباسوں کو دھولو کیونکہ تمہارے لباس تمہارا کفن بنیں گے پھر امام علیہ السلام نے ان کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی اور ان کو جنگ کے لئے تیار کیا۔

11/4

إتمامُ الحُجَّةِ عَلى أعدائِهِ

دشمنوں پر حجت تمام کرنا

279. الملهوف: ورَكِبَ أصحابُ عُمَرَ بنِ سَعدٍ، فَبَعَثَ الحُسَينُ عليه السلام بُرَيرَ بنَ حُصَينٍ (خُضَيرٍ) فَوَعَظَهُم فَلَم يَسمَعوا، وذَكَّرَهُم فَلَم يَنتَفِعوا، فَرَكِبَ الحُسَينُ عليه السلام ناقَتَهُ، وقيلَ فَرَسَهُ، فَاستَنصَتَهُم فَأَنصَتوا، فَحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ وذَكَرَهُ بِما هُوَ أهلُهُ، وصَلّى عَلى مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وعَلَى المَلائِكَةِ وَالأَنبِياءِ وَالرُّسُلِ وأبلَغَ فِي المَقالِ، ثُمَّ قالَ: تَبّا لَكُم أيَّتُهَا الجَماعَةُ وتَرَحا[2]، حينَ استَصرَختُمونا والِهينَ فَأَصرَخناكُم موجِفينَ[3] سَلَلتُم عَلَينا سَيفا لَنا فِي أيمانِكُم، وحَشَشتُم[4] عَلَينا نارا اقتَدَحناها عَلى عَدُوِّنا وعَدُوِّكُم، فَأَصبَحتُم أولِياءَ لِأَعدائِكُم عَلى أولِيائِكُم؛ بِغَيرِ عَدلٍ أفشَوهُ فيكُم، ولا أمَلٍ أصبَحَ لَكُم فيهِم، فَهَلاّ لَكُمُ الوَيلاتُ. تَرَكتُمونا وَالسَّيفُ مَشيمٌ[5]،

---

[1] الأمالي للصدوق: ص221 ح239، بحار الأنوار: ج44 ص316.

[2] التَّرَح: ضدّ الفرح. يقال: ترّحَهُ تَترِيحا: أي حَزَنَهُ (الصحاح: ج1 ص357، ترح).

[3] الإيجافُ: سرعة السير. وقد أوجف دابّته: إذا حثّها (النهاية: ج5 ص157، وجف).

[4] حَشَشْتُ النار: أوقدتُها (الصحاح: ج3 ص1001، حشش).

[5] شِمْتُ السيف: أغمدته وشمته: سَلَلْتُه وهو من الأضداد (الصحاح: ج5 ص1963، شيم).

وَالجَأشُ[1] ضامِرٌ، وَالرَّأیُ لَمّا یَستَحصِف[2]، ولکِن أسرَعتُم إلَیها کَطَیرِ الدَّبا[3]، وتَداعَیتُم إلَیها کَتَهافُتِ[4] الفَراشِ! فَسُحقا لَکُم یا عَبیدَ الأُمَّةِ، وشِرارَ الأَحزابِ، ونَبَذَةَ الکِتابِ، ومُحَرِّفِی الکَلِمِ، وعُصبَةَ الآثامِ، ونَفَقَةَ الشَّیطانِ، ومُطفِئِی السُّنَنِ، أهؤُلاءِ تَعضُدونَ[5] وعَنّا تَتَخاذَلونَ؟! أجَل وَاللهِ، غَدرٌ فیکُم قَدیمٌ، وَشَجَت[6] عَلَیهِ أُصولُکُم، وتَأَزَّرَت عَلَیهِ فُروعُکُم، فَکُنتُم أخبَثَ شَجا لِلنّاظِرِ، وأُکلَةً[7] لِلغاصِبِ.[8]

۲۷۹) ملھوف میں ہے؛ عمر بن سعد کے ساتھی اپنی سواریوں پر سوار ہوئے، تو امام حسین علیہ السلام نے بریر بن حصین کو بھیجا تا کہ انہیں ڈرائے لیکن انہوں نے قبول نہیں کیا ان کو نصیحت کی لیکن فائدہ نہیں ہوا، امام حسین علیہ السلام اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور ان سے کہا کہ چپ ہوجائیں وہ چپ ہوگئے تو امام علیہ السلام نے خدا کی حمد وثناء کے بعد اور ذکر کے بعد جس ذکر کے لائق تھا، اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فرشتوں، انبیاء ورسولوں پر علیہم السلام صلوٰت بھیجنے کے بعد فرمایا، تم لوگوں کو موت اور پریشانی ہو اے جماعت! تم پریشان، حیران، ہمیں تم لوگوں نے فریاد کرکے بلایا اور ہم تمہاری فریاد سن کر آئے (لیکن) تم لوگوں نے وہی تلوار ہمارے خلاف نکالی جو ہم نے تمہارے ہاتھوں میں دی تھی اور جو آگ ہم نے اپنے مشترک دشمن پر بھڑکائی تھی تم نے وہ آگ ہم پر بھڑکائی اور تم دشمنوں کے ساتھ مل کر اپنے دوستوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے، بغیر اس کے کہ تمہارے درمیان عدالت سے پیش آئے اور ان سے کوئی (نیک) اسیر ہو، وائے ہو تم پر! ہمیں چھوڑ دیا درحالانکہ تلواریں ابھی نیام میں اور شروعات میں ہیں اور (جنگ کا) رویہ ابھی تک قائم نہیں ہوا، لیکن تم ان

---

[1] الجأش: رواع القلب عند الفزع، وقد لا یُهمَز. وجاشَ البحرُ والقِدرُ وغیرهما: غَلی (القاموس المحیط: ج 2 ص 264 «جأش» و ص 266 «جاش»).

[2] إحصافُ الأمر: إحکامه. واستَحصَفَ الشیءُ: أی استحکم (الصحاح: ج4 ص 1344 «حصف»).

[3] الدَّبا: الجراد قبل أن یطیر، وقیل: هو نوع یشبه الجراد، واحدته دَبَاة (النهایة: ج 2 ص 100 «دبا»).

[4] هفَتَ الشیء: خَفَّ وتطایَرَ، وتهافَتَ الفَراشُ فی النار من ذلك؛ إذا تطایَرَ إلیها (المصباح المنیر: ص 638 «هفت»).

[5] عَضَدتُه اعضُدُهُ: أعنته (الصحاح: ج2 ص 509 «عضد»).

[6] فی المصدر: «وشحّت» والتصویب من بعض المصادر الأخری. ووَشجت العروقُ والأغصان، إذا اشتبکت، ووشَجَ بینها أی: خلط وألّف (النهایة: ج5 ص 187 «وَشَجَ»).

[7] الأُکلة، بالضمّ: اللُّقمة (النهایة: ج1 ص 57 «أکل»).

[8] الملهوف: ص 155، الاحتجاج: ج 2 ص 97، تحف العقول: ص 240، مثیر الأحزان: ص 54 کلّها نحوه، بحار الأنوار: ج 45 ص 8؛ تاریخ دمشق: ج 14 ص 218، مقتل الحسین للخوارزمی: ج2 ص 6 کلاهما نحوه.

کی طرف ٹڈی کی طرح گئے اور جس طرح مچھر آگ اور روشنی کی طرف اڑ جاتا ہے تم لوگ چلے گئے ایک دوسرے کو تم نے اس طرف بلایا، تمہاری بربادی ہو اے امت کے غلامو اور بدترین گروہ قرآن سے دور، تحریف والی باتیں کرنے والو! گنہگاروں کا ساتھ دینے والو، شیطان کے وسوسے کو قبول کرنے والو، (دائمی) سنتوں کو ختم کرنے والو! کیا ان کی مدد کررہے ہو اور ہمیں چھوڑ کر جارہے ہو؟

ہاں، خدا کی قسم تمہارے اندر خیانت کرنا، مضبوط اور پرانی عادت ہے، خیانت تمہارے اندر مضبوط ہے اور اس کی ٹہنی ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہیں۔ تم لوگ دیکھنے والے کے لئے گلے میں پھنسنے والی ہڈی اور غصبی لقمہ ہو۔

280. الأمالی عن عبد الله بن منصور عن جعفر بن محمّد عل حَدَّثَنی أبی عَن أبیهِ قالَ:...

ثُمَّ وَثَبَ الحُسَینُ علیه السلام مُتَوَکِّئا عَلی سَیفِهِ فَنادی بِأَعلی صَوتِهِ فَقالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعرِفُونّی؟ قالوا: نَعَم، أنتَ ابنُ رَسولِ اللهِ وسِبطُهُ. قالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ جَدّی رَسولُ اللهِ صلی الله علیه و آله؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ اُمّی فاطِمَةُ بِنتُ مُحَمَّدٍ صلی الله علیه و آله؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ أبی عَلِیُّ بنُ أبی طالِبٍ علیه السلام؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ جَدَّتی خَدیجَةُ بِنتُ خُوَیلِدٍ أوَّلُ نِساءِ هذِهِ الاُمَّةِ إسلاما؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: أنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ سَیِّدَ الشُّهَداءِ حَمزَةُ عَمُّ أبی؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: فَأَنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ جَعفَرا الطَّیّارَ فِی الجَنَّةِ عَمّی؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: فَأَنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ هذا سَیفُ رَسولِ اللهِ صلی الله علیه و آله وأنَا مُتَقَلِّدُهُ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: فَأَنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ هذِهِ عِمامَةُ رَسولِ اللهِ صلی الله علیه و آله أنَا لابِسُها؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: فَأَنشُدُکُمُ اللهَ، هَل تَعلَمونَ أنَّ عَلِیّا کانَ أوَّلَهُم إسلاما، وأعلَمَهُم عِلما، وأعظَمَهُم حِلما، وأنَّهُ وَلِیُّ کُلِّ مُؤمِنٍ ومُؤمِنَةٍ؟ قالوا: اللّٰهُمَّ نَعَم. قالَ: فَبِمَ تَستَحِلّونَ دَمی، وأبِی الذّائِدُ عَنِ الحَوضِ غَدا، یَذودُ عَنهُ رِجالاً کَما یُذادُ البَعیرُ الصّادی[1] عَنِ الماءِ، ولِواءُ الحَمدِ فی یَدَی جَدّی یَومَ القِیامَةِ؟! قالوا: قَد عَلِمنا ذلِکَ کُلَّهُ! ونَحنُ غَیرُ تارِکیکَ حَتّی تَذوقَ المَوتَ عَطشا. فَأَخَذَ الحُسَینُ علیه السلام بِطَرَفِ لِحیَتِهِ وهُوَ یَومَئِذٍ ابنُ سَبعٍ وخَمسینَ سَنَةً، ثُمَّ قالَ: اِشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلَی الیَهودِ حینَ قالوا: عُزَیرٌ ابنُ اللهِ، وَاشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلَی النَّصاری حینَ قالوا: المَسیحُ ابنُ اللهِ، وَاشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلَی

---

[1] صَدِیَ: عَطِشَ فهو صادٍ (المصباح المنیر: ص 336، صدی).

المَجوسِ حينَ عَبَدُوا النّارَ مِن دونِ اللهِ، وَاشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلى قَومٍ قَتَلوا نَبِيَّهُم، وَاشتَدَّ غَضَبُ اللهِ عَلى هذِهِ العِصابَةِ الَّذينَ يُريدونَ قَتلَ ابنِ نَبِيِّهِم.[1]

۲۸۰) امالی صدوق میں عبداللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ فرمایا میرے بابا نے اپنے بابا سے نقل کرتے ہوئے کہا؛

امام حسین علیہ السلام، اٹھ کھڑے ہوئے تلوار کی ٹیک لگا کر بلندآواز سے ندا دی اور فرمایا؛ آپ لوگوں کوخدا کی قسم دیتا ہوں کہ کیا مجھے پہچانتے ہو؟

انہوں نے کہا، ہاں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرزند اور نواسا ہے

پھر فرمایا: تم کوقسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ میری ماں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا ہے۔؟

انہوں نے کہا؛ ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ تم کوخدا کی قسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ میرا بابا علی بن ابی طالب ہے؟

انہوں نے کہا، ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا، تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ خویلد کی بیٹی خدیجہ میریؑ نانی اس امت کی پہلی مسلمان خاتون ہیں؟

انہوں نے کہا: خدا کی قسم ہاں،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ تم کوقسم دیتا ہوں کہ حمزہ سید الشھداء میرے بابا کے چچا ہیں؟

انہوں نے کہا ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میں تم کوقسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ جنت میں پرواز کرنے والے جعفر میرے چچا ہیں؟

انہوں نے کہا، ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ تم کوخدا کی قسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار میرے پاس ہے؟

انہوں نے کہا، ہاں خدا کی قسم

امام علیہ السلام نے فرمایا! تم کوقسم دیتا ہوں کہ کیا جانتے ہو یہ عمامہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے جو میں نے پہن رکھا ہے؟

---

[1] الأمالی للصدوق: ص222 ح239، روضة الواعظین: ص205، الملهوف: ص145، 158 كلاهما نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص318.

انہوں نے کہا، ہاں خدا کی قسم،

امام نے فرمایا؛ تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں کیا جانتے ہو کہ علی علیہ السلام نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا اور اس کا علم و برد باری سب سے زیادہ ہے اور وہی ہر مسلمان مرد و عورت کا ولی ہے؟

انہوں نے کہا، ہاں خدا کی قسم،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ تو پھر کیوں میرے قتل کو جائز سمجھتے ہو درحالانکہ کل (قیامت) میرے بابا حوض کوثر سے ان لوگوں کو ہٹائیں گے جنہوں نے پیاسے اونٹ کی طرح حملہ کیا ہوگا اور قیامت کے دن پرچم حمد میرے جد کے ہاتھ میں ہوگا؟

انہوں نے کہا، ہمیں ان سب چیزوں کا پتہ ہے لیکن آپ کو نہیں چھوڑیں گے یہاں تک کہ پیاسے موت کا مزا چکھو،

امام حسین علیہ السلام درحالانکہ ۵۷ سال کے تھے انہوں نے اپنی داڑھی کو پکڑ کر فرمایا؛ خدا کا غضب یہودیوں پر اس وقت زیادہ ہوا جب انہوں نے کہا؛ عزیر خدا کا بیٹا ہے اور مسیحوں پر خدا کا غضب اس وقت زیادہ ہوا جب خدا کی جگہ آگ کی عبادت کرنے لگے اور ایک قوم پر خدا کا غضب اس وقت زیادہ ہوا، جب انہوں نے اپنے نبیؑ کو قتل کیا، خدا کا غضب ایسے گروہ پر ہوا ہے جب انہوں نے اپنے نبی کے بیٹوں کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔

281.تاريخ الطبرى عن الضحّاك المشرقى: كانَ مَعَ الحُسَينِ عليه السلام فَرَسٌ لَهُ يُدعى: لاحِقا، حَمَلَ عَلَيهِ ابنَهُ عَلِيَّ بنَ الحُسَينِ، قالَ: فَلَمّا دَنا مِنهُ القَومُ عادَ بِرا حِلَتِهِ فَرَكِبَها، ثُمَّ نادى بِأَعلى صَوتِهِ دُعاءً يُسمِعُ جُلَّ النّاسِ: أيُّهَا النّاسُ، اسمَعوا قَولى، ولا تُعجِلونى حَتّى أعِظَكُم بِما لِحَقٍّ [1] لَكُم عَلَيَّ، وحَتّى أعتَذِرَ اِلَيكُم مِن مَقدَمى عَلَيكُم، فَاِن قَبِلتُم عُذرى وصَدَّقتُم قَولى وأعطَيتُمونِى النَّصَفَ، كُنتُم بِذلِكَ أسعَدَ، ولَم يَكُن لَكُم عَلَيَّ سَبيلٌ، واِن لَم تَقبَلوا مِنِّى العُذرَ ولَم تُعطُوا النَّصَفَ مِن أنفُسِكُم «فَأَجْمِعُواْ أَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لاَ يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُواْ اِلَيَّ وَلاَ تُنظِرُونِ [2]، «اِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِى نَزَّلَ الْكِتَبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّلِحِينَ [3] .... قالَ: فَوَاللهِ ما سَمِعتُ مُتَكَلِّما قَطُّ

---

[1] هكذا فى المصدر، وفى الكامل فى التاريخ: «بما يجب».
[2] يونس: 71.
[3] الأعراف: 196.

قَبلَهُ ولا بَعدَهُ أبلَغَ فی مَنطِقٍ مِنهُ. ثُمَّ قالَ: أمّا بَعدُ، فَانسُبونی فَانظُروا مَن أنَا، ثُمَّ ارجِعوا إلی أنفُسِکُم وعاتِبوها، فَانظُروا هَل یَحِلُّ لَکُم قَتلی وَانتِهاکُ حُرمَتی؟ ألَستُ ابنَ بِنتِ نَبِیِّکُم صلی الله علیه و آله وَابنَ وَصِیِّهِ وَابنِ عَمِّهِ، وأوَّلِ المُؤمِنینَ بِاللهِ، وَالمُصَدِّقِ لِرَسولِهِ بِما جاءَ بِهِ مِن عِندِ رَبِّهِ؟ أوَلَیسَ حَمزَةُ سَیِّدُ الشُّهَداءِ عَمَّ أبی؟ أوَلَیسَ جَعفَرٌ الشَّهیدُ الطَّیّارُ ذُو الجَناحَینِ عَمّی؟ أوَلَم یَبلُغکُم قَولٌ مُستَفیضٌ فیکُم: أنَّ رَسولَ اللهِ صلی الله علیه و آله قالَ لی ولِأخی: «هذانِ سَیِّدا شَبابِ أهلِ الجَنَّةِ»! فَإن صَدَّقتُمونی بِما أقولُ، وهُوَ الحَقُّ، فَوَاللهِ ما تَعَمَّدتُ کَذِبا مُذ عَلِمتُ أنَّ اللهَ یَمقُتُ عَلَیهِ أهلَهُ، ویَضُرُّ بِهِ مَنِ اختَلَقَهُ، وإن کَذَّبتُمونی فَإنَّ فیکُم مَن إن سَأَلتُموهُ عَن ذلِکَ أخبَرَکُم؛ سَلوا جابِرَ بنَ عَبدِ اللهِ الأَنصارِیَّ، أو أبا سَعیدٍ الخُدرِیَّ، أو سَهلَ بنَ سَعدٍ السّاعِدِیَّ، أو زَیدَ بنَ أرقَمَ، أو أنَسَ بنَ مالِکٍ، یُخبِروکُم أنَّهُم سَمِعوا هذِهِ المَقالَةَ مِن رَسولِ اللهِ صلی الله علیه و آله لی ولِأخی. أفَما فی هذا حاجِزٌ لَکُم عَن سَفکِ دَمی؟ فَقالَ لَهُ شِمرُ بنُ ذِی الجَوشَنِ: هُوَ یَعبُدُ اللهَ عَلی حَرفٍ[1] إن کانَ یَدری ما یَقولُ! فَقالَ لَهُ حَبیبُ بنُ مُظاهِرٍ: وَاللهِ إنّی لَأَراکَ تَعبُدُ اللهَ عَلی سَبعینَ حَرفا، وأنَا أشهَدُ أنَّکَ صادِقٌ، ما تَدری ما یَقولُ، قَد طَبَعَ اللهُ عَلی قَلبِکَ. ثُمَّ قالَ لَهُمُ الحُسَینُ علیه السلام: فَإن کُنتُم فی شَکٍّ مِن هذَا القَولِ، أفَتَشُکّونَ أنّی[2] ابنُ بِنتِ نَبِیِّکُم؟ فَوَاللهِ ما بَینَ المَشرِقِ وَالمَغرِبِ ابنُ بِنتِ نَبِیٍّ غَیری مِنکُم ولا مِن غَیرِکُم، أنَا ابنُ بِنتِ نَبِیِّکُم خاصَّةً. أخبِرونی! أتَطلُبونی بِقَتیلٍ مِنکُم قَتَلتُهُ، أو مالٍ لَکُم استَهلَکتُهُ، أو بِقِصاصٍ مِن جِراحَةٍ؟ قالَ: فَأَخَذوا لا یُکَلِّمونَهُ. قالَ: فَنادی: یا شَبَثَ بنَ رِبعِیٍّ، ویا حَجّارَ بنَ أبجَرَ، ویا قَیسَ بنَ الأَشعَثِ، ویا یَزیدَ بنَ الحارِثِ، ألَم تَکتُبوا إلَیَّ أن قَد أینَعَتِ الثِّمارُ، وَاخضَرَّ الجَنابُ[3]، وطَمَّتِ[4] الجِمامُ[5]، وإنَّما تَقدَمُ عَلی جُندٍ لَکَ مُجَنَّدٍ، فَأَقبِل؟! قالوا لَهُ: لَم نَفعَل. فَقالَ: سُبحانَ اللهِ! بَلی وَاللهِ، لَقَد فَعَلتُم. ثُمَّ قالَ: أیُّهَا النّاسُ! إذ کَرِهتُمونی فَدَعونی

---

[1] تلمیح إلی الآیة 11 من سورة الحجّ {Q} «وَمِنَ النَّاسِ مَن یَعبُدُ اللَّهَ عَلَی حَرفٍ فَإِنْ أَصَابَهُ خَیرٌ اطْمَأَنَّ بِهِ وَإِنْ أَصَابَتْهُ فِتنَةٌ انقَلَبَ عَلَی وَجْهِهِ خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةَ ذَلِکَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِینُ» {/Q}.

[2] هکذا فی المصدر، وفی الکامل فی التاریخ: «أوَ تشکّون فی أنّی....

[3] الجَناب: الفِناء والناحیة (القاموس المحیط: ج1 ص49 «جنب»).

[4] طَمَّ: کلُّ شیء کثر حتّی علا وغَلَبَ فقد طمّ (الصحاح: ج5 ص1976 «طمم»).

[5] الجَمام والجِمام والجُمام: الکَیل إلی رأس المکیال. وقیل: جُمامُه: طفافُه (لسان العرب: ج12 ص106 «جمم»).

أنصَرِف عَنكُم إلى مَأمَنى مِنَ الأَرضِ. قالَ: فَقالَ لَهُ قَيسُ بنُ الأَشعَثِ: أوَلا تَنزِلُ عَلى حُكمِ بَنى عَمِّكَ، فَإِنَّهُم لَن يَرُوكَ إلاّ ما تُحِبُّ، ولَن يَصِلَ إلَيكَ مِنهُم مَكروهٌ؟ فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: أنتَ أخو أخيكَ [1]، أتُرِيدُ أن يَطلُبَكَ بَنو هاشِمٍ بِأَكثَرَ مِن دَمِ مُسلِمِ بنِ عَقيلٍ؟ لا وَاللهِ، لا أُعطيهِم بِيَدى إعطاءَ الذَّليلِ، ولا أقِرُّ إقرارَ العَبيدِ. عِبادَ اللهِ! إنّى عُذتُ بِرَبّى ورَبِّكُم أن تَرجُمونِ [2]، أعوذُ بِرَبّى ورَبِّكُم مِن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لا يُؤمِنُ بِيَومِ الحِسابِ [3]. قالَ: ثُمَّ إنَّهُ أناخَ راحِلَتَهُ، وأمَرَ عُقبَةَ بنَ سِمعانَ فَعَقَلَها، وأقبَلوا يَزحَفونَ نَحوَهُ. [4]

۲۸۱) تاریخ طبری میں ضحاک مشرقی سے نقل ہے؛ امام حسین علیہ السلام کے پاس لاحق نام کا ایک گھوڑا تھا جس پر اپنے بیٹے علی بن الحسین علیہ السلام کو سوار کرتے تھے، جب دشمن ان کے نزدیک ہوئے تو اپنی سواری کی طرف سوار ہونے کے لئے لوٹے تو اتنے بلند آواز سے آواز دی کہ اکثر لوگ سنیں،

اے لوگو! میری بات سنو اور جلدی نہ کرو تا کہ جو کچھ مجھ پر لازم ہے تم کو ڈراؤں اور آپ کی طرف آنے کا عذر بتاؤں۔ اگر میرے عذر کو قبول کرو اور میری بات کی تصدیق کرو اور انصاف سے پیش آؤ تو خوش نصیب ہو جاؤ گے اور جہنم تک نہیں پہنچو گے، اور اگر میرے عذر کو نہیں مانتے ہو اور انصاف سے پیش نہیں آتے ہو تو اپنے کام اور شریکوں (بتوں) کو جمع کرو اور جو کچھ کر رہے ہو تم پر پوشیدہ نہ ہو، اور میرے ساتھ دشمنی پر قدم بڑھاؤ اور مجھے مہلت نہ دو، میرا ولی خدا ہے جس نے یہ کتاب نازل کی ہے اور وہی نیک لوگوں کا سرپرست ہے، خدا کی قسم میں نے اس سے پہلے اور بعد میں ان سے زیادہ بلیغ تقریر کرنے والا نہیں سنا۔

پھر فرمایا؛ اما بعد، میرے رشتہ کو دیکھ لو کہ میں کون ہوں پھر اپنی طرف دیکھو اور خود کو ملامت کرو اور دیکھو کہ، کیا میرا قتل کرنا اور احترام کرنا تمہارے لئے جائز ہے؟

کیا میں تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کا بیٹا، وصی کا بیٹا اور اسکے چچا زاد بھائی کا بیٹا نہیں ہوں جس نے سب سے

---

[1] يشير عليه السلام إلى محمّد بن الأشعث أخو قيس، الذى ساهم فى قتل مسلم بن عقيل. راجع: تأريخ الطبرى: ج 5 ص 170.
[2] تلميح إلى الآية 20 من سورة الدخان.
[3] تلميح إلى الآية 27 من سورة غافر.
[4] تأريخ الطبرى: ج 5 ص 424، الكامل فى التاريخ: ج 2 ص 561؛ الإرشاد: ج 2 ص 97، إعلام الورى: ج 1 ص 458 وفيهما «لا أفرّ فرار» بدل «أُقِرّ إقرار» وكلّها نحوه. بحار الأنوار: ج 45 ص 6 وراجع: أنساب الأشراف: ج 3 ص 396 وتذكرة الخواصّ: ص 251.

پہلے خدا پر ایمان لایا اور اس چیز کی تصدیق کی جو رسول پر خدا کی طرف سے نازل ہوئی ؟

کیا حمزہ سید الشہداء میرے بابا کا چچا نہیں ہے؟

کیا جعفر شہید جو جنت میں پرواز کر رہا ہے میرا چچا نہیں ہے؟

کیا یہ بارہا کہی گئی روایت تم تک نہیں پہنچی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اور میرے بھائی کے بارے میں فرمایا؛ یہ دو جنت کے جوانوں کے سردار ہیں؟

اگر میری بات جو کہ حق ہے تصدیق کروگے تو خدا کی قسم جس دن سے مجھے پتہ ہے خدا جھوٹے آدمی کو دشمن رکھتا ہے اور جھوٹے بولنے والے کو نقصان پہنچاتا ہے، میں نے جھوٹ کا رخ نہیں کیا ہے تم اگر میری تکذیب کروگے تو تمہارے درمیان ایسے شخص بھی موجود ہیں جو تمہیں بتائیں گے،

تم جابر بن عبد اللہ انصاری، ابو سعید خدری، سھل بن ساعدی، زید بن ارقم یا انس بن مالک سے پوچھو، کیا یہ بات تمہارے لئے میرے خون بہانے سے مانع نہیں ہے؟

شمر بن ذی الجوشن نے امام علیہ السلام سے کہا کہ (فقط) خدا کی عبادت زبان کرتی ہے نہ دل، یہ نہیں سمجھتی کہ کیا کہتی ہے،

حبیب بن مظاھر نے شمر سے کہا؛ خدا کی قسم میں ایسے دیکھ رہا ہوں کہ تو خدا کی عبادت فقط زبان سے (شک اور دلی ایمان کے بغیر) کرتا ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو سچ کہہ رہا ہے اور تو نہیں سمجھتا کہ (خدا) کیا کہتا ہے۔ خدا نے تیرے دل پر مہر لگادی ہے۔

پس امام حسین علیہ السلام نے ان سے فرمایا؛ اگر اس بات میں شک کرتے ہو تو کیا اس میں بھی شک کرتے ہو کہ میں تمہارے نبی کی بیٹی کا بیٹا ہوں؟

خدا کی قسم، مشرق و مغرب میں تمہارے اور تمہارے علاوہ میں سے کوئی بھی میرے علاوہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کا بیٹا نہیں ہے فقط میں ہی تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کا بیٹا ہوں، مجھے بتاؤ کہ مجھے (جنگ کے لئے) بلا رہا ہے کیا میں نے تم میں سے کسی کو قتل کیا ہے یا کسی کا مال لوٹا ہے یا کسی کو زخمی کیا ہے جو مجھ سے قصاص لے رہے ہو۔ سب سے سنا مگر کچھ بھی نہیں کیا،

امام علیہ السلام نے آواز دی! اے شبث بن ربعی، اے حجار بن ابجر، اے قیس بن اشعث، اے یزید بن حارث! کیا تم لوگوں نے مجھے نہیں لکھا کہ میوے تیار ہوگئے ہیں، ساری جگہ سبز ہوگئی ہے اور نہریں جاری ہوگئی ہیں، آجاؤ ایک

آمادہ اور تیار لشکر کے پاس آجاؤ گے؟

انہوں نے کہا؛ ہم نے ایسے کہا، امام علیہ السلام نے فرمایا؛ سبحان اللہ خدا کی قسم تم نے اسے کہا تھا اور لکھا تھا،

پھر امام نے فرمایا، اے لوگو! اگر مجھے پسند کرتے نہیں ہو تو مجھے چھوڑ دو تا کہ تم سے منہ موڑ لوں اور امن والی سر زمین کی طرف چلا جاؤں،

قیس بن اشعث نے امام علیہ السلام سے کہا؛ کیا تم اپنے چچا کے بیٹے کے حکم کو نہیں مانتے ہو حالانکہ وہ وہی چاہتے جو تم چاہتے ہو اور کوئی بری چیز ان کی طرف سے تم تک نہیں پہنچے گی؟

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ تو اپنے بھائی کا بھائی ہے۔[1]

کیا چاہتے ہو کہ بنی ہاشم تم سے مسلم بن عقیل کا خون زیادہ طلب کریں؟

نہیں خدا کی قسم، میں اپنے ہاتھوں ذلیل ہو کر خود کو ان کے حوالے نہیں کروں گا اور بے بس غلاموں کی طرح نہیں بنوں گا۔

خدا کے بندو! اپنے اور تمہارے لئے پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ مجھ کو نکالو اپنے اور تمہارے خدا سے ہر اس متکبر سے پناہ مانگتا ہوں جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتا،

پھر امام علیہ السلام نے سواری کو بٹھایا اور عقبہ بن سمعان کو باندھنے کا حکم دیا اور دشمنوں نے امام علیہ السلام سے جنگ کرنے کا رخ کیا۔

282.مقتل الحسين: تَقَدَّمَ الحُسَينُ عليه السلام حَتّى وَقَفَ قُبالَةَ القَومِ... فَقالَ:... أرا كُم قَدِ اجتَمَعتُم عَلى أمرٍ قَد أسخَطتُمُ اللهَ فيهِ عَلَيكُم، فَأَعرَضَ بِوَجهِهِ الكَريمِ عَنكُم، وأحَلَّ بِكُم نَقِمَتَهُ، وجَنَّبَكُم رَحمَتَهُ، فَنِعمَ الرَّبُّ رَبُّنا، وبِئسَ العَبيدُ أنتُم! أقرَرتُم بِالطّاعَةِ، وآمَنتُم بِالرَّسولِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله، ثُمَّ إنَّكُم زَحَفتُم إلى ذُرِّيَّتِهِ تُريدونَ قَتلَهُم! لَقَدِ استَحوَذَ عَلَيكُمُ الشَّيطانُ فَأَنساكُم ذِكرَ اللهِ العَظيمِ، فَتَبّا[2] لَكُم ولِما[3] تُريدونَ، إنّا لِلّهِ وإنّا إلَيهِ راجِعونَ، هؤُلاءِ قَومٌ

---

[1] یہ بات اشارہ ہے محمد بن اشعث کی طرف جو قیس کا بھائی ہے جو کہ مسلم بن عقیل کی شہادت میں شریک تھا۔

[2] التَّبُّ: الهَلاك (النهاية: ج1 ص178، تبب).

[3] في المصدر: «وما» والأصحّ ما أثبتناه كما في بحار الأنوار.

كَفَروا بَعدَ إيمانِهِم. فَبُعدا لِلقَومِ الظّالِمينَ.[1]

۲۸۲) مقتل الحسین خوارزمی میں ہے امام حسین علیہ السلام آگے بڑھ کر لوگوں کے سامنے کھڑے ہوئے۔۔۔ اور فرمایا؛ میں دیکھ رہا ہوں کہ تم ایسے کام کے لئے حاضر ہوئے ہو جس سے خدا تم پر ناراض ہے اور تم سے اپنی کرامت کا منہ موڑ رکھا ہے اور تم پر عذاب کو جائز سمجھتا ہے اور اپنی رحمت کو تم سے دور کیا ہے، ہمارا خدا بہترین خدا ہے اور تم لوگ بد ترین بندے ہو، تم نے اطاعت کو قبول کر کے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے اس کے بعد اس کی اولاد پر حملے کے لئے تیار ہو گئے اور ان کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہو، تم پر شیطان حاوی ہو گیا ہے اور تم کو خدا کا ذکر بھلا دیا ہے، تم پر اور جس کا ارادہ رکھتے ہو، ہلاکت ہو، ہم خدا کی طرف سے آئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جائیں گے۔ یہ وہ گروہ ہیں، جس نے ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کیا ظالم گروہ خدا کی رحمت سے دور ہو۔

11/5

كَلامُ الإمامِ مَعَ عُمَرَ بنِ سَعدٍ

امامؑ کا عمر سعد کے ساتھ کلام کرنا

283. مقتل الحسين عن عبد الله بن الحسن. في ذِكرِ وَقائِعِ عاشوراءَ: ثُمَّ قالَ عليه السلام: أينَ عُمَرُ بنُ سَعدٍ؟ اُدعوا لي عُمَرَ. فَدُعِيَ لَهُ، وكانَ كارِها لا يُحِبُّ أن يَأتِيَهُ. فَقالَ: يا عُمَرُ، أنتَ تَقتُلُني وتَزعُمُ أن يُوَلِّيَكَ الدَّعِيُّ[2] ابنُ الدَّعِيِّ بِلادَ الرَّيِّ وجُرجانَ؟! وَاللهِ لا تَتَهَنَّأُ بِذلِكَ أبَدا، عَهدٌ مَعهودٌ. فَاصنَع ما أنتَ صانِعٌ، فَإنَّكَ لا تَفرَحُ بَعدي بِدُنيا ولا آخِرَةٍ، وكَأنّي بِرَأسِكَ عَلى قَصَبَةٍ قَد نُصِبَ بِالكوفَةِ، يَتَراماهُ الصِّبيانُ ويَتَّخِذونَهُ غَرَضا[3] بَينَهُم. فَغَضِبَ عُمَرُ بنُ سَعدٍ مِن كَلامِهِ، ثُمَّ صَرَفَ وَجهَهُ

---

[1] مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص252، تسلية المجالس: ج2 ص273، المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص100 نحوه، بحار الأنوار: ج45 ص6.

[2] الدَّعِيُّ: المنسوب إلى غير أبيه (لسان العرب: ج 14 ص 261 «دعا»). والمراد منه هو عبيد الله بن زياد الذي نسبه أبو سفيان إليه، وبهذا النسب أصبح ابنا لأبي سفيان وأخا لمعاوية.

[3] الغَرَض: هَدَفٌ يُرمى فيه (القاموس المحيط: ج2 ص338 «غرض»).

عَنهُ، ونادى بِأَصحابِهِ: ما تَنتَظِرونَ[1] بِهِ؟ اِحمِلوا بِأَجمَعِكُم، اِنَّما هِيَ اُكلَةٌ واحِدَةٌ![2]

۲۸۳) مقتل الحسین خوارزمی میں عاشورا کے واقعات کے بیان میں عبد اللہ بن حسن سے نقل کیا ہے کہ؛ پھر امام علیہ السلام نے فرمایا؛ عمر بن سعد کہاں ہے؟ اس کو میرے پاس بلاؤ لیکن عمر سعد امام علیہ السلام کے سامنے نہیں آنا چاہتا تھا،

امام علیہ السلام نے عمر سے فرمایا؛ تو مجھے قتل کر کے سوچتا ہے کہ عبید اللہ بن زیاد جس کے باپ کا پتہ نہیں وہ تجھے رے اور گرگان کی سرزمین کا گورنر نہیں بنائے گا؟

خدا کی قسم کبھی بھی تم اپنے مقصد تک نہیں پہنچو گے یہ یقینی اور آخری فیصلہ ہے۔ جو کچھ کرنا چاہتا ہے وہ کر لے کیونکہ میرے بعد نہ تجھے دنیا کی خوشی نصیب ہوگی، نہ آخرت کی۔ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ تیرے سر کو لٹکا دیا گیا ہے اور بچوں نے اس کو اپنا کھلونا بنا رکھا ہے۔

عمر بن سعد امام علیہ السلام کی بات سے غصہ ہوا اور ان سے منہ موڑ کر ساتھیوں کو آواز دی کہ؛ کس چیز کا انتظار کر رہے ہو؟ سب مل کر حملہ کرو کہ ایک لقمہ ہے۔

284. الملهوف . أيضا : تَقَدَّمَ عُمَرُ بنُ سَعدٍ ورَمى نَحوَ عَسكَرِ الحُسَينِ عليه السلام بِسَهمٍ، وقالَ: اِشهَدوا لى عِندَ الأَميرِ أنّى أوَّلُ مَن رَمى! وأقبَلَتِ السِّهامُ مِنَ القَومِ كَأَنَّهَا القَطرُ. فَقالَ [الحُسَينُ] عليه السلام لِأَصحابِهِ: قوموا رَحِمَكُمُ اللهُ اِلَى المَوتِ[3] الَّذى لابُدَّ مِنهُ، فَاِنَّ هذِهِ السِّهامَ رُسُلُ القَومِ اِلَيكُم. فَاقتَتَلوا ساعَةً.[4]

۲۸۴) ملہوف میں عاشور کے حادثات کے بیان میں آیا ہے، عمر بن سعد نے آگے بڑھ کر امام حسین علیہ السلام کے لشکر کی جانب تیر مارا اور کہا، امیر کے ہاں گواہی دینا کہ میں نے سب سے پہلے تیر مارا تھا، پھر سارے لشکر کے تیر بارش کی طرح چلنے لگے، امام حسین علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا؛ خدا تم پر رحمت نازل کرے، موت کے لئے اٹھو ایسی موت کہ جس سے بھاگا نہیں جا سکتا، یہ تیر اس لشکر کے پیغام ہیں تمہارے لئے، بس انہوں نے کچھ دیر تک جنگ کی۔

---

[1] فى المصدر: «تنظرون»، وما فى المتن أثبتناه من المصادر الأُخرى.

[2] مقتل الحسين للخوارزمى: ج 2 ص 8؛ تسلية المجالس: ج 2 ص 278، الحدائق الورديّة: ج 1 ص 119، بحار الأنوار: ج 45 ص 10 وراجع: إثبات الوصيّة: ص 177.

[3] فى المصدر تكرّرت عبارة: «إلى الموت»، وقد حذفناها تبعا لنسخة بحار الأنوار.

[4] الملهوف: ص 158، مثير الأحزان: ص 56، المناقب لابن شهر آشوب: ج 4 ص 100، بحار الأنوار: ج 45 ص 12؛ الفتوح: ج 5 ص 100 كلّها نحوه.

285. الفتوح: بَعدَ أن ذَكَرَ الحِوارَ الَّذي جَرى بَينَ الحُرِّ: فَلَم يُجِب عُمَرُ إلى شَيءٍ مِن ذلِكَ، فَانصَرَفَ عَنهُ الحُسَينُ عليه السلام وهُوَ يَقولُ: ما لَكَ؟! ذَبَحَكَ اللهُ مِن عَلى فِراشِكَ سَريعا عاجِلاً، ولا غَفَرَ اللهُ لَكَ يَومَ حَشرِكَ ونَشرِكَ[1]، فَوَاللهِ إنّي لَأَرجو ألاّ تَأكُلَ مِن بُرِّ[2] العِراقِ إلاّ يَسيرا.[3]

۲۸۵) الفتوح میں ہے، امام حسین علیہ السلام اور عمر سعد کے درمیان ہونے والی گفتگو کے بعد جب کسی بھی (راہ حل) کا مثبت جواب نہیں دیا تو امام حسین علیہ السلام نے اس سے منہ موڑا در حالانکہ فرمارہے تھے: تجھے کیا ہوگیا ہے؟ خدا جلدی تیری ضد کو تیرے بستر پر کاٹ کر ختم کرے اور قیامت کے دن تجھے معاف نہ کرے خدا کی قسم امید ہے کہ تجھے عراق کی گندم سے فقط تھوڑا حصہ نصیب ہے۔

11/6

التَّنبُّؤ بِمُستَقبَلِ أعدائِهِ

اپنے دشمنوں کے آئندہ کے بارے میں خبر دینا

286. الملهوف عن الإمام الحسين عليه السلام، في كَلامٍ لَهُ يَومَ عاشوراءَ مَعَ أصحابِ عُمَر: أما وَاللهِ لا تَلبَثونَ بَعدَها إلاّ كَريثَما يُركَبُ الفَرَسُ، حَتّى يَدورَ بِكُم دَورَ الرَّحى ويَقلَقَ بِكُم قَلَقَ المِحوَرِ[4]، عَهدٌ عَهِدَهُ إلَيَّ أبي عَن جَدّي، فَأَجمِعوا أَمرَكُم وَشُرَكاءَكُم ثُمَّ لا يَكُن أَمرُكُم عَلَيكُم غُمَّةً ثُمَّ اقضُوا إلَيَّ وَلا تُنظِرونِ[5]، إنّي تَوَكَّلتُ عَلَى اللهِ رَبّي وَرَبِّكُم مّا مِن دَآبَّةٍ إلاّ هُوَ ءَاخِذُ بِنَاصِيَتِهَآ إنَّ رَبّي عَلَى

---

[1] نَشَرَ المَيِّتُ: إذا عاشَ بعدَ الموت، وأنشرَهُ اللهُ: أي أحياهُ (النهاية: ج5 ص54، نشر).

[2] البُرّ: القَمح (المصباح المنير: ص43، بر).

[3] الفتوح: ج5 ص93، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص245؛ تسلية المجالس: ج2 ص265، بحار الأنوار: ج44 ص389.

[4] يونس: 71.

[5] يونس: 71.

صِرَطٍ مُّسۡتَقِيمٍ ۔ [1]

۲۸۶) ملہوف : امام حسین علیہ السلام نے عاشور کے دن اپنی تقریر میں یہ کہا ؛ ہاں، خدا کی قسم کہ اس کے بعد تم کو سوائے ایک گھوڑے کی سواری کے کچھ نہیں ملے گا، یہاں تک کہ دنیا کے حالات تبدیل ہوجائیں۔ یہ ایسا عہد ہے جو میرے بابا نے اپنے جد سے میرے لیے نقل کیا ہے، تم اپنے کام کو اپنے شریکوں کے ساتھ مل کر انجام دو اور اپنے ارادے کو مضبوط بناؤ بغیر اسکے کہ پردہ پوشی کرو، میرا کام ایک ساتھ انجام دو اور مجھے مہلت نہ دو، میں نے اپنے اور تمہارے خدا پر توکل کی ہے، کوئی بھی ایسا جاندار نہیں جس کی زمام اس کے ہاتھ میں نہ ہو، تحقیق کہ میرا خدا صراط مستقیم پر ہے۔

287.تاريخ الطبرى عن حميد بن مسلم عن الإمام الحسين على. فى يَومِ عاشوراءَ وهُوَ يُقاتِلُ القَومَ ويَشُد: أعَلى قَتلى تَحاثّونَ [3]، أما وَاللهِ لا تَقتُلونَ بَعدى عَبدا مِن عِبادِ اللهِ، اللهُ أسخَطُ عَلَيكُم لِقَتلِهِ مِنّى! وَايمُ اللهِ، إنّى لَأَرجو أن يُكرِمَنِى اللهُ بِهَوانِكُم، ثُمَّ يَنتَقِمَ لى مِنكُم مِن حَيثُ لا تَشعُرونَ. أما وَاللهِ أن لَو قَد قَتَلتُمونى لَقَد ألقَى اللهُ بَأسَكُم بَينَكُم، وسَفِكَ دِماءَكُم، ثُمَّ لا يَرضى لَكُم حَتّى يُضاعِفَ لَكُمُ العَذابَ الأَليمَ. [4]

۲۸۷) تاریخ طبری میں حمید بن مسلم نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے، کیا میرے قتل کرنے پر لوگوں کو وادار کررہے ہو؟

ہاں، خدا کی قسم، پھر میرے بعد خدا کے کسی بندے کو قتل نہیں کر پاؤ گے، خدا نے میرے قتل کی وجہ سے تم پر غضب کیا ہے،

خدا کی قسم، مجھے امید ہے کہ خدا تم کو ذلیل کر کے مجھے عزت دے اور پھر میرا انتقام تم سے ایسی جگہ سے لے جہاں سے تم کو پتہ بھی نہیں ہے۔

---

[1] يونس: 71.

[2] الملهوف: ص157، مثير الأحزان: ص 55، تحف العقول: ص 242، تسلية المجالس: ج 2 ص 277 كلاهما نحوه، بحار الأنوار: ج45ص9، مقتل الحسين للخوارزمى: ج2ص7 نحوه.

[3] حَثَّهُ على الشيء: حَضَّهُ عليه. ويتحاثّون: أي يتحاضّون (أُنظر: الصحاح: ج1ص278، حثث).

[4] تاريخ الطبرى: ج5ص452، الكامل فى التاريخ: ج2ص572 وراجع: الفتوح: ج5ص118 ومقتل الحسين للخوارزمى: ج2 ص34 وتسلية المجالس: ج2ص319 وبحار الأنوار: ج45ص52.

ہاں خدا کی قسم اگر مجھے قتل کرو گے تو خدا تمہارے درمیان اختلاف ڈال دے گا اور تمہارے خون بہائے گا پھر اس وقت راضی ہوگا جب تم پر عذاب نازل کرے۔

الفصل الثّانی عَشَرَ: کلمات الإمام فی الدّعوة إلی الصّبر

بارہویں فصل: صبر کے بارے میں امام کے اقوال

12/1

الحَثُّ عَلَی الصَّبرِ

صبر کی تلقین

288. نزهة الناظر عن الإمام الحسين عليه السلام: اِصبِر عَلی ما تَكرَهُ فيما يَلزَمُكَ الحَقُّ، وَاصبِر عَمّا تُحِبُّ فيما يَدعوكَ إلَيهِ الهَوی.[1]

۲۸۸) نزھۃ الناظر میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ جہاں بھی تمہارے اوپر کوئی حق لازم ہوجائے (اگر تم اس حق کو نہ چاہتے ہو) تو ناپسند ہونے پر صبر کرو اور جس کو تیری نفسانی خواہشات چاہتی ہوں اور تجھے دعوت دے رہی ہوں تو صبر کرو۔[2]

289. الكافی عن أبی جعفر الخثعمی عن الحسين عليه السلام، فی كَلامٍ لَهُ مَعَ أبی ذَرٍّ لَمّا سَيَّرَهُ ع: عَلَيكَ بِالصَّبرِ؛ فَإنَّ الخَيرَ فِی الصَّبرِ، وَالصَّبرَ مِنَ الكَرَمِ، ودَعِ الجَزَعَ؛ فَإنَّ الجَزَعَ لا يُغنيكَ.[3]

۲۸۹) الکافی میں ابوجعفر خثعمی سے نقل کیا کہ امام علیہ السلام نے فرمایا؛ صبر اختیار کرو کیوں کہ صبر میں نیکی ہے اور نیکی کرم سے ہے بے صبری کو ترک کرو کیوں کہ بے صبری تمہارے کام نہیں آئے گی۔[4]

---

[1] نزهة الناظر: ص85 ح18.

[2]

[3] الكافی: ج8 ص207 ح251، بحار الأنوار: ج22 ص436 ح51.

[4]

12/2

دَعوَةُ أصحابِهِ إلَى الصَّبرِ

اپنے اصحاب کو صبر کی تلقین

290. كامل الزيارات عن الحلبي: سَمِعتُ أبا عَبدِ اللهِ عليه السلام يَقولُ: إنَّ الحُسَينَ عليه السلام صَلّى بِأَصحابِهِ الغَداةَ، ثُمَّ التَفَتَ إلَيهِم فَقالَ: إنَّ اللهَ قَد أذِنَ فى قَتلِكُم، فَعَلَيكُم بِالصَّبرِ. [1]

۲۹۰) کامل الزیارات میں حلبی سے نقل ہے کہ؛ میں نے امام صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا؛ امام حسین علیہ السلام نے دو پہر کی نماز اپنے اصحاب کے ساتھ، پڑھی اور اصحاب کی جانب رخ کر کے فرمایا؛ خدا نے تمہاری شہادت کی اجازت دی، لہٰذا تم پر صبر واجب ہے۔

291. كامل الزيارات عن الحسين بن أبي العلاء عن أبي عبد إنَّ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام قالَ لِأَصحابِهِ يَومَ أُصيبوا: أشهَدُ أنَّهُ قَد أُذِنَ فى قَتلِكُم، فَاتَّقُوا اللهَ وَاصبِروا. [2]

۲۹۱) کامل الزیارات میں حسین بن ابی العلاء نے امام صادق علیہ السلام سے فرمایا؛ گواہی دیتا ہوں کہ تمہاری شہادت متعین ہو چکی ہے، بس تقویٰ اختیار کرو اور صبر کرو۔

292. الأمالى عن حسين بن زيد بن علىّ عن آبائه: إنَّ الحُسَينَ بنَ عَلِيٍّ عليه السلام خَطَبَ يَومَ أُصيبَ، فَحَمِدَ اللهُ وأثنى عَلَيهِ وقالَ: ... فَاصبِروا؛ فَإنَّ اللهَ مَعَ الَّذينَ اتَّقَوا، ودارُ الآخِرَةِ خَيرٌ لَكُم. [3]

۲۹۲) امالی شجری میں حسین بن زید بن علی نے اپنے آباء سے نقل کیا ہے؛ امام حسین علیہ السلام نے عاشور کے دن تقریر کی اور خدا کی حمد کے بعد فرمایا؛ صبر کرو کیوں کہ خدا تقویٰ والوں کے ساتھ ہے اور آخرت کا جہاں تمہارے لیئے بہتر ہے۔

---

[1] كامل الزيارات: ص152 ح187، إثبات الوصيّة: ص176 نحوه من دون إسنادٍ إلى المعصوم، بحار الأنوار: ج45 ص86 ح20.

[2] كامل الزيارات: ص152 ح185 و ص153 ح189، بحار الأنوار: ج45 ص86 ح19 و ص87 ح22.

[3] الأمالى للشجرى: ج1 ص160.

12/3

دَعوَةُ ابنِهِ عَلِيٍّ الأَكبَرِ إلَى الصَّبرِ

اپنے بیٹے علی اکبر کو صبر کی تلقین

293. الأمالی عن عبد الله بن منصور عن الإمام الصادق عن: لَمّا بَرَزَ [عَلِيٌّ الأَكبَرُ] إلَيهِم، دَمَعَت عَينُ الحُسَينِ عليه السلام فَقالَ: اللّهُمَّ كُن أنتَ الشَّهيدَ عَلَيهِم، فَقَد بَرَزَ إلَيهِم ابنُ رَسولِكَ، وأشبَهُ النّاسِ وَجها وسَمتا [1] بِهِ. فَجَعَلَ يَرتَجِزُ وهُوَ يَقولُ:

أنَا عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ بنِ عَلِيّ
نَحنُ و بَيتُ اللهِ أولى بِالنَّبِيّ
أما تَرَونَ كَيفَ أحمي عَن أبي

فَقَتَلَ مِنهُم عَشَرَةً، ثُمَّ رَجَعَ إلى أبيهِ، فَقالَ: يا أبَه! العَطَشُ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: صَبرا يا بُنَيَّ، يَسقيكَ جَدُّكَ بِالكَأسِ الأَوفى. فَرَجَعَ فَقاتَلَ حَتّى قَتَلَ مِنهُم أربَعَةً وأربَعينَ رَجُلاً، ثُمَّ قُتِلَ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ. [2]

۲۹۳) امالی صدوق میں عبد اللہ بن منصور نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ؛ جب (علی اکبر) جنگ کے لئے عمر بن سعد کے لشکر کی طرف روانہ ہوئے تو امام حسین علیہ السلام کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور کہا؛ اے خدا! تو ان پر گواہ رہنا کہ ان کی طرف تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرزند جو لوگوں میں سے سیرت وصورت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا ہے، جا رہا ہے علی اکبرؑ نے رجز پڑھنا شروع کی اور کہا؛ میں علی بن حسین بن علی ہوں ہم اور خدا کی آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے (مقام کے) حقدار ہیں، کیا نہیں دیکھ رہے ہو کہ میں کیسے اپنے بابا کی حفاظت کر رہا ہوں؟

اس وقت علی اکبرؑ نے دشمن کے دس لوگوں کو قتل کیا پھر اپنے بابا کے پاس لوٹ آئے اور کہا؛ اے بابا! پیاس لگی

---

[1] سَمتُهُ: أي حسن هيئته ومنظره في الدّين، وليس من الحسن والجمال (النهاية: ج 2 ص 397، سمت).

[2] الأمالي للصدوق: ص 226 ح 239، روضة الواعظين: ص 207 عن ضحاك بن عبد الله من دون إسنادٍ إلى المعصوم، بحار الأنوار: ج 44 ص 321.

ہے، امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ میرے پیارے بیٹے صبر کرو، تیرا جد لبریز ظرف کے ساتھ تجھے سیراب کرے گا علی اکبرؑ نے واپس جا کر جنگ کی یہاں تک ۴۴ دشمنوں کو قتل کیا، پھر خود شہید ہو گئے، خدا کی رحمت ہو اس پر۔

294. مقاتل الطالبيّين عن سعيد بن ثابت: لَمّا بَرَزَ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ إلَيهِم أرخَى الحُسَين، صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ وسَلامُهُ، عَينَيهِ فَبَكى، ثُمَّ قالَ: اللّٰهُمَّ كُن أنتَ الشَّهيدَ عَلَيهِم، فَبَرَزَ إلَيهِم غُلامٌ أشبَهُ الخَلقِ بِرَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فَجَعَلَ يَشُدُّ عَلَيهِم ثُمَّ يَرجِعُ إلى أبيهِ فَيَقولُ: يا أبَه! العَطَشُ. فَيَقولُ لَهُ الحُسَينُ علیہ السلام: إصبِر حَبيبي، فَإنَّكَ لا تُمسي حَتّى يَسقِيَكَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِكَأسِهِ.[1]

۲۹۴) مقاتل الطالبین میں سعید بن ثابت سے نقل کیا ہے، جب علی اکبرؑ دشمنوں کے ساتھ جنگ کے لئے گئے تو امام حسین علیہ السلام نے آنکھیں بند کر کے رونا شروع کیا اور کہا؛ اے خدا! تو ان پر گواہ رہنا کہ ان کی جانب ایسے جوان کو بھیجا ہے جو لوگوں میں سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ شبیہ ہے، علی اکبرؑ نے شدت سے ان کے ساتھ جنگ کی پھر اپنے بابا کے پاس واپس آ کر کہا، اے بابا! پیاس لگی ہے،

امام حسین علیہ السلام نے اس سے فرمایا؛ میرے محبوب! صبر کرو رات ہونے سے پہلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود تجھے سیراب کریں گے۔

12/4

دَعوَةُ أُختِهِ إلَى الصَّبرِ

اپنی بہن کو صبر کی تلقین

295. الملهوف عن الإمام الحسين علیہ السلام فيما عَزّى بِهِ أُختَهُ أُمَّ كُلثومٍ لَمّا أخَ: يا أُختاه، تَعَزّي بِعَزاءِ اللهِ، فَإنَّ سُكّانَ السَّماواتِ يَموتونَ، وأهلَ الأَرضِ لا يَبقَونَ، وجَميعَ البَرِيَّةِ يَهلِكونَ. ثُمَّ قالَ: يا أُختاه يا أُمَّ كُلثومٍ، وأنتِ يا زَينبُ، وأنتِ يا رُقَيَّةُ، وأنتِ يا فاطِمَةُ، وأنتِ يا رَبابُ، أنظُرنَ إذا

[1] مقاتل الطالبيّين: ص116، بحار الأنوار: ج45 ص45.

أنَا قُتِلتُ فَلا تَشقُقنَ عَلَيَّ جَيباً، ولا تَخمُشنَ عَلَيَّ وَجهاً، ولا تَقُلنَ عَلَيَّ هُجراً [1] [2]

۲۹۵) ملہوف: جب امام حسین علیہ السلام نے سنا کہ ان کی بہن کلثوم نے اپنی آواز کو ان لفظوں سے بلند کیا ہے کہ؛ واامحمداہ، واعلیاہ۔۔ اے حسین علیہ السلام والی ہو ہم پر تیرے بعد تو امام نے اسے تسلی دی اور فرمایا؛ اے بہن! خدا کی تسلی سے آرام ہو جا، کیوں کہ آسمان اور زمین والے سب مرجائیں گے اور ساری مخلوق ختم ہو جائے گی، پھر فرمایا؛ اے بہن! اے ام کلثوم، اے زینبؑ، اے رقیہ، اے فاطمہ سلام اللہ علیہا، اے ربابؑ، دیکھو جب میں شہید ہو جاؤں تو میرے لئے گریبان چاک نہ کرنا اور صورت کو زخمی نہ کرنا اور غلط باتیں منہ سے نہ نکالنا۔

12/5

دَعوَةُ أهلِ بَيتِهِ إلَى الصَّبرِ

اپنے اہل بیت کو صبر کی تلقین

296. الملهوف. فِي ذِكرِ أحداثِ عاشوراءَ: ثُمَّ جَعَلَ أهلُ بَيتِهِ يَخرُجُ مِنهُمُ الرَّجُلُ بَعدَ الرَّجُلِ، حَتّى قَتَلَ القَومُ مِنهُم جَماعَةً، فَصاحَ الحُسَينُ عليه السلام فِي تِلكَ الحالِ: صَبراً يا بَنِي عُمومَتي، صَبراً يا أهلَ بَيتي، صَبراً؛ فَوَ اللهِ لا رَأَيتُم هَواناً [3] بَعدَ هذَا اليَومِ أبَداً. [4]

۲۹۶) ملہوف: عاشور کے واقعات میں آیا ہے: پھر امام حسین علیہ السلام کے خاندان والے ایک دوسرے کے پیچھے (خیموں سے) باہر آئے یہاں تک کہ عمر سعد کے لشکر نے ان میں سے کچھ کو قتل کر دیا تھا۔ امام حسین علیہ السلام نے آواز دی، اے چچا کے بیٹو، اے خاندان والو صبر کرو، خدا کی قسم، آج کے بعد کوئی ذلت نہیں دیکھو گے۔

---

[1] أهجَرَ في منطقه: إذا أكثر الكلام فيما لا ينبغي (النهاية: ج 5 ص 245، هجر).

[2] الملهوف: ص 141، تاريخ اليعقوبي: ج 2 ص 244، تسلية المجالس: ج 2 ص 253، بحار الأنوار: ج 45 ص 2؛ الفتوح: ج 5 ص 84، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 1 ص 237 عن الإمام زين العابدين عليه السلام وكلّها نحوه، بحار الأنوار: ج 45 ص 2.

[3] الهَوَان: الذُّلّ (تاج العروس: ج 18 ص 591، هون).

[4] الملهوف: ص 167، تسلية المجالس: ج 2 ص 305؛ الفتوح: ج 5 ص 112، مقتل الحسين للخوارزمي: ج 2 ص 28.

الفصل الثّالِثَ عَشَرَ: كلمات الإمام فی وفاء أصحابه

تیرہویں فصل: امام کی باتیں ساتھیوں کی وفاداری کے بارے میں

13/1

وَفاءُ أصحابِهِ

امام کے ساتھیوں کی وفا داری

297. مقاتل الطالبيّين عن عتبة بن سمعان الكلبيّ: قامَ الحُسَينُ عليه السلام فی أصحابِهِ خَطيبا فَقالَ: اللّٰهُمَّ إنَّكَ تَعلَمُ أنّی لا أعلَمُ أصحابا خَيرا مِن أصحابی، ولا أهلَ بَيتٍ خَيرا مِن أهلِ بَيتی، فَجَزاكُمُ اللهُ خَيرا، فَقَد آزَرتُم وعاوَنتُم، وَالقَومُ لا يُريدونَ غَيری، ولَو قَتَلوني لَم يَبتَغوا غَيری أحَدا، فَإذا جَنَّكُمُ اللَّيلُ فَتَفَرَّقوا فی سَوادِهِ وَانجوا بِأَنفُسِكُم. فَقامَ إلَيهِ العَبّاسُ بنُ عَلِيٍّ أخوهُ، وعَلِيٌّ ابنُهُ، وبَنو عَقيلٍ، فَقالوا لَهُ: مَعاذَ اللهِ وَالشَّهرَ الحَرامَ، فَماذا نَقولُ لِلنّاسِ إذا رَجَعنا إلَيهِم، إنّا تَرَكنا سَيِّدَنا وَابنَ سَيِّدِنا وعِمادَنا وتَرَكناهُ غَرَضا لِلنَّبلِ ودَريئَةً [1] لِلرِّماحِ وجَزَرا [2] لِلسِّباعِ، وفَرَرنا عَنهُ رَغبَةً فِی الحَياةِ؟! مَعاذَ اللهِ، بَل نَحيا بِحَياتِكَ ونَموتُ مَعَكَ. فَبَكى وبَكَوا عَلَيهِ، وجَزاهُم خَيرا، ثُمَّ نَزَلَ صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ. [3]

۲۹۷) مقاتل الطالبین: عتبہ بن سمعان کلبی نے نقل کیا ہے؛ امام حسین علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے درمیان خطاب کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا؛ اے خدا! تجھے پتہ ہے کہ میرے ساتھیوں سے کسی کے بہتر ساتھی نہیں ہیں اور میرے خاندان سے کسی کا خاندان بہتر نہیں ہے، خدا تم کو نیک جزا دے کہ ساتھ دیا اور مدد کی، یہ لوگ فقط میرے پیچھے ہیں اگر مجھے قتل کردیں تو کسی اور کو کچھ بھی نہیں کریں گے۔ جب رات ہوجائے تو تم لوگ رات کے اندھیرے میں چلے جاؤ اور خود

---

[1] دَرِيئَةٌ: حَلْقة يتعلّم عليها الطعن (النهاية: ج2 ص110، درأ).
[2] الجَزَرُ: الشاة السمينة (الصحاح: ج2 ص613، جزر).
[3] مقاتل الطالبيّين: ص112.

کو بچالو، امام علیہ السلام کا بھائی عباس بن علی علیہ السلام اور بیٹا علی اور عقیل کے فرزند اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے؛ خدا اور اس احترام والے مہینے سے پناہ مانگتے ہیں اگر ہم واپس جائیں تو لوگوں کو کیا کہیں گے؟ (کیا کہیں) ہم اپنے سردار، سردار کے فرزند اور اپنی پناہ کو چھوڑ کر آئیں ہیں اور اسے تیروں، نیزوں اور جانوروں کے لئے قربانی کا نشان بنا کر دنیا کے حوالے کر کے چھوڑ آئے ہیں؟ (ایسا نہیں ہوگا) بلکہ ہم تو آپ کے ساتھ جئیں گے اور آپ کے ساتھ مریں گے۔ امام علیہ السلام روئے اور وہ سب بھی روئے خدا ان کو نیک جزا دے، پھر امام علیہ السلام بیٹھے۔

298. مثير الأحزان: جَمَعَ الحُسَينُ عليه السلام أصحابَهُ وحَمِدَ اللهَ وأثنى عَلَيهِ، ثُمَّ قالَ: أمّا بَعدُ فَإنّي لا أعلَمُ لي أصحابا أوفى ولا خَيرا مِن أصحابي، ولا أهلَ بَيتٍ أبَرَّ ولا أوصَلَ مِن أهلِ بَيتي فَجَزاكُمُ اللهُ عَنّي جَميعا خَيرا، ألا وإنّي قَد أذِنتُ لَكُم فَانطَلِقوا أنتُم في حِلٍّ، لَيسَ عَلَيكُم مِنّي ذِمامٌ [1]، هذَا اللَّيلُ قَد غَشِيَكُم فَاتَّخِذوهُ جَمَلاً [2]. فَقالَ لَهُ إخوَتُهُ وأبناءُ وأبناءُ عَبدِ اللهِ بنِ جَعفَرٍ: ولِمَ نَفعَلُ ذلِكَ؟ لِنَبقى بَعدَكَ؟! لا أرانَا اللهُ ذلِكَ. وبَدَأَهُمُ العَبّاسُ أخوهُ ثُمَّ تابَعوهُ. وقالَ لِبَني مُسلِمِ بنِ عَقيلٍ: حَسبُكُم مِنَ القَتلِ بِصاحِبِكُم مُسلِمٍ، اذهَبوا فَقَد أذِنتُ لَكُم. فَقالوا: لا وَاللهِ، لا نُفارِقُكَ أبَدا حَتّى نَقِيَكَ بِأَسيافِنا، ونُقتَلَ بَينَ يَدَيكَ. [3]

۲۹۸) مثیر الاحزن: امام حسین علیہ السلام نے ساتھیوں کو جمع کیا اور خدا کی تعریف کے بعد فرمایا؛ اما بعد، میرے ساتھیوں (اصحاب) سے زیادہ وفادار کسی کے بھی وفادار ساتھی نہیں ہیں اور نہ ہی میرے خاندان سے زیادہ نزدیک اور نیک کوئی خاندان ہے، خدا تم سب کو میری طرف سے جزائے خیر دے، دیکھو میں نے تم سب کو اجازت دی ہے کہ چلے جاؤ اور تمہارے اوپر کوئی میرا حق نہیں ہے، یہ رات کا اندھیرا ہے جس کو اپنی سواری بنا کر چلے جاؤ،

بھائیوں، بیٹوں، اور عبد اللہ بن جعفر کے بیٹوں نے امام سے کہا؛ ہم کیوں ایسے کریں؟ اس لئے کہ آپ کے بعد زندہ رہ جائیں؟ خدا ایسی زندگی (تیرے بغیر والی) ہمیں نہ دے، اس بات کو شروع میں کہنے والا امام کا بھائی عباس تھا اور پھر باقی سب نے پیروی کی۔

امام علیہ السلام نے مسلم بن عقیل کے بیٹوں کو کہا؛ تمہارے لئے مسلم کی شہادت کافی ہے۔ چلے جاؤ میں نے تم کو

---

[1] الذِّمامُ: الحقّ والحُرمة (لسان العرب: ج12 ص221، ذمم).

[2] يقال للرجل إذا سَرى ليلته جمعاء: اتّخذ الليل جملاً، كأنّه ركبه ولم ينم فيه (النهاية: ج 1 ص298، جمل).

[3] مثير الأحزان: ص52.

اجازت دی ہے۔

لیکن انہوں نے جواب دیا، خدا کی قسم ہم کبھی بھی آپ سے جدا نہیں ہوگے یہاں تک کہ اپنی تلواروں سے آپ کی حفاظت کریں اور آپ کے سامنے قتل ہوجائیں۔

13/2

وَفاءُ عَمرِو بنِ قَرَظَةَ الأَنصارِيّ

عمرو بن قرظہ انصاری کی وفاداری

299.الملهوف: خَرَجَ عَمرُو بنُ قَرَظَةَ الأَنصارِيُّ فَاستَأذَنَ الحُسَينَ عليه السلام فَأَذِنَ لَهُ، فَقاتَلَ قِتالَ المُشتاقينَ إلَى الجَزاءِ، وبالَغَ فى خِدمَةِ سُلطانِ السَّماءِ، حَتّى قَتَلَ جَمعا كَثيرا مِن حِزبِ ابنِ زِيادٍ، وجَمَعَ بَينَ سَدادٍ [1] وجِهادٍ، وكانَ لا يَأتى إلَى الحُسَينِ عليه السلام سَهمٌ إلاّ اتَّقاهُ بِيَدِهِ ولا سَيفٌ إلاّ تَلَقّاهُ بِمُهجَتِهِ فَلَم يَكُن يَصِلُ إلَى الحُسَينِ عليه السلام سوءٌ، حَتّى أُثخِنَ بِالجِراحِ، فَالتَفَتَ إلَى الحُسَينِ عليه السلام وقالَ: يَابنَ رَسولِ اللهِ، أوَفَيتُ؟ قالَ: نَعَم، أنتَ أمامى فِي الجَنَّةِ، فَاقرَأ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَنّى السَّلامَ، وأعلِمهُ أنّى فِي الأَثَرِ. فَقاتَلَ حَتّى قُتِلَ رِضوانُ اللهِ عَلَيهِ. [2]

۲۹۹) ملھوف: عمرو بن قرظہ انصاری (خیمہ سے) باہر نکل کر امام حسین علیہ السلام سے اجازت مانگی۔ امام علیہ السلام نے اجازت دی، عمرو ایسے لوگوں کی طرح جنگ کرنے لگا جو (خدائی) جزا کے مشتاق ہوتے ہیں اور اس نے آسمان کے بادشاہ کی خدمت کرنے میں کوشش کی، یہاں تک کہ ابن زیاد کو گروہ میں سے بہت سے لوگوں کو قتل کیا اور مضبوطی سے جہاد کی، اور جو بھی تیر امام حسین علیہ السلام کی جانب آتا تھا امام کے آگے آکر اس تیر سے امام کی حفاظت کرتا تھا، اور تلواروں کو اپنے خون (اور زخمی ہونے سے) دور کرتا تھا، اس وقت تک امام حسین علیہ السلام کو کوئی بھی زخم نہیں لگا جب تک زخمیوں نے عمرو کو بے بس نہ کردیا،

(اس وقت) امام حسین علیہ السلام کی جانب رخ کرکے کہا؛ اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند، کیا میں نے وفاداری

---

[1] السَّدادُ: وهو القصد فى الأمر والعدل فيه (النهاية: ج2 ص352، سدد).

[2] الملهوف: ص162، مثير الأحزان: ص60 نحوه، بحار الأنوار: ج45 ص22.

کردی؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ ہاں، تو جلدی میں جنت چلا جائے گا، میری طرف سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام دینا اور کہنا کہ میں بھی تیرے پیچھے آرہا ہوں، پھر اتنی جنگ کی کہ خود شہید ہوگئے، : خدا کی رضا ہو اس پر۔

الفصل الرّابعَ عَشَرَ: رؤیً فی مستقبل حیات أهل البیت وأعدائهم

چودھویں فصل

وہ خواب جو اہل بیتؑ اور انکے دشمنوں کے آئندہ کے بارے میں ہیں

14/1

رُؤیا رَسولِ اللهِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خواب

300. الدرّ المنثور عن الحسين بن علیؑ: أنَّ رَسولَ اللهِ ﷺ أصبَحَ وهُوَ مَهمومٌ، فَقيلَ: ما لَكَ يا رَسولَ اللهِ؟ فَقالَ: إنّي أُريتُ فِي المَنامِ كَأَنَّ بَني أُمَيَّةَ يَتَعاوَرونَ [1] مِنبَري هذا. فَقيلَ: يا رَسولَ اللهِ! لا تَهتَمَّ فَإِنَّها دُنيا تَنالُهُم. فَأَنزَلَ اللهُ: «وَ مَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلاَّ فِتْنَةً لِّلنَّاسِ» [2] [3]

۳۰۰) درالمنثور: امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک صبح کو غمگین حالت میں اٹھے جب ان سے غمگین ہونے کا سبب پوچھا تو فرمایا؛ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ بنوامیہ ایک ایک ہوکر اس منبر پر بیٹھ کر جارہے ہیں، کہا گیا؛ اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پریشان ہونے کی بات نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو دنیا نصیب ہوگی۔ بس خدا

---

[1] يَتَعاوَرون: أي يختلفون ويتناوبون، كلّما مضى واحد خَلَفَهُ آخر (النهاية: ج 3 ص 320، عور).

[2] الإسراء: 60.

[3] الدرّ المنثور: ج5 ص310 نقلاً عن ابن مردويه.

نے یہ آیت نازل کی:

وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ.

اور ہم نے جو خواب تم کو دکھلایا تھا تو بس اسے لوگوں (کے ایمان) کی آزمائش (کا ذریعہ) ٹھہرایا تھا۔

14/2

رُؤيا أميرِ المُؤمِنينَ

حضرت علی علیہ السلام کا خواب

301.شرح الأخبار بإسناده عن الحسين عليه السلام: قالَ أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام: رَأَيتُ حَبيبي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله البارِحَةَ فِي المَنامِ، فَشَكَوتُ إلَيهِ ما لَقيتُهُ بَعدَهُ مِن أهلِ العِراقِ، فَوَعَدَني بِالرّاحَةِ مِنهُم عَن قَريبٍ.[1]

۳۰۱) شرح الاخبار میں ہے؛ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ علی علیہ السلام نے فرمایا؛ کل رات میں نے اپنے حبیب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور میں نے ان کو وہ سب کچھ شکوہ کرکے بتایا جو میں نے عراق والوں سے دیکھا تھا، تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے جلدی میں ان سے جان چھڑانے کی خبر دی۔

---

[1] شرح الأخبار: ج2 ص430 ح780؛ كنز العمّال: ج13 ص190 ح36566 نحوه نقلاً عن العدني.

14/3

رُؤى الإمامِ الحُسَيْنِ

امام حسین علیہ السلام کے خواب

أ. رُؤياهُ فى هَلاكِ مُعاوِيَةَ

الف: امامؑ کا خواب معاویہ کی ہلاکت کے بارے میں ہے

302. مثير الأحزان عن الإمام الحسين عليه السلام: فى مَوتِ مُعاوِيَةَ: أظُنُّ أنَّ طاغِيَتَهُم هَلَكَ! رَأَيتُ البارِحَةَ أنَّ مِنبَرَ مُعاوِيَةَ مَنكوسٌ، ودارَهُ تَشتَعِلُ بِالنّيرانِ.[1]

۳۰۲) مثیر الاحزان: (معاویہ کی ہلاکت کے وقت) امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ میرے خیال میں لوگوں کا طاغوت ہلاک ہوگیا ہے، میں نے کل رات خواب میں دیکھا کہ معاویہ کا منبر ٹوٹ گیا ہے اور اس کے گھر میں آگ لگ گئی ہے۔

ب. رُؤياهُ عِندَ خُروجِهِ مِنَ المَدينَةِ

ب: مدینے سے نکلتے وقت امام کا خواب

303. الفتوح: خَرَجَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام مِن مَنزِلِهِ ذاتَ لَيلَةٍ وأتى إلى قَبرِ جَدِّهِ صلى الله عليه وآله فَقالَ: السَّلامُ عَلَيكَ يا رَسولَ اللهِ... ثُمَّ جَعَلَ الحُسَينُ يَبكى، حَتّى إذا كانَ فى بَياضِ الصُّبحِ وَضَعَ رَأسَهُ عَلَى القَبرِ فَأَغفى ساعَةً، فَرَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله قَد أقبَلَ فى كَبكَبَةٍ[2] مِنَ المَلائِكَةِ عَن يَمينِهِ وعَن شِمالِهِ ومِن بَينِ يَدَيهِ ومِن خَلفِهِ، حَتّى ضَمَّ الحُسَينَ عليه السلام إلى صَدرِهِ، وقَبَّلَ بَينَ عَينَيهِ، وقالَ صلى الله عليه وآله: يا بُنَيَّ يا

---

[1] مثير الأحزان: ص23.

[2] كَبكَبَة: الجماعة المتضامّة من الناس (النهاية: ج4 ص144، كبكب).

حُسَينُ! كَأَنَّكَ عَن قَريبٍ أراكَ مَقتولاً مَذبوحا بِأَرضِ كَربٍ وبَلاءٍ مِن عِصابَةٍ مِن اُمَّتي، وأنتَ في ذلِكَ عَطشانُ لا تُسقى، وضَمآنُ لا تُروى، وهُم مَعَ ذلِكَ يَرجونَ شَفاعَتي، ما لَهُم؟! لا أنالَهُمُ اللهُ شَفاعَتي يَومَ القِيامَةِ فَما لَهُم عِندَ اللهِ مِن خَلاقٍ [1]. حَبيبي يا حُسَينُ! إنَّ أباكَ وأُمَّكَ وأخاكَ قَد قَدِموا عَلَيَّ وهُم إلَيكَ مُشتاقونَ، وإنَّ لَكَ فِي الجَنَّةِ دَرَجاتٍ لَن تَنالَها إلاّ بِالشَّهادَةِ. فَجَعَلَ الحُسَينُ عليه السلام يَنظُرُ فى مَنامِهِ إلى جَدِّهِ صلى الله عليه وآله ويَسمَعُ كَلامَهُ، وهُوَ يَقولُ: يا جَدّاه! لا حاجَةَ لى فِي الرُّجوعِ إلَى الدُّنيا أبَدا، فَخُذني إلَيكَ وَاجعَلني مَعَكَ إلى مَنزِلِكَ. قالَ: فَقالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله: يا حُسَينُ! إنَّهُ لابُدَّ لَكَ مِنَ الرُّجوعِ إلَى الدُّنيا حَتّى تُرزَقَ الشَّهادَةَ وما كَتَبَ اللهُ لَكَ فيها مِنَ الثَّوابِ العَظيمِ، فَإنَّكَ وأباكَ وأخاكَ وعَمَّكَ وعَمَّ أبيكَ تُحشَرونَ يَومَ القِيامَةِ فى زُمرَةٍ واحِدَةٍ حَتّى تَدخُلُوا الجَنَّةَ. [2]

۳۰۳) الفتوح: ایک رات امام حسین علیہ السلام اپنے گھر سے باہر آئے اور اپنے نانا کی قبر کے نزدیک آ کر کہا: اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! سلام ہو آپ پر، پھر امام حسین علیہ السلام نے رونا شروع کیا۔ صبح طلوع ہوتے وقت، اپنا سر قبر پر رکھا اور کچھ دیر کے لئے نیند میں چلے گئے، خواب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ فرشتوں کی بڑی جماعت (کی صف ہے) دائیں بائیں اور اس کے آگے پیچھے،

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگے بڑھ کر امام حسین علیہ السلام کو اپنے سینے سے لگا کر ان کی دو آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور فرمایا؛ اے پیارے بیٹے! اے حسین علیہ السلام میں دیکھ رہا ہوں کہ عنقریب کربلا (سختی) کی سرزمین میں میری امت کے ایک گروہ کے ہاتھوں قتل کئے جاؤ گے اور تیرا سر کاٹا جائے گا، درحالانکہ تو پیاسا ہوگا، پانی نہیں دیں گے، سیراب نہیں ہوں گے اور یہ سب اسکے ساتھ میری شفاعت کے امیدوار ہیں، کتنی بے جا توقع ہے، قیامت کے دن خدا ان کو میری شفاعت نصیب نہ کرے، یہ لوگ خدا کے ہاں کوئی اجر نہیں رکھتے،

میرے پیارے، اے حسین علیہ السلام، تیرے بابا، ماں، اور بھائی میرے پاس آئے تھے اور تیرے دیدار کے مشتاق تھے اور تیرے لئے جنت میں ایسے درجے ہیں جو شہادت کے بغیر نہیں ملیں گے۔

امام حسین علیہ السلام خواب میں اپنے نانا کی طرف دیکھ رہے تھے اور بات کو سن رہے تھے اور فرما رہے تھے، اے

---

[1] الخَلاَقُ: النصيب (الصحاح: ج4 ص1471، خلق).

[2] الفتوح: ج5 ص18، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص186؛ تسلية المجالس: ج2 ص155، بحار الأنوار: ج44 ص328 وراجع: المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص88.

میرے نانا! مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے دنیا کی طرف لوٹنے کی، مجھے اپنے ساتھ لے جا اور اپنے پاس جگہ دے،

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام سے فرمایا؛ اے حسین علیہ السلام ! ضرور دنیا کی طرف لوٹ کر آؤ گے تا کہ تجھے شہادت اور بڑی جزا ملے جو لکھی گئی ہے، آپ اور آپ کے ماں باپ، تیرے چچا، تیرے بابا کے چچا قیامت کے دن ایک ہی گروہ میں محشور کئے جاؤ گے تا کہ جنت میں جاؤ۔

304.الملهوف عن الإمام الحسين عليه السلام. في جَوابِ مُحَمَّدِ بنِ الحَنَفِيَّةِ لَمّا أشار: أتاني رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم بَعدَما فارَقتُكَ، فَقالَ: «يا حُسَينُ، اخرُج فَإنَّ اللهَ قَد شاءَ أن يَراكَ قَتيلاً». فَقالَ مُحَمَّدُ بنُ الحَنَفِيَّةِ: إنّا للهِ وإنّا إلَيهِ راجِعونَ، فَما مَعنى حَملِكَ هؤُلاءِ النِّساءَ مَعَكَ وأنتَ تَخرُجُ عَلى مِثلِ هذِهِ الحالِ؟ قالَ: فَقالَ لَهُ: قَد قالَ لي «إنَّ اللهَ قَد شاءَ أن يَراهُنَّ سَبايا»، وسَلَّمَ عَلَيهِ ومَضى.[1]

۳۰۴) ملھوف: امام حسین علیہ السلام نے محمد بن حنفیہ کے جواب میں فرمایا؛ تجھ سے جدا ہونے کے بعد میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا اور انہوں نے کہا؛ اے حسین علیہ السلام ! مدینہ چھوڑ دو کیونکہ خدا تجھے شہید ہونا دیکھنا چاہتا ہے۔

محمد بن حنفیہ نے ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھا اور کہا؛ ہم خدا کی طرف سے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جائیں گے۔ جب آپ کو پتہ ہے کہ ایسے ہوگا تو عورتوں کو ساتھ لے جانے کی کیا ضرورت ہے؟

امام علیہ السلام نے محمد بن حنفیہ سے فرمایا؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا؛ خدا ان کو اسیر ہونا دیکھنا چاہتا ہے، پھر سلام دیا اور چلے گئے۔

305.أُسد الغابة: سارَ [الحُسَينُ عليه السلام] مِنَ المَدينَةِ إلى مَكَّةَ، فَأتاهُ كُتُبُ أهلِ الكوفَةِ وهُوَ بِمَكَّةَ، فَتَجَهَّزَ لِلمَسيرِ، فَنَهاهُ جَماعَةٌ مِنهُم: أخوهُ مُحَمَّدُ بنُ الحَنَفِيَّةِ، وابنُ عُمَرَ، وابنُ عَبّاسٍ وغَيرُهُم. فَقالَ: رَأَيتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم في المَنامِ وأمَرَني بِأمرٍ، فَأنَا فاعِلٌ ما أمَرَ.[2]

۳۰۵) اسد الغابۃ: (امام حسین علیہ السلام) مدینے سے مکہ کی جانب چلے تو کوفہ والوں کے خط مکہ میں امام علیہ السلام تک پہنچے، جب تیار ہوئے تو کچھ لوگوں نے جن میں سے امام کا بھائی محمد بن حنفیہ، ابن عمر، ابن عباس اور دوسرے تھے، امام علیہ السلام کو روکنے لگے، امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میں نے خواب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے اور مجھے حکم دیا ہے کہ اس پر عمل کرو۔

---

[1] الملهوف: ص128، بحار الأنوار: ج44 ص364.
[2] أُسد الغابة: ج2 ص28 الرقم1173.

306.الفتوح، بَعدَ ذِكرِ كِتابِ أهلِ الكوفَةِ إلَى الإمامِ: فَعِندَها قامَ الحُسَينُ عليه السلام فَتَطَهَّرَ وصَلّى رَكعَتَينِ بَينَ الرُّكنِ وَالمَقامِ، ثُمَّ انفَتَلَ مِن صَلاتِهِ، وسَأَلَ رَبَّهُ الخَيرَ فيما كَتَبَ إلَيهِ أهلُ الكوفَةِ، ثُمَّ جَمَعَ الرُّسُلَ فَقالَ لَهُم: إنّي رَأَيتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله في مَنامي، وقَد أمَرَني بِأمرٍ وأنَا ماضٍ لِأَمرِهِ، فَعَزَمَ اللهُ لي بِالخَيرِ، إنَّهُ وَلِيُّ ذلِكَ، وَالقادِرُ عَلَيهِ إن شاءَ اللهُ تَعالى.[1]

۳۰۶) الفتوح: امام حسین علیہ السلام کی جانب کوفہ والوں کے خطوں کے بیان میں ہے کہ: بس امام حسین علیہ السلام نے اٹھ کر وضو کیا اور رکن (حجر اسود) اور مقام (ابراہیمؑ) کے درمیان دو رکعت نماز پڑھی اور نماز کے بعد، جو کچھ کوفہ والوں نے لکھا تھا اس کے بارے میں خدا سے خیر مانگی۔ پھر (کوفہ سے) آئے ہوئے لوگوں کو جمع کیا اور ان سے فرمایا؛ میں نے اپنے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے جس نے مجھے حکم دیا اور میں اس حکم کو انجام دوں گا اور خدا نے بھی مجھے خیر کو انجام دینے پر مدد کی ہے، کیونکہ کہ وہی اس کا سرپرست اور اس، پر قدرت رکھتا ہے، انشاء اللہ۔

307.الفتوح عن الحسين بن علي عليه السلام، في جَوابِ كِتابِ عَبدِ اللهِ بنِ جَعفَرٍ إلَيهِ: أمّا بَعدُ! فَإنَّ كِتابَكَ وَرَدَ عَلَيَّ فَقَرَأتُهُ وفَهِمتُ ما ذَكَرتَ، وأُعلِمُكَ أنّي رَأَيتُ جَدّي رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله في مَنامي فَخَبَّرَني بِأمرٍ وأنَا ماضٍ لَهُ، لي كانَ أو عَلَيَّ، وَاللهِ يَابنَ عَمّي لَو كُنتُ في جُحرِ هامَّةٍ[2] مِن هَوامِّ الأَرضِ لَاستَخرَجوني ويَقتُلُوني، وَاللهِ يَابنَ عَمّي لَيَعتَدِيُنَّ عَلَيَّ كَما عَدَتِ اليَهودُ عَلَى السَّبتِ، وَالسَّلامُ.[3]

۳۰۷) الفتوح: امام حسین علیہ السلام نے عبداللہ بن جعفر کے خط کے جواب میں فرمایا؛ اما بعد، تیرا خط مجھ تک پہنچا ہے میں نے اس کو پڑھا اور جو کچھ تو نے لکھا ہے میں نے سمجھا اور تجھے بتا رہا ہوں کہ میں نے اپنے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور مجھے حکم دیا ہے جس کو انجام دوں گا، میرے فائدے میں ہو یا میرے نقصان میں، چچا کے بیٹے، خدا کی قسم، اگر میں حشرات میں کسی حشرہ کے سوراخ میں (ان میں چلا جاؤں تو بھی مجھے باہر نکل کر قتل کریں گے۔ چچا کے بیٹے، خدا کی قسم! مجھ پر ظلم کریں گے جس طرح یہودیوں نے ہفتے کے دن ظلم کیا۔ والسلام۔

308.الطبقات الكبرى: كَتَبَ عَبدُ اللهِ بنُ جَعفَرِ بنِ أبي طالِبٍ إلَيهِ كِتابا يُحَذِّرُهُ أهلَ الكوفَةِ، ويُناشِدُهُ اللهَ أن يَشخَصَ إلَيهِم، فَكَتَبَ إلَيهِ الحُسَينُ عليه السلام: إنّي رَأَيتُ رُؤيا ورَأَيتُ فيها

---

[1] الفتوح: ج5 ص30، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص195، وراجع: أُسد الغابة: ج2 ص28.

[2] الهَامَّةُ: ما له سمّ يقتل كالحيّة، وقد تطلق الهوامّ على ما لا يقتل كالحشرات (المصباح المنير: ص 641، الهمز).

[3] الفتوح: ج5 ص67، مقتل الحسين للخوارزمي: ج1 ص218؛ المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص94 نحوه.

رَسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وأمَرَنی بِأَمرٍ أنَا ماضٍ لَهُ، ولَستُ بِمُخبِرٍ بِها أحدا حَتّی اُلاقِيَ عَمَلی.[1]

۳۰۸) طبقات کبری: عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب نے امام حسین علیہ السلام کی طرف لکھا اور امام علیہ السلام کو کوفہ والوں سے ڈرایا اور قسم دی کہ ان کی طرف نہ جائیں، امام حسین علیہ السلام نے اس کے جواب میں لکھا، میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ جس میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا اور میں اس حکم کو انجام دوں گا۔ اس کے بارے میں کسی کو بھی نہیں بتاؤں گا دیکھو کیا ہوتا ہے۔

309. تاريخ الطبری عن الحارث بن كعب الوالبيّ عن عليّ بن لِيَحيَى بنِ سَعيدٍ وعَبدِ اللهِ بنِ جَعفَرٍ: إنّي رَأَيتُ رُؤيا فيها رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وأُمِرتُ فيها بِأَمرٍ أنَا ماضٍ لَهُ، عَلَيَّ كانَ أو لي. فَقالا لَهُ: فَما تِلكَ الرُّؤيا؟ قالَ: ما حَدَّثتُ أحدا بِها، وما أنَا مُحَدِّثٌ بِها حَتّی ألقى رَبّي.[2]

۳۰۹) تاریخ طبری: حارث بن کعب والبی نے امام زین العابدینؑ سے نقل کیا ہے کہ؛ امام حسین علیہ السلام نے یحییٰ بن سعید اور عبد اللہ بن جعفر سے جب ان کو باہر نہ جانے کی تشویق کی تھی،

فرمایا، میں نے خواب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا مجھے حکم دیا کہ اس کو انجام دوں، چاہے میرے فائدے میں ہو یا نقصان میں،

امام علیہ السلام سے پوچھا گیا، کون سا خواب تھا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ وہ میں کسی کو نہ ہی بتایا ہے نہ ہی بتاؤں گا یہاں تک کہ اپنے خدا سے ملاقات کروں۔

---

[1] الطبقات الكبرى (الطبقة الخامسة من الصحابة): ج1 ص447، تهذيب الكمال: ج6 ص418 الرقم1323، تاريخ دمشق: ج14 ص209، تاريخ الإسلام للذهبي: ج5 ص9، سير أعلام النبلاء: ج3 ص297 الرقم48؛ المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص94 كلاهما نحوه.

[2] تاريخ الطبري: ج5 ص388، الكامل في التاريخ: ج2 ص548، البداية والنهاية: ج8 ص167؛ الإرشاد: ج2 ص69، إعلام الورى: ج1 ص446، بحار الأنوار: ج44 ص366.

ج. رُؤياهُ فی طَريقِ كَربَلاءَ

ج: کربلا میں امام علیہ السلام کا خواب

310. مقتل الحسين: سارَ الحُسَينُ علیہ السلام حَتّى نَزَلَ الثَّعلَبِيَّةَ، وذلِكَ فی وَقتِ الظَّهيرَةِ، ونَزَلَ أصحابُهُ، فَوَضَعَ رَأسَهُ فَأَغفى ثُمَّ انتَبَهَ باكِيا مِن نَومِهِ، فَقالَ لَهُ ابنُهُ عَلِيُّ بنُ الحُسَينِ: ما يُبكيكَ يا أبَه، لا أبكَى اللهُ عَينَيكَ؟! فَقالَ لَهُ: يا بُنَيَّ، هذِهِ ساعَةٌ لا تُكذَبُ فيهَا الرُّؤيا، فَأُعلِمُكَ أنّي خَفَقتُ بِرَأسي خَفقَةً، فَرَأَيتُ فارِسا عَلى فَرَسٍ وَقَفَ عَلَيَّ وقالَ: يا حُسَينُ! إنَّكُم تُسرِعونَ وَالمَنايا تُسرِعُ بِكُم إلَى الجَنَّةِ! فَعَلِمتُ أنَّ أنفُسَنا نُعِيَت إلَينا. فَقالَ لَهُ ابنُهُ عَلِيٌّ: يا أبَه، أفَلَسنا عَلَى الحَقِّ؟ قالَ: بَلى يا بُنَيَّ، وَالَّذي إلَيهِ مَرجِعُ العِبادِ! فَقالَ ابنُهُ عَلِيٌّ: إذا لا نُبالي بِالمَوتِ. فَقالَ لَهُ الحُسَينُ علیہ السلام: جَزاكَ اللهُ يا بُنَيَّ خَيرَ ما جَزى بِهِ وَلَدا عَن والِدِهِ.[1]

۳۱۰) مقتل الحسین علیہ السلام خوارزمی: امام حسین علیہ السلام نے حرکت کی اور ظہر کے وقت مقام شعلیہ تک پہنچے، امام علیہ السلام نے اپنا سر (زمین) پر رکھا اور نیند میں چلے گئے جب اٹھے تو گریہ کیا،

امام علیہ السلام کے بیٹے علی ابن الحسین علیہ السلام نے ان سے کہا؛ اے بابا! کیوں رو رہے ہیں؟ خدا آپ کی آنکھوں کو رونا نہ دکھائے

امام علیہ السلام نے ان سے فرمایا؛ پیارے بیٹے! یہ وہ وقت ہے جس میں خواب جھوٹا نہیں ہوتا، تجھے بتا رہا ہوں کہ میں کچھ دیر کے لئے نیند میں چلا گیا اور میں نے دیکھا ایک گھوڑے سوار میرے سرہانے کھڑے ہوکر کہنے لگا؛ بس میں سمجھ گیا کہ میری موت کی خبر دی گئی ہے، بیٹے (علی ابن الحسین علیہ السلام) نے امام علیہ السلام سے کہا؛ اے بابا! کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ کیوں نہیں، اے پیارے بیٹے! قسم اس ذات کی جس کی طرف سارے بندے لوٹ کر جائیں گے (ایسے ہی ہے ہم حق پر ہیں)،

پھر ان کے بیٹے علی نے ان سے کہا؛ تو پھر ہمیں موت سے کوئی خوف نہیں ہے،

---

[1] مقتل الحسين للخوارزمی: ج1 ص226، الفتوح: ج5 ص71؛ الملهوف: ص131 كلاهما نحوه.

امام حسین علیہ السلام نے اس سے فرمایا؛ میرے پیارے بیٹے ! خدا تجھے ایسی نیک جزاء دے جو کسی بھی باپ کی طرف سے کسی بیٹے کو نہ ملی ہو۔

311. الزيارات عن شهاب بن عبد ربّه عن أبي عبد اللّٰ لَمّا صَعِدَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام عَقَبَةَ البَطنِ، قالَ لِأَصحابِهِ: ما أرانى إلاّ مَقتولاً. قالوا: وما ذاكَ يا أبا عَبدِ اللهِ؟! قالَ: رُؤيا رَأَيتُها فِي المَنامِ. قالوا: وما هِيَ؟ قالَ: رَأَيتُ كِلابا تَنهَشُنى، أشَدُّها عَلَيَّ كَلبٌ أبقَعُ.[1]

۳۱۱) کامل الزیارات: شہاب بن عبد اللہ نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے؛ جب امام حسین علیہ السلام بلند مقام پر کھڑے ہوئے تو اپنے اصحاب سے فرمایا؛ میں ضرور بہ ضرور قتل ہو جاؤں گا،

انہوں نے کہا؛ اے ابا عبد اللہ وہ کس وجہ سے؟

فرمایا؛ اس خواب کی وجہ سے جو میں نے دیکھا ہے،

اصحاب نے پوچھا؛ وہ خواب کیا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میں نے کتوں کو دیکھا ہے جو مجھے کاٹ رہے ہیں اور ان میں سے شدید حملہ آور وہ کتا ہے جو مختلف رنگوں والا ہے۔

د. رُؤياهُ قَبلَ يَومِ عاشوراءَ

د: عاشور کے دن سے پہلے امام علیہ السلام کا خواب

312. تاريخ الطبرى: إنَّ عُمَرَ بنَ سَعدٍ نادى: يا خَيلَ اللهِ اركَبى وأبشِرى. فَرَكِبَ فِي النّاسِ، ثُمَّ زَحَفَ نَحوَهُم بَعدَ صَلاةِ العَصرِ، وحُسَينٌ عليه السلام جالِسٌ أمامَ بَيتِهِ مُحتَبِيا[2] بِسَيفِهِ، إذ خَفَقَ بِرَأسِهِ عَلى رُكبَتَيهِ، وسَمِعَت أُختُهُ زَينَبُ الصَّيحَةَ، فَدَنَت مِن أخيها فَقالَت: يا أخى، أما تَسمَعُ الأَصواتَ قَدِ اقتَرَبَت؟! قالَ: فَرَفَعَ الحُسَينُ عليه السلام رَأسَهُ، فَقالَ: إنّى رَأَيتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله فِي المَنامِ، فَقالَ لى: إنَّكَ تَروحُ إلَينا. قالَ: فَلَطَمَت أُختُهُ وَجهَها، وقالَت: يا وَيلَتا. فَقالَ: لَيسَ لَكِ الوَيلُ يا

---

[1] كامل الزيارات: ص157 ح194، بحار الأنوار: ج45 ص87 ح24.

[2] الاحتباءُ: هو ضمّ الساقين إلى البطن بالثوب أو اليدين (مجمع البحرين: ج1 ص356، حبا).

أُخَيَّةُ، اسكُنی رَحِمَكِ الرَّحمنُ.[1]

۳۱۲) تاریخ طبری: عمر بن سعد نے آواز دی: اے خدا کی فوج سوار ہوجاؤ تمہیں خوشخبری ہو! ان کے ساتھ خود بھی سوار ہوگیا اور نماز عصر کے بعد ان کی (امام حسین علیہ السلام کے لشکر) کی طرف حملہ آور ہوا، امام حسین علیہ السلام اپنے خیمے کے دروازے پر تلوار کے ذریعے گھٹنوں پر سر رکھ کر بیٹھے ہوئے تھے کہ تھوڑی نیند آ گئی اور سر کو زانو پر رکھ دیا،

اسی وقت اپنی بہن زینبؑ کی آواز سنی جس نے نزدیک آ کر کہا، میرے بھائی کیا ان آوازوں کو نہیں سن رہے جو کہ نزدیک ہو چکے ہیں؟

امام حسین علیہ السلام نے سر بلند کر کے فرمایا؛ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے جس نے مجھے کہا: تو ہمارے پاس آجائیگا۔

اس وقت زینبؑ نے اپنے سر پر ہاتھ مار کر کہا؛ وائے ہو ہم پر!

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میری پیاری بہن، آپ پر وائے نہیں ہے۔ آرام سے ہوجا، خدا تجھ پر رحمت نازل کرے۔

313. الفتوح: وإذَا المُنادی يُنادی مِن عَسكَرِ عُمَرَ: يا جُندَ اللهِ اركَبوا. قالَ: فَرَكِبَ النّاسُ و ساروا نَحوَ مُعَسكَرِ الحُسَينِ علیه السلام، وَالحُسَينُ علیه السلام فی وَقتِهِ ذلِكَ جالِسٌ قَد خَفَقَ رَأسُهُ عَلی رُكبَتَيهِ، وسَمِعَت أُختُهُ زَينَبُ رَضِيَ اللهُ عَنهَا الصَّيحَةَ وَالضَّجَّةَ، فَدَنَت مِن أخيها وحَرَّكَتهُ، فَقالَت: يا أخی، ألا تَسمَعُ الأَصواتَ قَدِ اقتَرَبَت مِنّا؟! قالَ: فَرَفَعَ الحُسَينُ علیه السلام رَأسَهُ وقالَ: يا أُختاه، إنّی رَأَيتُ جَدّی فِی المَنامِ وأبی عَلِيّا وفاطِمَةَ أُمّی وأخِی الحَسَنَ عليهم السلام، فَقالوا: يا حُسَينُ، إنَّكَ رائِحٌ إلَينا عَن قَريبٍ، وقَد وَاللهِ يا أُختاه دَنَا الأَمرُ فی ذلِكَ لا شَكَّ.[2]

۳۱۳) الفتوح: عمر بن سعد کے لشکر میں سے ندا دینے والے نے ایک آواز دی کہ؛ اے خدا کے لشکر! سوار ہو جاؤ بس لشکر والے سوار ہوئے اور امام حسین علیہ السلام کے لشکر کی جانب چلنے لگے، اسی وقت امام حسین علیہ السلام سر زانو، پر رکھ کر بیٹھے ہوئے تھے

---

[1] تاريخ الطبری: ج5 ص416، الكامل فی التاريخ: ج2 ص558، الفتوح: ج5 ص97، مقتل الحسين للخوارزمی: ج1 ص249 كلّها نحوه؛ الإرشاد: ج2 ص89، روضة الواعظين: ص202، إعلام الوری: ج1 ص454، بحار الأنوار: ج44 ص391.

[2] الفتوح: ج5 ص97، مقتل الحسين للخوارزمی: ج1 ص249؛ الملهوف: ص55 وفيه ذيله من «يا أُختاه» وكلاهما نحوه.

جب بہن زینبؑ نے ان کی آواز سنی تو زینبؑ نے نزدیک آ کر امام علیہ السلام کو نیند سے بیدار کیا اور فرمایا؛ اے میرے بھائی! کیا ان آوازوں کو نہیں سن رہے ہو ہمارے نزدیک ہو چکے ہیں؟

امام حسین علیہ السلام نے سر اٹھا کر فرمایا؛ اے بہن! میں نے نانا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، بابا علی علیہ السلام، ماں فاطمہ سلام اللہ علیہا، بھائی حسن علیہ السلام کو خواب میں دیکھا جو کہہ رہے تھے، اے حسین علیہ السلام! تو جلدی ہمارے پاس آجائیگا،

اے بہن! خدا کی قسم یہ بات نزدیک ہو چکی ہے۔

314. الفتوح: لَمّا كانَ وَقتُ السَّحَرِ، خَفَقَ الحُسَينَ عليه السلام بِرَأسِهِ [1] خَفقَةً [2]، ثُمَّ استَيقَظَ فَقالَ: أتَعلَمونَ ما رَأَيتُ فى مَنامِى السّاعَةَ؟ قالوا: ومَا الَّذى رَأَيتَ يَابنَ بِنتِ رَسولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وآلِهِ؟ فَقالَ: رَأَيتُ كَأَنَّ كِلابا قَد شَدَّت عَلَىَّ تُناشِبُنى [3]، وفيها كَلبٌ أبقَعُ رَأَيتُهُ أشَدَّها عَلَىَّ، وأظُنُّ الَّذى يَتَوَلّى قَتلى رَجُلٌ أبقَعُ وأبرَصُ مِن هؤُلاءِ القَومِ، ثُمَّ إنّى رَأَيتُ بَعدَ ذلِكَ جَدّى رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله، ومَعَهُ جَماعَةٌ مِن أصحابِهِ وهُوَ يَقولُ لى: يا بُنَىَّ! أنتَ شَهيدُ آلِ مُحَمَّدٍ، وقَدِ استَبشَرَت بِكَ أهلُ السَّماواتِ وأهلُ الصَّفحِ [4] الأَعلى، فَليَكُن إفطارُكَ عِندِى اللَّيلَةَ، عَجِّل ولا تُؤَخِّر، فَهذا أثَرُكَ [5] قَد نَزَلَ مِنَ السَّماءِ لِيَأخُذَ دَمَكَ فى قارورَةٍ خَضراءَ. وهذا ما رَأَيتُ، وقَد أزِفَ الأَمرُ واقتَرَبَ الرَّحيلُ مِن هذِهِ الدُّنيا، لا شَكَّ فى ذلِكَ. [6]

۳۱۴) الفتوح: جب سحر کا وقت تھا تو امام حسین علیہ السلام پر نیند کا غلبہ تھا اور ایک مرتبہ نیند میں چلے گئے اور بیدار ہو کر فرمایا؛ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے ابھی خواب میں کیا دیکھا ہے؟ سب نے کہا؛ کیا دیکھا ہے اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دختر کے فرزندؑ: فرمایا؛ میں نے خواب میں کتوں کو دیکھا ہے جو مجھ پر حملہ آور ہیں اور ان میں سے ایک ایسا کتا تھا جو مجھ پر زیادہ حملہ کر رہا تھا، میرے خیال میں مجھے قتل کرے گا، اس لشکر میں سے ایسا ہوگا جو برص (کی بیماری) میں مبتلا ہے پھر میں نے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کچھ لوگوں کے ساتھ دیکھا جو مجھے فرما رہے تھے، میرے پیارے بیٹے! تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] فى المصدر: «رأسُه»، والتصويب من المصادر الأُخرى.
[2] نَشَبَ فى الشيء: إذا وقع فيه لا مخلص له منه (لسان العرب: ج 1 ص 757، نشب).
[3] خَفَقَ بِرَأسِهِ خَفقَةً: إذا أخَذَته سِنَةٌ من النّعاس فمالَ رأسُهُ دونَ سائرِ جَسَدِهِ (المصباح المنير: ص 176، خفق).
[4] فى مقتل الحسين وبحار الأنوار: «الصفيح» بدل «الصفح». والصّفيحُ: من أسماء السماء (النهاية: ج 3 ص 35، صفح).
[5] الأثَرُ: الأجَلُ (النهاية: ج 1 ص 23، أثر).
[6] الفتوح: ج 5 ص 99، مقتل الحسين للخوارزمى: ج 1 ص 251.

کے خاندان کا شہید ہے اور آسمان اور ملکوت والوں نے تجھے خوشخبری دی ہے، آج رات کی افطار میرے ہاں کروگے، جلدی کرو دیر نہ کرو کیوں کہ یہ موت آسمان سے تیرے لئے آئی ہے تا کہ تیرے خون کو سبز ظرف میں لے، یہ ہے جو میں نے دیکھا اور بیشک وقت نزدیک ہوگیا ہے اور دنیا سے جانے کا وقت آ گیا ہے۔

315.مثير الأحزان: جاءَ رَجُلٌ... فَقالَ: أينَ الحُسَينُ؟ فَقالَ: ها أنَاذا. قالَ: أبشِر بِالنّارِ. قالَ: أُبشِرُ بِرَبٍّ رَحيمٍ، وشَفيعٍ مُطاعٍ، مَن أنتَ؟ قالَ: أنَا شِمرُ بنُ ذِي الجَوشَنِ. قالَ الحُسَينُ عليه السلام: اللهُ أكبَرُ، قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: «رَأَيتُ كَأَنَّ كَلبا أبقَعَ يَلَغُ[1] فى دِماءِ أهلِ بَيتى» .... وقالَ الحُسَينُ عليه السلام: رَأَيتُ كَأَنَّ كِلابا تَنهَشُنى، وكَأَنَّ فيها كَلبا أبقَعَ[2] كانَ أشَدَّهُم عَلَيَّ، وهُوَ أنتَ، وكانَ أبرَصَ.[3]

۳۱۵) مثیر الاحزان: ایک شخص نے آ کر کہا؛ حسین علیہ السلام کہاں ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میں یہاں ہوں،

اس شخص نے کہا؛ جہنم کی خوشخبری لو،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ میں مہربان خدا کی شفاعت کی خوشخبری دیتا ہوں،

امام حسین علیہ السلام نے پوچھا؛ تو کون ہے؟

اس نے کہا میں شمر بن ذی الجوشن ہوں،

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ اللہ اکبر، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ میں نے سیاہ و سفید کتا دیکھا ہے جو میرے اہل بیت کے خون کو زبان لگا رہا تھا۔

نیز فرمایا؛ میں نے ایسے کتوں کو دیکھا ہے جو مجھے کاٹ رہے تھے اور برص مرض جیسا کتا تھا جو مجھ پر دوسروں سے زیادہ حملہ کر رہا تھا اور وہ تو ہے شمر جو برص کے مرض میں مبتلا ہے۔

---

[1] وَلَغَ يَلَغُ: أى شرب منه بلسانه (النهاية: ج5 ص226، ولغ).

[2] الأبقَعُ: ما خالط بياضه لون آخر (لسان العرب: ج8 ص17، بقع).

[3] مثير الأحزان: ص64، بحار الأنوار: ج45 ص31؛ أنساب الأشراف: ج3 ص401 وفيه صدره إلى «أهل بيتى».

الفصل الخامِسَ عَشَرَ: إجابة دعوات الإمام و کراماته

پندرھویں فصل: امام کی کرامات اور دعا کا قبول ہونا

خَلاصُ يَدِ رَجُلٍ فِي الطَّوافِ

طواف میں ایک شخص کے ہاتھ کو بچانا

316. تهذيب الأحكام عن أيّوب بن أعين عن أبي عبد الله علیہ السلام إنَّ امرَأَةً كانَت تَطوفُ وخَلفَها رَجُلٌ، فَأَخرَجَت ذِراعَها،

فَقالَ [1] بِيَدِهِ حَتّى وَضَعَها عَلى ذِراعِها، فَأَثبَتَ اللهُ يَدَهُ في ذِراعِها حَتّى قَطَعَ الطَّوافَ. وأُرسِلَ إلَى الأَميرِ، وَاجتَمَعَ النّاسُ،

وأُرسِلَ إلَى الفُقَهاءِ، فَجَعَلوا يَقولونَ: إقطَع يَدَهُ فَهُوَ الَّذي جَنَى الجِنايَةَ.

فَقالَ: هاهُنا أَحَدٌ مِن وُلدِ مُحَمَّدٍ رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم؟ فَقالوا: نَعَم، الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ علیہ السلام، قَدِمَ اللَّيلَةَ. فَأَرسَلَ إلَيهِ فَدَعاهُ،

فَقالَ: اُنظُر ما لَقِيا ذانِ! فَاستَقبَلَ القِبلَةَ ورَفَعَ يَدَيهِ فَمَكَثَ طَويلاً يَدعو، ثُمَّ جاءَ إلَيها حَتّى خَلَّصَ يَدَهُ مِن يَدِها.

فَقالَ الأَميرُ: ألا نُعاقِبُهُ بِما صَنَعَ؟

فَقالَ: لا [2] [3]

۳۱۹) تہذیب الاحکام: ایوب بن اعین نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے؛ ایک عورت طواف کی حالت میں تھی اور یک مرد اس کے پیچھے طواف کر رہا تھا، عورت نے اپنی کہنی کو باہر نکالا اور مرد نے بھی اس پر ہاتھ رکھا، خدا نے

---

[1] في المناقب لابن شهر آشوب: «فمال» بدل «فقال»، والظاهر أنّه الصواب.

[2] لعلّ السبب في عدم موافقة الإمام علیہ السلام على عقوبة الرجل، هو أنّه أُخزي أمام الآخرين، وهذه عقوبة إلهيّة له، وهي كافية لعقوبته الدنيوية أيضا.

[3] تهذيب الأحكام: ج5 ص470 ح1647، المناقب لابن شهر آشوب: ج4 ص51، بحار الأنوار: ج44 ص183 ح10.

اس مرد کے ہاتھ کو عورت کی کہنی پر ایسے چپکا دیا کہ مجبور ہو کر اس کو طواف توڑنا پڑا، (مکہ) کے حاکم کی طرف پیغام بھیجا گیا اور لوگ جمع ہو گئے اور فقہاء کو خبر دی گئی، انہوں نے پوچھا: کیا ادھر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد میں سے کوئی ہے؟

لوگوں نے کہا؛ ہاں، کل رات حسین بن علی علیہ السلام آئے ہیں،

امام علیہ السلام کی طرف کسی کو بھیج کر بلایا گیا اور حاکم نے کہا؛ دیکھو ان دو کو کیا ہوا ہے؟

امام علیہ السلام نے رو بقبلہ ہو کر ہاتھ بلند کر کے کچھ دیر تک دعا مانگی پھر عورت کے نزدیک آ کر اسکے ہاتھ سے مرد کے ہاتھ کو جدا کیا،

حاکم نے کہا؛ کیا ہم اس مرد کو اپنے کام کی وجہ سے سزا نہ دیں؟ امام علیہ السلام نے فرمایا؛ نہیں۔

15/2

اِخضِرارُ النَّخلَةِ اليابِسَةِ

خشک خرما کے درخت کا سبز ہو جانا

317. دلائل الإمامة عن محمّد الكنانى عن أبى عبد الله عليه السلام خَرَجَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام فى بَعضِ أسفارِهِ ومَعَهُ رَجُلٌ مِن وُلدِ الزُّبَيرِ بنِ العَوّامِ يَقولُ بِإمامَتِهِ، فَنَزَلوا فى طَريقِهِم بِمَنزِلٍ تَحتَ نَخلَةٍ يابِسَةٍ قَد يَبِسَت مِنَ العَطَشِ، فَفُرِشَ لِلحُسَينِ عليه السلام [1] تَحتَها، وبِإزائِهِ نَخلَةٌ اُخرى [لَيسَ] [2] عَلَيها رُطَبٌ. قال: فَرَفَعَ يَدَهُ ودَعا بِكَلامٍ لَم أفهَمهُ، فَاخضَرَّتِ النَّخلَةُ وعادَت إلى حالِها، وأورَقَت وحَمَلَت رُطَبا. فَقالَ الجَمّالُ الَّذِى اكتَرى مِنهُ: هذا سِحرٌ وَاللهِ! فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: وَيلَكَ، إنَّهُ لَيسَ بِسِحرٍ، ولكِن دَعوَةُ ابنِ نَبِيٍّ مُستَجابَةٌ. قالَ: ثُمَّ صَعِدُوا النَّخلَةَ فَجَنَوا مِنها ما كَفاهُم جَميعا. [3]

۳۱۷) دلائل الامامۃ: محمد کنانی نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے؛ امام حسین علیہ السلام نے ایک سفر کیا جس میں زبیر بن عوام کی اولاد میں سے ایک شخص ساتھ تھا اور وہ اس کی امامت کا عقیدہ رکھتا تھا، سفر کے دوران ایک جگہ پر ایک

---

[1] فى الطبعة المعتمدة: «ففرش الحسينُ»، والتصويب من طبعة النجف.

[2] الزيادة من طبعة النجف.

[3] دلائل الإمامة: ص186 ح105، وفى الكافى: ج1 ص462 ح4 والعدد القويّة: ص36 ح31، خرج الحسن بن علي عليه السلام.....

خرما کے خشک درخت کے نیچے جو درخت پانی نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہوگیا تھا، بیٹھے، اس درخت کے نیچے امام حسین علیہ السلام کے لئے ایک فرش بچھایا گیا اور امام علیہ السلام کے سامنے درخت خشک اور بغیر پھل کے تھا۔

(وہ زبیر کا فرزند) کہتا ہے؛ امام علیہ السلام نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی جو میں نہیں سمجھ سکا کھجور کا درخت سبز ہوا، اور اپنی پہلے والی حالت پر لوٹ آیا اور اس میں پتے اور کھجور آ گئے، جس شخص سے اونٹ کرائے پر لیا ہوا تھا اس نے کہا؛ خدا کی قسم یہ جادو ہے،

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ وائے ہو تم پر یہ جادو نہیں ہے، بلکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند کی قبولیت دعا ہے، پھر قافلے والوں نے درخت پر جا کر اتنے کھجور توڑے کہ سب کے لئے کافی ہو گئے۔

15/3

اِحیاءُ المَیِّتِ

مردہ کو زندہ کرنا

318. الخرائج والجرائح عن يحيى بن أُمّ الطويل: كُنّا عِندَ الحُسَينِ عليه السلام إذ دَخَلَ عَلَيهِ شابٌّ يَبكي، فَقالَ لَهُ الحُسَينُ عليه السلام: ما يُبكيكَ؟ قالَ: إنَّ والِدَتي تُوُفِّيَت في هذِهِ السّاعَةِ ولَم توصِ، ولَها مالٌ، وكانَت قَد أمَرَتني ألاّ اُحدِثَ في أمرِها شَيئا حَتّى اُعلِمَكَ خَبَرَها. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: قوموا بِنا حَتّى نَصيرَ إلى هذِهِ الحُرَّةِ. فَقُمنا مَعَهُ حَتّى انتَهَينا إلى بابِ البَيتِ الَّذي فيهِ المَرأَةُ وهِيَ مُسَجّاةٌ[1]، فَأَشرَفَ عَلَى البَيتِ ودَعَا اللهَ لِيُحيِيَها حَتّى توصِيَ بِما تُحِبُّ مِن وَصِيَّتِها، فَأَحياهَا اللهُ، وإذَا المَرأَةُ جَلَسَت وهِيَ تَتَشَهَّدُ، ثُمَّ نَظَرَت إلَى الحُسَينِ عليه السلام فَقالَت: اُدخُلِ البَيتَ يا مَولايَ ومُرني بِأَمرِكَ. فَدَخَلَ وجَلَسَ عَلى مِخَدَّةٍ ثُمَّ قالَ لَها: وَصّي يَرحَمُكِ اللهُ. فَقالَت: يَابنَ رَسولِ اللهِ، إنَّ لي مِنَ المالِ كَذا وكَذا في مَكانِ كَذا وكَذا، وقَد جَعَلتُ ثُلُثَهُ إلَيكَ لِتَضَعَهُ حَيثُ شِئتَ مِن أولِيائِكَ، والثُّلُثانِ لِابني هذا إن عَلِمتَ أنَّهُ مِن مَوالِيكَ وأولِيائِكَ، وإن كانَ مُخالِفا فَخُذهُ إلَيكَ، فَلا حَقَّ لِلمُخالِفينَ في

---

[1] سُجّي: أي غُطّي، والمُتَسجّي: المتغطّي (النهاية: ج2 ص344 «سجا»).

أموالِ المُؤمِنينَ. ثُمَّ سَأَلَتهُ أن يُصَلِّيَ عَلَيها وأن يَتَوَلّى أمرَها، ثُمَّ صارَتِ المَرأَةُ مَيِّتَةً كَما كانَت.[1]

۳۱۸) خرائج و جرائح میں یحییٰ بن ام طویل سے نقل ہے؛ ہم امام حسین علیہ السلام کے پاس تھے کہ ایک جوان روتے ہوئے آیا،

امام حسین علیہ السلام نے اس سے پوچھا: کیوں رو رہے ہو؟

اس نے کہا؛ میری ماں ابھی ابھی مرگئی ہے اوراس نے وصیت نہیں کی اور اس کا مال تھا کہ مجھے حکم دے کر گئی ہے کہ اس کو ہاتھ نہ لگاؤں جب تک آپ کو نہ بتا دوں،

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ ہمارے ساتھ آجا تا کہ اس آزاد عورت کی طرف چلیں، ہم ان کے ساتھ اٹھ کر چلے، یہاں تک کہ ایک گھر (کمرے) میں پہنچے جہاں وہ عورت تھی، امام علیہ السلام گھر کے دروازے پر کھڑے ہوکر خدا کے چاہا کہ اس عورت کو زندہ کرے تا کہ جس کے بارے میں چاہے وصیت کرے خدا نے بھی اس عورت کو زندہ کیا اور وہ اٹھ کر بیٹھی درحالانکہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی دینے لگی، پھر امام حسین علیہ السلام کی جانب دیکھ کر کہا؛ اے میرے مولیٰ! گھر میں آجائیں اور مجھے حکم دیں،

امام حسین علیہ السلام اندر داخل ہوئے اور تکیہ پر ٹیک لگا کر بیٹھے پھر عورت سے کہا؛ وصیت کرو، خدا تجھے معاف کرے،

عورت نے کہا؛ اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند، میں نے فلاں فلاں کو دیا جس کو چاہے دے دو اور اس کے باقی دو حصے میرے اس بیٹے کے لئے ہیں، اگر آپ کہ پتہ ہو کہ آپ کے چاہنے والوں میں سے ہے لیکن اگر مخالف ہے تیرا تو وہ مال بھی آپ ہی اٹھائیں کیونکہ مومنوں کے مال میں اہل بیت کے مخالف کو کوئی حق نہیں ہے،

پھر امام علیہ السلام نے اس پر نماز پڑھنا چاہی اور اس کے کفن اور دفن کا انتظام کیا، پھر عورت اسی طرح انتقال کر گئی جس طرح پہلے کر گئی تھی۔

---

[1] الخرائج والجرائح: ج1 ص245 ح1، الثاقب فی المناقب: ص344 ح290، بحار الأنوار: ج44 ص180 ح3 وراجع: الصراط المستقيم: ج2 ص178 ح10.

15/4

بَرَکَةُ ماءِ البِئرِ

کنویں کے پانی میں برکت کا آجانا

319. الطبقات الكبرى عن أبي عون: لَمّا خَرَجَ حُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام مِنَ المَدينَةِ يُرِيدُ مَكَّةَ، مَرَّ بِابنِ مُطيعٍ وهُوَ يَحفِرُ بِئرَهُ، فَقالَ لَهُ: أينَ فِداكَ أبي وأُمّي؟ قالَ: أرَدتُ مَكَّةَ. وذَكَرَ لَهُ أنَّهُ كَتَبَ إلَيهِ شيعَتُهُ بِها .. فَقالَ لَهُ ابنُ مُطيعٍ: أينَ [1] فِداكَ أبي وأُمّي! مَتِّعنا بِنَفسِكَ ولا تَسِر إلَيهِم. فَأَبى حُسَينٌ عليه السلام، فَقالَ لَهُ ابنُ مُطيعٍ: إنَّ بِئرِي هذِهِ قَد رَشَّحتُها [2]، وهذَا اليَومُ أوانُ ما خَرَجَ إلَينا فِي الدَّلوِ شَيءٌ مِن ماءٍ، فَلَو دَعَوتَ اللهَ لَنا فيها بِالبَرَكَةِ. قالَ: هاتِ مِن ماءِها. فَأُتِيَ مِن ماءِها فِي الدَّلوِ، فَشَرِبَ مِنهُ، ثُمَّ مَضمَضَ ثُمَّ رَدَّهُ فِي البِئرِ، فَأَعذَبَ وأمهى. [3] [4]

۳۱۹) طبقات کبری: ابوعون سے نقل ہے؛ جب امام حسین علیہ السلام مدینے سے مکہ کے لئے باہر نکلے تو امام علیہ السلام کا گذر ابن مطیع شخص سے ہوا جو کنوا کھود رہا تھا، اس نے امام علیہ السلام سے کہا؛ میرے ماں باپ، آپ پر قربان، کہاں جارہے ہیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ مکہ کی طرف جارہا ہوں، اور جن پیروکاروں نے خط لکھے تھے ان کے بارے میں بتایا،

ابن مطیع نے ان سے کہا، میرے ماں باپ آپ پر قربان! ہمیں فائدہ پہنچائیں ان کی طرف نہ جائیں لیکن امام علیہ السلام نے انکار کردیا،

ابن مطیع نے ان سے کہا؛ اس کنویں کو میں نے تیار کیا ہے، آج ہمیں اس سے ایک ڈول پانی کا ملتا ہے، کاش آپ اس کی برکت کے لئے دعا کریں۔

---

[1] فی المصدر: «إنّي»، والصواب ما أثبتناه كما فی المصادر الأُخرى.

[2] التَّرشيح: التَّهيئة للشيء (لسان العرب: ج2 ص450، رشح).

[3] ماهَتِ الرَّكِيَّةُ [البئرُ]: كثُر ماؤها. وأماهَها اللهُ: أكثر ماءَها (المصباح المنير: ص587، موه).

[4] الطبقات الكبرى: ج 5 ص144، تاريخ دمشق: ج14 ص182، تاريخ الإسلام للذهبي: ج 5 ص 8، بغية الطلب فی تاريخ حلب: ج6 ص2592 عن ابن عون.

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ اس سے پانی لے کر آؤ، پانی کا ڈول لے کر آیا، امام علیہ السلام نے اسے پیا، کلی کی اور باقی پانی کنویں میں ڈال دیا، کنویں کا پانی میٹھا اور زیادہ ہو گیا۔

15/5

وِلادَةُ غُلامٍ

فرزند کی ولادت

320. فرج المهموم عن أبي عبد الله عليه السلام: خَرَجَ الحُسَينُ عليه السلام إلى مَكَّةَ فى سَنَةٍ ماشِيا، فَوَرِمَت قَدَماهُ، فَقالَ لَهُ بَعضُ مَواليهِ: لَوِ ركِبتَ لَيَسكُنُ الوَرَمُ هذا مِنكَ؟ فَقالَ: كَلاّ، إذا أتَينا هذَا المَنزِلَ فَإنَّهُ يَستَقبِلُكَ أسوَدُ ومَعَهُ دُهنٌ فَاشتَرِهِ. فَقالَ لَهُ مَولاهُ: بِأَبى أنتَ وأُمّى، ما قُدّامَنا مَنزِلٌ يَبيعُ فيهِ أحَدٌ هذَا الدُّهنَ؟

فَقالَ: بَلى، أمامَكَ دونَ المَنزِلِ. فَسارَ ميلاً فَإذا هُوَ بِالأَسوَدِ.

فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام لِمَولاهُ: دونَكَ الرَّجُلَ فَخُذ مِنهُ الدُّهنَ وأعطِهِ الثَّمَنَ. فَقالَ الأَسوَدُ لِلمَولى: لِمَن أرَدتَ هذَا الدُّهنَ؟

فَقالَ: لِلحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام، فَقالَ: اِنطَلِق بِنا إلَيهِ. فَصارَ نَحوَهُ فَسَلَّمَ وقالَ: يَابنَ رَسولِ اللهِ أنَا مَولاكَ فَلا آخُذُ مِنكَ ثَمَنا، ولكِنِ ادعُ اللهَ أن يَرزُقَنى وَلَدا ذَكَرا سَوِيّا يُحِبُّكُم أهلَ البَيتِ، فَإنّى خَلَّفتُ امرَأَتى تَمخَضُ [1].

فَقالَ: اِنطَلِق إلى مَنزِلِكَ فَإنَّ اللهَ قَد وَهَبَ لَكَ وَلَدا سَوِيّا. فَذَهَبَ فَوَجَدَهُ، ثُمَّ عادَ إلَى الحُسَينِ عليه السلام فَدَعا لَهُ بِالخَيرِ لِوِلادَةِ الغُلامِ لَهُ.

ثُمَّ إنَّ الحُسَينَ عليه السلام مَسَحَ مِنَ الدُّهنِ، فَما قامَ مِن مَوضِعِهِ حَتّى ذَهَبَ الوَرَمُ عَنهُ. [2]

---

[1] مَخَضَت: أى تحرّك الولد فى بطنها للولادة. فضربها المخاض (النهاية: ج 4 ص 306، مخض).

[2] فرج المهموم: ص 226، بحار الأنوار: ج 44 ص 185 ح 13، وفى الكافى: ج 1 ص 463 ح 6 ودلائل الإمامة: ص 172 ح 93 والعُدد القويّة: ص 30 ح 20، خرج الحسن بن علي عليه السلام.....

۳۲۰) فرج المھموم میں امام صادق علیہ السلام سے ہے؛ ایک سال امام حسین علیہ السلام پیدل مکہ گئے اور آپ کے پاؤں سوج گئے ایک نزدیکی شخص نے امام علیہ السلام سے کہا؛ کاش سوار ہوجاتے تا کہ آپ کے پیروں کی سوجن ختم ہوجاتی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ بالکل نہیں جب اس جگہ ہم پہنچے تو ایک سیاہ پوست شخص تیل لے کر ہمارے پاس آئے گا اور تم وہ اس سے خرید لینا۔

اس نزدیکی شخص نے کہا؛ میرے ماں باپ آپ پر قربان ! آگے کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں پر کوئی یہ تیل کو بیچے،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ کیوں نہیں، تیرے آگے اور منزل گاہ پہنچنے سے پہلے آئے گا،

بس جب ایک میل چلے تو ایک سیاہ پوست شخص کو دیکھا، امام حسین علیہ السلام نے اس سے فرمایا؛ یہ وہی شخص ہے، اس سے تیل خرید لو اور اس کی قیمت دو،

سیاہ پوست شخص نے اس نزدیکی شخص سے پوچھا: یہ تیل کس کے لئے چاہتے ہو؟

اس نے کہا؛ حسین بن علی علیہ السلام کے لئے، اس نے کہا؛ ہمیں اس کے پاس لے چلو،

وہ شخص امام علیہ السلام کے پاس آیا اور سلام دے کر کہا؛ اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند: میں آپ کا غلام ہوں اور آپ سے پیسے نہیں لوں گا، لیکن آپ دعا کریں کہ خدا مجھے صحیح سالم بیٹا عطا کرے جو آپ اہل بیت سے محبت کرے، کیوں کہ میری بیوی بچہ جننے کی حالت میں ہے،

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ اپنے گھر واپس جاؤ کہ خدا نے تجھے سالم بیٹا عطا کیا ہے، وہ گیا اور ایسے ہی دیکھا پھر وہ امام حسین علیہ السلام کی طرف واپس آیا اور امام علیہ السلام نے اس کے بیٹے کی ولادت کی وجہ سے اس کے لئے دعائے خیر مانگی۔

اس وقت امام حسین علیہ السلام نے اپنے پیروں کو روغن (تیل) لگایا اور اپنی جگہ سے نہیں اٹھے تھے کہ آپ کے پیروں کے ورم ختم ہوگئے۔

15/6

ضالَّةُ الأَعرابِيِّ

اعرابی کی کھوئی ہوئی چیز کے بارے میں رہنمائی

321. إثبات الهداة عن عبد الله بن عبّاس: كُنتُ جالِسا عِندَ الحُسَينِ عليه السلام فَجاءَهُ أعرابِيٌّ، وقالَ: ضَلَّ بَعيري ولَيسَ لي غَيرُهُ، وأنتَ ابنُ رَسولِ اللهِ أرشِدني إلَيهِ. فَقالَ: إذهَب إلى مَوضِعِ كَذا فَإنَّهُ فيهِ وفي مُقابِلِهِ أسَدٌ. فَذَهَبَ إلى ذلِكَ المَوضِعِ فَوَجَدَهُ كَما قالَ عليه السلام.[1]

۳۲۱) اثبات الھداۃ: عبداللہ بن عباس سے نقل ہے؛ میں امام حسین علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک بادیہ نشین عرب آیا اور کہا؛ میرا اونٹ گم ہوگیا ہے اور آپ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند ہیں مجھے اس کے بارے میں بتایئے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا؛ فلاں جگہ جاؤ وہاں ہے جس کے سامنے شیر بھی کھڑا ہے،

بادیہ نشین گیا، اس اونٹ کے پاس گیا جہاں جیسے امام علیہ السلام نے بتایا تھا ایسے اس نے پایا۔

15/7

جَنابَةُ الأَعرابِيِّ

اعرابی کے مجنب ہونے کی خبر دینا

322. الخرائج والجرائح عن جابر الجعفي عن زين العابدين عليه السلام أقبَلَ أعرابِيٌّ إلَى المَدينَةِ لِيَختَبِرَ الحُسَينَ عليه السلام لِما ذُكِرَ لَهُ مِن دَلائِلِهِ، فَلَمّا صارَ بِقُربِ المَدينَةِ خَضخَضَ[2] ودَخَلَ المَدينَةَ، فَدَخَلَ عَلَى الحُسَينِ عليه السلام وهُوَ جُنُبٌ. فَقالَ لَهُ أبو عَبدِ اللهِ الحُسَينُ عليه السلام: أما تَستَحي يا أعرابِيُّ أن تَدخُلَ

---

[1] إثبات الهداة: ج2 ص591 ح85 نقلاً عن كتاب التحفة في الكلام.

[2] الخَضخَضَة: الاستِمناء، وهو استنزال المَنيّ في غير الفَرج. وأصل الخضخضة التحريك (النهاية: ج2 ص39، خضخض).

إلى إمامِكَ وأنتَ جُنُبٌ؟! وقالَ: أنتُم مَعاشِرَ العَرَبِ إذا خَلَوتُم خَضخَضتُم.[1]

۳۲۲) خرائج و جرائح: جابر جعفی نے امام زین العابدین سے نقل کیا ہے، ایک بادیہ نشین عرب سے مدینے گیا تا کہ حسین علیہ السلام کی (امامت کی) دلیلوں کے بارے میں جو سنی تھیں، امتحان لے جب مدینے کے نزدیک پہنچا تو استمنا کیا اور مدینے میں داخل ہوا اور جنابت کی حالت میں امام حسین علیہ السلام کے پاس آیا،

امام حسین علیہ السلام نے اس سے کہا؛ اے اعرابی؛ تجھے شرم نہیں آتی کہ جنابت کی حالت میں اپنے امام علیہ السلام کے پاس آئے ہو؟

تم عرب لوگ جب اکیلے میں جاتے ہو تو استمنا کرتے ہو۔

---

[1] الخرائج والجرائح: ج1 ص246 ح2، الصراط المستقيم: ج2 ص178 ح2 نحوه، بحار الأنوار: ج44 ص181 ح4.

قَالَ الْحُسَيْنُ عليه السلام:

اَعْجَزُ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعَاءِ

وَ اَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلامِ۔ [1]

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:

لوگوں میں سب سے کمزور وہ ہے جو دعا سے عاجز ہو

اور سب سے بڑا کنجوس وہ ہے جو سلام کرنے میں کنجوسی کرے۔

---

[1] بحار الانوار: ۹۳، ۲۹۴؛ موسوعة كلمات الامام الحسين عليه السلام: ص ۴۸۱، ح ۹۷۱

البابُ الرّابعُ

الحکم العبادیّة

عبادتی حکمتیں

سُئِلَ الْاِمَامُ الْحُسَيْنُ عليه السلام عَنِ الْاَدَبِ فَقَالَ:

هُوَ اَنْ تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِكَ فَلا تُلْقِيَ اَحَداً اِلَّا رَاَيْتَ لَهُ الْفَضْلَ عَلَيْكَ۔ [1]

حضرت امام حسین علیہ السلام سے ادب کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا:

ادب یہ ہے کہ جب تم اپنے گھر سے باہر نکلو تو جس سے بھی ملاقات کرو اس کو اپنے سے بہتر جانو۔

(یعنی ہمیشہ دوسروں کو اپنے سے بہتر سمجھو اور ان کا احترام کرو)۔

---

[1] دیوان الامام الحسین علیہ السلام: ص۹۹؛ موسوعة کلمات الامام الحسین علیہ السلام: ص۹۱۰، ۷۵۰

الفصل الأَوَّلُ: العبادة

پہلی فصل: عبادت

1/1

ثَمَرَةُ العِبادَةِ

عبادت کا ثمرہ

323. تنبيه الخواطر عن الإمام الحسين عليه السلام: مَن عَبَدَ اللهَ حَقَّ عِبادَتِهِ، آتاهُ اللهُ فَوقَ أمانِيِّهِ و كِفايَتِهِ.[1]

۳۲۳) تنبیہ الخوطر: امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ جو بھی خدا کی عبادت اسی طرح انجام دے جس طرح حق ہے تو خدا اسے اور ضرورت سے زیادہ عطا کرے گا۔

1/2

أنواعُ العِبادَةِ

عبادت کی قسمیں

324. تحف العقول عن الإمام الحسين عليه السلام: إنَّ قَوما عَبَدُوا اللهَ رَغبَةً فَتِلكَ عِبادَةُ التُّجّارِ،

---

[1] تنبيه الخواطر: ج2 ص108، التفسير المنسوب إلى الإمام العسكري عليه السلام: ص327 ح179، بحار الأنوار: ج71 ص184 ح44.

وإنَّ قوما عَبَدُوا اللهَ رَهبَةً فَتِلكَ عِبادَةُ العَبيدِ، وإنَّ قوما عَبَدُوا اللهَ شُكرا فَتِلكَ عِبادَةُ الأَحرارِ، وهِيَ أفضَلُ العِبادَةِ.[1]

۳۲۴) تحف العقول: امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ کچھ لوگ خدا کی عبادت (جنت کی) لالچ میں کرتے ہیں ان کی یہ عبادت تاجروں والی ہے کچھ لوگ خدا کی عبادت خوف سے کرتے ہیں، ان کی یہ عبادت غلاموں والی ہے، اور کچھ لوگ خدا کی عبادت شکر کی وجہ سے کرتے ہیں اور ان کی یہ عبادت آزادوں والی ہے اور بہترین وافضل عبادت ہے۔

1/3

شَرطُ قَبولِ العِبادَةِ

عبادت کے قبول ہونے کی شرط

325. دعائم الإسلام: عَنِ الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام أنَّهُ قيلَ لَهُ: إنَّ عَبدَ اللهِ بنَ عامِرٍ[2] تَصَدَّقَ اليَومَ بِكَذا و كَذا، وأعتَقَ اليَومَ كَذا و كَذا. فَقالَ: إنَّما مَثَلُ عَبدِ اللهِ بنِ عامِرٍ كَمَثَلِ الَّذي يَسرِقُ الحاجَّ ثُمَّ يَتَصَدَّقُ بِما سَرَقَ. وإنَّمَا الصَّدَقَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةُ الَّذي عَرِقَ فيها جَبينُهُ، وَاغبَرَّ فيها وَجهُهُ. قيلَ لِأَبي عَبدِ اللهِ عليه السلام: مَن عَنى بِذلِكَ؟ قالَ: عَنى بِهِ عَلِيّا عليه السلام.[3]

۳۲۵) دعائم الاسلام: امام حسین علیہ السلام سے کہا گیا؛ عبداللہ بن عامر نے آج فلاں مقدار میں صدقہ دیا اور فلاں تعداد میں غلام آزاد کئے ہیں، امامؑ نے فرمایا؛ عبداللہ عامر کی مثال اس چور جیسی ہے جو حاجیوں کی چوری کرتا ہے اور پھر اس (مال کو) صدقہ میں خرچ کرتا ہے، پاکیزہ صدقہ، اس شخص کا ہے جس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا ہو۔

امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا؛ ان کا مقصد کون سا شخص تھے؟

---

[1] تحف العقول: ص246، بحار الأنوار: ج78 ص117 ح5.

[2] عبد الله بن عامر بن كريز القرشي العبشمي، عامل عثمان على البصرة بعد أبي موسى، وولاّه أيضا بلاد فارس بعد عثمان بن أبي العاص، ولم يزل واليا على البصرة إلى أن قتل عثمان، فلمّا سمع ابن عامر بقتله حمل ما في بيت المال وسار إلى مكّة، وقد ولي البصرة مرّة أُخرى ثلاث سنين في عهد معاوية. ولد في عهد رسول الله صلى الله عليه وآله، وتوفّي سنة سبع، وقيل: سنة ثمان وخمسين (أُسد الغابة: ج3 ص289 الرقم 3033، الطبقات الكبرى: ج5 ص44).

[3] دعائم الإسلام: ج2 ص329 ح1244 و ج1 ص244 نحوه، بحار الأنوار: ج96 ص27 ح56.

آپ نے فرمایا! ان کا مقصد علی علیہ السلام تھے (جس نے اپنی کمائی سے صدقہ دیا نہ کہ بیت المال سے)۔

326.تاريخ أصبهان عن أبي إسحاق عن الحسين بن عليّ: قالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَثَلُ الَّذي يُصيبُ المالَ مِنَ الحَرامِ ثُمَّ يَتَصَدَّقُ بِهِ، لَم يُتَقَبَّل مِنهُ إلاّ كَما يُتَقَبَّلُ مِنَ الزّانِيَةِ الَّتي تَزني ثُمَّ تَتَصَدَّقُ بِهِ عَلَى المَرضى.[1]

۳۲۶) تاریخ اصبہان: ابواسحاق نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ جو شخص حرام طریقے سے مال کمائے پھر اس مال کا صدقہ دے تو اس کا صدقہ قبول نہیں ہے، سوائے (اس صدقہ کے) جو ایک زنا کار عورت کا ہے جو اپنے زنا کی کمائی مریضوں کے لئے صدقہ دیتی ہے۔

1/4

صِدقُ العُبودِيَّةِ

سچی بندگی

327.الإقبال عن الإمام الحسين علیہ السلام فيما نُسِبَ إلَيهِ مِن دُعاءِ عَرَفَةَ: إلهي هذا ذُلّي ظاهِرٌ بَينَ يَدَيكَ، وهذا حالي لا يَخفى عَلَيكَ، مِنكَ أطلُبُ الوُصولَ إلَيكَ، وبِكَ أستَدِلُّ عَلَيكَ، فَاهدِني بِنورِكَ إلَيكَ، وأقِمني بِصِدقِ العُبودِيَّةِ بَينَ يَدَيكَ.[2]

۳۲۷) الاقبال: امام حسین علیہ السلام نے دعائے عرفہ میں فرمایا؛ میرے خدا! یہ میری ذلت تیرے سامنے واضح ہے اور ایسی حالت ہے جو تجھ سے پوشیدہ نہیں ہے، تجھ تک پہنچنے کو تجھ سے مانگتا ہوں اور تجھ تک آنے کا راستہ تجھ سے راستہ مانگتا ہوں، بس تو اپنے نور سے میری رہنمائی فرما اور سچی بندگی سے اپنے ہاں بلا لے۔

---

[1] تاريخ أصبهان: ج2 ص216 ح1499، كنز العمّال: ج4 ص14 ح9262.

[2] الإقبال (طبعة دار الكتب الإسلاميّة): ص349، بحار الأنوار: ج98 ص226 ح3.

1/5

شِدَّةُ عِبادَةِ النَّبِيِّ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت کی کثرت

328. الاحتجاج عن موسى بن جعفر عن آبائه عن الحسين بن علي: لَقَد قامَ [رَسولُ اللهِ] صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَشرَ سِنينَ عَلى أطرافِ أصابِعِهِ، حَتّى تَوَرَّمَت قَدَماهُ وَاصفَرَّ وَجهُهُ، يَقومُ اللَّيلَ أجمَعَ، حَتّى عوتِبَ فى ذلِكَ، فَقالَ اللهُ عز و جل: «طه مَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْءَانَ لِتَشْقَى» [1] بَل لِتَسعَدَ بِهِ. [2]

۳۲۸) الاحتجاج: امام کاظم علیہ السلام نے اپنے اجداد سے اور انہوں نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے؛ (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) دس سال اپنی انگلیوں پر کھڑے ہو کر عبادت کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاؤں پر ورم ہو گئے اور چہرہ زرد ہو گیا۔ ساری رات عبادت کرتے تھے یہاں تک کہ خدا نے اس بارے میں ان کو منع کیا اور فرمایا؛

طاھا ہم نے اس لئے آپ پر قرآن نازل نہیں کیا کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں۔

بلکہ اس لئے ہے تا کہ تو خوشبخت ہو جائے۔

1/6

دَوامُ عَزمِ الطّاعَةِ

دائمی اطاعت کا ارادہ

329. الإقبال عن الإمام الحسين عليه السلام. فيما نُسِبَ إلَيهِ مِن دُعاءِ عَرَفَةَ: إلهي، إنَّكَ تَعلَمُ أنّي وإن لَم تَدُمِ الطّاعَةُ مِنّي فِعلاً جَزما، فَقَد دامَت مَحَبَّةً وعَزما. [3]

---

[1] طه: 1 و 2.

[2] الاحتجاج: ج1 ص520 ح127، بحار الأنوار: ج71 ص26.

[3] الإقبال (طبعة دار الكتب الإسلاميّة): ص348، بحار الأنوار: ج98 ص225 ح3.

۳۲۹) الاقبال : امام حسین علیہ السلام نے دعا ئے عرفہ میں فرمایا؛ اے میرے خدا! تو جانتا ہے کہ اگر چہ میری اطاعت و بندگی ہمیشگی والی نہیں لیکن تجھ سے محبت اور اس کی ہمیشگی کا ارادہ ہے۔

1/7

ذَمُّ الاِعتِمادِ عَلَى الطّاعَةِ

اطاعت پر بھروسہ کرنے کی مذمت

330. الإقبال عن الإمام الحسين عليه السلام، فيما نُسِبَ إلَيهِ مِن دُعاءِ عَرَفَةَ: إلهي، حُكمُكَ النّافِذُ ومَشِيَّتُكَ القاهِرَةُ لَم يَترُكا لِذي مَقالٍ مَقالاً، ولا لِذي حالٍ حالاً! إلهي كَم مِن طاعَةٍ بَنَيتُها، وحالَةٍ شَيَّدتُها، هَدَمَ اعتِمادي عَلَيها عَدلُكَ، بَل أقالَني مِنها فَضلُكَ.[1]

۳۳۰) الاقبال: امام حسین علیہ السلام نے دعائے عرفہ میں فرمایا؛ اے میرے خدا! تیرا حکم نافذ ہے اور تیری مشیت ثابت ہے، کسی تقریر کرنے والے کی بات اور قدر کے کام کی جگہ نہیں چھوڑی ہے، اے میرے خدا! کتنی ہی اطاعت تو نے قائم کی اور کتنی ہی حالت کو تو نے مضبوط کیا، تیری عدالت نے میرے اعتماد کو ختم کر دیا ہے۔ اور تیرے فضل کی واپسی میری طرف ہوئی ہے۔

---

[1] الإقبال (طبعة دار الكتب الإسلاميّة): ص 348، بحار الأنوار: ج 98 ص 225 ح 3.

الفصل الثّانی: الأذان

دوسری فصل: اذان

2/1

بَدءُ تَشریعِ الأَذانِ [1]

اذان کہنے کی شروعات کا حکم

331. دعائم الإسلام بإسناده عن الحسين بن علیؑ [2]: أنَّهُ سُئِلَ عَن قَولِ النّاسِ فِي الأَذانِ أنَّ السَّبَبَ كانَ فيهِ رُؤيا رَآها عَبدُ اللهِ بنُ زَيدٍ، فَأَخبَرَ بِها النَّبِيَّ ﷺ، فَأَمَرَ بِالأَذانِ. فَقالَ الحُسَينُ ؑ: الوَحيُ يَتَنَزَّلُ عَلى نَبِيِّكُم وتَزعُمونَ أنَّهُ أخَذَ الأَذانَ عَن عَبدِ اللهِ بنِ زَيدٍ، وَالأَذانُ وَجهُ دينِكُم! وغَضِبَ ؑ ثُمَّ قالَ: بَل سَمِعتُ أبي عَلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ رِضوانُ اللهِ عَلَيهِ وصَلَواتُهُ يَقولُ: أهبَطَ اللهُ عز و جل مَلَكا، حَتّى عَرَجَ بِرَسولِ اللهِ ﷺ. وذَكَرَ حَديثَ الإِسراءِ بِطولِهِ، اختَصَرناهُ نَحنُ هاهُنا. قالَ فيهِ: . وبَعَثَ اللهُ مَلَكا لَم يُرَ فِي السَّماءِ قَبلَ ذلِكَ الوَقتِ ولا بَعدَهُ، فَأَذَّنَ مَثنى وأقامَ مَثنى، وذَكَرَ كَيفِيَّةَ الأَذانِ. وقالَ جَبرائيلُ لِلنَّبِيِّ ﷺ: يا مُحَمَّدُ، هكَذا أذِّن لِلصَّلاةِ. [3]

۳۳۱) دعائم الاسلام: امام حسین علیہ السلام کے ساتھ کی گئی لوگوں کی گفتگو میں آیا ہے کہ کہہ رہے تھے کہ اذان کہنے کے حکم کا راز عبداللہ بن زید کا خواب تھا جو اس نے دیکھا پھر آ کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا اور انہوں نے اذان کہنے کا حکم دیا، (اسی بارے میں) امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ وحی تو تمہارے نبی پر نازل ہوتی ہے درحالانکہ کہ خیال کر رہے ہو کہ اس نے اذان عبداللہ بن زید سے سیکھی حالانکہ اذان تمہارے دین کا چہرہ ہے (یہاں پر امام علیہ السلام ناراض ہوئے اور فرمایا؛ بلکہ

---

[1] ولمزيد من التوضيح راجع: موسوعة ميزان الحكمة: ج2 عنوان «الأذان».

[2] في المصدر هنا زيادة: «عن علیّ صلوات الله عليه»، وهي من سهو النسّاخ والصواب ما أثبتناه من بحار الأنوار.

[3] دعائم الإسلام: ج1 ص142 عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام. الجعفريّات: ص42 عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام. بحار الأنوار: ج84 ص156 ح54.

میں نے سنا ہے کہ بابا علی علیہ السلام بن ابی طالب فرماتے تھے، خدا نے ایک فرشتہ بھیجا تا کہ وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کے لئے لے جائے، امام حسین علیہ السلام نے حدیث معراج کو (امام علی علیہ السلام سے نقل کرتے ہوئے) تفصیل سے بیان کیا ہم اس حدیث کا خلاصہ ادھر پیش کرتے ہیں، اسی میں یہ بھی ہے کہ فرمایا؛ خدا نے ایسے فرشتہ کو بھیجا کہ جو آسمان میں اس سے پہلے اور بعد میں کبھی نہیں دیکھا گیا، اس فرشتہ نے اذان او راقامت کے ہر جملے کو دو دو بار کہا اور اذان کا طریقہ بتایا، جبرئیل نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا؛ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اسی طرح نماز کے لئے اذان کہو۔

332. مسند البزّار عن زياد بن المنذر عن محمّد بن علىّ ب: لَمّا أرادَ اللهُ أن يُعَلِّمَ رَسولَهُ الأَذانَ أتاهُ جِبريلُ صَلَّى اللهُ عَلَيهِما بِدابَّةٍ يُقالُ لَهَا البُراقُ، فَذَهَبَ يَرْكَبُها، فَاستَصعَبَت، فَقالَ لَها جِبريلُ: اُسكُنى، فَوَاللهِ ما رَكِبَكِ عَبدٌ أكرَمَ عَلَى اللهِ مِن مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلم، قالَ: فَرَكِبَها، حَتّى انتَهى إلَى الحِجابِ الَّذى يَلِى الرَّحمنَ تَبارَكَ وتَعالى. قالَ: فَبَينَما هُوَ كَذلِكَ، إذ خَرَجَ مَلَكٌ مِنَ الحِجابِ، فَقالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: يا جِبريلُ مَن هذا؟ قالَ: وَالَّذى بَعَثَكَ بِالحَقِّ، إنّى لَأَقرَبُ الخَلقِ مَكانا وإنَّ هذَا المَلَكَ ما رَأَيتُهُ مُنذُ خُلِقتُ قَبلَ ساعَتى هذِهِ! فَقالَ المَلَكُ: اللهُ أكبَرُ، اللهُ أكبَرُ. قالَ: فَقيلَ لَهُ مِن وَراءِ الحِجابِ: صَدَقَ عَبدى، أنَا أكبَرُ أنَا أكبَرُ. ثُمَّ قالَ المَلَكُ: أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ. قالَ: فَقيلَ لَهُ مِن وَراءِ الحِجابِ: صَدَقَ عَبدى، أنَا لا إلهَ إلاّ أنَا. قالَ: فَقالَ المَلَكُ: أشهَدُ أنَّ مُحَمَّدا رَسولُ اللهِ. قالَ: فَقيلَ مِن وَراءِ الحِجابِ: صَدَقَ عَبدى، أنَا أرسَلتُ مُحَمَّدا. قالَ المَلَكُ: حَىَّ عَلَى الصَّلاةِ، حَىَّ عَلَى الفَلاحِ، قَد قامَتِ الصَّلاةُ. ثُمَّ قالَ المَلَكُ: اللهُ أكبَرُ اللهُ أكبَرُ. قالَ: فَقيلَ مِن وَراءِ الحِجابِ: صَدَقَ عَبدى، أنَا أكبَرُ أنَا أكبَرُ. ثُمَّ قالَ: لا إلهَ إلاَّ اللهُ. قالَ: فَقيلَ مِن وَراءِ الحِجابِ: صَدَقَ عَبدى، لا إلهَ إلاّ أنَا. قالَ: ثُمَّ أخَذَ المَلَكُ بِيَدِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلم فَقَدَّمَهُ فَهُم [1] أهلُ السَّماءِ فيهِم آدَمُ ونوحٌ. قالَ أبو جَعفَرٍ مُحَمَّدُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: يَومَئِذٍ أكمَلَ اللهُ لِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلم الشَّرَفَ عَلى أهلِ السَّماواتِ وَالأَرضِ. [2]

۳۳۲) مسند البزار: زیاد بن منذر نے نقل کیا ہے کہ؛ امام باقرؑ نے امام سجاد علیہ السلام سے اور انہوں نے امام حسین علیہ السلام سے اور انہوں نے امام علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ؛ جب خدا نے چاہا کہ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذان کی تعلیم

---

[1] كذا فى المصدر، والظاهر أنّ الصواب: «فأمّ».

[2] مسند البزّار: ج 2 ص 146 ح 508؛ صحيفة الإمام الرضا عليه السلام: ص 227 ح 115، عوالى اللآلى: ج 1 ص 26 ح 8 كلاهما عن أحمد بن عامر الطائى عن الإمام الرضا عن آبائه عنه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج 84 ص 151 ح 47.

دے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جبرئیل ایک سواری بنام براق لے کر آئے جب سوار ہونا چاہا تو براق نے سرکشی کی جبرئیل نے اسے کہا؛ آرام سے خدا کی قسم کوئی بھی تجھ پر سوار نہیں ہوا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ خدا کے نزدیک ہو،

پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے وہاں گئے کہ خدا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان حجاب ختم ہوگیا۔ اس وقت پردے سے ایک فرشتہ باہر نکلا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہے؟

جبرئیل نے کہا؛ قسم اس ذات کی جس نے آپ کو مبعوث کیا، مخلوق میں سب سے خدا کے نزدیک میں ہوں، لیکن میں نے اس فرشتے کو اپنی خلقت کے شروع سے ابھی تک نہیں دیکھا۔

فرشتے نے کہا؛ اللہ اکبر (خدا سب سے بڑا ہے)

پردے کے پیچھے سے اسے کہا گیا؛ میرے بندے نے سچ کہا ہے، میں سب سے بزرگ اور سب سے بڑا ہوں،

فرشتے نے کہا؛ اشھد ان لا الہ الا اللہ (میں گواہی دیتا ہوں خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں)

پردہ کے پیچھے سے کہا گیا؛ میرے بندے نے سچ کہا ہے، میرے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے،

فرشتے نے کہا؛ اشھد ان لا الہ الا اللہ (میں گواہی دیتا ہوں خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں)،

پردے کے پیچھے سے کہا گیا، میرے بندے نے سچ کہا ہے، میں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا ہے،

فرشتے نے کہا، حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح، قد قامت الصلوٰۃ، (نماز کی طرف آؤ، کامیابی کی طرف آؤ، نماز قام ہوگئی)

پھر فرشتے نے کہا؛ اللہ اکبر اللہ اکبر، (خدا سب سے بڑا ہے، خدا سب سے بڑا ہے)

پھر پردے کے پیچھے سے کہا گیا، میرے بندے نے سچ کہا ہے، میں سب سے بڑا ہوں، میں سب سے بڑا ہوں،

پھر (فرشتہ) نے کہا، لا الہ الا اللہ (اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں)،

پھر پردے کے پیچھے سے آواز آئی، میرے بندے نے سچ کہا ہے، میرے علاوہ کوئی خدا نہیں،

اس کے بعد فرشتے نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہاتھ پکڑا اور آگے لے کر آسمان والوں کی سیر کے لئے لے گیا جن کے درمیان آدم اور نوح علیہم السلام بھی تھے،

امام باقر علیہ السلام نے آگے فرمایا؛ اسی دن خدا نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فضیلت کو آسمان والوں اور زمین والوں پر مکمل

کیا۔

2/2

تَفسيرُ الأَذانِ

اذان کی تفسیر اور معنی

333. معاني الأخبار بإسناده عن الحسين بن علىّ بن أبي طا كُنّا جُلوسا فِي المَسجِدِ إذ صَعِدَ المُؤَذِّنُ المَنارَةَ فَقالَ: «اللهُ أكبَرُ اللهُ أكبَرُ» فَبَكى أميرُ المُؤمِنينَ عَلِيُّ بنُ أبي طالِبٍ عليه السلام وبَكَينا لِبُكائِهِ، فَلَمّا فَرَغَ المُؤَذِّنُ قالَ: أتَدرونَ ما يَقولُ المُؤَذِّنُ؟ قُلنا: اللهُ ورَسولُهُ ووَصِيُّهُ أعلَمُ! قالَ: لَو تَعلَمونَ ما يَقولُ لَضَحِكتُم قَليلاً ولَبَكَيتُم كَثيرا! فَلِقَولِهِ: «اللهُ أكبَرُ» مَعانٍ كَثيرَةٌ: مِنها: أنَّ قَولَ المُؤَذِّنِ: «اللهُ أكبَرُ» يَقَعُ عَلى قِدَمِهِ وأزَلِيَّتِهِ وأبَدِيَّتِهِ وعِلمِهِ وقُوَّتِهِ وقُدرَتِهِ وحِلمِهِ و كَرَمِهِ وجودِهِ وعَطائِهِ و كِبرِيائِهِ، فَإذا قالَ المُؤَذِّنُ: «اللهُ أكبَرُ» فَإنَّهُ يَقولُ: اللهُ الَّذى لَهُ الخَلقُ وَالأَمرُ وبِمَشِيَّتِهِ كانَ الخَلقُ، ومِنهُ كُلُّ شَيءٍ لِلخَلقِ، وإلَيهِ يَرجِعُ الخَلقُ، وهُوَ الأَوَّلُ قَبلَ كُلِّ شَيءٍ لَم يَزَل، وَالآخِرُ بَعدَ كُلِّ شَيءٍ لا يَزالُ، وَالظّاهِرُ فَوقَ كُلِّ شَيءٍ لا يُدرَكُ، وَالباطِنُ دونَ كُلِّ شَيءٍ لا يُحَدُّ، وهُوَ الباقي وكُلُّ شَيءٍ دونَهُ فانٍ. وَالمَعنَى الثّانى: «اللهُ أكبَرُ» أي العَليمُ الخَبيرُ عَلَيهِم [1] بِما كانَ ويَكونُ قَبلَ أن يَكونَ. وَالثّالِثُ: «اللهُ أكبَرُ» أي القادِرُ عَلى كُلِّ شَيءٍ، يَقدِرُ عَلى ما يَشاءُ، القَوِيُّ لِقُدرَتِهِ المُقتَدِرُ عَلى خَلقِهِ، القَوِيُّ لِذاتِهِ، قُدرَتُهُ قائِمَةٌ عَلَى الأَشياءِ كُلِّها، إذا قَضى أمرا فَإنَّما يَقولُ لَهُ: كُن، فَيَكونُ. وَالرّابِعُ: «اللهُ أكبَرُ» عَلى مَعنى حِلمِهِ و كَرَمِهِ، يَحلُمُ كَأَنَّهُ لا يَعلَمُ، ويَصفَحُ كَأَنَّهُ لا يَرى، ويَستُرُ كَأَنَّهُ لا يُعصى، لا يُعَجِّلُ بِالعُقوبَةِ كَرَما وصَفحا وحِلما. وَالوَجهُ الآخَرُ فى مَعنى «اللهُ أكبَرُ»: أي الجَوادُ جَزيلُ العَطاءِ كَريمُ الفَعالِ. [2] وَالوَجهُ الآخَرُ: «اللهُ أكبَرُ» فيهِ نَفيُ صِفَتِهِ و كَيفِيَّتِهِ، كَأَنَّهُ يَقولُ: اللهُ أجَلُّ مِن أن يُدرِكَ الواصِفونَ قَدرَ صِفَتِهِ الَّذى هُوَ مَوصوفٌ بِهِ، وإنَّما يَصِفُهُ الواصِفونَ

---

[1] كذا فى المصدر، وفى المصادر الأُخرى: «علم ما كان» بدل «عليهم بما كان».

[2] فى بعض نسخ المصدر: «النوال».

عَلى قَدرِهِم لا عَلى قَدرِ عَظَمَتِهِ وجَلالِهِ، تَعالَى اللهُ عَن أن يُدرِكَ الواصِفونَ صِفَتَهُ عُلُوّا كَبيرا.
وَالوَجهُ الآخَرُ: «اللهُ أكبَرُ» كَأَنَّهُ يَقولُ: اللهُ أعلى وأجَلُّ، وهُوَ الغَنِيُّ عَن عِبادِهِ، لا حاجَةَ بِهِ إلى أعمالِ خَلقِهِ. وأمّا قَولُهُ: «أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ» فَإعلامٌ بِأَنَّ الشَّهادَةَ لا تَجوزُ إلاّ بِمَعرِفَتِهِ مِنَ القَلبِ، كَأَنَّهُ يَقولُ: أعلَمُ أنَّهُ لا مَعبودَ إلاَّ اللهُ، وأنَّ كُلَّ مَعبودٍ باطِلٌ سِوَى اللهِ، وأُقِرُّ بِلِساني بِما في قَلبي مِنَ العِلمِ بِأَنَّهُ لا إلهَ إلاَّ اللهُ، وأشهَدُ أنَّهُ لا مَلجَأَ مِنَ اللهِ إلاّ إلَيهِ، ولا مَنجى مِن شَرِّ كُلِّ ذي شَرٍّ وفِتنَةِ كُلِّ ذي فِتنَةٍ إلاّ بِاللهِ. وفِي المَرَّةِ الثّانِيَةِ: «أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ» مَعناهُ: أشهَدُ أن لا هادِيَ إلاَّ اللهُ، ولا دَليلَ لي إلَى الدّينِ إلاَّ اللهُ، وأُشهِدُ اللهَ بِأَنّي أشهَدُ أن لا إلهَ إلاَّ اللهُ، وأُشهِدُ سُكّانَ السَّماواتِ وسُكّانَ الأَرَضينَ وما فيهِنَّ مِنَ المَلائِكَةِ وَالنّاسِ أجمَعينَ، وما فيهِنَّ مِنَ الجِبالِ وَالأَشجارِ وَالدَّوابِّ وَالوُحوشِ وكُلِّ رَطبٍ ويابِسٍ، بِأَنّي أشهَدُ أن لا خالِقَ إلاَّ اللهُ، ولا رازِقَ ولا مَعبودَ ولا ضارَّ ولا نافِعَ ولا قابِضَ ولا باسِطَ ولا مُعطِيَ ولا مانِعَ ولا ناصِحَ ولا كافِيَ ولا شافِيَ ولا مُقَدِّمَ ولا مُؤَخِّرَ إلاَّ اللهُ، لَهُ الخَلقُ وَالأَمرُ، وبِيَدِهِ الخَيرُ كُلُّهُ، تَبارَكَ اللهُ رَبُّ العالَمينَ. وأمّا قَولُهُ: «أشهَدُ أنَّ مُحَمَّدا رَسولُ اللهِ» يَقولُ: أُشهِدُ اللهَ أنَّهُ لا إلهَ إلاّ هُوَ، وأنَّ مُحَمَّدا عَبدُهُ ورَسولُهُ ونَبِيُّهُ وصَفِيُّهُ ونَجِيُّهُ، أرسَلَهُ إلى كافَّةِ النّاسِ أجمَعينَ بِالهُدى ودينِ الحَقِّ لِيُظهِرَهُ عَلَى الدّينِ كُلِّهِ ولَو كَرِهَ المُشرِكونَ، وأُشهِدُ مَن في السَّماواتِ وَالأَرضِ مِنَ النَّبِيّينَ وَالمُرسَلينَ وَالمَلائِكَةِ وَالنّاسِ أجمَعينَ أنَّ مُحَمَّدا سَيِّدُ الأَوَّلينَ وَالآخِرينَ. وفِي المَرَّةِ الثّانِيَةِ: «أشهَدُ أنَّ مُحَمَّدا رَسولُ اللهِ» يَقولُ: أشهَدُ أن لا حاجَةَ لِأَحَدٍ إلى أحَدٍ إلاّ إلَى اللهِ الواحِدِ القَهّارِ الغَنِيِّ عَن عِبادِهِ وَالخَلائِقِ وَالنّاسِ أجمَعينَ، وأنَّهُ أرسَلَ مُحَمَّدا إلَى النّاسِ بَشيرا ونَذيرا وداعِيا إلَى اللهِ بِإِذنِهِ وسِراجا مُنيرا، فَمَن أنكَرَهُ وجَحَدَهُ ولَم يُؤمِن بِهِ أدخَلَهُ اللهُ نارَ جَهَنَّمَ خالِدا مُخَلَّدا لا يَنفَكُّ عَنها أبَدا. وأمّا قَولُهُ: «حَيَّ عَلَى الصَّلاةِ» أي هَلُمّوا إلى خَيرِ أعمالِكُم ودَعوَةِ رَبِّكُم، وسارِعوا إلى مَغفِرَةٍ مِن رَبِّكُم، وإطفاءِ نارِكُمُ الَّتي أوقَدتُموها، وفِكاكِ رِقابِكُمُ الَّتي رَهَنتُموها. لِيُكَفِّرَ اللهُ عَنكُم سَيِّئاتِكُم، ويَغفِرَ لَكُم ذُنوبَكُم، ويُبَدِّلَ سَيِّئاتِكُم حَسَناتٍ، فَإِنَّهُ مَلِكٌ كَريمٌ ذُو الفَضلِ العَظيمِ، وقَد أذِنَ لَنا مَعاشِرَ المُسلِمينَ بِالدُّخولِ في خِدمَتِهِ، وَالتَّقَدُّمِ إلى بَينِ يَدَيهِ. وفِي المَرَّةِ الثّانِيَةِ: «حَيَّ عَلَى الصَّلاةِ» أي قوموا إلى مُناجاةِ اللهِ رَبِّكُم، وعَرضِ حاجاتِكُم عَلى رَبِّكُم، وتَوَسَّلوا إلَيهِ بِكَلامِهِ وتَشَفَّعوا بِهِ، وأكثِرُوا الذِّكرَ وَالقُنوتَ

وَالرُّكوعَ وَالسُّجودَ وَالخُضوعَ وَالخُشوعَ، وَارفَعوا اِلَيهِ حَوائِجَكُم، فَقَد أذِنَ لَنا فى ذلِكَ. وأمّا قَولُهُ: «حَيَّ عَلَى الفَلاحِ» فَإنَّهُ يَقولُ: أقبِلوا اِلى بَقاءٍ لا فَناءَ مَعَهُ، ونَجاةٍ لا هَلاكَ مَعَها، وتَعالَوا اِلى حَياةٍ لا مَوتَ مَعَها، وإلى نَعيمٍ لا نَفادَ لَهُ، وإلى مُلكٍ لا زَوالَ عَنهُ، وإلى سُرورٍ لا حُزنَ مَعَهُ، وإلى اُنسٍ لا وَحشَةَ مَعَهُ، وإلى نورٍ لا ظُلمَةَ مَعَهُ، وإلى سَعَةٍ لا ضيقَ مَعَها، وإلى بَهجَةٍ لاَ انقِطاعَ لَها، وإلى غِنىً لا فاقَةَ مَعَهُ، وإلى صِحَّةٍ لا سُقمَ مَعَها، وإلى عِزٍّ لا ذُلَّ مَعَهُ، وإلى قُوَّةٍ لا ضَعفَ مَعَها، وإلى كَرامَةٍ يالَها مِن كَرامَةٍ، وَاعجَلوا اِلى سُرورِ الدُّنيا وَالعُقبى، ونَجاةِ الآخِرَةِ وَالأُولى. وفِي المَرَّةِ الثّانِيَةِ: «حَيَّ عَلَى الفَلاحِ» فَإنَّهُ يَقولُ: سابِقوا اِلى ما دَعَوتُكُم اِلَيهِ، وإلى جَزيلِ الكَرامَةِ وعَظيمِ المِنَّةِ وسَنِيِّ[1] النِّعمَةِ وَالفَوزِ العَظيمِ، ونَعيمِ الأَبَدِ فى جِوارِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله فى مَقعَدِ صِدقٍ عِندَ مَليكٍ مُقتَدِرٍ. وأمّا قَولُهُ: «اللهُ أكبَرُ» فَإنَّهُ يَقولُ: اللهُ أعلى وأجَلُّ مِن أن يَعلَمَ أحَدٌ مِن خَلقِهِ ما عِندَهُ مِنَ الكَرامَةِ لِعَبدٍ أجابَهُ وأطاعَهُ، وأطاعَ أمرَهُ وعَبَدَهُ، وعَرَفَ وَعيدَهُ وَاشتَغَلَ بِهِ وبِذِكرِهِ، وأحَبَّهُ وآمَنَ بِهِ، وَاطمَأَنَّ اِلَيهِ ووَثِقَ بِهِ، وخافَهُ ورَجاهُ، وَاشتاقَ اِلَيهِ ووافَقَهُ فى حُكمِهِ وقَضائِهِ ورَضِيَ بِهِ. وفِي المَرَّةِ الثّانِيَةِ: «اللهُ أكبَرُ» فَإنَّهُ يَقولُ: اللهُ أكبَرُ وأعلى وأجَلُّ مِن أن يَعلَمَ أحَدٌ مَبلَغَ كَرامَتِهِ لِأَولِيائِهِ، وعُقوبَتِهِ لِأَعدائِهِ، ومَبلَغَ عَفوِهِ وغُفرانِهِ ونِعمَتِهِ لِمَن أجابَهُ وأجابَ رَسولَهُ، ومَبلَغَ عَذابِهِ ونَكالِهِ[2] وهَوانِهِ لِمَن أنكَرَهُ وجَحَدَهُ. وأمّا قَولُهُ: «لا اِلهَ اِلاَّ اللهُ» مَعناهُ: للهِ الحُجَّةُ البالِغَةُ عَلَيهِم بِالرَّسولِ وَالرِّسالَةِ وَالبَيانِ وَالدَّعوَةِ، وهُوَ أجَلُّ مِن أن يَكونَ لِأَحَدٍ مِنهُم عَلَيهِ حُجَّةٌ، فَمَن أجابَهُ فَلَهُ النّورُ وَالكَرامَةُ، ومَن أنكَرَهُ فَإنَّ اللهَ غَنِيٌّ عَنِ العالَمينَ، وهُوَ أسرَعُ الحاسِبينَ. ومَعنى «قَد قامَتِ الصَّلاةُ» فِيالإقامَةِ: أيحانَ وَقتُ الزِّيارَةِ وَالمُناجاةِ وقَضاءِ الحَوائِجِ ودَركِ المُنى وَالوُصولِ اِلَى اللهِ وإلى

---

[1] السنيّ: الرفيع (الصحاح: ج6 ص2384 «سنا»).

[2] نَكَّلَ به تنكيلاً: صنع به صنيعاً يُحذِّر غيره. والنَّكال: ما نُكِّلتَ به غيرك كائناً ما كان (القاموس المحيط: ج4 ص60 «نكل»).

کَرامَتِهِ وعَفوِهِ ورِضوانِهِ وغُفرانِهِ [21]

۳۳۳) معانی الاخبار میں امام حسین علیہ السلام سے ہے، ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مؤذن نے منار پر چڑھ کر کہا؛ اللہ اکبر، اللہ اکبر، علی علیہ السلام نے گریہ کیا اور ہم نے بھی اس کے رونے سے گریہ کیا، جب اذان ختم ہوئی فرمایا؛ کیا جانتے ہو کہ مؤذن کیا کہہ رہا ہے؟

ہم نے کہا؛ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کا وصی بہتر جانتا ہے،

فرمایا: اگر تم کو پتہ ہوتا اللہ اکبر کے معنی کیا ہیں تو کم ہنستے اور زیادہ روتے کیونکہ اللہ اکبر کی بہت سی معانی ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں کو موذن، خدا کے قدیم، ازلی اور ابدی ہونے، اور علم، قدرت، بردباری، کرم، سخاوت عطا اور کبریائی کی گواہی دے رہا ہے،

جب موذن اللہ اکبر کہتا ہے تو حقیقت میں کہتا ہے، خلقت اور حکم خدا کی جانب سے ہے اور خلقت اس کی مرضی سے ہے اور ہر مخلوق اس کی جانب سے ہے اور ساری مخلوق اسی کی جانب لوٹ کر جائے گی، اور وہ ہر چیز سے پہلے اور ہر چیز کا انجام ہے۔ ہر چیز سے زیادہ آشکار، سمجھ سے باہر، ہر چیز سے پوشیدہ، تعریف کرنے سے بلند ہے، اور وہ ہی ابدی ہے اور اس کے علاوہ ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

اللہ اکبر کے دوسرے معنی یہ ہے کہ خدا دانا اور باخبر ہے ہر اس چیز پر جو تھی اور آئندہ ہوگی، اس سے قبل کہ وہ چیز وجود میں آئے،

اللہ اکبر کے تیسرے معنی یہ ہے کہ خدا ہر کام پر قدرت رکھتا ہے، جو چیز چاہے وہ کرسکتا ہے، ایسی قدرت کا مالک اور اپنی مخلوق پر مقتدر ہے، اس کی قدرت اپنی ذاتی ہے اور ساری چیزوں پر برابر قدرت رکھتا ہے جب کسی چیز کو بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو فقط کہتا ہے؛ ہوجا، تو وہ چیز ہوجاتی ہے۔

اللہ اکبر کے چوتھے معنی بردباری اور کرم ہے، ایسے بردباری کرتا ہے کہ جیسا جانتا ہی نہیں اور ایسے درگذر کرتا ہے جیسے اس نے دیکھا ہی نہیں اور اس طرح چشم پوشی کرتا ہے جیسا کہ اس کی نافرمانی نہیں ہوگی۔ کرم، عفو، اور

---

[1] قال الصدوق رحمه الله: إنّما ترك الراوي لهذا الحديث ذكر «حيّ على خير العمل» للتقيّة (معاني الأخبار: ص41).

[2] معاني الأخبار: ص 38 ح1، التوحيد: ص 238 ح1 كلاهما عن يزيد بن الحسن عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام، فلاح السائل: ص 262 ح156 عن زيد بن الحسن عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج84 ص131 ح24.

بردباری کی وجہ سے جلدی سزا نہیں دیتا۔

اللہ اکبر کی ایک اور معنی یہ ہے کہ خدا معاف کرنے والا اور بڑا عطا کرنے والا ہے، اللہ اکبر کی ایک اور معنی یہ ہے کہ خدا مخلوق کی صفت اور کیفیت سے پاک ہے، جیسا کہ کہہ رہا ہے: خدا اس سے بلند و بالا ہے کہ تعریف کرنے والے اسکی صفت سے تعریف کرسکیں جو اس میں ہے، تعریف کرنے والے اپنے انداز سے اس کی صفت تک پہنچتے ہیں نہ اس کی عظمت اور جلالت کے حساب سے، خدا اس سے بلند و بالا ہے کہ تعریف کرنے والے اس کی صفت تک پہنچ سکیں،

اللہ اکبر کی ایک اور معنی یہ ہے کہ جیسا کہتا ہے: مجھے پتہ ہے کہ خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور اپنی مخلوق کے اعمال سے بے نیاز ہے۔

مؤذن کا یہ کہنا؛ اشھد ان لا الہ الا للہ، اس کا مطلب یہ ہے کہ دل کی معرفت کے بغیر گواہی دینا صحیح نہیں ہے، جیسا کہ کہہ رہا ہو، مجھے یقین ہے کہ خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور خدا کے علاوہ ہر معبود باطل ہے، جو کچھ میرے دل میں ہے وہ میں زبان پر لا رہا ہوں، مجھے یقین ہے کہ خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے مقابلے کوئی ایسی پناہ نہیں سوائے اس کے، اور سوائے خدا کے کسی شریر کی شرارت اور کسی فتنے سے بچا نہیں جا سکتا،

اور دوسری مرتبہ جب کہتا ہے؛ اشھد ان لا الہ الا اللہ، اس معنی میں ہے کہ؛ میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے علاوہ کوئی رہنما نہیں اور، دین کی طرف میرا رہبر سوائے اللہ کے کوئی نہیں ہے۔ میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ خدا کی وحدانیت کی گواہی دیتا ہوں اور زمین و آسمان والے میرے اوپر گواہ ہیں اور فرشتوں اور انسانوں میں سے جو ان کے درمیان ان کو گواہ بناتا ہے اور وہ کہ میں پہاڑوں، درختوں اور ہر قسم کے حیوانات اور ہر خشک اور تر چیز کو گواہ بناتا ہوں اس بات پر کہ خدا کے علاوہ کوئی خالق نہیں ہے نہ ہی کوئی اور روزی پہنچاتا ہے اور نہ ہی اور کوئی معبود ہے۔ نہ اس کے علاوہ کوئی نقصان دینے والا ہے نہ ہی فائدہ دینے والا، اس کے علاوہ نہ کوئی قبض کرنے والا ہے نہ ہی وسعت دینے والا ہے، نہ عطا کرنے ولا ہے نہ ہی روکنے والا، نہ خیر خواہ اور کافی نہ ہی شفاء دینے والا، نہ آگے جانے والا نہ ہی پیچھے روکنے والا، (اگر ہے تو خدا کے ہاتھ میں ہے) خلق کرنا اور امر کرنا خدا کی طرف سے ہی ہے اور سارا خیر اس کے ہاتھ میں ہے بہترین ہے وہ خدا جو سارے جہاں کا رب ہے،

مؤذن کا یہ کہنا؛ اشھد ان لا الہ الا للہ محمد رسول اللہ، اس کا معنی یہ ہے کہ خدا میرا گواہ ہے کہ اس کے علاوہ کوئی بھی خدا نہیں ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا بندہ اور رسول ہے، چنا ہوا اور راز دار ہے۔ اس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سارے لوگوں کے لئے بھیجا ہدایت اور حق کا دین دے کر تا کہ سارے ادیان پر اس دین کو فضیلت دے اگر چہ مشرکین کو پسند نہ آئے، اور

یہ بھی کہ میں آسمانوں اور زمین میں ہر چیز، انبیاء علیہم السلام سے لے کر لوگوں تک کو گواہ بناتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولین اور آخرین کا سردار ہیں ا

جب مؤذن دوسری مرتبہ کہتا ہے؛ اشھد ان محمد رسول اللہ، تو کہتا ہے؛ میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی بھی کسی کا محتاج نہیں ہے سوائے اکیلے خدا کے جو قادر اور سارے بندوں، مخلوقات اور لوگوں سے بے نیاز ہے، اور اس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر لوگوں کی طرف بھیجا تا کہ خدا کی اذن سے لوگوں کو خدا کی طرف بلائے اور ہدایت کا چراغ ہے، بس جس نے بھی اس پر یقین نہیں کیا، اور اس کا انکار کیا اور ایمان نہیں لایا تو خدا اسے جہنم کی آگ کی طرف لے جائے گا اور ہمیشہ کے لئے وہاں ڈالے گا اور کبھی بھی جہنم سے باہر نہیں آئے گا۔

مؤذن کا یہ کہنا، حیّ علی الصلوٰۃ: اس کا معنی یہ ہے کہ بہترین کام اور اپنے خدا کی دعوت کی طرف آگے بڑھو اور یہ کہ تم اپنے خدا کی بخشش (گناہوں) کی آگ جو تم نے جلائی ہے کو بجھانے کے لئے، قدم بڑھاؤ اور اپنی گردنوں کو آزاد کرنے کے لئے جو تم نے گروی رکھی ہیں، جلدی کرو تا کہ خدا تمہارے گناہوں پر پردہ ڈالے اور گناہوں کو معاف کرے اور تمہارے گناہوں کو نیکیوں میں تبدیل کرے، کیونکہ وہ بڑا بادشاہ اور زیادہ فضل کرنے والا ہے کہ ہم مسلمانوں کو اجازت دی ہے کہ تا کہ اس کی خدمت میں آئیں اور اس کی درسگاہ کی طرف جلدی کریں

جب دوسری مرتبہ حیّ علی الصلوٰۃ کہتا ہے تو اسکا معنی یہ ہے کہ خدا سے مناجات کرنے اور اپنی ضرورتیں پیش کرنے کے لئے اپنے خدا کے پاس آجاؤ اور اس کے کلام سے اس سے توسل کرو اور شفاعت مانگو اور ذکر، دعا، رکوع، سجود اور خشوع وخضوع کو زیادہ انجام دو اور اپنی ضرورتیں اس کے پاس لے جاؤ کہ اس کی ہمیں اجازت دی ہے،

مؤذن کا یہ کہنا کہ حیّ علی الفلاح اسکا معنی یہ ہے کہ ایسی بقاء کی طرف جاؤ جس میں فنا نہیں اور ایسی نجات کا رخ کرو جس میں ہلاکت نہیں ہے۔ ایسی زندگی کہ جس میں موت نہیں، ایسا نور کہ جو تاریک نہیں ہے، ایسی وسعت کہ جس میں تنگی نہیں، ایسا مزہ کہ جو ختم نہیں ہوگا اور ایسی تونگری کہ جس میں حاجتمندی نہیں، ایسی سلامتی جس میں بیماری نہیں، ایسی عزت جس میں ذلت نہیں، ایسی طاقت جس میں کمزوری نہیں، ایسی کرامت جس کے مثل نہیں اور نزدیک و دور والی خوشی اور اول اور آخرت کی نجات کی طرف قدم بڑھاؤ،

جب دوسری مرتبہ میں حیّ علی الفلاح کہتا ہے تو اسکا معنی یہ ہے کہ جس کی طرف تم کو میں نے بلایا ہے اس کی طرف قدم بڑھاؤ اور بہترین کرامت کی طرف، عظیم احسان، بڑی نعمت، بڑی کامیابی، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہمیشہ رہنے والی نعمت بہترین جگہ پر، طاقتور بادشاہ کے نزدیک (قدم بڑھاؤ)

مؤذن کا یہ کہنا کہ اللہ اکبر، اس کا معنی یہ ہے کہ خدا اس سے بلند و بالا ہے کہ کوئی بندہ جان سکے کہ کسی بندے کا مرتبہ اور کرامت کتنی ہے۔ خدا کے پاس، اس بندے کے لئے جس نے خدا کی اطاعت کی ہے اور اس کی عبادت کی ہے اور اس وعید (وعدۂ عذاب) کو جان گیا ہے اور خدا پر ایمان لا کر اس سے محبت کی ہے اور خدا پر بھروسہ اور اطمنان کیا ہے اور خوف اور امید رکھتا ہے، خدا کا مشتاق ہے، خدا کے حکم اور قضا کے بارے میں راضی ہے۔

جب دوسری مرتبہ کہتا ہے للہ اکبر تو معنی یہ ہے کہ خدا اس سے بلند و بالا ہے اس سے کہ کوئی جان سکے کہ خدا اپنے اولیاء کو عزت اور اپنے دشمنوں کو سزا دینے کا مسئلہ کہاں تک پہنچے گا۔ اور وہ عفو و مغفرت اور نعمت بھی جو مانگنے والوں کو اور اپنے بھیجے ہوئے کو عطا کیا اور عذاب اور حقارت جو اس کے انکار کرنے والوں اور یقین نہ رکھنے والوں کے بارے میں مقرر کیا ہے۔

مؤذن کا یہ کہنا؛ لا الٰہ الا اللہ تو اس کا معنی یہ ہے کہ خدا نے اپنے نبی، پیغام، بیان اور اپنی دعوت کے ذریعے ان لوگوں پر حجت قائم کی ہے اور اس سے بہتر ہے کہ لوگوں کے لئے خدا کی طرف سے حجت ہے،

پس جو بھی اسے جواب دے تو نور اور کرامت اس کی طرف سے ہے اور جو بھی انکار کرے تو خدا سارے جہان والوں سے بے نیاز اور جلدی حساب لینے والا ہے۔

اور اقامت میں قد قامت الصلوٰۃ کا معنی ہی یہ ہے کہ خدا کے دیدار، مناجات، حاجتیں پوری کرنے، امیدوں تک پہنچنے، خدا تک پہنچنے اور خدا کی کرامت، بخشش اور رضایت کا وقت آ گیا ہے۔

2/3

الأَذانُ فی اُذُنِ المَولودِ

بچے کے کان میں اذان کہنا

334.مسند أبي يعلى عن طلحة بن عبيد الله عن حسين عليه قالَ رَسولُ اللهِ ﷺ: مَن وُلِدَ

لَهُ فَأَذَّنَ فِي أُذُنِهِ اليُمنى وأقامَ فِي أُذُنِهِ اليُسرى، لَم يَضُرَّهُ أُمُّ الصِّبيانِ [1]

۳۳۴) مسند ابی یعلی: طلحہ بن عبید اللہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے؛ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ جس کو بچہ پیدا ہو تو وہ اس کے کان میں اذان اور اقامت کہے تو گونگے ہونے کی بیماری سے بچہ محفوظ رہے گا۔

الأَذانُ فِي أُذُنِ مَن ساءَ خُلُقُهُ

بد اخلاق کے کان میں اذان کہنا

335. الفردوس عن الحسين بن علي عليه السلام: قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: مَن ساءَ خُلُقُهُ مِن إنسانٍ أو دابَّةٍ فَأَذِّنوا فِي أُذُنَيهِ. [3]

۳۳۵) الفردوس: امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ جو بھی انسان یا حیوان بد اخلاق (نافرمان) ہو اس کے کان میں اذان دو۔

2/5

الأَذانُ لِانكِسارِ البَردِ

سردی کے اثر کو ختم کرنے کے لئے اذان کہنا

336. تاريخ بغداد عن بشر بن غالب الأسدي: قَدِمَ عَلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام أُناسٌ مِن أنطاكِيَةَ [4]، فَسَأَلَهُم عَن حالِ بِلادِهِم وعَن سيرَةِ أميرِهِم فيهِم، فَذَكَروا خَيرا إلاّ أنَّهُم شَكَوا

---

[1] هو صرع يعرض الصبيان.

[2] مسند أبي يعلى: ج6 ص181 ح6747، عمل اليوم والليلة لابن السني: ص220 ح623، تاريخ دمشق: ج57 ص281 ح12001، الفردوس: ج3 ص632 ح5982، كنز العمّال: ج16 ص457 ح45414.

[3] راجع: موسوعة ميزان الحكمة: ج2 ص87 (مَدخل الأذان).

[4] 1. الفردوس: ج3 ص558 ح5752، كنز العمّال: ج15 ص421 ح41665؛ المحاسن: ج2 ص257 ح1809 عن أبي حفص الأبّار عن الإمام الصادق عن آبائه عن الإمام علي عليهم السلام نحوه بحار الأنوار: ج84 ص151 ح46.

البَردَ. فَقالَ الحُسَينُ عليه السلام: حَدَّثَني أبي عَن جَدّي رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله أنَّهُ قالَ: أيُّما بَلَدةٍ كَثُرَ أذانُها بِالصَّلاةِ انكَسَرَ بَردُها. أو قالَ: قَلَّ بَردُها [1] ۲۱

۳۳۶) تاریخ بغداد میں بشر بن غالب اسدی سے نقل کیا ہے؛ انطاکیہ (شہر) سے کچھ لوگ امام حسین علیہ السلام کے پاس آئے، امام علیہ السلام نے ان سے شہر کے حالات او روہاں کے حاکموں کی رفتار کے بارے میں ان سے پوچھا، انہوں نے وہاں کے شہر کو اچھائی (نیکی) سے یاد کیا لیکن سردی کی شکایت کی

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ میرے بابا نے میرے نانا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث نقل کی ہے کہ فرمایا؛ جس شہر میں ہر نماز کے لئے اذان دی جائے وہاں سردی ختم ہوجائے گی (یعنی سردی کم ہوجائے گی)۔

الفصل الثّالِثُ: الوضوء والصّلاة

تیسری فصل: وضواور نماز

3/1

عَدَمُ جَوازِ المَسحِ عَلَى الخُفِّ فى مَذهَبِ أهلِ البَيتِ

اہل بیت کی نگاہ میں، نعلین پر مسح کا جائز نہ ہونا

337. مسند زيد عن زيد بن علىّ عن أبيه عن جدّه الحسين بن إنّا وُلدُ فاطِمَةَ عليها السلام

---

[1] أنطاكية: بلد فى غربىّ تركيا هى من الثغور الشاميّة الروميّة (معجم البلدان: ج1 ص266).

[2] الملفت للنظر، هو اهتمام الإمام عليه السلام بالمسائل الإجتماعية والسياسية للبلاد الإسلامية، حتّى البعيد منها مثل أنطاكية التى كانت بعيدة عن بلاد المسلمين، ومع ذلك فإنّ الإمام يسأل عن وضعها وأُمرائها. أمّا ما أبداه الإمام من حلّه لما شكوه من البرد فيمكن أن يقال: إنّ ظاهر الرواية، هو البرد الشديد المضرّ ومقتضى الكتاب والسنّة، هو أنّ طاعة الله، كما تجلب النعمة والرحمة الإلهية، كذلك تدفع النقم والعذاب الإلهى ويمكن أن يكون الأذان من هذه الطاعة {Q} ،وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ ءَامَنُواْ وَاتَّقَوْاْ لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ ،{/Q} (الأعراف: 96). تاريخ بغداد: ج13 ص36 الرقم 6993.

لا نَمسَحُ عَلَى الخُفَّينِ ولا عِمامَةٍ ولا كُمَّةٍ [1] ولا خِمارٍ ولا جِهازٍ. [2]

۳۳۷) مسند زید میں زید بن علی نے اپنے بابا امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا؛ ہم فاطمہ سلام اللہ علیہا کی اولاد، جوتوں، عمامہ، ٹوپی، روسری اور لباس پر مسح نہیں کرتے۔

338. الأمالي بإسناده عن الحسين بن علىّ عن أبيه علىّ بن قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ... إنّا أهلُ بَيتٍ لا نَمسَحُ عَلى أخفافِنا. [3]

۳۳۸) امالی طوسی میں امام حسین علیہ السلام سے اور امام علی علیہ السلام سے ہے کہ؛ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ ہم اہل بیت اپنے نعلین (جوتوں) پر مسح نہیں کرتے۔

3/2

وَقتُ الصَّلاةِ

نماز کا وقت

339. مسند زيد عن زيد بن علىّ عن أبيه عن جدّه: نَزَلَ جِبريلُ عليه السلام عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حينَ زالَتِ الشَّمسُ فَأَمَرَهُ أن يُصَلِّيَ الظُّهرَ، ثُمَّ نَزَلَ عَلَيهِ حينَ كانَ الفَيءُ قامَةً فَأَمَرَهُ أن يُصَلِّيَ العَصرَ، ثُمَّ نَزَلَ عَلَيهِ حينَ وَقَعَ قُرصُ الشَّمسِ فَأَمَرَهُ أن يُصَلِّيَ المَغرِبَ، ثُمَّ نَزَلَ عَلَيهِ حينَ وَقَعَ الشَّفَقُ فَأَمَرَهُ أن يُصَلِّيَ العِشاءَ، ثُمَّ نَزَلَ عَلَيهِ حينَ طَلَعَ الفَجرُ فَأَمَرَهُ أن يُصَلِّيَ الفَجرَ. [4]

۳۳۹) مسند زید میں زید بن علی نے اپنے بابا امام زن العابدین سے نقل کیا ہے، سورج زوال کے نزدیک تھا کہ جبرئیل رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا و رحکم دیا کہ نماز ظہر پڑھیں اور جب سایہ خودشئی کے برابر ہوگیا تھا تو جبرئیل نے آکر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا کہ نماز عصر پڑھے، پھر جب سورج کی تپش ختم ہوئی تو آکر حکم دیا کہ ابھی نماز مغرب

---

[1] الكُمَّةُ: القَلَنسُوَةُ (النهاية: ج4 ص200، كمم).

[2] مسند زيد بن علىّ: ص82.

[3] الأمالي للطوسي: ص647 ح1340 عن محمّد بن صدقة عن الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام، بحار الأنوار: ج74 ص400 ح40.

[4] مسند زيد بن علىّ: ص98. وللحديث تتمّة يبيّن فيها الإمام عليه السلام فضيلة الصلوات اليوميّة فراجع.

پڑھئے، پھر جب شفق ختم ہوا، تو نازل ہوکر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز عشاء کا حکم دیا، اور جب صبح طلوع ہوئی تو نماز صبح پڑھنے کا حکم دیا۔

3/3

الحَثُّ عَلَى المُحافَظَةِ عَلَى الصَّلَواتِ

نمازوں کی پابندی پر رغبت دلانا

340.عيون أخبار الرضا بإسناده عن الحسين بن عليّ عن أبي قالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله: لا يَزالُ الشَّيطانُ ذَعِرا [1] مِنَ المُؤمِنِ ما حافَظَ عَلَى الصَّلَواتِ الخَمسِ، فَإذا ضَيَّعَهُنَّ تَجَرَّأَ عَلَيهِ وأوقَعَهُ فِي العَظائِمِ. [2]

۳۴۰) عیون الاخبار الرضا: امام حسین علیہ السلام سے ہے کہ: رسول خداؐ نے فرمایا: شیطان کا خوف مؤمن کے بارے میں اس وقت رہتا ہے جب وہ پنجگانہ نماز کی پابندی کرتا ہے، اور اگر مؤمن نمازوں کو ضائع کرے تو شیطان اس پر کنٹرول کرتا ہے اور اس کو گناہ کبیرہ میں ڈالتا ہے۔

341.عوالي اللآلي بإسناده عن الحسين الشهيد عن أبيه علي إذا كانَ وَقتُ كُلِّ فَريضَةٍ، نادى مَلَكٌ مِن تَحتِ بُطنانِ العَرشِ: أيُّهَا النّاسُ، قوموا إلى نيرانِكُمُ الَّتي أوقَدتُموها عَلى ظُهورِكُم فَأَطفِئوها بِصَلاتِكُم. [3]

۳۴۱) عوالی الالی: امام حسین علیہ السلام نے اپنے بابا سے نقل کیا ہے کہ جب ہر فرض نماز کا وقت ہوتا ہے تو آسمان

---

[1] أي ذا ذُعرٍ وخَوف، أو هو فاعل بمعنى مفعول؛ أي مذعور (النهاية: ج 2 ص161، ذعر).

[2] عيون أخبار الرضا عليه السلام: ج 2 ص 28 ح 21، صحيفة الإمام الرضا عليه السلام: ص 84 ح 9 كلاهما عن أحمد بن عامر الطائي عن الإمام الرضا عن آبائه عليهم السلام، الأمالي للصدوق: ص 572 ح 778، ثواب الأعمال: ص 274 ح 3 كلاهما عن إسماعيل بن أبي زياد عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام نحوه، بحار الأنوار: ج83ص14ح22وراجع: الكافي: ج3 ص269 ح8وتهذيب الأحكام: ج2ص236 ح933.

[3] عوالي اللآلي: ج 1 ص 22 ح 1 عن عليّ بن جعفر عن أخيه الإمام الكاظم عن آبائه عليهم السلام وراجع: تهذيب الأحكام: ج2ص238 ح944و كتاب من لا يحضره الفقيه: ج1ص208 ح624.

سے ایک فرشتہ آواز دیتا ہے: اے لوگو: اٹھو اس آگ کو بجھانے کے لے جو تم نے اپنی پشت پر (گناہوں کی وجہ سے) بھڑکا رکھی ہے اس کو نماز کے ذریعے بجھا دو۔

3/4

قُنوتُ النَّبِيِّ فی صَلاتِهِ كُلِّها

ہر نماز میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قنوت

342.مستدرك الوسائل عن الإمام الحسين عليه السلام: رَأَيتُ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقنُتُ فی صَلاتِهِ كُلِّها، وأنَا يَومَئِذٍ ابنُ سِتِّ سِنينَ.[1]

۳۴۲) مسند رک الوسائل میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا؛ میں نے دیکھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری نمازوں میں قنوت پڑھتے تھے اور میں اس وقت چھ سال کا تھا۔

3/5

الصَّلاةُ بَينَ المَغرِبِ وَالعِشاءِ

مغرب وعشاء کے درمیان نماز

343.الدرّ المنثور: عَن حُسَينِ بنِ عَلِيٍّ أنَّهُ رُؤِيَ يُصَلّي فيما بَينَ المَغرِبِ وَالعِشاءِ، فَقيلَ لَهُ فی ذٰلِكَ فَقالَ: إنَّها مِنَ النّاشِئَةِ.[2][3]

۳۴۳) در المنثور: امام حسین علیہ السلام کے لئے روایت میں آیا ہے کہ مغرب وعشاء کی نمازوں کے درمیان نماز پڑھتے تھے، جب اس کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا؛ یہ "ناشئۃ" میں سے شمار ہوگی۔

---

[1] مستدرك الوسائل: ج4 ص396 ح5004 نقلاً عن عوالی اللآلی: ج2 ص219 ح17 عن الإمام الحسن عليه السلام.
جھٹلایا لیکن تو نے مجھ کو اس زمانے میں پیدا کیا جس میں تھوڑے عرصے میں مجھے ہدایت میسر آ گئی کہ اس میں تو نے مجھے پالا اور اس سے پہلے تو نے اچھے عنوان سے میرے لیے محبت ظاہر فرمائی اور بہترین نعمتیں عطا کیں پھر میرے پیدا کرنے کا آغاز ٹپکنے والے آب حیات سے کیا اور مجھ کو تین تاریکیوں میں ٹھہرا دیا یعنی گوشت خون اور جلد کے نیچے جہاں میں نے بھی اپنی خلقت کو نہ دیکھا اور تو نے میرے اس معاملے میں سے کچھ بھی مجھ پر نہ ڈالا پھر تو نے مجھے رحم مادر سے نکالا کہ مجھے ہدایت دے کر دنیا میں درست و سالم جسم کے ساتھ بھیجا اور گہوارے میں میری نگہبانی کی جب میں چھوٹا بچہ تھا تو نے میرے لیے تازہ دودھ کی غذا بہم پہنچائی اور دودھ پلانے والیوں کے دل میرے لیے نرم کر دیے تو نے مہربان ماؤں کو میری پرورش کا ذمہ دار بنایا جن و پری کے آسیب سے میری حفاظت فرمائی اور مجھے ہر قسم کی کمی بیشی سے بچائے رکھا پس تو برتر ہے اے مہربان اے عطاؤں والے یہاں تک کہ میں باتیں کرنے لگا اور یوں تو نے مجھے اپنی بہترین نعمتیں پوری کر دیں اور ہر سال میرے جسم کو بڑھایا حتی کہ میری جسمانی ترقی اپنے کمال تک پہنچ گئی اور میری شخصیت میں توازن پیدا ہو گیا تو مجھ پر تیری حجت قائم ہو گئی اس لیے کہ تو نے مجھے اپنی معرفت کرائی اور اپنی عجیب عجیب حکمتوں کے ذریعے مجھے خائف کر دیا اور مجھے بیدار کیا ان چیزوں کے ذریعے جو تو نے آسمان و زمین میں عجیب طرح سے خلق کیں اس طرح مجھے اپنے شکر اور ذکر سے آگاہ کیا اور مجھ پر اپنی فرمانبرداری اور عبادت لازم فرمائی تو نے مجھے وہ چیز سمجھائی جو تیرے رسول لائے اور میرے لیے اپنی رضاؤں کی قبولیت آسان کی تو ان سب باتوں میں مجھ پر تیرا احسان ہے اس کے ساتھ تیری مدد اور مہربانی ہے پھر جب تو نے مجھے پیدا کیا بہترین خاک سے تو میرے لیے اے اللہ! تو نے ایک آدھ نعمت پر ہی بس نہیں کی بلکہ مجھے معاش کے کئی طریقے اور فائدے کے کئی راستے عطا کیے مجھ پر اپنے بڑے بہت بڑے احسان و کرم سے اور مجھ پر اپنی سابقہ مہربانیوں سے، یہاں تک کہ جب مجھے تو نے یہ تمام نعمتیں دے دیں اور تکلیفیں مجھ سے دور کر دیں، تیرے آگے میری جرات اور میری نادانی اس میں رکاوٹ نہیں بنی کہ تو نے مجھے وہ راستے بتائے جو مجھ کو تیرے قریب کرتے اور تو نے مجھے توفیق دی کہ تیرا پسندیدہ بنوں پس میں نے جو دُعا مانگی تو نے قبول کی اور جو سوال کیا وہ تو نے پورا فرمایا اگر میں نے تیری اطاعت کی تو نے قدر فرمائی اور میں نے شکر کیا تو نے زیادہ دیا، یہ سب مجھ پر تیری نعمتوں کی کثرت اور مجھ پر تیرا احسان و کرم ہے پس تو پاک ہے تو پاک ہے کہ تو آغاز کرنے والا، لوٹانے والا، تعریف والا، بزرگی والا ہے اور پاک ہیں تیرے نام اور بہت بڑی ہیں تیری نعمتیں تو اے میرے خدا! تیری کس نعمت کی گنتی کروں اور اسے یاد کروں یا تیری کون کونسی عطاؤں کا شکر بجا لاؤں اور اے میرے پروردگار یہ تو اتنی زیادہ ہیں کہ شمار کرنے والے انہیں شمار نہیں کر سکتے یا یاد کرنے والے ان کو یاد نہیں رکھ سکتے پھر اے اللہ! جو تکلیفیں اور

سختیاں تو نے مجھ سے دور کیں اور ہٹائی ہیں ان میں اکثر ایسی ہیں جن سے میرے لیے آرام اور خوشی ظاہر ہوئی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں اے اللہ! اپنے ایمان کی حقیقت، اپنے اٹل ارادوں کی مضبوطی، اپنی واضح و آشکار توحید، اپنے باطن میں پوشیدہ ضمیر، اپنی آنکھوں کے نور سے پیوستہ راستوں، اپنی پیشانی کے نقوش کے رازوں، اپنے سانس کی رگوں کے سوراخوں، اپنی ناک کے نرم و ملائم پردوں، اپنے کانوں کی سننے والی جھلیوں اور اپنے چپکنے اور ٹھیک بند ہونے والے ہونٹوں، اپنی زبان کی حرکات سے نکلنے والے لفظوں، اپنے منہ کے اوپر نیچے کے حصوں کے ہلنے، اپنے دانتوں کے اگنے کی جگہوں، اپنے کھانے پینے کے ذائقہ دار ہونے، اپنے سر میں دماغ کی قرارگاہ، اپنی گردن میں غذا کی نالیوں اور ان ہڈیوں، جن سے سینہ کا گھیرا بنا ہے، اپنے گلے کے اندر لٹکی ہوئی شہ رگ، اپنے دل میں آویزاں پردے، اپنے جگر کے بڑھے ہوئے کناروں، اپنی ایک دوسری سے ملی اور جھکی ہوئی پسلیوں، اپنے جوڑوں کے حلقوں، اپنے اعضاء کے بندھنوں، اپنی انگلیوں کے پوروں اور اپنے گوشت خون اپنے بالوں، اپنی جلد اپنے پٹھوں اور نلیوں، اپنی ہڈیوں، اپنے مغز، اپنی رگوں اور اپنے ہاتھ پاؤں اور بدن کی جو میری شیرخوارگی میں پیدا ہوئیں اور زمین پر پڑنے والے اپنے بوجھ اپنی نیند اپنی بیداری اپنے سکون اور اپنے رکوع و سجدے کی حرکات ان سب چیزوں پر اگر تیرا شکر ادا کرنا چاہوں اور تمام زمانوں اور صدیوں میں کوشاں رہوں اور عمر وفا کرے تو بھی میں تیری ان نعمتوں میں سے ایک نعمت کا شکر ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا مگر تیرے احسان کے ذریعے جس سے مجھ پر تیرا ایک اور شکر واجب ہو جاتا ہے اور تیری لگاتار ثنا واجب ہو جاتی ہے اور اگر میں ایسا کرنا چاہوں اور تیری مخلوق میں سے شمار کرنے والے بھی شمار کرنا چاہیں کہ ہم تیری گزشتہ و آیندہ نعمتیں شمار کریں تو ہم نہ انکی تعداد کا اور نہ ان کی مدت کا حساب کر سکیں گے یہ ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ تو نے اپنی خبر دینے والی گویا کتاب میں سچی خبر دے کر بتایا ہے کہ ''اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو گنو تو ان کا حساب نہ لگا سکو گے'' تیری کتاب سچی ہے اے اللہ! اور تیری خبریں بھی سچی ہیں جو تیرے نبیوں اور رسولوں نے تبلیغ کی وہ سچ ہے جو تو نے ان پر وحی نازل کی وہ سچ ہے اور جو ان کیلئے اور ان کے ذریعے اپنے دین کو جاری کیا وہ سچ ہے دیگر یہ کہ اے میرے اللہ! گواہی دیتا ہوں میں اپنی محنت و کوشش اور اپنی فرمانبرداری و ہمت کے ساتھ اور میں ایمان و یقین سے کہتا ہوں کہ حمد خدا کے لیے ہے جس نے اپنا کوئی بیٹا نہیں بنایا جو اس کا وارث ہو اور نہ ملک و حکومت میں کوئی اس کا شریک ہے جو پیدا کرنے میں اس کا ہمکار ہو اور نہ وہ کمزور ہے کہ اشیاء کے بنانے میں کوئی اس کی مدد کرے پس وہ پاک ہے، پاک ہے اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا کوئی معبود ہوتا تو یہ ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑتے پاک ہے خدا یگانہ یکتا بے نیاز جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے حمد ہے خدا کے لیے برابر اس حمد کے جو اس کے مقرب فرشتوں اور

اس کے بھیجے ہوئے نبیوں نے کی ہے اور اس کے پسند کیے ہوئے محمدؐ نبیوں کے خاتم پر خدا کی رحمت ہو اور ان کی آل پر جو نیک پاک خالص ہیں اور ان پر سلام ہو۔

پھر آپ نے اللہ سے حاجات طلب کرنا شروع کیں۔ جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، اسی حالت میں آپ بارگاہ الٰہی میں یوں عرض گزار ہوئے:

اے اللہ! مجھے ایسا ڈرنے والا بنادے گویا تجھے دیکھ رہا ہوں مجھے پرہیزگاری کی سعادت عطا کر اور نافرمانی کے ساتھ بدبخت نہ بنا اپنی قضا میں مجھے نیک بنادے اور اپنی تقدیر میں مجھے برکت عطا فرما یہاں تک کہ جس امر میں تو تاخیر کرے اس میں جلدی نہ چاہوں اور جس میں تو جلدی چاہے اس میں تاخیر نہ چاہوں اے اللہ! پیدا کردے میرے نفس میں بے نیازی میرے دل میں یقین میرے عمل میں خلوص میری نگاہ میں نور میرے دین میں سمجھ اور میرے اعضا میں فائدہ پیدا کردے اور میرے کانوں و آنکھوں کو میرا مطیع بنادے اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابل میری مدد کر مجھے اس سے بدلہ لینے والا بنا، یہ آرزو پوری کر اور اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی فرما اے اللہ! میری سختی دور کردے میری پردہ پوشی فرما میری خطائیں معاف کردے میرے شیطان کو ذلیل کر اور میری ذمہ داری پوری کرادے میرے لیے، اے میرے خدا دنیا اور آخرت میں بلند سے بلندتر مرتبے قرار دے اے اللہ! حمد تیرہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیا تو نے مجھ کو سننے والا دیکھنے والا بنایا حمد تیرے ہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیا تو اپنی رحمت سے بہترین تربیت عطا کی حالانکہ تو مجھے خلق کرنے سے بے نیاز تھا میرے پروردگار تو نے مجھے پیدا کیا ہے تو متوازن بنایا ہے اے میرے پروردگار تو نے مجھے نعمت دی ہے تو ہدایت بھی عطا کی ہے اے پروردگار تو نے مجھ پر احسان کیا اور مجھے صحت وعافیت دی، اے پروردگار تو نے میری حفاظت کی اور توفیق دی اے پروردگار تو نے مجھے نعمت دی تو ہدایت بھی عطا کر، اے پروردگار تو نے مجھے اپنی پناہ میں لیا اور ہر بھلائی مجھے عطا فرمائی، اے پروردگار تو نے مجھے کھانا اور پانی دیا، اے پروردگار تو نے مجھے مال دیا، میری نگہبانی کی، اے پروردگار تو نے میری مدد کی اور عزت بخشی اے پروردگار تو نے اپنی عنایت سے مجھے لباس عطا کیا اور اپنی چیزیں میری دسترس میں دی ہیں، محمد وآل محمد علیہم السلام پر رحمت فرما اور زمانے کی سختیوں اور شب و روز کی گردش کے مقابلے میں میری مدد فرما دنیا کے خوف اور آخرت کی سختیوں سے مجھے نجات دے اور اس زمین پر ظالموں کے پھیلائے ہوئے فساد سے محفوظ رکھ اے اللہ! حالت خوف میں میری مدد فرما اور ہر اس سے بچائے رکھ جس سے میں ڈرتا ہوں، میری جان اور میرے ایمان کی نگہداری فرما دوران سفر میری حفاظت کر اور میری عدم موجودگی میں میرے مال و اولاد کو نظر میں رکھ جو رزق تو نے مجھے دیا اس میں برکت دے میرے نفس کو میرا مطیع بنادے

اور لوگوں کی نگاہوں میں مجھے عزت دے، مجھ کو جنّوں اور اور انسانوں کی بدی سے محفوظ فرما میرے گناہوں پر مجھے بے پردہ نہ کر، میرے باطن سے مجھے رسوا نہ کر، میرے عمل پر میری گرفت نہ کر، اپنی نعمتیں مجھ سے نہ چھین، مجھے اپنے غیر کے حوالے نہ کر، میرے خدا تو مجھے جس کے بھی حوالے کرے گا وہ جلد ہی نظریں پھیرے یا تھوڑے عرصے کے بعد مجھ سے نفرت کرے گا یا انکے حوالے کرے گا جو پست سمجھیں جبکہ تو میرا پروردگار اور میرا مالک ہے میں اپنی اس بے کسی اپنے گھر سے دوری اور جسے تو نے مجھ پر اختیار دیا ہے تجھی سے اس کی شکایت کرتا ہوں، میرے اللہ! مجھ پر اپنا غضب نازل نہ فرما پس اگر تو ناراض نہ ہو تو پھر مجھے تیرے سوا کسی کی پروا نہیں، تیری ذات پاک ہے، تیری مہربانی مجھ پر بہت زیادہ ہے پس مزید سوال کرتا ہوں بواسطہ تیرے نور کے جس سے زمین اور سارے آسمانوں روشن ہوئے تاریکیاں اس کے ذریعے سے چھٹ گئیں اور اس سے اگلے پچھلے لوگوں کے کام سدھر گئے یہ کہ مجھے موت نہ دے، جب تو مجھ سے ناراض ہو اور مجھ پر سختی نہ ڈال تجھ سے معافی کا طالب ہوں معافی کا طالب ہوں، حتیٰ کہ تو میری موت سے پہلے مجھ سے راضی ہو جائے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے کہ تو حرمت والے شہر حرمت والے مشعر اور پاکیزہ گھر کعبہ کا رب ہے جس میں تو نے برکت نازل کی اور اسے لوگوں کیلئے جائے امن قرار دیا، اے وہ جو اپنی نرمی سے بڑے بڑے گناہ معاف کرتا ہے، اے وہ جو اپنے فضل سے نعمتیں کامل کرتا ہے، اے وہ جو اپنے کرم سے بہت عطا کرتا ہے اے سختی کے وقت میری مدد پر آمادہ، اے تنہائی کے ہنگام میرے ساتھی، اے مشکل میں میرے فریادرس، اے مجھے نعمت دینے والے مالک اے میرے معبود اور میرے آباء و اجداد ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے معبود اور مقرب فرشتوں جبرائیل میکائیل اور اسرافیل علیہم السلام کے رب اور اے نبیوں کے خاتم حضرت محمدؐ اور ان کے گرامی قدر آل کے رب، اے تورات، انجیل، زبور اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے، اے کٓھٰیٰعٓصٓ، طٰہٰ، یٰسٓ اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے تو ہی میری جائے پناہ ہے، جب زندگی کے وسیع راستے مجھ پر تنگ ہو جائیں اور زمین کشادگی کے باوجود میرے لیے تنگ ہو جائے اور اگر تیری رحمت شامل حال نہ ہوتی تو میں تباہ ہو جاتا تو ہی میرے گناہ معاف کرنیوالا ہے اور اگر تو میری پردہ پوشی نہ کرتا تو میں رسوا ہو کر رہ جاتا اور تو اپنی مدد کے ساتھ دشمنوں کے مقابل میں مجھے قوت دینے والا ہے اور اگر تیری مدد حاصل نہ ہوتی تو میں زیر ہو جانے والوں میں سے ہو جاتا، اے وہ جس نے اپنی ذات کو بلندی اور برتری کے لیے خاص کیا اور جس کے دوست اس کی عزت سے عزت پاتے ہیں، اے وہ جسکے دربار میں بادشاہوں نے اپنی گردنوں میں عاجزی کا طوق پہنا پس وہ اس کے دبدبے سے ڈرتے ہیں وہ آنکھوں کے اشاروں کو اور جو سینوں میں چھپا ہے اسے جانتا ہے اور ان غیب کی باتوں کو جانتا ہے جو آیندہ زمانوں میں ظاہر ہونگی اے وہ جسکی حقیقت کوئی نہیں جانتا مگر وہ خود،

اے وہ جس کی حقیقت کوئی نہیں جانتا مگر وہ خود، اے وہ کوئی جسکا علم نہیں رکھتا مگر وہ خود، اے وہ جس نے زمین کو پانی کی سطح پر رکھا ہوا اور ہوا کو فضاء آسمان میں باندھا، اے وہ جس کیلئے سب سے بہترین نام ہے، اے احسان کے مالک جو کسی وقت میں منقطع نہ ہوتا، اے یوسفؑ کے لیے بے آب بیابان میں کاروان کو روکنے والے اور انہیں چکنوئیں میں سے نکالنے والے اور غلامی کے بعد ان کو بادشاہ بنانے والے اے یوسفؑ کو یعقوبؑ سے ملانے والے جبکہ ان کی آنکھیں روتے روتے سفید ہوچکی تھیں اور وہ سخت غم زدہ رہتے تھے، اے ایوبؑ کو نقصان اور مصیبت سے نجات دینے والے، اے اپنے بیٹے کو ذبح کرنے میں ابراہیمؑ کے ہاتھوں کو روکنے والے جب وہ بہت بوڑھے اور زندگی کی آخری منزل میں تھے اے وہ جس نے زکریاؑ کی دُعا قبول کی پس انہیں یحییٰ عطا کیا اور انہیں یکہ وتنہا نہ چھوڑا تھا، اے وہ جس نے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے باہر نکالا، اے وہ جس نے بنی اسرائیل کے لیے دریا میں راستے بنائے پس انہیں نجات دی اور فرعون اور اس کے لشکروں کو غرق کردیا، اے وہ جو باران رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے، اے وہ جو اپنی مخلوق میں نافرمانی کرنے والے کی گرفت میں جلدی نہیں کرتا اے وہ جس نے جادوگروں کو مدتوں کے کفر سے نجات عطا فرمائی جبکہ وہ اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے اسکی دی ہوئی روزی کھاتے اور عبادت اس کے غیر کی کرتے تھے وہ خدا سے دشمنی کرتے شرک کی راہ پر چلتے اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے تھے، اے اللہ اے اللہ! اے آغاز کرنے والے اے پیدا کرنے والے تیرا کوئی ثانی نہیں، اے ہمیشگی والے تجھے فنا نہیں، اے زندہ جب کوئی زندہ نہ تھا، اے مردوں کو زندہ کرنے والے، اے ہر نفس کے اعمال پر نگہبان جو اس نے انجام دیئے، اے وہ میں نے جس کا شکر کم کیا تب بھی اس نے مجھے محروم نہ کیا میں نے بڑی بڑی خطائیں کیں تب بھی اس نے مجھے رسوا نہ کیا، اس نے مجھے نافرمان دیکھا تو پردہ فاش نہ کیا، اے وہ جس نے میرے بچپنے میں میری حفاظت کی، اے وہ جس نے میرے بڑھاپے میں روزی دی، اے وہ جس کی نعمتوں کا کوئی شمار ہی نہیں اور جس کی نعمتوں کا کوئی بدلہ نہیں، اے وہ جس نے مجھ سے بھلائی اور احسان کیا اور میں نے برائی اور نافرمانی پیش کی، اے وہ جس نے مجھے ایمان کی راہ بتائی اس سے پہلے کہ اس پر میری طرف سے شکر ادا ہوتا، اے وہ جسے میں نے بیماری میں پکارا تو مجھے شفا دی عریانی میں پکارا تو لباس دیا بھوک میں پکارا تو مجھے سیر کیا پیاس میں پکارا تو سیراب کیا پستی میں عزت دی نادانی میں معرفت بخشی تنہائی میں کثرت دی سفر سے وطن پہنچایا تنگدستی میں مجھے مال دیا مدد مانگی تو میری مدد فرمائی تونگر تھا تو میرا مال نہیں چھینا اور میں نے ان چیزوں کا شکر نہ کیا تو اس نے دینے میں پہل کی پس ساری تعریف اور شکر تیرے ہی لئے ہے، اے وہ جس نے میری لغزش معاف کی میری تکلیف دور کی میری دُعا قبول فرمائی میرے عیبوں کو چھپایا میرے گناہ بخش دیئے میری حاجت پوری کی اور دشمن کے خلاف میری

مدد کی اور اگر میں تیری نعمتوں تیرے احسانوں اور عطاؤں کو شمار کروں تو شمار نہیں کر سکتا، اے میرے مالک تو وہ ہے جس نے احسان کیا، تو وہ ہے جس نے نعمت دی، تو وہ ہے جس نے بہتری کی، تو وہ ہے جس نے جمال دیا تو وہ ہے جس نے بڑائی دی، تو وہ ہے جس نے کمال عطا کیا، تو وہ ہے جس نے روزی دی تو وہ ہے جس نے توفیق دی، تو وہ ہے جس نے عطا کیا تو وہ ہے جس نے مال دیا تو وہ ہے جس نے نگہداری کی تو وہ ہے جس نے پناہ دی تو وہ ہے جس نے کام بنایا تو وہ ہے جس نے ہدایت کی تو وہ ہے جس نے گناہ سے بچایا تو وہ ہے جس نے پرورش کی تو وہ ہے جس نے معاف کیا تو وہ ہے جس نے بخش دیا تو وہ ہے جس نے قدرت دی تو وہ ہے جس نے عزت بخشی تو وہ ہے جس نے آرام دیا تو وہ ہے جس نے سہارا دیا تو وہ ہے جس نے حمایت کی تو وہ ہے جس نے مدد کی تو وہ ہے جس نے شفا دی تو وہ ہے جس نے آرام دیا تو وہ ہے جس نے بزرگی دی تو بڑا برکت والا اور برتر ہے ہمیشہ پس حمد ہی تیرے لیے ہے اور شکر لگا تار ہمیشہ ہمیشہ تیرے ہی لیے ہے، پھر میں ہوں اے میرے معبود اپنے گناہوں کا اعتراف کرنے والا پس مجھے ان سے معافی دے میں وہ ہوں جس نے برائی کی، میں وہ ہوں جس نے خطا کی، میں وہ ہوں جس نے برا ارادہ کیا، میں وہ ہوں جس نے نادانی کی میں وہ ہوں جس سے بھول ہوئی میں وہ ہوں جو چوک گیا، میں نے خود پر اعتماد کیا میں نے دانستہ گناہ کیا، میں وہ ہوں جس نے وعدہ کیا میں وہ ہوں جس نے وعدہ خلافی کی، میں وہ ہوں جس نے عہد توڑا میں وہ ہوں جو اقرار کرتا اور میں وہ ہوں جو تیری نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں جو مجھے ملی ہیں اور میرے پاس ہیں مجھ پر گناہوں کا بڑا بوجھ ہے پس مجھے معاف کر دے اے وہ جسے اس کے بندوں کے گناہ نقصان نہیں پہنچاتے اور وہ ان کی بندگی سے بے نیاز ہے اور توفیق دیتا ہے اسے اپنی مہربانی اور مدد سے جو ان میں سے نیک عمل کرے پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے میرے معبود و سردار اے میرے معبود تو نے حکم دیا تو میں نے نافرمانی کی جس سے تو نے مجھے روکا میں وہ کام کر گزرا پس حال یہ ہے کہ نہ گناہ سے بری ہوں کہ عذر کروں نہ یہ طاقت ہے کہ کامیاب ہو جاؤں پس کیا چیز لے کر تیرے سامنے آؤں اے میرے مالک آیا اپنے کان یا اپنی آنکھ یا اپنی زبان یا اپنے ہاتھ یا اپنے پاؤں کے ساتھ کیا یہ سب میرے پاس تیری نعمتیں نہیں ہیں؟ اور ان سب کے ساتھ میں نے تیری نافرمانی کی اے میرے مولا پس تیرے پاس میرے خلاف حجت اور دلیل ہے، اے وہ جس نے ماں باپ سے میری پردہ پوشی کی کہ وہ مجھے دھتکار دیں گے اہل قبیلہ اور بھائی بندوں سے میرا پردہ رکھا کہ مجھے ڈانٹ ڈپٹ کریں گے اور حاکموں سے میرا پردہ رکھا کہ وہ مجھے سزا دیں گے اے میرے مولا اگر وہ میرے بارے میں وہ جان لیتے جو کچھ تو جانتا ہے تو وہ مجھے کبھی مہلت نہ دیتے مجھے چھوڑ جاتے اور قطع تعلق کر جاتے پس اے میرے معبود میں تیرے سامنے حاضر ہوں اے میرے سردار میں پست عاجز قیدی بے مایہ ہوں نہ گناہ سے بری ہوں کہ عذر

کروں اور نہ طاقت ہے کہ کامیاب ہو جاؤں نہ کوئی دلیل ہے کہ وہ پیش کروں نہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ گناہ نہیں کیا اور نہ یہ کہ برائی نہیں کی اس سے انکار کا کوئی راستہ نہیں اور اگر انکار کروں تو اے میرے مولا اسکا کچھ فائدہ نہیں اور ایسا کیونکر ہو سکتا ہے جب میرے اعضاء مجھ پر گواہ ہیں کہ جو کچھ میں نے عمل کیا ہے اور میں جانتا ہوں یقین کے ساتھ جس میں شک نہیں ضرور تو بڑے معاملوں میں میری باز پرس کرے گا بلا شبہ تو انصاف کا فیصلہ دینے والا ہے کہ جو زیادتی نہیں کرتا تیرا انصاف مجھے نابود کر دے گا اور میں تیرے ہر عدل سے ڈرتا بھاگتا ہوں پس اگر تو مجھے عذاب دے اے میرے اللہ تو وہ میرے گناہوں کی وجہ سے مجھ پر تیری حجت ہے اور اگر تو مجھے معاف فرما دے تو یہ تیری مہربانی تیری بخشش اور تیرے کرم کا نتیجہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں ستم کاروں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں معافی مانگنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے، بے شک میں توحید پرستوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک تر ہے بے شک میں تجھ سے ڈرنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں خوف رکھنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے، بے شک میں امیدواروں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں توجہ کرنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں نام لیواؤں میں ہوں نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، تو پاک تر ہے بے شک میں سوال کرنے والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں تسبیح کرنے والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں تکبیر کہنے والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے کہ میرا رب اور میرے پہلے بزرگوں کا رب ہے اے معبود میری طرف سے یہ تیری ثناء ہے تیری شان بیان کرتے ہوئے یہ تیرے ذکر کے بارے میں میرا خلوص توحید کو مانتے ہوئے اور میری طرف سے یہ تیری مہربانیوں کا اقرار ہے ان کو شمار کرتے ہوئے اگرچہ یہ مانتا ہوں کہ میں ان کا شمار نہیں کر سکتا کیونکہ وہ زیادہ ہیں اور بہت سی ہیں وہ عیاں ہیں اور پہلے سے اب تک مل رہی ہیں تو نے مجھ کو یہ نعمات دینے میں ہمیشہ یاد رکھا ہے جب سے تو نے مجھے پیدا کیا اور اول عمر میں مجھے بے مائیگی میں تونگری کا حصہ عنایت فرمایا تنگدستی سے بچایا آسائش کے اسباب فراہم کیے اور سختی دور فرمائی مصیبت سے چھٹکارا دلایا جسمانی صحت نصیب کی اور دین و ایمان پر پوری طرح قائم رکھا اور اگر تیری نعمتوں کا اندازہ کرنے کیلئے دنیا جہان کے لوگ اولین اور آخرین میں سے میرا ساتھ دیں تو بھی میں اندازہ نہ کر سکوں گا اور نہ ہی وہ اندازہ کر سکیں گے تو پاکیزہ ہے اور بلند تر ہے اے پروردگار شان والا بڑائی والا رحم والا تیری مہربانیوں کا شمار نہیں تیری تعریف کا حق ادا نہیں ہو پاتا اور تیری نعمتوں کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا محمد و آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور ہم پر اپنی نعمتیں

پوری فرما اپنی بندگی کے ساتھ خوش بخت بنا دے پاک تر ہے تو تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے اللہ تو بے شک لاچار کی دُعا قبول کرتا ہے برائی دور کرتا ہے مصیبت زدہ کی فریاد کو پہنچتا ہے بیمار کو صحت دیتا ہے مفلس کو مال دیتا ہے ٹوٹے ہوئے کو جوڑتا ہے چھوٹے پر رحم کرتا ہے بڑے کی مدد کرتا ہے اور تیرے سوا کوئی سہارہ دینے والا نہیں ہے اور تجھ پر کوئی بالا دست نہیں ہے تو برتر بزرگی والا ہے اے قیدی کو پھندے سے چھڑانے والے اے ننھے بچے کو روزی دینے والے اے ڈرے ہوئے پناہ کے طالب کو بچانے والے اے وہ ذات جس کا کوئی ثانی نہیں نہ کوئی وزیر، محمد و آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما اور آج کی شب مجھے اس سے بہتر دے جو تو نے کسی کو دیا ہے اور اپنے بندوں میں سے کسی کو کوئی نعمت عطا فرمائی اور جو مہربانیاں کسی پر کی ہیں اور جو سختی دور کی ہے جو مصیبت ہٹائی ہے جو دُعا تو نے سنی ہے جو نیکی قبول کی ہے اور جو برائی معاف کی ہے بے شک جس پر چاہے تو لطف کرتا ہے اور خبر رکھتا ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے اللہ بے شک تو قریب تر ہے جسے پکارا جاتا ہے تو تیز تر ہے جو قبول کرتا ہے معاف کرنے والوں میں بہترین عطا کرنے والوں میں زیادہ عطا والا اور سوالی کی بہت سننے والا اے دنیا و آخرت میں رحم کرنے والے اور دونوں جگہ پر مہربان کوئی تیرے جیسا نہیں جس سے سوال کیا جائے اور سوائے تیرے کوئی نہیں جس پر امید رکھی جائے میں نے دُعا کی تو نے قبول کی میں نے مانگا پس تو نے عطا کیا میں نے تیری طرف توجہ کی پس تو نے رحمت فرمائی تیرا سہارا لیا پس تو نے نجات دی میں تجھ سے ڈرا تو نے میری مدد فرمائی اے اللہ حضرت محمدؐ پر رحمت فرما جو تیرے بندے تیرے رسولؐ اور تیرے نبیؐ ہیں اور انکی آل پر جو سب کے سب بے عیب اور پاک تر ہیں اور ہم پر اپنی نعمتیں پوری کر اور ہم پر خوشگوار عطائیں فرما ہمیں اپنے شکر گزاروں میں رکھ دے اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں رکھ، ایسا ہی ہو، ایسا ہی ہو، اے جہانوں کے پروردگار اے اللہ اے وہ مالک جو با قدرت ہے اے با قدرت جو غالب ہے اے وہ جو نافرمانی کو ڈھانپتا ہے اور بخشش چاہنے پر بخشتا ہے اے طلبگاروں، توجہ کرنے والوں کی امیدگاہ اور آرزومندوں کے مقام آرزو، اے وہ کہ جس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور توبہ کرنے والوں کے لئے محبت و مہربانی اور ملائمت سے جس کا دامن وسیع ہے، اے اللہ ہم نے توجہ کی ہے تیری طرف آج کی رات میں جسے تو نے بزرگی اور بڑائی دی حضرت محمدؐ کے ذریعے جو تیرے نبیؐ تیرے رسولؐ اور مخلوقات میں سے تیرے چنے ہوئے تیری وحی کے امانتدار بشارت دینے والے ڈرانے والے روشن چراغ ہیں جن کے وجود کو تو نے مسلمانوں کیلئے نعمت بنایا اور ان کو سارے جہانوں کے لئے رحمت قرار دیا اے اللہ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور ان کی آل پر جیسا کہ حضرت محمدؐ تیری طرف سے اس کے لائق ہیں اے بزرگتر ان پر اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل کر جو سب کے سب بلند تر نیک نہاد اور پاک ہیں اور ہمیں معافی دیکر ہماری پردہ پوشی کر کیونکہ تیرے حضور

فریادیں ہورہی ہیں ہر ہر دیس کی زبان میں، پس اے اللہ آج کی رات میں ہر نیکی میں سے حصہ قرار دے ہمارے لئے جوتو نے اپنے بندوں کے درمیان تقسیم کی، نور میں جس سے ہدایت فرمائی رحمت میں جو عام، کی برکت میں جوتو نے نازل کی، عافیت کے لباس میں جوتو نے پہنایا، رزق میں جو وسیع کیا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ اس وقت ہمیں بدل کر بنا دے کامیاب ہونے والے، فلاح پانے والے، پسندیدہ عمل والے اور نفع اٹھانے والے اور ہمیں مایوس ہونے والوں میں قرار نہ دے ہمیں اپنی رحمت سے دور نہ کر ہمیں اس چیز میں سے محروم نہ فرما جس کی تیرے فضل میں سے امید کریں اور ہم کو اپنی رحمت سے محروم و خالی قرار نہ دے، تیری عطا میں سے جس عنایت کی امید کریں اس سے مایوس نہ فرما ہمیں ناکام کرکے نہ پلٹا اور اپنی بارگاہ سے دھتکارے ہوئے قرار نہ دے، اے بہت عطاوالوں میں بڑی عطا والے اور عزت داروں میں بڑی عزت والے ہم تیری درگاہ میں لوٹ کے آئے ہیں معتقد بن کر ہم تیرے محترم گھر کعبہ میں پکار کرتے ہوئے آئے ہیں پس اعمال حج میں ہماری مدد فرما اور ہمارا حج مکمل کرادے ہمیں معاف فرما پناہ دے کہ ہم نے اپنے ہاتھ تیرے آگے پھیلائے ہیں کہ جن پر گناہوں کے اقرار و اعتراف کے نشان ہیں اے اللہ پس ہمیں آج کی رات میں جو ہم نے تجھ سے مانگا عطا فرما تمام کاموں میں ہماری مدد کر کہ تیرے سوا کوئی ہماری کفایت کرنے والا نہیں اور سوائے تیرے کوئی ہمارا رب نہیں کہ تیرا حکم ہی ہم پر جاری ہے تیرا علم ہمیں گھیرے ہوئے ہے ہمارے لئے تیرا فیصلہ درست ہے ہمارے لئے اچھا فیصلہ کر اور ہمیں نیکوکاروں میں سے قرار دے اے اللہ ہمارے لئے اپنی عطا سے بہت بڑا اجر بہترین ذخیرہ اور ہمیشہ کی آسائش واجب کر دے، ہمارے سارے کے سارے گناہ بخش دے اور ہمیں تباہ ہونے والوں کے ساتھ تباہ نہ کر اور اپنی مہربانی اور رحمت ہم سے دور نہ فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے اللہ اس وقت ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جنہوں نے تجھ سے مانگا تو نے عطا کیا جنہوں نے شکر کیا تو نے زیادہ دیا تیری طرف پلٹے تو نے انہیں قبول کیا اپنے گناہوں کے ساتھ تیری طرف آئے تو ان کے سبھی گناہ معاف کردیئے اے جلالت وعزت کے مالک اے اللہ ہمیں پاک کر ہماری رہنمائی فرما اور ہماری زاری قبول کر، اے بہترین سوال شدہ اور طلب رحمت پر زیادہ رحمت کرنے والے، اے وہ جس پر پوشیدہ نہیں ہے پلک کا جھپکنا نہ آنکھوں کا اشارہ نہ وہ چیز جو پردے کے نیچے ہو اور نہ وہ بات جو دلوں کے پردوں میں لپٹی ہوئی ہو ہاں ان سب کو تیرے علم نے شمار کر رکھا ہے اور تیری نرمی ان پر چھائی ہوئی ہے تو پاک تر اور بلند تر ہے اس سے جو ناحق کہنے والے کہتے ہیں تو بلند تر بزرگتر ہے تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اور جو کچھ ان میں ہے نہیں کوئی چیز موجود ہے مگر وہ تیری حمد کررہی ہے پس حمد تیرے لئے ہے اے بزرگی بلند شان اے جلالت وعزت کے مالک فضل کرنے والے، نعمت دینے

والے بڑی بڑی عطائیں کرنے والے اور تو بخشش کرنے والا کرم کرنے والا نرمی کرنے والا مہربان ہے اے اللہ میرے لئے اپنا رزق حلال وسیع فرما میرے بدن اور میرے دین کی حفاظت فرما مجھے خوف سے بچا اور میری گردن کو جہنم کی آگ سے آزاد کردے اے اللہ مجھے غلط فہمی میں نہ ڈال دھوکے میں نہ رکھ مجھے فریب نہ کھانے دے اور نابکار جنّوں اور انسانوں کو مجھ سے دور کردے۔

پھر آپ نے اپنے سر اور آنکھوں کو آسمان کی طرف بلند کیا جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپ با آواز بلند عرض کر رہے تھے:

اے سب سے زیادہ سننے والے، اے سب سے زیادہ دیکھنے والے، اے سب سے تیز تر حساب کرنے والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے، محمد و آل محمد علیہم السلام پر رحمت نازل فرما جو برکت والے سردار ہیں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اپنی اس حاجت کا کہ اگر تو وہ عطا کردے تو جو کچھ تو نے نہیں دیا اس سے مجھے نقصان نہیں اور اگر تو وہ عطا نہ کرے تو جو تو نے دیا اس سے مجھے کوئی نفع نہیں سوال کرتا ہوں کہ میری گردن جہنم سے آزاد کردے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے لئے حکومت تیرے لئے حمد ہے اور تو ہر ایک چیز پر قدرت رکھتا ہے اے میرے رب اے میرے رب۔

حضرت امام حسین علیہ السلام بار بار یارب یارب کہتے رہے جبکہ آپ کے اردگرد کھڑے لوگ آپ کی دعا سنتے ہوئے آمین کہتے رہے یہاں تک کہ آپ کے ساتھ ساتھ ان سب کی رونے کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔

سید ابن طاؤس نے یارب یارب کے بعد یہ اضافی کلمات بھی تحریر فرمائے ہیں۔

میرے اللہ میں اپنی تونگری میں بھی محتاج ہوں تو اپنے فقر کی حالت میں کیوں نہ محتاج ہوں گا، میرے اللہ میں علم رکھتے ہوئے بھی جاہل ہوں تو اپنی جہالت میں کیوں نہ جاہل ہوں گا، اے اللہ بے شک تیری تدبیر کے تغیر و تبدل اور تیری جلد وارد ہونے والی تقدیر نے تیری معرفت رکھنے والے بندوں کو ہے، تیری عطا کی امید نہ رکھنے اور مشکل کے وقت تجھ سے مایوس ہو جانے سے روکا ہوا ہے، میرے اللہ میں نے وہ کیا جو میری پستی کا تقاضہ ہے اور تو وہ کرے گا جو تیری بڑائی کے لائق ہے میرے اللہ میری کمزوری سے پہلے ہی تیری ذات لطف و کرم کے اوصاف رکھتی ہے تو کیا میری کمزوری کے بعد مجھ سے تو یہ مہربانیاں روک دے گا، میرے اللہ اگر مجھ سے نیکیاں ظاہر ہوئیں تو یہ تیرا فضل ہے اور مجھ پر یہ تیرا احسان ہے اور اگر مجھ سے برائیوں کا ظہور ہوا ہے تو یہ تیرا عدل ہے اور مجھ پر تیری حجت قائم ہو گئی ہے، میرے اللہ کیسے تو مجھ کو چھوڑ دے گا جب کہ تو میرا کفیل ہے کیوں کر میں روند دیا جاؤں جب کہ تو میرا مددگار ہے یا کیسے بے آس

ہوجاؤں جب کہ تو مجھ پر مہربان ہے اب میں تیری درگاہ میں اپنے فقر کے ساتھ آیا ہوں اور کس طرح تجھے اپنا وسیلہ بناؤں جب کہ یہ ناممکن ہے کہ کوئی تجھ تک پہنچ پائے یا کیونکر تجھ سے اپنے حالات کی شکایت کروں جب کہ وہ تجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں یا کس طرح اپنی زبان سے ان کی تشریح کروں جب کہ وہ تیری طرف سے اور تجھ پر عیاں ہیں یا کیونکر میری آرزوئیں ناکام رہیں گی جب کہ یہ تیرے جناب میں پیش کی جا چکی ہیں یا کیونکر میرے حالات بہتر نہ ہونگے جب کہ میں تیری وجہ سے قائم ہوں، میرے اللہ تیرا کتنا لطف ہے مجھ پر جبکہ میں بڑا ہی نادان ہوں اور تو کس قدر مہربان ہے مجھ پر جبکہ میں خطا کار ہوں میرے اللہ تو کتنا نزدیک ہے مجھ سے جبکہ میں تجھ سے بہت دور ہوں اور کتنا مہربان ہے تو مجھ پر پھر کس نے مجھے تجھ سے ہٹا دیا ہے، میرے اللہ دنیا کے حالات کی تبدیلیوں اور طریقوں کے تغیرات کے ذریعے میں جان گیا کہ تیری مراد یہ ہے کہ تو ہر چیز سے مجھے اپنی شناسائی کرائے تاکہ میں کسی چیز کے ضمن میں تیری قدرت سے ناواقف نہ رہوں میرے اللہ جب میری پستی مجھے گنگ کر دیتی ہے تو تیرا کرم مجھے گویا کر دیتا ہے جب بھی میرے برے اوصاف مجھے مایوس کرتے ہیں تیرے احسان مجھے حوصلہ دیتے ہیں، میرے اللہ جس شخص کی خوبیاں بھی برائیاں ہوں تو اس کی برائیاں کیوں نہ برائیاں شمار کی جائیں گی اور جس شخص کی حقیقت ہی محض کھوکھلی باتیں ہوں تو اس کی خالی خولی باتیں کیوں نہ محض باتیں تصور کی جائیں گی، میرے اللہ تیرا حکم جاری ہے اور تیری مرضی قاہر و غالب ہے کہ ان کے مقابل بولنے والا بول نہیں سکتا اور نہ کوئی صاحب حال کچھ کرسکتا ہے میرے اللہ کتنی ہی بار میں نے اطاعت کرتے ہوئے عبادت کی شکل بنائی ہے مگر تیرے عدل کے خوف سے اس پر میرا بھروسہ نہ رہا بلکہ وہ تیرے فضل سے میری بخشش کا ذریعہ بنی میرے اللہ بے شک تو جانتا ہے اگرچہ میں عبادت میں مستقلاً مشغول نہیں ہوں تو بھی تجھ سے میری محبت ہمیشہ راسخ ہے میرے اللہ کس قدر بندگی کا ارادہ کروں جب کہ تو غالب ہے اور کیونکر ارادہ نہ کروں جب کہ تو حکم دیتا ہے، میرے اللہ تیری قدرت کے آثار میں غور کرنا تیرے دیدار سے دوری کا سبب ہے پس مجھے اپنے حضور حاضر رکھ تیری سرکار میں پہنچ پاؤں کیونکر وہ چیز تیری طرف رہنمائی کرسکتی ہے جو اپنے وجود ہی میں تیری محتاج ہے آیا تیرے غیر کیلئے ایسا ظہور ہے جو تیرے لئے نہیں ہے یہاں تک کہ وہ تجھے ظاہر کرنے والا بن جائے تو کب غائب تھا کہ کسی ایسے نشان کی حاجت ہو جو تیری دلیل ٹھہرے اور تو کب دور تھا کہ آثار اور نشان تجھ تک پہنچانے کا ذریعہ و وسیلہ بنیں، اندھی ہے وہ آنکھ جو تجھ کو اپنا نگہبان نہیں پاتی اس بندے کا سودہ خسارے والا ہے جس کو تو نے اپنی محبت کا حصہ نہیں دیا میرے اللہ تو نے اپنی قدرت کے آثار پر توجہ کا حکم کیا پس مجھ کو اپنے نور کے پردوں اور بصیرت کے راستوں کی طرف لے چل، تاکہ اس کے ذریعے تیری درگاہ میں آؤں جس طرح انہی کے ذریعے تیری طرف راہ پائی، انہیں دیکھ کر راز حقیقت کی خبر

پاؤں اور ان کے سہارے اپنی ہمت کو بلند کروں بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے میرے اللہ یہ ہے میری پستی جو تیرے آگے عیاں ہے اور یہ ہے میری بری حالت جو تجھ سے پوشیدہ نہیں میں تیری بارگاہ میں پہنچنا چاہتا ہوں اور تجھ پر تجھی کو دلیل ٹھہراتا ہوں پس اپنے نور سے میری اپنی طرف سے رہنمائی کر اور اپنے حضور مجھے سچی بندگی پر قائم رکھ، میرے اللہ مجھے اپنے پوشیدہ علوم میں سے تعلیم دے اور اپنے محکم پردے کے ساتھ میری حفاظت کر، میرے اللہ مجھے اپنے اہل قرب کے حقائق سے بہرہ ور فرما اور ان کی راہ پر ڈال جو تیری طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں، میرے اللہ اپنے تدبر اور پسند کے ذریعے مجھے میرے تدبر اور پسند سے بے نیاز کردے اور پریشانی کے عالم میں مجھے ثابت قدم رکھ، میرے معبود مجھے میرے نفس کی پستی سے نکال لے، مجھے شک اور شرک سے پاک کردے قبل اسکے کہ میں قبر میں جاؤں، تجھ سے مدد چاہتا ہوں میری مدد فرما، تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں پس مجھے چھوڑ نہ دے، تجھ سے مانگتا ہوں پس ناامید نہ کر، تیرے فضل کی آس لگائی ہے پس مجھے محروم نہ کر، تیری بارگاہ سے تعلق جوڑا ہے پس مجھے دور نہ فرما، تیرا دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں پس مجھے ٹھکرا نہ دے، میرے اللہ تیری رضا پاک ہے، ممکن نہیں اس میں تیری طرف سے نقص آئے، پھر کیسے ممکن ہے کہ میں اسے نقص دار کہوں، میرے اللہ تو اپنی ذات میں بے نیاز ہے اس سے کہ تجھے اپنی ذات سے نفع پہنچے کیوں کر تو مجھ سے بے نیاز نہ ہوگا، میرے اللہ قضا وقدر مجھ کو آرزومند بناتی ہے اور خواہش نفس مجھے آرزوؤں کا قیدی بنا لیتی ہے پس تو میرا مددگار بن جا تا کہ کامیاب ہو جاؤں، بینا ہو جاؤں اور اپنے فضل سے مجھ کو بے نیاز کردے تا کہ تیرے ذریعے حاجت سے بے نیاز ہو جاؤں، تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں کو نور کی شعاؤں سے روشن کر دیا تو انہوں نے تجھے پہچانا اور تجھے ایک مانا اور تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں سے غیروں کو دور کر دیا تو وہ سوائے تیرے کسی سے محبت نہیں رکھتے اور تیرے غیر کی پناہ نہیں لیتے جب زمانہ ان کو ہراساں کرے اس وقت تو ہی ان کا ہمدم ہے اور تو وہ ہے جس نے ان کی رہنمائی کی جب وہ تیرے نشان و برھان سے دور ہوئے، اس نے کیا پایا جس نے تجھے کھویا اور اس نے کچھ نہ کھویا جس نے تجھ کو پایا اور یقینا ناکام ہوا جو تیری بجائے کسی اور کو پسند کرنے لگا اور وہ گھاٹے میں پڑا جو سرکشی کیساتھ تجھ سے پھر گیا کس طرح تیرے غیر سے امید رکھی جاسکتی ہے جبکہ تیرا احسان وکرم رکتا ہی نہیں اور کیونکر تیرے غیر سے سؤال کیا جا سکتا ہے جبکہ تیرے فضل و احسان کرنے کی عادت میں تبدیلی نہیں آتی اور وہ جو اپنے دوستوں کو الفت کی مٹھاس چکھاتا ہے پس وہ اس کے حضور تعریفیں کرتے کھڑے ہو جاتے ہیں اے وہ جو اپنے دوستوں کو اپنی ہیبت کا لباس پہناتا ہے تو وہ اسکے سامنے کھڑے ہوتے ہیں بخشش مانگتے ہوئے، تو یاد کرنے والوں سے پہلے انکو یاد رکھنے والا ہے، تو احسان میں ابتدا کرنے والا ہے، عبادت گزاروں کے توجہ کرنے سے پہلے تو عطا میں اضافہ کرنے

والا ہے، مانگنے والوں کے مانگنے سے پہلے تو بہت دینے والا ہے، پھر اس میں سے بطور قرض مانگتا ہے جو کچھ تو نے ہمیں دیا ہے میرے اللہ اپنی رحمت سے مجھ کو بلا لے تا کہ میں تیرے حضور پہنچ سکوں مجھے اپنی طرف کھینچ لے تا کہ تیری بارگاہ میں آسکوں میرے اللہ بے شک میری آس تجھ سے نہیں ٹوٹے گی اگر چہ میں تیری نافرمانی کروں جیسا کہ میرا خوف دور نہ ہوگا اگر چہ میں تیری اطاعت بھی کروں پس زمانے کی سختیوں نے مجھ کو تیری طرف دھکیل دیا اور تیری نوازش کے علم نے تیری بارگاہ میں پہنچا دیا، میرے اللہ کیونکر ناامید ہو جاؤں جب کہ تو میری آرزو ہے یا کیسے پست ہوں گا جب کہ میرا بھروسہ تجھ پر ہے، میرے اللہ کیسے عزت کا دعوی کروں جب کہ اس خواری میں تو نے مجھے یاد کیا یا کیسے عزت کا دعویٰ کروں میری نسبت تیری طرف ہے میرے اللہ کیونکر فقیر نہ بنوں جب کہ تو نے مجھے فقیروں کی صف میں رکھا ہے یا کیسے میں فقیر بنوں جب کہ تو نے مجھ کو اپنی عطا سے غنی کیا ہوا ہے اور تو وہ ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہر چیز کو اپنی پہچان کرائی پس کوئی چیز نہیں جو تجھے پہچانتی نہ ہو اور تو وہ ہے جس نے ہر چیز کے ذریعے مجھے اپنی معرفت کرائی پس میں نے تجھے ہر چیز میں عیاں و نمایاں دیکھا اور تو ہر چیز پر ظاہر و آشکار ہے اے وہ جو اپنی رحمت عامہ کیساتھ قائم ہے کہ عرش اس کی ذات میں نہاں ہو گیا ہے تو نے اپنی نشانیوں سے دے گر نشانیوں کو مٹا دیا تو نے اپنے غیروں کو نورانی آسمانوں کے حلقوں میں نابود کر دیا، اے وہ جو اپنے عرش کی چلمنوں میں پنہاں ہو گیا دیکھتی آنکھیں اسے دیکھ نہیں پاتیں اے وہ جس نے اپنے نور کامل کا جلوہ دکھایا تو اس کی عظمت قائم و برقرار ہو گئی کیونکر پوشیدہ ہے تو جب کہ آشکار ہے یا کیسے تو پنہاں ہے جبکہ تو نگہبان اور حاضر ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

دعائے عرفہ کے اضافی جملوں کی کچھ وضاحت

دعائی عرفہ کا دوسرا حصہ ''الٰہی انا الفقیر'' سے آخر تک مفہوم و معنی کے لحاظ سے ظاہر میں ایک حصہ کے ساتھ پہلے جیسا نہیں ہے اس بات کو دیکھتے ہوئے اس کا ذکر فقط کتاب الاقبال سید بن طاوس میں ہے اور علامہ مجلسی کے نقل کے مطابق یہ حصہ کتابوں میں نہیں ہے، کچھ علماء کا نظریہ ہے کہ دعا کا یہ حصہ امام حسین علیہ السلام سے نہیں ہے، بلکہ کچھ صوفیہ بزرگوں سے ہے، بحار الانوار میں دعائے عرفہ کو نقل کرنے کے بعد علامہ مجلسی فرماتے ہیں؛ اس دعا کو بلد الامین میں کفعمی نے اور مصباح الزائر میں سید بن طاوس نے لایا ہے، لیکن ان دو کے آخر میں تقریباً ایک صفحہ، الٰہی انا الفقیر فی غنای سے دعا کے آخر تک موجود نہیں ہے، یہ حصہ الاقبال کے قدیمی نسخوں میں بھی نہیں ہے، عبارت آئمہ کی دعاؤں کے مفہوم کے ساتھ بھی مناسبت نہیں رکھتی بلکہ صوفیہ کی مذاق میں سے ہے، اسی وجہ سے بعض علماء نے کہا ہے کہ اس حصے کو بزرگوں

نے بڑھایا ہے یا کچھ کتابوں سے نقل ہوا ہے جس کو سید بن طاوس نے الاقبال میں نقل کر دیا ہے بغیر تحقیق کے، دوسرے نظریہ کا احتمال قوی ہے، خدا ہی حقیقت سے باخبر ہے۔

اسی بناء پر اس حصے کی امام علیہ السلام ک طرف نسبت دینا مشکل ہے سوائے اس شخص کے جس کو یقین ہو کہ امام علیہ السلام سے صادر ہوا ہے، جیسا کہ عالم ربانی شیخ علی سعادت پرور (پھلوان) اس متن کی تصدیق کے بارے میں علامہ طبا بائی سے نقل کرتے تھے کہ وہ فرماتے تھے، کون ہے جو اس قسم کے حقائق کو بیان کرے؟ ہم نے تو فقط اپنی زندگی فلسفی اور عرفانی مسائل میں گذار دی ہے ہماری کیا مجال ہے،

لیکن علامہ مجلسی کا یہ کہنا کہ یہ ائمہ کی دعاؤں کے ساتھ مناسبت نہیں رکھتے ہیں۔

ان کی یہ بات اکثر دعاؤں کے بارے میں تو صحیح ہے لیکن کچھ دعاؤں جیسا کہ مناجات شعبانیہ کے بارے میں صحیح نہیں ہے، بہر حال یہی کہا جا سکتا ہے کہ اس کی حقیقت سے خدا ہی باخبر ہے۔

10/21

دُعاؤُهُ عِندَ الصَّباحِ وَالمَساءِ

صبح وشام کے وقت امام علیہ السلام کی دعا

416.مهج الدعوات عن الإمام الحسين عليه السلام. فی دُعاءٍ لَهُ إذا أصبَحَ وأمسى: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ، بِسمِ اللهِ وبِاللهِ، ومِنَ اللهِ، وإلَى اللهِ، وفی سَبيلِ اللهِ، وعَلى مِلَّةِ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله، وتَوَكَّلتُ عَلَى اللهِ، ولا حَولَ ولا قُوَّةَ إلاّ بِاللهِ العَلِيِّ العَظيمِ. اللّهُمَّ إنّي أسلَمتُ نَفسي إلَيكَ، ووَجَّهتُ وَجهي إلَيكَ، وفَوَّضتُ أمري إلَيكَ، إيّاكَ أسأَلُ العافِيَةَ مِن كُلِّ سوءٍ فِي الدُّنيا وَالآخِرَةِ. اللّهُمَّ إنَّكَ تَكفيني مِن كُلِّ أحَدٍ، ولا يَكفيني أحَدٌ مِنكَ، فَاكفِني مِن كُلِّ أحَدٍ ما أخافُ وأحذَرُ، وَاجعَل لي مِن أمري فَرَجا ومَخرَجا، إنَّكَ تَعلَمُ ولا أعلَمُ، وتَقدِرُ ولا أقدِرُ، وأنتَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ، بِرَحمَتِكَ يا أرحَمَ الرّاحِمينَ.[1]

---

[1] مهج الدعوات: ص198، بحار الأنوار: ج86 ص313 ح65.

۴۱۶) مهج الدعوات: امام حسین علیہ السلام سے ہے: مہربان خدا کے نام سے، خدا کے نام سے اس کی مدد سے اس کی جانب اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کے راستے پر، خدا پر توکل کرتا ہوں بزرگ خدا سے زیادہ بڑی طاقت اور کوئی بھی نہیں ہے، اے خدا! میں نے خود کو تیرے حوالے کیا اور تیری جانب رخ کیا اور کام تیرے سپرد کیا، دنیا وآخرت میں ہر مشکل سے تجھ سے مدد مانگتا ہوں اے خدا! تو ہی میرے لئے کافی ہے ارکوئی بھی تیری جگہ نہیں لے سکتا، بس جو ہر ایک سے مجھے ڈر ہے تو کفایت کر اور میرے کام میں وسعت دے کیوں کہ تو جانتا ہے میں نہیں جانتا تو قدرت والا ہے، میں کمزور ہوں، اور تو ہر کام پر قدرت رکھتا ہے اور مہربانوں سے زیادہ مہربان۔۔۔۔۔۔۔

417. الدعوات عن علیّ بن الحسین علیہ السلام: حَدَّثَنی أبی عَن جَدّی صلی اللہ علیہ وآلہ: أنَّهُ كانَ إذا صَلَّى الغَداةَ وَانفَتَلَ[1]، لا يَتَكَلَّمُ حَتّى يَأخُذَ سُبحَةً بَينَ يَدَيهِ فَيَقولُ: «اللّٰهُمَّ إنّي أصبَحتُ أُسَبِّحُكَ وأُحَمِّدُكَ وأُهَلِّلُكَ وأُكَبِّرُكَ وأُمَجِّدُكَ بِعَدَدِ ما أُديرُ بِهِ سُبحَتي»، ويَأخُذُ السُّبحَةَ فی يَدِهِ ويُديرُها وهُوَ يَتَكَلَّمُ بِما يُريدُ مِن غَيرِ أن يَتَكَلَّمَ بِالتَّسبيحِ، وذَكَرَ أنَّ ذلِكَ مُحتَسَبٌ لَهُ، وهُوَ حِرزٌ إلى أن يَأوِيَ إلى فِراشِهِ، فَإذا أوى إلى فِراشِهِ، قالَ مِثلَ ذلِكَ القَولِ ووَضَعَ سُبحَتَهُ تَحتَ رَأسِهِ، فَهِيَ مَحسوبَةٌ لَهُ مِنَ الوَقتِ إلَى الوَقتِ.[2]

۴۱۷) مهج الدعوات: امام سجاد علیہ السلام سے ہے: میرے بابا نے میرے دادا سے نقل کیا کہ جب نماز صبح پڑھی تو جانا چاہتا تھا (کسی کے ساتھ) بات نہیں کرتے تھے کہ ہاتھ میں تسبیح کو لیے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے، اے خدا! میں نے صبح کی درحالانکہ تسبیح وحمد اور تہلیل کہہ رہا تھا اور تجھے بزرگی سے یاد کرتا ہوں اور دنوں کے عدد کے حساب سے تیری تسبیح کرتا ہوں پھر ہاتھ میں تسبیح لی اور پھیر رہے تھے جو کہنا چاہتے تھے وہ کہتے تھے، بغیر اس کے کہ تسبیح کریں اور فرماتے تھے اس کا بھی حساب ہوگا، یہاں تک کہ بستر پر جائے اور جس طرح بستر پر جاتے تھے اور تسبیح کہتے کہتے سوجاتے تھے، اور یہ صبح سے شام تک جاری ہوتی تھی۔

---

[1] إنْفَتَلَ: إنْصَرَفَ (تاج العروس: ج15 ص564، فتل).
[2] الدعوات: ص61 ح152، بحار الأنوار: ج45 ص200 ح41.

10/22

دُعاءُ العَشَراتِ

دعائے عشرات

418. مُهج الدعوات بإسناده عن الإمام الحسين عليه السلام قالَ لى عَلِيُّ بنُ أبى طالِبٍ عليه السلام: يا بُنَيَّ، إنَّهُ لابُدَّ مِن أن تَمضِيَ مَقاديرُ اللهِ وأحكامُهُ عَلى ما أحَبَّ وقَضى، وسَيُنفِذُ اللهُ قَضاءَهُ وقَدَرَهُ وحُكمَهُ فيكَ، فَعاهِدنى ألاّ تَلفِظَ بِكَلامٍ أُسِرُّهُ إلَيكَ حَتّى أموتَ، وبَعدَ مَوتى بِاثنَى عَشَرَ شَهرا، وأُخبِرُكَ بِخَبَرٍ أصلُهُ عَنِ اللهِ: تَقولُ غُدوَةً وعَشِيَّةً...:

سُبحانَ اللهِ، وَالحَمدُ للهِ، ولا إلهَ إلاَّ اللهُ، وَاللهُ أكبَرُ، ولا حَولَ ولا قُوَّةَ إلاّ بِاللهِ العَلِيِّ العَظيمِ، سُبحانَ اللهِ فِي آناءِ اللَّيلِ وأطرافِ النَّهارِ، سُبحانَ اللهِ بِالغُدُوِّ وَالآصالِ، سُبحانَ اللهِ بِالعَشِيِّ وَالإبكارِ، سُبحانَ اللهِ حينَ تُمسونَ وحينَ تُصبِحونَ، ولَهُ الحَمدُ فِي السَّماواتِ وَالأَرضِ وعَشِيّا وحينَ تُظهِرونَ، يُخرِجُ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ ويُخرِجُ المَيِّتَ مِنَ الحَيِّ، ويُحيِي الأَرضَ بَعدَ مَوتِها و كَذلِكَ تُخرَجونَ، سُبحانَ رَبِّكَ رَبِّ العِزَّةِ عَمّا يَصِفونَ، وسَلامٌ عَلَى المُرسَلينَ، وَالحَمدُ للهِ رَبِّ العالَمينَ، ولا حَولَ ولا قُوَّةَ إلاّ بِاللهِ العَلِيِّ العَظيمِ. سُبحانَ ذِى المُلكِ وَالمَلَكوتِ، سُبحانَ ذِى العِزَّةِ وَالعَظَمَةِ وَالجَبَروتِ[1]، سُبحانَ المَلِكِ الحَيِّ القُدّوسِ، سُبحانَ المَلِكِ الحَيِّ الَّذى لا يَموتُ، سُبحانَ القائِمِ الدّائِمِ، سُبحانَ الحَيِّ القَيّومِ، سُبحانَ العَلِيِّ الأَعلى، سُبحانَهُ وتَعالى، سُبّوحٌ قُدّوسٌ رَبُّ المَلائِكَةِ وَالرّوحِ. اللّهُمَّ إنّى أصبَحتُ مِنكَ فى نِعمَةٍ وعافِيَةٍ، فَأَتمِم عَلَيَّ نِعمَتَكَ وعافِيَتَكَ لى بِالنَّجاةِ مِنَ النّارِ، وَارزُقنى شُكرَكَ وعافِيَتَكَ أبَدا ما أبقَيتَنى. اللّهُمَّ بِنورِكَ اهتَدَيتُ، وبِنِعمَتِكَ أصبَحتُ وأمسَيتُ، وأصبَحتُ أُشهِدُكَ و كَفى بِكَ شَهيدا، وأُشهِدُ مَلائِكَتَكَ وحَمَلَةَ عَرشِكَ وأنبِياءَكَ ورُسُلَكَ وجَميعَ خَلقِكَ، وسَماواتِكَ وأرضَكَ، أنَّكَ أنتَ اللهُ لا إلهَ إلاّ أنتَ وَحدَكَ لا شَريكَ لَكَ، وأنَّ مُحَمّدا صَلَواتُكَ عَلَيهِ

---

[1] الجَبَروت: الجَبْرُ والقَهْر (النهاية: ج1 ص236، جبر).

وآلِهِ عَبدُكَ ورَسولُكَ، وأنَّكَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ، تُحيِي وتُميتُ، وتُميتُ وتُحيِي، وأشهَدُ أنَّ الجَنَّةَ حَقٌّ، وَالنّارَ حَقٌّ، وأنَّ السّاعَةَ آتِيَةٌ لا رَيبَ فيها، وأنَّ اللهَ يَبعَثُ مَن فِي القُبورِ، وأشهَدُ أنَّ عِلِيَّ بنَ أبي طالِبٍ عليه السلام وَالحَسَنَ وَ الحُسَينَ وعَلِيَّ بنَ الحُسَينِ ومُحَمَّدَ بنَ عَلِيٍّ وجَعفَرَ بنَ مُحَمَّدٍ وموسَى بنَ جَعفَرٍ وعَلِيَّ بنَ موسى ومُحَمَّدَ بنَ عَلِيٍّ وعَلِيَّ بنَ مُحَمَّدٍ وَالحَسَنَ بنَ عَلِيٍّ وَالإمامَ مِن وُلدِ الحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ [1] الأئِمَّةُ الهُداةُ المَهدِيّونَ، غَيرُ الضّالّينَ ولاَ المُضِلّينَ، وأنَّهُم أولِياؤُكَ المُصطَفَونَ، وحِزبُكَ الغالِبونَ، وصَفوَتُكَ وخِيَرَتُكَ مِن خَلقِكَ، ونُجَباؤُكَ الَّذينَ انتَجَبتَهُم لِوِلايَتِكَ، وَاختَصَصتَهُم مِن خَلقِكَ، وَاصطَفَيتَهُم عَلى عِبادِكَ، وجَعَلتَهُم حُجَّةً عَلى خَلقِكَ، صَلَواتُكَ عَلَيهِم وَالسَّلامُ. اللّهُمَّ اكتُب لي هذِهِ الشَّهادَةَ عِندَكَ حَتّى تُلَقّيَنيها وأنتَ عَنّي راضٍ يَومَ القِيامَةِ، وقَد رَضيتَ عَنّي، إنَّكَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ حَمدا تَضَعُ لَكَ السَّماءُ كَنَفَيها [2]، وتُسَبِّحُ لَكَ الأَرضُ ومَن عَلَيها، ولَكَ الحَمدُ حَمدا يَصعَدُ ولا يَنفَدُ [3]، وحَمدا يَزيدُ ولا يَبيدُ، سَرمَدا [4] مَدَدا، لاَ انقِطاعَ لَهُ ولا نَفادَ أبَدا، حَمدا يَصعَدُ أوَّلُهُ ولا يَنفَدُ آخِرُهُ، ولَكَ الحَمدُ عَلَيَّ ومَعِيَ وفِيَّ وقَبلي وبَعدي وأمامي ولَدَيَّ، وإذا مِتُّ وفَنيتُ وبَقيتُ، يا مَولايَ، فَلَكَ الحَمدُ إذا نُشِرتُ وبُعِثتُ، ولَكَ الحَمدُ وَالشُّكرُ بِجَميعِ مَحامِدِكَ كُلِّها عَلى جَميعِ نَعمائِكَ كُلِّها، ولَكَ الحَمدُ عَلى كُلِّ عِرقٍ ساكِنٍ، وعَلى كُلِّ أكلَةٍ وشَربَةٍ، وبَطشَةٍ وحَرَكَةٍ، ونَومَةٍ ويَقظَةٍ، ولَحظَةٍ وطَرفَةٍ ونَفَسٍ، وعَلى كُلِّ مَوضِعِ شَعرَةٍ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ كُلُّهُ، ولَكَ المُلكُ كُلُّهُ، وبِيَدِكَ الخَيرُ كُلُّهُ، عَلانِيَتُهُ وسِرُّهُ، وأنتَ مُنتَهَى الشَّأنِ كُلِّهِ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ عَلى حِلمِكَ بَعدَ عِلمِكَ، ولَكَ الحَمدُ عَلى عَفوِكَ بَعدَ قُدرَتِكَ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ باعِثَ الحَمدِ، ووارِثَ الحَمدِ، وبَديعَ الحَمدِ، ومُبتَدِعَ الحَمدِ، ووافِيَ العَهدِ، وصادِقَ الوَعدِ، وعَزيزَ الجُندِ، قَديمَ المَجدِ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ، مُجيبَ الدَّعَواتِ، رَفيعَ الدَّرَجاتِ، مُنزِلَ الآياتِ مِن فَوقِ سَبعِ سَماواتٍ، مُخرِجَ النّورِ مِنَ الظُّلُماتِ، مُبَدِّلَ السَّيِّئاتِ حَسَناتٍ، وجاعِلَ الحَسَناتِ دَرَجاتٍ. اللّهُمَّ لَكَ الحَمدُ غافِرَ الذَّنبِ،

---

[1] لفظ «الحسن» إمّا تصحيف للفظ «للحسين» كما تدلّ عليه الروايات الكثيرة، وإمّا يُقصَدُ به الإمام الحسن العسكري عليه السلام.

[2] الكَنَفُ: الجانب (النهاية: ج4 ص204، كنف).

[3] زاد في بحار الأنوار هنا: «اللهمّ لك الحمد حمدا يصعد أوّله ولا ينفد آخره».

[4] السَّرمَد: الدائم الذي لا ينقطع، فارسية (النهاية: ج2 ص363، سرمد).

وقابِلَ التَّوبِ، شَديدَ العِقابِ، ذَا الطَّولِ، لا إلهَ إلاّ أنتَ إلَيكَ المَصيرُ. اللّٰهُمَّ لَكَ الحَمدُ فِي اللَّيلِ إذا يَغشى، ولَكَ الحَمدُ فِي النَّهارِ إذا تَجَلّى، ولَكَ الحَمدُ فِي الآخِرَةِ وَالأُولى، ولَكَ الحَمدُ عَدَدَ كُلِّ نَجمٍ ومَلَكٍ فِي السَّماءِ، ولَكَ الحَمدُ عَدَدَ كُلِّ قَطرَةٍ نَزَلَت مِنَ السَّماءِ إلَى الأَرضِ، ولَكَ الحَمدُ عَدَدَ كُلِّ قَطرَةٍ فِي البِحارِ وَالأَودِيَةِ وَالأَنهارِ، ولَكَ الحَمدُ عَدَدَ الشَّجَرِ وَالوَرَقِ، وَالحَصى وَالثَّرى، وَالجِنِّ وَالإنسِ، وَالبَهائِمِ وَالطَّيرِ، وَالوُحوشِ وَالأَنعامِ، وَالسِّباعِ وَالهَوامِّ، ولَكَ الحَمدُ عَدَدَ ما أحصى كِتابُكَ، وأحاطَ بِهِ عِلمُكَ، حَمدا كَثيرا دائِما مُبارَكا فيهِ أبَدا. لا إلهَ إلاّ اللّٰهُ وَحدَهُ لا شَريكَ لَهُ، لَهُ المُلكُ ولَهُ الحَمدُ، يُحيِي ويُميتُ، ويُميتُ ويُحيِي، وهُوَ حَيٌّ لا يَموتُ، بِيَدِهِ الخَيرُ وهُوَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ. عَشرَ مَرّاتٍ. أستَغفِرُ اللّٰهَ الَّذي لا إلهَ إلاّ هُوَ الحَيُّ القَيّومُ وأتوبُ إلَيهِ. عَشرَ مَرّاتٍ. «يا اللّٰهُ يا اللّٰهُ» عَشرا، «يا رَحمانُ يا رَحمانُ» عَشرا، «يا رَحيمُ يا رَحيمُ» عَشرا، «يا بَديعَ السَّماواتِ وَالأَرضِ، يا ذَا الجَلالِ وَالإكرامِ» عَشرا، «يا حَنّانُ[1] يا مَنّانُ[2]» عَشرا، «يا حَيُّ يا قَيّومُ» عَشرا، «يا لا إلهَ إلاّ أنتَ» عَشرا، «اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّدٍ» عَشرا، «بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ» عَشرا، «آمينَ آمينَ» عَشرا، إفعَل بي كَذا وكَذا. وتَقولُ هذا بَعدَ الصُّبحِ مَرَّةً، وبَعدَ العَصرِ أُخرى، ثُمَّ تَدعو بِما شِئتَ.[3]

شروع خدا کے نام جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

پاک ہے خدا اور حمد خدا کے لئے ہی ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو خدائے بزرگ و برتر سے ہے پاک ہے خدا اوقات شب اور اطراف روز میں پاک ہے خدا طلوع وغروب کے وقت پاک ہے خدا شام اور صبح کے وقت پاک ہے خدا جب تم شام کرتے اور جب تم صبح کرتے ہو اور حمد اسی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین میں اور بوقت عصر جب تم ظہر کرتے ہو وہ مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور زندہ سے مردہ کو نکالتا ہے اور زمین کو اسکی موت کے بعد زندہ کرتا ہے اور ایسے ہی تم قیامت میں نکالے جاؤ گے، پاک ہے تمہارا رب ان باتوں سے

---

[1] الحَنّانُ: الرحيم بعباده (النهاية: ج1 ص453 «حنن»).

[2] المَنّانُ: من أسماء الله تعالى، والمُنّة: القوّة (الصحاح: ج6 ص2207 «منن»).

[3] مهج الدعوات: ص184 عن معاوية بن وهب عن الإمام الصادق عن آبائه عليهم السلام وص188، جمال الأُسبوع: ص279 عن عبد الله بن عطاء عن الإمام الباقر عن آبائه عليهم السلام وكلاهما نحوه، بحار الأنوار: ج 95 ص408 ح41 وج 90 ص 73 ح1 وراجع: مصباح المتهجّد: ص 84 وفلاح السائل: ص 388 ح 265 والبلد الأمين: ص 24 والمصباح للكفعمي: ص127.

جو وہ لوگ بیان کیا کرتے ہیں اور سلام ہو تمام رسولوں پر اور حمد خدا ہی کے لئے ہے جو عالمین کا پروردگار ہے پاک ہے وہ جو صاحب ملک وملکوت ہے۔ پاک ہے وہ جو صاحب عزت و جبروت ہے پاک ہے وہ جو بڑائی اور بزرگی کا مالک ہے بادشاہ برحق مقتدر اور منزہ ہے پاک ہے خدا جو بادشاہ اور زندہ ہے کبھی موت نہیں، پاک ہے خدا جو بادشاہ زندہ و منزہ ہے پاک ہے وہ جو قائم و دائم ہے، پاک ہے وہ جو دائم و قائم ہے، پاک ہے میرا رب جو عظمت والا ہے پاک ہے میرا رب جو اعلیٰ ہے پاک ہے وہ جو ہمیشہ زندہ و پائندہ ہے پاک ہے وہ جو بلند و بالا ہے وہ پاک اور برتر ہے پاکیزہ و منزہ ہے ہمارا رب جو ملائکہ اور روح کا رب ہے پاک ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو غافل نہیں، پاک ہے وہ جو بغیر تعلیم کے عالم ہے پاک ہے وہ جو دیکھی ان دیکھی ہر چیز کا خالق ہے پاک ہے وہ جو نظروں کو پاتا ہے اور نظریں اسے پا نہیں سکتیں اور وہ باریک بین وخبر والا ہے اے معبود میں نے تیری طرف سے ملنے والی نعمت، خیر و برکت اور عافیت میں صبح کی پس رحمت فرما محمدؐ آل محمدؐ پر اور مجھ پر اپنی نعمت، اپنی خیر اور اپنی برکتیں اور اپنی عافیت پوری فرما جہنم سے نجات کے ذریعے اور مجھے اپنے شکر کی توفیق بھی دے اور اپنی طرف سے عافیت، عطا فرما اور مہربانی سے نواز جب تک میں زندہ ہوں اے معبود مجھے تیرے نور سے ہدایت اور تیرے فضل سے تونگری ملی ہے تیری نعمت کیساتھ میں نے صبح کی اور شام کی ہے اے معبود میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیری گواہی کافی ہے اور گواہ بناتا ہوں تیرے ملائکہ، انبیائ، رسل اور تیرے عرش کے حاملین تیرے آسمانوں اور تیری زمین کے رہنے والوں اور تیری مخلوق کو اس بات پر کہ یقینا تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی ثانی نہیں اور اس پر کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے تو ہی زندہ کرتا اور موت دیتا ہے اور موت دیتا اور زندہ کرتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ جنت حق ہے جہنم حق ہے قبروں سے جی اٹھنا حق ہے اور قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور خدا اسے زندہ کرے گا جو قبر میں ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ امام علیؑ ابن ابی طالب مومنین کے برحق امیر ہے اور یہ کہ ان کی اولاد میں سے جو آئمہ ہیں وہی ہدایت یافتہ ہدایت دینے والے ہیں وہ نہ گمراہ ہیں اور نہ گمراہ کرنے والے ہیں اور یہ کہ وہی تیرے چنے ہوئے دوست اور تیری غالب جماعت ہیں وہ تیری مخلوق میں سے برگزیدہ اور بہترین افراد ہیں اور وہ ایسے شریف ہیں جن کو تو نے اپنے دین کی خاطر چنا اور انہیں اپنی مخلوق میں خاص مرتبہ دیا تو نے انھیں اپنے بندوں میں سے منتخب کیا اور ان کو عالمین کیلئے اپنی حجت قرار دیا ان پر تیرا درود اور سلام ہو اور ان پر خدا کی رحمت اور برکات ہوں اے معبود! میری یہ گواہی اپنے ہاں درج فرمالے تاکہ قیامت کے دن تو مجھے اس کی تلقین کرے اور تو مجھ سے راضی ہو جائے بے شک تو ہر اس پر جو تو چاہے قادر ہے اے معبود! تیرے لئے حمد ہے جس کا پہلا حصہ بلند ہوتا ہے اور آخری ختم ہونے والا نہیں۔

اے معبود! حمد تیرے ہی لئے ہے ایسی حمد کہ آسمان تیرے آگے اپنے شانے جھکا دے اور زمین اور جو اس پر ہے وہ تیری تسبیح کرے اے معبود! تیرے لئے حمد ہے ایسی حمد جو ہمیشہ ہمیشہ جاری رہے جو رکتی ہے نہ ختم ہوتی ہے وہ تیرے ہی لائق ہے اور تجھی تک پہنچتی ہے وہ میرے دل میں زبان پر میرے سامنے مجھ سے پہلے میرے بعد میرے پہلو میں میرے اوپر اور میرے نیچے ہے جب میں مروں اور قبر میں تنہا ہو جاؤں پھر خاک در خاک ہو جاؤں اور تیرے لئے حمد ہے جب قبر میں اٹھ بیٹھوں اور کھڑا کیا جاؤں اے مولا اے معبود حمد اور شکر تیرے ہی لئے ہے تیرے تمام و مکمل اوصاف کے ساتھ تیری سبھی نعمات پر حتی کہ حمد وہاں پہنچے جہاں تو چاہتا ہے اے ہمارے رب جس میں تیری رضا ہے اے معبود! تیرے لئے حمد ہے تمام اشیاء خورد و نوش پر زور و طاقت اور پکڑنے و کھولنے اور جسم کے ہر بال بال پر، تیری حمد ہے اے معبود! تیرے لئے حمد ہے ہمیشہ کی حمد تیرے دوام کے ساتھ تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جس کی تیرے علم کے علاوہ کہیں انتہاء نہیں تیرے لیے حمد ہے جس کی مدت تیری مشیت سوا نہیں ہے تیرے لیے حمد ہے کہ حمد کرنے والے کا اجر تیری رضا کے علاوہ نہیں تیرے لیے حمد ہے جو جانتے ہوئے بھی نرمی کرتا ہے تیرے لیے حمد ہے کہ قوت کے باوجود درگذر فرماتا ہے تیرے لیے حمد ہے تو وجہ حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو مالک حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تجھ سے ابتداء حمد ہے اور تیرے لیے حمد ہے کہ تجھ سے انتہاء حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو حمد کا آغاز کرنے والا ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو خریدار حمد ہے تیرے لیے حمد ہے تو نگہبان حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو قدیمی حمد والا ہے اور تیرے لیے حمد ہے کہ تو وعدے میں سچا عہد کا پکا ہے تو انا لشکر والا پائدار بزرگی والا اور تیرے لیے حمد ہے کہ تو اونچے درجوں والا ہے دعائیں قبول کرنے والا ہے ساتوں آسمانوں سے بلند تر مقام سے آیات نازل کرنے والا ہے بڑی برکتوں والا ہے نور کو تاریکیوں سے نکالنے والا تاریکیوں میں پڑے کو روشنی کی طرف لانے والا گناہوں کو نیکیوں میں بدلنے والا اور نیکیوں کو بلند مراتب میں بدلنے والا اے معبود تیرے لیے حمد ہے کہ تو گناہ معاف کرنے والا توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا اور عطا کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں بازگشت تیری ہی طرف ہے اے معبود تیرے لیے حمد ہے رات میں جب وہ چھا جائے تیرے لیے حمد ہے دن میں جب وہ روشن ہو جائے تیرے لیے حمد ہے دنیا اور آخرت میں، تیرے لیے حمد ہے آسمان کے ستاروں اور فرشتوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے خاک اور ریت کے ذروں اور پھلوں کی گٹھلیوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے فضاء آسمان میں موجود چیزوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے تہ زمین میں موجود چیزوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے سمندروں کے پانیوں کے وزن کے برابر، تیرے لیے حمد ہے درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے زمین پر موجود چیزوں کی تعداد کے برابر، تیرے

لیے حمد ہے تیری کتاب میں موجود تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے تیرے علم میں موجود تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے انسانوں جنوں حشرات پرندوں چرندوں اور درندوں کی تعداد کے برابر، بہت زیادہ پاک اور بابرکت ہو جیسی حمد اے پروردگار تجھے پسند اور جس پر تو راضی ہو اور جیسی حمد تیری شان کرم اور تیری جلالت کے لائق ہے۔

پھر دس مرتبہ کہے:

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے جس کا کوئی ثانی نہیں اس کیلئے ملک ہے اسی کیلئے حمد ہے اور وہ باریک بین خبردار ہے

پھر دس مرتبہ:

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے جسکا کوئی ثانی نہیں اسی کیلئے ملک اور اسی کے لیے حمد ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، مارتا اور زندہ کرتا ہے اور زندہ ہے جسے موت نہیں اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

پھر دس مرتبہ:

میں بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ و پائندہ ہے اور اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں

پھر دس مرتبہ:

یا اللہ یا اللہ

پھر دس مرتبہ:

اے رحمت کرنے والے اے رحمت کرنے والے

پھر دس مرتبہ:

اے مہربان اے مہربان

پھر دس مرتبہ:

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے

پھر دس مرتبہ:

اے صاحب جلالت و بزرگی

پھر دس مرتبہ:

اے مہربانی کرنے والے

پھر دس مرتبہ:

اے احسان کرنے والے

پھر دس مرتبہ:

اے زندہ و پائندہ

پھر دس مرتبہ:

اے زندہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

پھر دس مرتبہ:

اے اللہ اے وہ ذات کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

پھر دس مرتبہ:

خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

پھر دس مرتبہ:

اے معبود! محمد و آل محمد علیہم السلام پر رحمت

پھر دس مرتبہ:

اے معبود میرے ساتھ وہ برتاؤ کر جس کا تو اہل ہے

پھر دس مرتبہ:

ایسا ہی ہوا ایسا ہی ہو

پھر دس مرتبہ:

کہو (اے نبی) اللہ ایک ہے

پھر دس مرتبہ:

اے معبود میرے ساتھ وہ برتاؤ کر جس کا تو اہل ہے اور مجھ سے وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں بیشک تو بچانے والا اور بخشنے والا ہے اور میں گناہ کرنے والا اور خطائیں کرنے والا ہوں پس رحم کر مجھ پر اے میرے مولا اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

پھر دس مرتبہ:

کوئی حرکت وقوت نہیں سوا اسکے جو اللہ کی طرف سے ہے بھروسہ رکھتا ہوں اس زندہ پر جسے موت نہیں اور حمد ہے اس اللہ کیلئے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور نہ کوئی اسکی حکومت میں شریک ہے اور نہ کوئی اس کا مددگار ہے بوجہ اسکے عجز کے اور اس کی بڑائی بیان کرتے رہا کرو۔

10/23

دُعاءُ الرُّكوبِ

سوار ہوتے وقت کی دعا

419. كتاب الدعاء عن أبي مجلز: عَن حُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام أَنَّهُ رَأى رَجُلاً رَكِبَ دابَّةً فَقالَ: «سُبْحَنَ الَّذِى سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَ مَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ»[1]. فَقالَ لَهُ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: وبِهذا اُمِرتَ؟ قالَ: فَكَيفَ أقولُ؟ قالَ: تَقولُ: «الحَمدُ للهِ الَّذى هَدانى لِلإسلامِ، ومَنَّ عَلَيَّ بِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله، وجَعَلَنى فى خَيرِ اُمَّةٍ اُخرِجَت لِلنّاسِ»، فَهذِهِ النِّعمَةُ. فَقالَ: تَبدَأُ بِهذا لِقَولِهِ عز و جل: «ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَ تَقُولُوا سُبْحَنَ الَّذِى سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَ مَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ».[2]

۴۱۹) کتاب الدعاء میں ابومجاز سے نقل ہے: امام حسین علیہ السلام نے دیکھا کہ ایک شخص چارپائے جانور پر سوار ہوا اور کہا، پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لئے اس کو رام کیا، ورنہ ہم اس پر سوار نہ ہو سکتے،

پھر امام علیہ السلام نے اس سے پوچھا؛ کیا اس (دعا) کا تم کو حکم ملا ہے؟

شخص نے کہا: تو پھر کیا کہوں؟

فرمایا؛ کہو، تعریف ہے اس خدا کی جس نے مجھے اسلام کی طرف رہنمائی اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیج کر مجھ پر احسان کیا اور لوگوں میں سے بہترین امت محمدؐ کی امت کو قرار دیا۔ یہ نعمت ہے،

پھر آگے کہا: (جو کچھ میں نے کہا) وہ شروع میں کہو گے، کیونکہ خدا فرما رہا ہے، پھر جب اس پر بیٹھو تو اپنے خدا

---

[1] الزخرف:13.

[2] الدعاء للطبرانى: ص 246 ح 775، المصنّف لابن أبى شيبة: ج 7 ص 116 ح 3، الدرّ المنثور: ج 7 ص 369؛ الدعوات: ص 296 ح 62 عن أبى هاشم وكلّها نحوه، بحار الأنوار: ج 76 ص 292 ح 17.

کی نعمت کو یاد کرو اور (اس کے بعد) کہو گے، بے عیب ہے وہ خدا جس نے اس کو ہمارے لئے رام کیا نہ تو یہ ہمارے بس میں نہ تھا۔

10/24

دُعاءُ الفَرَج

دعائے فرج

420. الإرشاد عن الربيع: كُنتُ رَأَيتُ جَعفَرَ بنَ مُحَمَّدٍ عليه السلام حينَ دَخَلَ عَلَى المَنصورِ يُحَرِّكُ شَفَتَيهِ، فَكُلَّما حَرَّكَهُما سَكَنَ غَضَبُ المَنصورِ، حَتّى أدناهُ مِنهُ وقَد رَضِيَ عَنهُ. فَلَمّا خَرَجَ أبو عَبدِ اللهِ عليه السلام مِن عِندِ أبي جَعفَرٍ [المَنصورِ] اتَّبعتُهُ، فَقُلتُ: إنَّ هذَا الرَّجُلَ كانَ مِن أشَدِّ النّاسِ غَضَبا عَلَيكَ، فَلَمّا دَخَلتَ عَلَيهِ دَخَلتَ وأنتَ تُحَرِّكُ شَفَتَيكَ، وكُلَّما حَرَّكتَهُما سَكَنَ غَضَبُهُ، فَبِأَيِّ شَيءٍ كُنتَ تُحَرِّكُهُما؟! قالَ: بِدُعاءِ جَدّي الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام. قُلتُ: جُعِلتُ فِداكَ، وما هذَا الدُّعاءُ؟ قالَ: «يا عُدَّتي عِندَ شِدَّتي، ويا غَوثي عِندَ كُربَتي، أحرُسني بِعَينِكَ الَّتي لا تَنامُ، وَاكنُفني بِرُكنِكَ الَّذي لا يُرامُ». فَحَفِظتُ هذَا الدُّعاءَ، فَما نَزَلَت بي شِدَّةٌ قَطُّ إلّا دَعَوتُ بِهِ فَفُرِّجَ عَنّي.[1]

۴۲۰) الارشاد میں ربیع سے نقل ہے: میں نے امام صادق علیہ السلام کو دیکھا کہ جب منصور عباسی کے دربار میں جارہے تھے تو اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے اور جتنا (زیادہ) حرکت دے رہے تھے اتنا منصور کا غصہ کم ہوتا جا رہا تھا، منصور کے نزدیک پہنچے تو منصور امام سے راضی تھا جب امام صادق علیہ السلام منصور کے ہاں سے اٹھے تو میں ان کے پیچھے گیا اور کہا؛ اس شخص (منصور) کا آپ پر بہت بڑا غصہ تھا، جب آپ آئے اور ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے تو جتنا حرکت زیادہ دے رہے تھے اتنا اس کا غصہ کم ہو رہا تھا، آپ ہونٹوں کو حرکت دیتے وقت کیا پڑھ رہے تھے؟

فرمایا؛ اپنے دادا حسین علیہ السلام کی دعا پڑھ رہا تھا،

میں نے کہا؛ آپ پر قربان ہو جاؤں، وہ دعا کون سی ہے؟

---

[1] الإرشاد: ج2 ص184، كشف الغمّة: ج2 ص380، إعلام الورى: ج1 ص525، بحار الأنوار: ج47 ص175 ح21.

فرمایا؛ اے میری زندگی کا مقصد ذات مشکل اور فریاد کے وقت مجھے نہ ختم ہونے والی عظمت کے ساتھ محفوظ فرما اور نہ ختم ہونے والے سایہ کے نیچے محفوظ فرما میں نے یہ دعا حفظ کی، کوئی بھی ایسی مشکل مجھ تک نہیں آئی جو اس دعا کے پڑھنے سے ختم نہ ہوئی ہو۔

10/25

دُعاءُ قَضاءِ الدَّينِ

قرض ادا ہونے کی دعا

421. الأمالی بإسناده عن الحسين بن علیّ عن علیّ بن أبی شَكَوتُ إلی رَسولِ اللهِ ﷺ دَينا كانَ عَلَيَّ، فَقالَ: يا عَلِيُّ، قُل: «اللّٰهُمَّ أغنِنی بِحَلالِكَ عَن حَرامِكَ، وبِفَضلِكَ عَمَّن سِواكَ». فَلَو كانَ عَلَيكَ مِثلُ صَبيرٍ دَينا قَضاهُ اللهُ عَنكَ. وصَبيرٌ: جَبَلٌ بِاليَمَنِ، لَيسَ بِاليَمَنِ جَبَلٌ أجَلَّ ولا أعظَمَ مِنهُ.[1]

۴۲۱) امالی طوسی میں امام حسین علیہ السلام و امام علی علیہ السلام سے ہے: میں نے اس قرض کی شکایت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کی جو میرے اوپر تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ اے علی علیہ السلام کہو: اے خدا! مجھے اپنے حلال کے ذریعے حرام سے اور اپنی بخشش کے ذریعے، تیرے غیر سے بے نیاز کردے، اگر تیرا قرض یمن کے پہاڑوں جتنا بھی ہو وہ خدا ادا کردے گا۔

---

[1] الأمالی للطوسی: ص 431 ح 963. الأمالی للصدوق: ص 472 ح 631 کلاهما عن جابر عن الإمام الباقر عن أبيه عليهما السلام. بحار الأنوار: ج95 ص301 ح1.

10/26

دُعاءُ الأَمانِ مِنَ الغَرَقِ

غرق ہونے سے بچنے کے لئے دعا

422.مسند أبي يعلى عن طلحة بن عبيد الله عن الحسين بن قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أمانُ أُمَّتي مِنَ الغَرَقِ إذا رَكِبوا أن يَقولوا: «بِسمِ اللهِ مَجراها وَ مُرساها إنَّ رَبّي لَغَفورٌ رَحيمٌ» [1]، «وَما قَدَروا اللهَ حَقَّ قَدرِهِ» [2] الآيَةَ.[3]

۴۲۲) مسند ابی یعلی میں طلحہ بن عبید اللہ نے امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا کہ فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت (اگر چاہتی ہے کہ) غرق نہ ہوتو جب (کشتی میں) سوار ہوتو یوں کہیں: خدا کے نام سے جاتا ہے جب کشتی کو چلانا ہوتا ہے، بیشک میرا خدا بخشنے والا مہربان ہے، خدا کی عظمت اس طرح بیان ہونی چاہئے کہ اس کو کسی نے نہیں پہچانا آیت کے آخر تک۔

423.دعائم الإسلام عن الحسين بن عليّ عليه السلام: قالَ رَسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أمانٌ لِأُمَّتي مِنَ الغَرَقِ إذا رَكِبوا فِي الفُلكِ قالوا: بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ «وَ مَا قَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَمَةِ وَ السَّمَوَتُ مَطْوِيَّتُ بِيَمِينِهِ سُبْحَنَهُ وَ تَعَلَى عَمَّا يُشْرِكُونَ» [4]، «بِسْمِ اللهِ مَجْرَاهَا وَ مُرْسَاهَا إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ» [5].[6]

۴۲۳) دعائم الاسلام: امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے لئے غرق

---

[1] هود: 41.
[2] الأنعام: 91.
[3] مسند أبي يعلى: ج6 ص181 ح6748، عمل اليوم و الليلة لابن السنّي: ص176 ح500 بزيادة «في السفينة» بعد «ركبوا»، كنز العمّال: ج6 ص709 ح17513.
[4] الزمر: 67.
[5] هود: 41.
[6] دعائم الإسلام: ج1 ص349؛ تفسير القرطبي: ج9 ص37 عن طلحة بن عبيد الله بن كريز.

ہونے سے امان کے لئے ہے کہ وہ کہے: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع خدائے رحمان و رحیم کے نام سے) اور ان لوگوں نے خدا کی جیسی قدر کرنی چاہیے تھی اس کی (کچھ بھی) قدر نہ کی۔ حالانکہ (وہ ایسا قادر ہے کہ) قیامت کے دن ساری زمین (گویا) اس کی مٹھی میں ہوگی اور سارے آسمان (گویا) اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہیں جسے یہ لوگ اس کا شریک بناتے ہیں وہ اس سے پاکیزہ اور برتر ہے۔ خدا ہی کے نام سے اس کا بہاؤ اور ٹھہراؤ ہے کشتی میں سوار ہوجاؤ بے شک میرا پروردگار بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

10/27

دُعاءُ الشّابِّ المَأخوذِ بِذَنبِهِ

گناہ میں گرفتار جوان کی دعا

424. مهج الدعوات: مَروِيٌّ عَنِ مَولانَا الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام الدُّعاءُ المَعروفُ بِدُعاءِ الشّابِّ المَأخوذِ بِذَنبِهِ، وما رُوِيَ عَن جَماعَةٍ يُسنِدونَ الحَديثَ إلَى الحُسَينِ بنِ عَلِيٍّ عليه السلام قالَ: كُنتُ مَعَ عَلِيِّ بنِ أبي طالِبٍ عليه السلام فِي الطَّوافِ فِي لَيلَةٍ دَيجوجِيَّةٍ[1] قَليلَةِ النّورِ، وقَد خَلا الطَّوافُ، ونامَ الزُّوّارُ، وهَدَأَتِ العُيونُ، إذ سَمِعَ مُستَغيثا مُستَجيرا مُتَرَحِّما[2]، بِصَوتٍ حَزينٍ مَحزونٍ مِن قَلبٍ موجَعٍ، وهُوَ يَقولُ:

يا مَن يُجيبُ دُعَا المُضطَرِّ فِي الظُّلَمِ يا كاشِفَ الضُّرِّ وَالبَلوى مَعَ السَّقَمِ
قَد نامَ وَفدُكَ حَولَ البَيتِ وَانتَبَهوا يَدعو! وعَينُكَ يا قَيّومُ لَم تَنَمِ
هَب لي بِجودِكَ فَضلَ العَفوِ عَن جُرُمي يا مَن أشارَ إلَيهِ الخَلقُ فِي الحَرَمِ
إن كانَ عَفوُكَ لا يَلقاهُ ذو سَرَفٍ[3] فَمَن يَجودُ عَلَى العاصينَ بِالنِّعَمِ

قالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: فَقالَ لي: يا أبا عَبدِ اللهِ، أسَمِعتَ المُنادِيَ ذَنبَهُ، المُستَغيثَ رَبَّهُ؟

---

[1] الدُّجى: الظُّلمة (الصحاح: ج6 ص2334، دجا).
[2] في بحار الأنوار: «مستَرحِما» بدل «مترحّما» وهو الأصحّ.
[3] السَّرَفُ: الإغفال والخطأ (الصحاح: ج4 ص1373، سرف).

فَقُلتُ: نَعَم، قَد سَمِعتُهُ. فَقالَ: إعتَبِرهُ[1] عَسى [أن][2] تَراهُ. فَما زِلتُ أخبِطُ فى ظَلماءِ الظَّلامِ، وأتَخَلَّلُ بَينَ النِّيامِ، فَلَمّا صِرتُ بَينَ الرُّكنِ وَالمَقامِ، بَدا لى شَخصٌ مُنتَصِبٌ، فَتَأَمَّلتُهُ فَإذا هُوَ قائِمٌ، فَقُلتُ: السَّلامُ عَلَيكَ أيُّهَا العَبدُ المُقِرُّ المُستَقيلُ، المُستَغفِرُ المُستَجيرُ، أجِب بِاللهِ ابنَ عَمِّ رَسولِ اللهِ صلى الله عليه وآله. فَأَسرَعَ فى سُجودِهِ وقُعودِهِ وسَلَّمَ، فَلَم يَتَكَلَّم حَتّى أشارَ بِيَدِهِ بِأن تَقَدَّمنى، فَتَقَدَّمتُهُ، فَأَتَيتُ بِهِ أميرَ المُؤمِنينَ عليه السلام فَقُلتُ: دونَكَ ها هُوَ! فَنَظَرَ إلَيهِ، فَإذا هُوَ شابٌّ حَسَنُ الوَجهِ، نَقِيُّ الثِّيابِ، فَقالَ لَهُ: مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ فَقالَ لَهُ: مِن بَعضِ العَرَبِ. فَقالَ لَهُ: ما حالُكَ، ومِمَّ بُكاؤُكَ وَاستِغاثَتُكَ؟ فَقالَ: حالُ مَن أُوخِذَ بِالعُقوقِ فَهُوَ فى ضيقٍ، ارتَهَنَهُ المُصابُ، وغَمَرَهُ الاِكتِئابُ فَارتابَ[3]، فَدُعاؤُهُ لا يُستَجابُ. فَقالَ لَهُ عَلِيٌّ عليه السلام: ولِمَ ذلِكَ؟ فَقالَ: لِأَنّى كُنتُ مُلتَهِيا فِي العَرَبِ بِاللَّعبِ وَالطَّرَبِ، أُديمُ العِصيانَ فى رَجَبٍ وشَعبانَ، وما أُراقِبُ الرَّحمنَ، وكانَ لى والِدٌ شَفيقٌ يُحَذِّرُنى مَصارِعَ الحَدَثانِ[4]، ويُخَوِّفُنِي العِقابَ بِالنّيرانِ، ويَقولُ: كَم ضَجَّ مِنكَ النَّهارُ وَالظَّلامُ، وَاللَّيالى وَالأَيّامُ، وَالشُّهورُ وَالأَعوامُ، وَالمَلائِكَةُ الكِرامُ. وكانَ إذا أَلَحَّ عَلَىَّ بِالوَعظِ زَجَرتُهُ وَانتَهَرتُهُ، ووَثَبتُ عَلَيهِ وضَرَبتُهُ. فَعَمَدتُ يَوما إلى شَيءٍ مِنَ الوَرِقِ[5] وكانَت فِي الخِباءِ، فَذَهَبتُ لِآخُذَها وأصرِفَها فيما كُنتُ عَلَيهِ، فَما نَعَنى عَن أخذِها، فَأَوجَعتُهُ ضَربا ولَوَيتُ يَدَهُ، وأخَذتُها ومَضَيتُ. فَأَومَأَ بِيَدِهِ إلى رُكبَتَيهِ يَرومُ النُّهوضَ مِن مَكانِهِ ذلِكَ، فَلَم يُطِق يُحَرِّكُها مِن شِدَّةِ الوَجَعِ وَالأَلَمِ، فَأَنشَأَ يَقولُ:

جَرَت رَحِمٌ بَينى وبَينَ مُنازِلٍ سَواءً كَما يَستَنزِلُ القَطرَ طالِبُه
ورَبَّيتُ حَتّى صارَ جَلدا شَمَردَلاً[6] إذا قامَ ساوى غارِبَ[7] الفَحلِ غارِبُه

---

[1] اعتَبِر: أُنظر وتدَبَّر (أُنظر: لسان العرب: ج4 ص531، عبر).
[2] الزيادة من بحار الأنوار.
[3] فى بحار الأنوار ج41 ص225: «فإن تاب» بدل «فارتاب».
[4] حَدَثانُ الدهر: نُوبُهُ، وما يحدث فيه (لسان العرب: ج2 ص132، حدث).
[5] الوَرِقُ: الدراهم المضروبة، وفى الوَرِق ثلاث لغات: وَرِق، وورِق، وَوَرَق (الصحاح: ج4 ص1564، ورق).
[6] الشَّمَردَل: السريع من الإبل وغيره (الصحاح: ج5 ص1741، شمردل).
[7] الغارِب: ما بين العُنق والسَّنام، وهو الذى يُلقى عليه خِطام البعير إذا أُرسِل (المصباح المنير: ص 444، غرب).

وقَد كُنتُ أُوتيهِ مِنَ الزّادِ فِي الصِّبا إذا جاعَ مِنهُ صَفوُهُ وأطايِبُه
فَلَمّا استَوى فى عُنفُوانِ شَبابِهِ وأصبَحَ كَالرُّمحِ الرُّدَينِيِّ[1] خاطِبُه
تَهَضَّمَنى مالى كَذا ولَوى يَدى لَوى يَدَهُ اللهُ الَّذى هُوَ غالِبُه

ثُمَّ حَلَفَ بِاللهِ لَيَقدَمَنَّ إلى بَيتِ اللهِ الحَرامِ، فَيَستَعدِى اللهَ عَلَيَّ. قالَ: فَصامَ أسابيعَ، وصَلّى رَكَعاتٍ، ودَعا، وخَرَجَ مُتَوَجِّها عَلى عَيرانَةٍ[2]، يَقطَعُ بِالسَّيرِ عَرضَ الفَلاةِ، ويَطوِى الأَودِيَةَ ويَعلُو الجِبالَ، حَتّى قَدِمَ مَكَّةَ يَومَ الحَجِّ الأَكبَرِ، فَنَزَلَ عَن راحِلَتِهِ، وأقبَلَ إلى بَيتِ اللهِ الحَرامِ، فَسَعى وطافَ بِهِ، وتَعَلَّقَ بِأَستارِهِ، وابتَهَلَ، وأنشَأَ يَقولُ:

يا مَن إلَيهِ أتَى الحُجّاجُ بِالجَهَدِ فَوقَ المَهاوى[3] مِنَ اقصى غايَةِ البُعدِ
إنّى أتَيتُكَ يا مَن لا يُخَيِّبُ مَن يَدعوهُ مُبتَهِلاً بِالواحِدِ الصَّمَدِ
هذا مُنازِلُ لا يَرتاعُ مِن عقق فَخُذ بِحَقّى يا جَبّارُ مِن وَلَدى
حَتّى تُشِلَّ بِعَونٍ مِنكَ جانِبَهُ يا مَن تَقَدَّسَ لَم يولَد ولَم يَلِدِ

قالَ: فَوَ الَّذى سَمَكَ[4] السَّماءَ، وأنبَعَ الماءَ، مَا استَتَمَّ دُعاءَهُ حَتّى نَزَلَ بى ما تَرى. ثُمَّ كَشَفَ عَن يَمينِهِ، فَإذا بِجانِبِهِ قَد شَلَّ فَأَنَا مُنذُ ثَلاثِ سِنينَ أطلُبُ إلَيهِ أن يَدعُوَ لى[5] فِي المَوضِعِ الَّذى دَعا بِهِ عَلَيَّ، فَلَم يُجِبنى، حَتّى إذا كانَ العامُ، أنعَمَ عَلَيَّ فَخَرَجتُ [بِهِ][6] عَلى ناقَةٍ عُشَراءَ[7] أُجِدُّ

---

[1] الرُّمحُ الرُّدينى: زعموا أنّه منسوب إلى امرأة السمهرىّ، تسمّى ردينة، وكانا يقوّمان القَنا بِخَطِّ هَجَر (الصحاح: ج5 ص2122، «ردن»).

[2] العَيرانَة: الناقة تشبّه بالعَيْر [أى الحمار الوحشى] فى سرعتها ونشاطها (الصحاح: ج2 ص764، «عير»).

[3] المَهواة: موضع فى الهواء مشرف ما دونه من جبلٍ وغيره (لسان العرب: ج15 ص370، «هوا»). وفى بحار الأنوار: «الِمهاد».

[4] سمك الشىء يسمكه: إذا رفعه (النهاية: ج2 ص402، «سمك»).

[5] فى المصدر: «يدعونى»، والتصويب من بحار الأنوار.

[6] الزيادة من بحار الأنوار.

[7] العُشَراء من النُّوق: التى مضى لحملها عشرة أشهر بعد طُروق الفَحل. وأحسن ما تكون الإبل وأنفَسُها عند أهلها إذا كانت عِشارا (تاج العروس: ج7 ص225 و226، «عشر»).

السَّيرَ حَثيثا رَجاءَ العافِيَةِ، حَتّى إذا كُنّا عَلَى الأَراكِ[1]، وحَطمَةِ[2] وادِي السِّياكِ[3] نَفَرَ طائِرٌ فِي اللَّيلِ، فَنَفَرَت مِنهُ النّاقَةُ الَّتى كانَ عَلَيها، فَأَلقَتهُ إلى قَرارِ الوادى، وَارفَضَّ بَينَ الحَجَرَينِ، فَقَبَرَتهُ هُناكَ، وأعظَمُ مِن ذلِكَ أنّى لا أُعرَفُ إلاّ «المَأخوذَ بِدَعوَةِ أبيهِ»! فَقالَ لَهُ أميرُ المُؤمِنينَ عليه السلام: أتاكَ الغَوثُ، ألا أُعَلِّمُكَ دُعاءً عَلَّمَنيهِ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وآله، وفيهِ اسمُ اللهِ الأَكبَرُ الأَعظَمُ، العَزيزُ الأَكرَمُ، الَّذى يُجيبُ بِهِ مَن دَعاهُ، ويُعطى بِهِ مَن سَأَلَهُ، ويُفَرِّجُ [بِهِ][4] الهَمَّ، ويَكشِفُ بِهِ الكَربَ، ويُذهِبُ بِهِ الغَمَّ، ويُبرِءُ بِهِ السُّقمَ، ويَجبُرُ بِهِ الكَسيرَ، ويُغنى بِهِ الفَقيرَ، ويَقضى بِهِ الدَّينَ، ويَرُدُّ بِهِ العَينَ، ويَغفِرُ بِهِ الذُّنوبَ، ويَستُرُ بِهِ العُيوبَ، ويُؤمِنُ بِهِ كُلَّ خائِفٍ مِن شَيطانٍ مَريدٍ، وجَبّارٍ عَنيدٍ! ولَو دَعا بِهِ طائِعٌ للهِ عَلى جَبَلٍ لَزالَ مِن مَكانِهِ، أو عَلى مَيِّتٍ لَأَحياهُ اللهُ بَعدَ مَوتِهِ، ولَو دَعا بِهِ عَلَى الماءِ لَمَشى عَلَيهِ بَعدَ أن لا يَدخُلَهُ العُجبُ. فَاتَّقِ اللهَ أيُّهَا الرَّجُلُ، فَقَد أدرَكَتنِى الرَّحمَةُ لَكَ، وَليَعلَمِ اللهُ مِنكَ صِدقَ النِّيَّةِ أنَّكَ لا تَدعو بِهِ فى مَعصِيَتِهِ، ولا تُفيدُهُ إلاّ الثِّقَةَ فى دينِكَ، فَإن أخلَصتَ النِّيَّةَ استَجابَ اللهُ لَكَ، ورَأَيتَ نَبِيَّكَ مُحَمَّدا صلى الله عليه وآله فى مَنامِكَ، يُبَشِّرُكَ بِالجَنَّةِ وَالإجابَةِ. قالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: فَكانَ سُرورى بِفائِدَةِ الدُّعاءِ أشَدَّ مِن سُرورِ الرَّجُلِ بِعافِيَتِهِ وما نَزَلَ بِهِ؛ لِأَنَّنى لَم أكُن سَمِعتُهُ مِنهُ، ولا عَرَفتُ هذَا الدُّعاءَ قَبلَ ذلِكَ. ثُمَّ قالَ: ايتِنى بِدَواةٍ وبَياضٍ، وَاكتُب ما أُمليهِ عَلَيكَ. فَفَعَلتُ، وهُوَ: «بِسمِ اللهِ الرَّحمنِ الرَّحيمِ، اللّهُمَّ إنّى أسأَلُكَ بِاسمِكَ يا ذَا الجَلالِ وَالإكرامِ، يا حَيُّ يا قَيّومُ، يا حَيُّ لا إلهَ إلاّ أنتَ، يا مَن لا يَعلَمُ ما هُوَ ولا أينَ هُوَ ولا حَيثُ هُوَ ولا كَيفَ هُوَ إلاّ هُوَ، يا ذَا المُلكِ وَالمَلَكوتِ، يا ذَا العِزَّةِ وَالجَبَروتِ، يا مَلِكُ يا قُدّوسُ، يا سَلامُ يا مُؤمِنُ يا مُهَيمِنُ، يا عَزيزُ يا جَبّارُ يا مُتَكَبِّرُ، يا خالِقُ يا بارِءُ يا مُصَوِّرُ، يا مُفيدُ، يا وَدودُ يا مَحمودُ يا مَعبودُ، يا بَعيدُ يا قَريبُ يا مُجيبُ، يا رَقيبُ يا حَسيبُ، يا بَديعُ يا رَفيعُ، يا مَنيعُ يا سَميعُ، يا عَليمُ يا حَكيمُ، يا كَريمُ يا قائِمُ يا دائِمُ يا

---

[1] الأراك: هو وادى الأراك قرب مكّة (معجم البلدان: ج1 ص135).

[2] حَطمُ الجَبَلِ: الموضع الّذى حُطِمَ منهُ، أى ثُلِمَ فبقى منقطعا (لسان العرب: ج12 ص138 «حطم»).

[3] فى المصدر: «وحطته وادى السجال»، والتصويب من بحار الأنوار.

[4] الزيادة من بحار الأنوار.

عالِمُ یا قَدیمُ [1] . یا عَلِیُّ یا عَظیمُ، یا حَنّانُ یا مَنّانُ، یا دَیّانُ [2] یا مُستَعانُ، یا جَلیلُ یا جَمیلُ، یا وَکیلُ یا کَفیلُ، یا مُقیلُ یا مُنیلُ، یا نَبیلُ یا دَلیلُ، یا هادی، یا بادی، یا أوَّلُ یا آخِرُ، یا ظاهِرُ یا باطِنُ، یا حاکِمُ یا قاضی، یا عادِلُ یا فاضِلُ، یا واصِلُ یا طاهِرُ یا مُطَهِّرُ، یا قادِرُ یا مُقتَدِرُ، یا کَبیرُ یا مُتَکَبِّرُ. یا واحِدُ یا أحَدُ یا صَمَدُ، یا مَن لَم یَلِد ولَم یولَد ولَم یَکُن لَهُ کُفُوا أحَدٌ، ولَم یَکُن لَهُ صاحِبَةٌ ولا کانَ مَعَهُ وَزیرٌ، ولاَ اتَّخَذَ مَعَهُ مُشیرا، ولاَ احتاجَ إلی ظَهیرٍ، ولا کانَ مَعَهُ إلهٌ، لا إلهَ إلاّ أنتَ فَتَعالَیتَ عَمّا یَقولُ الجاحِدونَ (الظّالِمونَ خ ل) عُلُوّا کَبیرا. یا عالِمُ یا شامِخُ [3] یا باذِخُ [4] . یا فَتّاحُ یا مُرتاحُ یا مُفَرِّجُ یا ناصِرُ یا مُنتَصِرُ، یا مُهلِکُ (مُدرِکُ خ ل) یا مُنتَقِمُ، یا باعِثُ یا وارِثُ، یا أوَّلُ یا طالِبُ یا غالِبُ، یا مَن لا یَفوتُهُ هارِبٌ، یا تَوّابُ یا أوّابُ یا وَهّابُ، یا مُسَبِّبَ الأَسبابِ، یا مُفَتِّحَ الأَبوابِ، یا مَن حَیثُ ما دُعِیَ أجابَ، یا طَهورُ یا شَکورُ، یا عَفُوُّ یا غَفورُ، یا نورَ النَّورِ، یا مُدَبِّرَ الأُمورِ، یا لَطیفُ یا خَبیرُ، یا مُتَجَبِّرُ یا مُنیرُ، یا بَصیرُ یا ظَهیرُ، یا کَبیرُ یا وَترُ، یا فَردُ یا صَمَدُ، یا سَنَدُ یا کافی، یا مُحسِنُ یا مُجمِلُ، یا شافی یا وافی یا مُعافی، یا مُنعِمُ یا مُتَفَضِّلُ یا مُتَکَرِّمُ یا مُتَفَرِّدُ. یا مَن عَلا فَقَهَرَ، یا مَن مَلَکَ فَقَدَرَ، یا مَن بَطَنَ فَخَبَرَ، یا مَن عُبِدَ فَشَکَرَ، یا مَن عُصِیَ فَغَفَرَ وسَتَرَ، یا مَن لا تَحویهِ الفِکَرُ، ولا یُدرِکُهُ بَصَرٌ، ولا یَخفی عَلَیهِ أثَرٌ، یا رازِقَ البَشَرِ، ویا مُقَدِّرَ کُلِّ قَدَرٍ. یا عالِیَ المَکانِ، یا شَدیدَ الأَرکانِ، یا مُبَدِّلَ الزَّمانِ، یا قابِلَ القُربانِ، یا ذَا المَنِّ وَالإحسانِ، یا ذَا العِزِّ وَالسُّلطانِ، یا رَحیمُ یا رَحمنُ، یا عَظیمَ الشَّأنِ، یا مَن هُوَ کُلَّ یَومٍ فی شَأنٍ، یا مَن لا یَشغَلُهُ شَأنٌ عَن شَأنٍ. یا سامِعَ الأَصواتِ، یا مُجیبَ الدَّعواتِ، یا مُنجِحَ الطَّلِباتِ، یا قاضِیَ الحاجاتِ، یا مُنزِلَ البَرَکاتِ، یا راحِمَ العَبَراتِ، یا مُقیلَ العَثَراتِ، یا کاشِفَ الکُرُباتِ، یا وَلِیَّ الحَسَناتِ، یا رَفیعَ الدَّرَجاتِ، یا مُعطِیَ المَسأَلاتِ، یا مُحیِیَ الأَمواتِ، یا جامِعَ الشَّتاتِ، یا مُطَّلِعُ عَلَی النِّیّاتِ، یا رادَّ ما قَد فاتَ، یا مَن لا تَشتَبِهُ عَلَیهِ الأَصواتُ، یا مَن لا تُضجِرُهُ المَسأَلاتُ ولا تَغشاهُ الظُّلُماتُ، یا نورَ الأَرضِ وَالسَّماواتِ. یا سابِغَ النِّعَمِ، یا دافِعَ النِّقَمِ، یا بارِءَ النَّسَمِ، یا جامِعَ الأُمَمِ،

---

[1] فی بحار الأنوار: ....یا علیم یا حکیم یا کریم یا حلیم یا قدیم ».

[2] الدیّانُ: القهّارُ (النهایة: ج2 ص148، دین).

[3] الشامِخُ: العالی (النهایة: ج2 ص500، شمخ).

[4] البَذَخُ: الفخر والتطاول، والباذخُ: العالی (النهایة: ج1 ص110، بذخ).

يا شافِيَ السَّقَمِ، يا خالِقَ النّورِ وَالظُّلَمِ، يا ذَا الجُودِ وَالكَرَمِ، يا مَن لا يَطَأُ عَرشَهُ قَدَمٌ. يا أجوَدَ الأَجوَدينَ، يا أكرَمَ الأَكرَمينَ، يا أسمَعَ السّامِعينَ، يا أبصَرَ النّاظِرينَ، يا جارَ المُستَجيرينَ، يا أمانَ الخائِفينَ، يا ظَهرَ اللاّجينَ، يا وَلِيَّ المُؤمِنينَ، يا غِياثَ المُستَغيثينَ، يا غايَةَ الطّالِبينَ. يا صاحِبَ كُلِّ غَريبٍ، يا مونِسَ كُلِّ وَحيدٍ، يا مَلجَأَ كُلِّ طَريدٍ، يا مَأوى كُلِّ شَريدٍ، يا حافِظَ كُلِّ ضالَّةٍ، يا راحِمَ الشَّيخِ الكَبيرِ، يا رازِقَ الطِّفلِ الصَّغيرِ، يا جابِرَ العَظمِ الكَسيرِ، يا فَكّاكَ كُلِّ أسيرٍ، يا مُغنِيَ البائِسِ الفَقيرِ، يا عِصمَةَ الخائِفِ المُستَجيرِ، يا مَن لَهُ التَّدبيرُ وَالتَّقديرُ، يا مَن العَسيرُ عَلَيهِ سَهلٌ يَسيرٌ، يا مَن لا يَحتاجُ إلى تَفسيرٍ، يا مَن هُوَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَديرٌ، يا مَن هُوَ بِكُلِّ شَيءٍ خَبيرٌ، يا مَن هُوَ بِكُلِّ شَيءٍ بَصيرٌ. يا مُرسِلَ الرِّياحِ، يا فالِقَ الإِصباحِ، يا باعِثَ الأَرواحِ، يا ذَا الجودِ وَالسَّماحِ، يا مَن بِيَدِهِ كُلُّ مِفتاحٍ، يا سامِعَ كُلِّ صَوتٍ، يا سابِقَ كُلِّ فَوتٍ، يا مُحيِيَ كُلِّ نَفسٍ بَعدَ المَوتِ. يا عُدَّتي في شِدَّتي، يا حافِظي في غُربَتي، يا مونِسي في وَحدَتي، يا وَلِيّي في نِعمَتي، يا كَنَفي حينَ تُعييني المَذاهِبُ، وتُسلِمُني الأَقارِبُ، ويَخذُلُني كُلُّ صاحِبٍ. يا عِمادَ مَن لا عِمادَ لَهُ، يا سَنَدَ مَن لا سَنَدَ لَهُ، يا ذُخرَ مَن لا ذُخرَ لَهُ، يا كَهفَ مَن لا كَهفَ لَهُ، يا رُكنَ مَن لا رُكنَ لَهُ، يا غِياثَ مَن لا غِياثَ لَهُ، يا جارَ مَن لا جارَ لَهُ. يا جارِيَ اللَّصيقَ، يا رُكنِيَ الوَثيقَ، يا إلهي بِالتَّحقيقِ، يا رَبَّ البَيتِ[1] العَتيقِ، يا شَفيقُ يا رَفيقُ، فُكَّني مِن حَلَقِ المَضيقِ، وَاصرِف عَنّي كُلَّ هَمٍّ وغَمٍّ وضيقٍ، وَاكفِني شَرَّ ما لا أُطيقُ، وأعِنّي عَلى ما أُطيقُ. يا رادَّ يوسُفَ عَلى يَعقوبَ، يا كاشِفَ ضُرِّ أيّوبَ، يا غافِرَ ذَنبِ داوُدَ، يا رافِعَ عيسَى بنِ مَريَمَ مِن أيدِي اليَهودِ، يا مُجيبَ نِداءِ يونُسَ في الظُّلُماتِ، يا مُصطَفِيَ موسى بِالكَلِماتِ، يا مَن غَفَرَ لِآدَمَ خَطيئَتَهُ، ورَفَعَ إدريسَ بِرَحمَتِهِ، يا مَن نَجّى نوحاً مِنَ الغَرَقِ، يا مَن أهلَكَ عادا الأُولى وثَمودَ فَما أبقى، وقَومَ نوحٍ مِن قَبلُ إنَّهُم كانوا هُم أظلَمَ وأطغى، وَالمُؤتَفِكَةَ أهوى[2]، يا مَن دَمَّرَ عَلى قَومِ لوطٍ، ودَمدَمَ[3] عَلى قَومِ شُعَيبٍ. يا مَن اتَّخَذَ إبراهيمَ خَليلاً، يا مَن اتَّخَذَ موسى كَليماً، وَاتَّخَذَ مُحَمَّدا صَلَّى اللهُ عَلَيهِم

---

[1] البيتُ العَتيقُ: يعني الكعبة المشرّفة (مجمع البحرين: ج2 ص1161، عتق).

[2] قيل: إنّ المؤتفكة قرى قوم لوط ائتفكَتْ بأهلها، أي انقلبَت، والائتِفاك: الانقلاب، والإهواء: الإسقاط. واحتُمِلَ أن يكون المراد بالمؤتفِكة ما هو أعمّ من قرى قوم لوط؛ وهي كلّ قرية نزل عليها العذاب فبادَ أهلُها فبقت خربة داثرة معالمها خاوية عروشها (الميزان في تفسير القرآن: ج19 ص50).

[3] دَمْدَمَ عليهم ربُّهم: أي أهلكهم وأزعجهم (مفردات ألفاظ القرآن: ص318، دمدم).

أجمَعينَ حَبيبا، يا مُؤتِيَ لُقمانَ الحِكمَةَ، وَالواهِبَ لِسُليمانَ مُلكا لا يَنبَغي لِأَحَدٍ مِن بَعدِهِ، يا مَن نَصَرَ ذَا القَرنَينِ عَلَى المُلوكِ الجَبابِرَةِ، يا مَن أعطَى الخِضرَ الحَياةَ، ورَدَّ لِيوشَعَ بنِ نونٍ الشَّمسَ بَعدَ غُروبِها، يا مَن رَبَطَ عَلى قَلبِ أُمِّ موسى، وأحصَنَ فَرجَ مَريَمَ بِنتِ عِمرانَ، يا مَن حَصَّنَ يَحيَى بنَ زَكَرِيّاءَ مِنَ الذَّنبِ، وسَكَّنَ عَن موسَى الغَضَبَ، يا مَن بَشَّرَ زَكَرِيّاءَ بِيَحيى، يا مَن فَدى إسماعيلَ مِنَ الذَّبحِ، يا مَن قَبِلَ قُربانَ هابيلَ وجَعَلَ اللَّعنَةَ عَلى قابيلَ، يا هازِمَ الأَحزابِ، صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّدٍ وعَلى جَميعِ المُرسَلينَ ومَلائِكَتِكَ المُقَرَّبينَ، وأهلِ طاعَتِكَ. وأسأَلُكَ بِكُلِّ مَسأَلَةٍ سَأَلَكَ بِها أَحَدٌ مِمَّن رَضيتَ عَنهُ فَحَتَمتَ لَهُ عَلَى الإِجابَةِ، يا اللهُ يا اللهُ يا اللهُ، يا رَحمنُ يا رَحيمُ، يا رَحمنُ يا رَحيمُ، يا رَحمنُ يا رَحيمُ، يا ذَا الجَلالِ وَالإِكرامِ، يا ذَا الجَلالِ وَالإِكرامِ، يا ذَا الجَلالِ وَالإِكرامِ، بِهِ بِهِ بِهِ بِهِ بِهِ بِهِ أسأَلُكَ بِكُلِّ اسمٍ سَمَّيتَ بِهِ نَفسَكَ، أو أنزَلتَهُ فى شَيءٍ مِن كُتُبِكَ، أوِ استَأثَرتَ بِهِ فى عِلمِ الغَيبِ عِندَكَ، وبِمَعاقِدِ العِزِّ مِن عَرشِكَ، ومُنتَهَى الرَّحمَةِ مِن كِتابِكَ، وبِما لَو أنَّ ما فِي الأَرضِ مِن شَجَرَةٍ أقلامٌ وَالبَحرُ يَمُدُّهُ مِن بَعدِهِ سَبعَةُ أبحُرٍ ما نَفِدَت كَلِماتُ اللهِ، إنَّ اللهَ عَزيزٌ حَكيمٌ. وأسأَلُكَ بِأَسمائِكَ الحُسنَى الَّتي بَيَّنتَها فى كِتابِكَ، فَقُلتَ: «وَلِلّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى فَادْعُوهُ بِهَا»[1]، وقُلتَ: «ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ»[2]، وقُلتَ: «وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ»[3]، وقُلتَ: «يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللهِ»[4]. وأنَا أسأَلُكَ يا إلهى، وأطمَعُ فى إجابَتِي يا مَولاىَ كَما وَعَدتَنى، وقَد دَعَوتُكَ كَما أمَرتَنى، فَافعَل بى كَذا و كَذا». وتَسأَلُ اللهَ تَعالى ما أحبَبتَ، وتُسَمّى حاجَتَكَ، ولا تَدعُ بِهِ إلاّ وأنتَ طاهِرٌ. ثُمَّ قالَ لِلفَتى: إذا كانَتِ اللَّيلَةُ فَادعُ بِهِ عَشرَ مَرّاتٍ، وأتِنى مِن غَدٍ بِالخَبَرِ.[5] قالَ الحُسَينُ بنُ عَلِيٍّ عليه السلام: وأخَذَ الفَتَى الكِتابَ ومَضى، فَلَمّا كانَ مِن غَدٍ ما أصبَحنا حينا حَتّى أتَى الفَتى إلَينا سَليما مُعافىً، وَالكِتابُ بِيَدِهِ، وهُوَ يَقولُ: هذا وَاللهِ

---

[1] البقرة:186.
[2] غافر:60.
[3] الزمر:53.
[4] الزمر:53.
[5] فى المصدر: «بالخير»، والتصويب من بحار الأنوار.

الإسمُ الأَعظَمُ، استُجيبَ لی وَرَبِّ الكَعبَةِ. قالَ لَهُ عَلِيٌّ صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ: حَدِّثنی! قالَ: لَمّا[1] هَدَأَتِ العُيونُ بِالرُّقادِ، وَاستَحلَكَ[2] جِلبابُ[3] اللَّيلِ، رَفَعتُ يَدی بِالكِتابِ، ودَعَوتُ اللهَ بِحَقِّهِ مِرارا، فَأُجِبتُ فِي الثّانِيَةِ: حَسبُكَ، فَقَد دَعَوتَ اللهَ بِاسمِهِ الأَعظَمِ. ثُمَّ اضطَجَعتُ، فَرَأَيتُ رَسولَ اللهِ ﷺ فی مَنامی، وقَد مَسَحَ يَدَهُ الشَّريفَةَ عَلَيَّ وهُوَ يَقولُ: إحتَفِظ بِاسمِ اللهِ الأَعظَمِ العَظيمِ، فَإِنَّكَ عَلی خَيرٍ. فَانتَبَهتُ مُعافىً كَما تَرى، فَجَزاكَ اللهُ خَيرا.[4]

۴۲۴) مہج الدعوات: ہمارے مولا امام حسین علیہ السلام سے ایک دعا روایت کی گئی ہے، جو اس جوان کی ہے جو گناہ کی مشکل میں پھنسا ہوا تھا، یہ دعا، ایسے گروہ سے روایت کی گئی ہے جو (بات کو) امام حسین علیہ السلام تک پہنچاتے ہیں کہ وہ امام علیہ السلام نے یوں فرمایا؛ میں (اپنے بابا) علی بن ابی طالب کے ساتھ طواف میں مشغول تھا، وہ رات تاریک تھی اور روشنی کم تھی اور طواف میں اکیلا تھا، زیارت کرنے والے نیند میں چلے گئے تھے، اس وقت مدد مانگنے کی آواز اور رحمت طلب کی آواز سنائی دی جو غمگین آواز اور درد دل سے کہہ رہا تھا،

اے وہ ذات جو مشکل میں پھنسے ہوئے شخص کی دعا تاریکیوں میں قبول کرتے ہو، اے مشکل اور بیماری کو دور کرنے والا، جو مہمان تیرے گھر (کعبہ) کے اطراف میں سو گئے ہیں اور بیدار ہوں گے تو دعا مانگیں گے،

اے وجود دینے والی تیری آنکھ نہیں سوئی ہے، اپنی بخشش کے ذریعے میرے گناہوں کو معاف کر دے

اے وہ کہ جس کی طرف حرم میں لوگ اشارہ کرتے ہیں۔ اگر تیری بخشش گناہگار کے شامل حال نہیں ہوگی تو پھر کون گناہگار پر نعمت بھیجے گا؟ امام علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا؛

اے ابا عبداللہ! کیا تو نے ایک ایسے شخص کی آواز سنی جو اپنے گناہ کے بارے میں اور اپنے خاندان سے مدد مانگنے کی آواز دے رہا ہے؟

میں نے کہا؛ ہاں میں نے آواز سنی۔

فرمایا؛ غور سے دیکھو اور اسی کو ڈھونڈ کر لاؤ، میں رات کی تاریکی میں ادھر ادھر گیا، سوئے ہوئے لوگوں کے

---

[1] الزيادة من بحار الأنوار.
[2] المُستَحلِك: الشديد السَّواد (النهاية: ج1 ص428، حلك).
[3] الجِلبابُ: الإزار والرداء (النهاية: ج1 ص283، جلب).
[4] مهج الدعوات: ص191، بحار الأنوار: ج95 ص394 ح33 و ج41 ص224 ح27.

درمیان گیا یہاں تک کہ رکن (حجر اسود) اور مقام ابراہیم کے درمیان ایک شخص کو کھڑے ہوئے دیکھا جب غور سے دیکھا تو میں نے دیکھا وہی ہے جو (نماز کے لئے) کھڑا ہے،

میں نے کہا؛ تجھ پر سلام، اے گناہ کا اقرار کرنے والا اور پشیمان بندہ، توبہ طلب کرنے والا، تجھے خدا کی قسم، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کے بیٹے کی بات کا جواب دو، میں نے سجدہ اور تشہد کو جلدی سے ختم کیا اور سلام دیا، بات کئے بغیر ہاتھ سے اشارہ کیا کہ آگے جاؤں، میں آگے گیا اور اس کو علی علیہ السلام کے پاس لے کر آیا اور میں نے کہا یہ وہی شخص ہے، امام علیہ السلام نے اسکی طرف دیکھا، وہ جوان خوبصورت اور اچھے لباس میں تھا، امام علیہ السلام نے اس سے پوچھا: کون سے قبیلے سے ہو؟

اس نے کہا؛ عرب کے فلاں قبیلے کا،

امام علیہ السلام نے پوچھا: تیرا کیا حال ہے؟ اور کیوں رورہے ہو اور کیوں فریاد کررہے ہو؟

اس نے کہا؛ ایسا حال ہے کہ والدین کی بددعا میں پھنس گیا اور مشکلات نے گھیر لیا ہے اور غم میں اس طرح غرق ہوگیا ہوں اور شک میں پڑ گیا ہوں کہ دعا قبول نہیں ہوتی،

علی علیہ السلام نے اس سے پوچھا: ایسے کیوں ہے؟

اس نے کہا؛ میں عربوں کے درمیان کھیل کود اور خوشی (لھولہب) میں مشغول تھا اور نافرمانی کو دو مہینوں رجب اور شعبان میں بھی انجام دیتا رہا اور خدا کی پرواہ نہیں ہوتی تھی۔ میرا دلسوز باپ تھا جو مجھے زندگی کے واقعات سے بڑا خبردار کرتا تھا، اور جہنم کے عذاب سے ڈراتا تھا اور کہتا تھا، سورج اور تاریکی، اور راتیں اور دن بھی مہینے اور سال بھی اور بزرگ فرشتے بھی، کتنا تجھ سے روتے ہیں؟ اور جیسے مجھے زیادہ نصیحت کرتا تھا تو میں اس کے اوپر چیختا تھا اور اس کے اوپر چھلانگ لگاتا تھا اور اس کو مارتا بھی تھا، ایک دن ایسے ہوا جو بابا کے کچھ درہم چھپے ہوئے تھے میں نے ان کو لینے کا ارادہ کیا تاکہ کام میں خرچ کروں، تو اس نے مجھے روکا، میں نے اس کو مارا اور اس کے ہاتھ باندھ کر درہم لے کر چلا گیا، اس نے ہاتھ اپنے زانو پر رکھے اور اپنی جگہ سے اٹھنا چاہتا تھا لیکن زیادہ درد کی وجہ سے ان کو حرکت نہ دے سکا اور اس طرح کہا: میرے اور منازل کے درمیان رشتہ قائم ہوا برابر کا، جس طرح بارش مانگنے والے پر بارش آتی ہے، میں نے اس کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ طاقتور اور ہوشیار جوان ہوگیا، یہاں تک کہ نر اونٹ کی گردن تک پہنچنے لگا، اور بچپنے میں جب بھوکا ہوتا تھا تو میں اسکے لئے بہترین اور پاکیزہ چیز کھانے کے لئے لاتا تھا، اور جب جوانی کے عروج تک پہنچا تو ردینی کے بلند اور تیز نیزے کی برابری کرنے لگا، میرے مال کو لوٹا اور میرے ہاتھوں کو باندھا، خدا اس کے ہاتھوں کو باندھے

کہ ہلاکت کے مقام میں ہے، پھر قسم کھائی کہ کعبہ آ کر خدا کو میری شکایت کرے، بس کچھ ہفتے اس نے روزے رکھے اور نمازیں پڑھیں اور دعا کی اور تیز رفتار اونٹ پر (بیٹھ کر) خدا کے گھر (کعبہ) کے لئے نکل پڑا، اس نے صحرا، چٹانوں اور پہاڑوں کو چمکتے دیکھا یہاں تک کہ حج کا موسم آ گیا۔ اونٹ سے اتر کر بیت اللہ الحرام کی جانب گیا اور طواف وسعی کو انجام دیا اور کعبہ کے پردے کو پکڑ کر دعا اور مناجات کرنے لگا، اور اسطرح کہنے لگا:

اے وہ ذات جس کی طرف دور دراز جگہوں سے حج کرنے والے کوشش کر کے آئیں ہیں۔ میں تیرے پاس آیا ہوں کہ نا امید نہیں کرو گے، اس کو جو اکیلے اور بے نیاز (خدا) کو رو کر پکارے، یہ منازل ہے جو میرا احترام نہیں کر رہا ہے، بس اے جبار میرا حق اس بیٹے سے لے لو، تو اپنی مدد سے اس کے ایک طرف کو خشک کر دے، اے وہ ذات جو پاک ہے، جننے سے اور جنے جانے سے،

جوان نے کہا: قسم اس ذات کی جس نے آسمان کو پیدا کیا اور پانی کو جاری کیا، اس کی دعا ختم نہیں ہوئی تھی کہ جو کچھ آپ دیکھ رہے ہیں میں اسی میں مبتلا ہو گیا، پھر اس نے دائیں پہلو سے کپڑا ہٹایا تو اس کا دایاں پہلو خشک تھا (اور بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا) میں تین سال سے اس کو کہہ رہا ہوں کہ جہاں مجھے بد دعا کی تھی اسی جگہ کھڑے ہو کر میرے لئے دعا کرے لیکن اس نے میری بات نہیں مانی، یہاں تک کہ اس نے مجھ پر احسان کیا اور اسی دس ماہ کی حاملہ اونٹنی پر سوار ہو کر میرے ساتھ چلا، شام ہونے کی امید سے تیز رفتا آ رہا تھا، جب میں وادیٔ اراک کے سیاک درہ (جو مکہ کے نزدیک ہے) پہنچا تو تاریکی میں ایک پرندہ اڑا اور میرے بابا کی اونٹنی سے ٹکرایا اور وہ چٹان کے نیچے، دو پتھروں کے درمیان گر گیا (اور انتقال ہو گیا) اور میں نے اس کو وہیں دفن کر دیا، اس سے بڑی (دردناک بات یہ ہے کہ) لوگ مجھے فقط اس سے پہنچانتے ہیں کہ جو جوان باپ کی بد دعا میں مبتلا ہے،

حضرت علی علیہ السلام نے اس سے فرمایا؛ تیری فریاد کو سننے والا آیا ہے، کیا تجھے ایسی دعا نہ بتاؤں جو مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائی اور وہ اسم اعظم ہے اور اس میں خدا کا راز شامل ہے، وہی عزیز اور کریم نام کہ جو بھی اس کو پکارے، اس کو جواب دیتا ہے، اور جو بھی اس سے مانگے وہ دیتا ہے، غم اور سختی کو دور کرتا ہے، بیمار کو صحت یاب کرتا ہے، اور کمزور کی مدد کرتا ہے، اور غریب کو امیر اور اس کا قرض ادا کر دیتا ہے، اور آنکھ کے زخم سے محفوظ رکھتا ہے، اور گناہوں کو معاف کرتا ہے، اور عیبوں کو ڈھانپ دیتا ہے، اور ہر اس کو جو شیطان اور دشمن سے ڈرتا ہے اس کو امان دیتا ہے، اگر خدا کا اطاعت کرنے والا بندہ یہ دعا پڑھے تو پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دے گا، اگر مردے پر پڑھی جائے وہ زندہ ہو جائے گا، اگر پانی

پر پڑھی جائے وہ بہنے لگے گا، بشرطیکہ وہ خود پسندی میں گرفتار نہ ہو۔

پس اے شخص، خدا سے ڈرو، مجھے تجھ پر رحم آیا، خدا تیری نیت کی صداقت کو جان لے، اسم اعظم کے ذریعے خدا کی نافرمانی کو نہیں مانگو گے اور اس سے فقط اپنے دین پر ثابت قدم رہنے کے لئے مدد مانگو گے، بس اگر تیری نیت میں خلوص ہوگا تو خدا تیری دعا قبول کرے گا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھو گے جو تجھے جنت اور ددعا کے قبول ہونے کی خوشخبری دیں گے۔ (امام حسین علیہ السلام کہتے ہیں) اس شخص کی خوشی اپنی صحت کے بارے میں تھی، اس سے زیادہ مجھے خوشی تھی اس دعا کے اتنے فائدے سن کر کیوں کہ مجھے اس سے پہلے اس دعا کا پتہ نہیں تھا، پھر (میرے بابا علی علیہ السلام نے مجھ سے) فرمایا؛ قلم و کاغذ لے کر آؤ جو کچھ میں کہوں وہ، لکھتے جاؤ، میں نے اسے کہا اور وہ دعا یہ ہے۔ [1]

شروع خدائے رحمن و رحیم خدا کے نام سے۔

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمن ورحیم ہے اے صاحب جلالت و بزرگی اے زندہ اے نگہبان اے زندہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں اے وہ اے کہ جسے کوئی نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے اور کیسا جانتا کہ وہ کیا ہے اور کیسا ہے نہ یہ کہ وہ کہاں ہے نہ یہ کہ وہ کیوں کر ہے ہاں وہ خود ہی جانتا ہے اے صاحب ملک وملکوت اے صاحب عزت واقتدار اے بادشاہ اے پاک اے سلامتی والے اے امن دینے والے اے پاسبان اے عزت والے اے زبردست اے بڑائی والے اے پیدا کرنے اے وجود دینے والے اے صورت بنانے والے اے فائدہ دینے والے اے تدبیر والے اے محکم کار اے صاحب ایجاد کرنے والے، اے مرجع خلق اے ظالم کو ہلاک کرنے والے اے محبت والے اے نیک صفات والے اے معبود اے بعید اے قریب اے دعا قبول کرنے والے اے نگہبان اے حساب کرنے والے اے ایجاد کرنے والے اے بلند مرتبہا ے عالی مقام اے سننے والے اے علم والے اے حلم والے اے مہربان اے حکمت والے اے وجود قدیم اے عالی شان اے بزرگی والے اے محبت کرنے والے اے احسان کرنے والے اے حساب کرنے والے اے جزا دینے والے اے مدد کرنے والے اے جلالت والے اے صاحب جمال اے کارساز اے سرپرست اے معاف کرنے والے اے پہنچانے والے اے باعظمت اے رہنما اے رہبر اے ابتداء کرنے والے اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے استوار اے ہمیشہ رہنے والے اے علم والے اے صاحب حکم اے منصف اے عدل کرنے والے اے سب سے جدا اے سب سے ملے ہوئے اے پاک اے پاک کرنے والے اے قدرت والے اے اقتدار والے اے بزرگ اے بزرگی والے

[1] یہ دعا مفاتیح میں دعائے مشلول کے نام سے معروف ہے۔

اے یگانہ اے یکتا اے بے نیاز اے وہ جو کسی کا باپ نہیں اور نہ کسی کا بیٹا ہے اور جسکا کوئی ہمسر نہیں ہے اور نہ ہی اس کی کوئی زوجہ ہے نہ اس کیلئے کوئی وزیر ہے اور نہ اس نے اپنا کوئی مشیر بنایا ہے نہ وہ کسی مددگار کی حاجت رکھتا ہے اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے سوائے تیرے کوئی معبود نہیں پس تو اس سے بہت زیادہ بلند ہے جو یہ ظالم کہا کرتے ہیں اے عالی شان اے بلند مرتبہ والے اے عالی مرتبہ اے کھولنے والے اے بخشنے والے اے ہوا کو چلانے والے اے راحت دینے والے اے مدد کرنے والے اے مدد دینے والے اے پہنچنے والے اے ہلاک کرنے والے اے بدلہ لینے والے اے اٹھانے والے اے وارث اے طالب اے غالب اے وہ جس سے بھاگنے والا بھاگ نہیں سکتا اے توبہ قبول کرنے والے اے پلٹنے والے اے بہت دینے والے اے اسباب مہیا کرنے والے اے دروازوں کے کھولنے والے اے وہ کہ جسے پکارا جائے دعا قبول کرتا ہے اے بہت پاکیزہ اے بہت شکر کرنے والے اے معاف کرنے والے اے بخشنے والے اے نور کے پیدا کرنے والے اے امور کی تدبیر کرنے والے اے مہربان اے خبردار اے پناہ دینے والے اے روشن کرنے والے اے بینا اے مددگار اے سب سے بڑے اے بزرگ اے یکتا اے تنہا اے ہمیشگی والے اے نگہبان اے بے نیاز اے کافی اے شفا دینے والے اے وفا کرنے والے اے معاف کرنے والے اے احسان کرنے والے اے نیکوکار اے نعمت دینے والے اے بزرگوار اے بڑے مرتبے والے اے یگانگی والے اے وہ جو بلندی کیساتھ غالب ہے اے وہ جو مالک ہے پھر قادر ہے اے وہ جو نہاں ہے اور باخبر ہے اے وہ جو معبود ہے تو بدلہ دیتا ہے اے جو نافرمانی پر بخشتا ہے اے وہ جو فکر میں سما نہیں سکتا اور نگاہ اسے دیکھ نہیں پاتی اور کوئی نشان اس سے پوشیدہ نہیں ہے اے انسانوں کو رزق دینے والے اے ہر اندازہ کے مقرر کرنے والے اے بلند مرتبہ اے محکم وسائل والے اے زمانے کو بدلنے والے اے قربانی قبول کرنے والے اے صاحب نعمت و احسان اے صاحب عزت اور ابدی حکومت والے یارحیم یارحمن اے وہ کہ ہر روز جس کی نئی شان ہے اے وہ جسے ایک کام دوسرے کام سے غافل نہیں کرتا اے بڑے مقام والے اے وہ جو ہر جگہ موجود ہے اے آوازوں کے سننے والے اے دعائیں قبول کرنے والے اے مرادیں برلانے والے اے حاجات پوری کرنے والے اے برکتیں نازل کرنے والے اے آنسوؤں پر رحم کھانے والے اے گناہوں کے معاف کرنے والے اے سختیاں دور کرنے والے اے نیکیوں کو پسند کرنے والے اے مرتبے بلند کرنے والے اے مرادیں پوری کرنے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے بکھروں کو اکٹھا کرنے والے اے نیتوں کی خبر رکھنے والے اے کھوئی ہوئی چیزیں لوٹانے والے اے وہ جس پر آوازیں مشتبہ نہیں ہوتیں اے وہ جسے کثرت سوال سے تنگی نہیں ہوتی اور تاریکیاں اسے گھیرتی نہیں ہیں اے آسمانوں اور زمین کی روشنی اے نعمتوں کے پورا

کرنے والے اے بلائیں ٹالنے والے اے جانداروں کو پیدا کرنے والے اے امتوں کو جمع کرنے والے اے بیماروں کو شفا دینے والے اے روشنی اور تاریکی کے پیدا کرنے والے اے صاحب جود و کرم اے وہ جس کے عرش پر کسی کا قدم نہیں آیا اے سخیوں میں سے سب سے بڑے سخی اے بزرگی والوں سے زیادد بزرگ اے سننے والوں میں سے زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں سے زیادہ دیکھنے والے اے پناہ گزینوں کی پناہ گاہ اے ڈرے ہوؤں کی جائے امن اے پناہ چاہنے والوں کی جائے پناہ اے مومنوں کے سرپرست اے فریادیوں کے فریاد رس اے طلبگاروں کی امید اے ہر سفر کرنے والے کے ساتھی اے ہر اکیلے کے ہم نشیں اے ہر نکالے گئے کی جائے پناہ اے بے ٹھکانوں کی قرارگاہ اے گمشدہ کے نگہبان اے بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے اے ننھے بچے کو روزی دینے والے اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے اے ہر قیدی کو رہائی دینے والے اے بے چارے مفلس کو غنی بنانے والے اے خائف پناہ گزین کی جائے قرار اے تدبیر اور تقدیر کے مالک اے وہ جس کے لیے ہر مشکل کام آسان اور ہلکا ہے اے وہ جو تفسیر کا محتاج نہیں اے وہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے وہ جو ہر چیز سے واقف ہے اے وہ جو ہر چیز کو دیکھتا ہے اے ہواؤں کو چلانے والے اے صبح کی پو کھولنے والے اے روحوں کو بھیجنے والے اے عطا و سخاوت والے اے وہ جس کے ہاتھ میں ساری کنجیاں ہیں اے ہر آواز کے سننے والے اے ہر گزرے ہوئے سے پہلے اے ہر نفس کو اس کی موت کے بعد زندہ کرنے والے اے سختیوں میں میری پناہ اے سفر میں میرے محافظ اے میری تنہائی کے ہمدم اے میری نعمتوں کے مالک اے میری پناہ جب مجھ پر راہیں بند ہو جائیں اور رشتہ دار مجھے دور کر دیں اور احباب مجھے چھوڑ جائیں اے اس کے سہارے جس کا کوئی سہارا نہیں اے اس کی سند جس کی کوئی سند نہیں اے اس کے ذخیرے جس کا کوئی ذخیرہ نہیں اے اس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں اے اس کی امان جس کی کوئی امان نہیں اے اس کے خزانے جس کا کائی خزانہ نہیں اے اس کے پشت پناہ جس کا کوئی پشت پناہ نہیں اے اس کے فریاد رس جس کا کوئی فریاد رس نہیں اے اس کے ہمسائے جس کا کوئی ہمسایہ نہیں جو نزدیک تر ہے اے میری مضبوط ترین ٹیک اے میرے حقیقی معبود اے خانہ کعبہ کے پروردگار اے مہربان اے دوست مجھے تنگ گھیرے سے آزاد کر مجھ سے ہر غم و اندیشہ اور تنگی دور فرما دے مجھے اس شر سے بچا جو میری طاقت سے زیادہ ہے اور اس میں مدد دے جو میں سہہ سکتا ہوں اے وہ جس نے یعقوبؑ کو یوسفؑ واپس دلایا اے ایوبؑ کا دکھ دور کرنے والے اے داؤدؑ کی خطا معاف کرنے والے اے عیسیٰؑ بن مریم کو آسمان پر اٹھانے والے۔ اور انہیں یہودیوں کے چنگل سے چھڑانے والے اے تاریکیوں میں یونسؑ کی فریاد کو پہنچنے والے اے موسیٰؑ کو اپنے کلام کیلیے منتخب کرنے والے اے آدمؑ کے ترک اولی کو معاف کرنے والے اور ادریسؑ کو اپنی رحمت سے بلند مقام پر لے جانے والے

اے نوحؑ کو ڈوبنے سے بچانے والے اے وہ جس نے عاد اولی اور ثمود کو ہلاک کیا پس کسی کو باقی نہ چھوڑا اور ان سے پہلے قوم نوحؑ کو ہلاک کیا جو بڑے ظالم سرکش اور دین میں افترا کرنے والے تھے اے وہ جس نے قوم لوط کی بستیوں کو الٹ دیا اور قوم شعیب پر عذاب بھیجا تھا اے وہ جس نے ابراہیمؑ کو اپنا خلیل بنایا اے وہ جس نے موسیٰؑ کو اپنا کلیم بنایا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حبیب قرار دیا کہ خدا کی رحمت ہو ان پر انکی آلؑ پر اور ان سب ہستیوں پر جنکا ذکر ہوا ہے اے لقمانؑ کو حکمت عطا کرنے والے اور سلیمانؑ کو ایسی سلطنت دینے والے کہ جیسی سلطنت انکے بعد کسی کو نہیں ملی اے وہ جس نے جابر بادشاہوں کے خلاف ذوالقرنینؑ کی مدد فرمائی اے وہ جس نے خضرؑ کو دائمی زندگی دی اور یوشعؑ بن نون کی خاطر آفتاب کو پلٹایا جب کہ وہ غروب ہو چکا تھا اے وہ جس نے مادر موسیٰؑ کے دل کو سکون دیا اور مریم بنت عمرانؑ کو پاکدامنی سے سرفراز فرمایا اے وہ جس نے یحییٰؑ بن زکریاؑ کو گناہ سے محفوظ رکھا اور موسیٰؑ سے غضب کو دور فرمایا اے وہ جس نے زکریاؑ کو یحییٰؑ کی بشارت دی اے وہ جس نے اسماعیلؑ کے ذبح ہونے کو ذبح عظیم میں بدلا اے وہ جس نے ہابیلؑ کی قربانی قبول فرمائی اور قابیل پر لعنت مسلط کر دی اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر کفار کے جتھوں کو شکست دینے والے محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اپنے تمام رسولوں پر اور اپنے مقرب فرشتوں پر اور فرمانبردار بندوں پر رحمت نازل فرما اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر اس سوال کے واسطے سے جو تیرے ہر اس بندے نے کیا جس سے تو راضی و خوش ہے پھر تو نے اس کی دعا یقینا قبول فرمائی یااللہ یااللہ یااللہ یارحمن یارحمن یارحمن یارحیم یارحیم یارحیم اے جلالت و بزرگی والے اے جلالت و بزرگی والے اے جلالت و بزرگی والے اسی کا واسطہ اسی کا اسی کا اسی کا اسی کا اسی کا اسی کا میں سوال کرتا ہوں تیرے ہر اس نام کے واسطہ سے جس سے تو نے اپنی ذات کو پکارا یا اپنے صحیفوں میں سے کسی میں اتارا یا اسے علم غیب میں اپنے لئے مقرر و خاص کیا ہے ان مقامات بلند کا واسطہ جو تیرے عرش میں ہیں اس انتہائی رحمت کا واسطہ جو تیری کتاب میں ہے اور اس آیت کا واسطہ کہ اگر زمین کے تمام درخت قلم اور سمندر روشنائی بن جائیں اس کے بعد سات سمندر اور ہوں تو بھی خدا کے کلمات تمام نہیں ہوں گے بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا اور میں سوال کرتا ہوں تیرے پیارے ناموں کیساتھ جن کی تو نے قرآن میں توصیف کی پس تو نے کہا اور اللہ کیلئے ہیں پیارے پیارے نام تو تم اسے انہی سے پکارو اور تو نے کہا مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا اور تو نے کہا کہ جب میرے بندے مجھے پکاریں تو میں ان کے قریب ہی ہوتا ہوں میں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ دعا کرے اور تو نے کہا اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے کہ تم اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جانا کہ بے شک اللہ تمام گناہ بخش دے گا یقینا وہ بہت بخشنے والا مہربان ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے معبود تجھے پکارتا ہوں اے پروردگار اور تجھ سے امید

رکھتا ہوں اے میرے آقا میں دعا کے قبول ہونے کی طمع رکھتا ہوں اے میرے مولا جیسے تو نے وعدہ کیا اور میں نے تجھے پکارا جیسا کہ تو نے مجھے حکم دیا پس تو بھی مجھ سے وہ سلوک کر جسکا تو اہل ہے یا کریم اور تعریف بس خدا کیلئے ہے جو عالمین کا رب ہے اور محمدؐ اور اس کی تمام آل محمدؐ پر اللہ رحمت فرمائے۔

پس اس جوان سے کہا ہے کہ آج رات دعا کو دس مرتبہ پڑھنا۔ دوسرے دن مجھے اس کی خبر دینا۔

اس جوان نے نوشتہ کو لیا اور چلا گیا دوسرے دن صبح سویرے وہ جوان صحیح وسالم اور تندرست ہو کر آیا مجھ سے ہاتھ ملایا اور بولا خدا کی قسم یہ اس اعظم ہے رب کعبہ کی قسم! میری دعا قبول ہوگئی۔ درود خدا ہو خدا علی علیہ السلام پر اور وہ شاد ہوں انہوں نے فرمایا کہ بات واضح طور پر بیان کرو۔

جوان نے بیان کہ جب رات اچھی طرح چھا گئی تو میں نوتہ کو اپنے ہاتھقوں میں لیا اور چھت پر چلا گیا میں نوشتہ کی تلاوت کے بعد دعا کی جواب آیا کافی ہے تمنے اسم اعظم کی تلاوت کی ۔ پھر میں سو گیا اور میں خواب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا انہوں اپنا دست مبارک میرے جسم پر پھیرا اور مجھ سے فرمایا: اسم اعظم کے ذریعے خدا سے لو لگاؤ۔ پھر میں جب بیدار ہوا تو میں خود کو اس حالت میں دیکھا جو کہ آپ کے سامنے ہے خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

10/28

أدعِيَتُهُ يَومَ عاشوراءَ

عاشور کے دن امام علیہ السلام کی دعائیں

أ. دُعاؤُهُ عِندَ بَدءِ القِتالِ

الف: جنگ کے آغاز کی دعا

425.الإرشاد عن علیّ بن الحسین زین العابدین علیہ السلام لَمّا صَبَّحَتِ الخَيلُ الحُسَينَ علیہ السلام، رَفَعَ يَدَيهِ وقالَ: اللّٰهُمَّ أنتَ ثِقَتي فِي كُلِّ كَربٍ، ورَجائي فِي كُلِّ شِدَّةٍ، وأنتَ لي فِي كُلِّ أمرٍ نَزَلَ بي ثِقَةٌ

وعُدَّةٌ، كَم مِن هَمٍّ يَضعُفُ فيهِ الفُؤادُ، وتَقِلُّ فيهِ الحيلَةُ، ويَخذُلُ فيهِ الصَّديقُ، ويَشمَتُ[1] فيهِ العَدُوُّ، أنزَلتُهُ بِكَ وشَكَوتُهُ إلَيكَ، رَغبَةً مِنّي إلَيكَ عَمَّن سِواكَ، فَفَرَّجتَهُ و كَشَفتَهُ، وأنتَ وَلِيُّ كُلِّ نِعمَةٍ، وصاحِبُ كُلِّ حَسَنَةٍ، ومُنتَهى كُلِّ رَغبَةٍ.[2]

۴۲۵) الارشاد میں امام زین العابدین نے فرمایا: (عاشورکی) صبح کو جب امام حسین علیہ السلام نے آنکھ کھولی اور لشکر کو دیکھا تو ہاتھ اٹھا کر کہا، اے خدا! تو ہر سختی میں پناہ ہے اور ہر مشکل میں میری امید ہے، جو مشکل مجھ پر آئی ہے اس میں تو میری پناہ اور زندگی کا مقصد ہے، اسی پریشانی کی وجہ سے دل سست ہوجائے گا اور وسائل کم ہوجاتے ہیں، اور دوست انسان کو چھوڑ جاتے ہیں، اور دشمن سازش کرتے ہیں، تو ہی میرے لئے کافی ہے، اور تیری طاقت اور تیری طرف رغبت ہے نہ دوسروں کی طرف رغبت، اسی وجہ سے تیرے پاس شکایت لے کر آیا ہوں اور تو نے میرے لئے اس میں نجات دی اور مجھ سے دور کی، تو ہی ہر نعمت کا ولی اور نیکی کا مالک اور ہر مقصد کی انتہا ہے۔

426. الطبقات الكبرى: لَمّا أصبَحَ [الحُسَينُ عليه السلام] يَومَهُ الَّذي قُتِلَ فيهِ قالَ: اللّٰهُمَّ أنتَ ثِقَتي في كُلِّ كَربٍ، ورَجائي في كُلِّ شِدَّةٍ، وأنتَ لي في كُلِّ أمرٍ نَزَلَ بي ثِقَةٌ، وأنتَ وَلِيُّ كُلِّ نِعمَةٍ، وصاحِبُ كُلِّ حَسَنَةٍ.[3]

۴۲۶) طبقات کبری: امام حسین علیہ السلام نے جب عاشورا والی رات کو پورا کیا اور صبح ہوئی تو کہا، اے خدا! تو ہر سختی میں میری پناہ اور ہر مشکل میں میری امید ہے، تو میرے اعتماد کا سہارا ہے ہر اس چیز میں جو مجھ پر آئے اور تو ہی ہر نعمت کا ولی اور ہر نیکی کا مالک ہے۔

ب. دُعاءٌ عَلَّمَهُ ابنَهُ

ب: وہ دعا جو امام علیہ السلام نے اپنے فرزند کو سکھائی

427. الدعوات عن زين العابدين عليه السلام: ضَمَّني والِدي عليه السلام إلى صَدرِهِ يَومَ قُتِلَ وَالدِّماءُ تَغلي،

---

[1] شَمِتَ به يَشْمَتُ: إذا فرح بمصيبة نزلت به (المصباح المنير: ص 322، شمت).

[2] الإرشاد: ج 2 ص 96، بحار الأنوار: ج 45 ص 4؛ تاريخ الطبري: ج 5 ص 423، تاريخ دمشق: ج 14 ص 217 وفيه «غاية» بدل «رغبة» و كلاهما عن أبي خالد الكاهلي، الكامل في التاريخ: ج 2 ص 561 كلّها من دون إسنادٍ إلى المعصوم.

[3] الطبقات الكبرى (الطبقة الخامسة من الصحابة): ج 1 ص 468، سير أعلام النبلاء: ج 3 ص 301.

